رُّسُلِهٖ قف وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا
وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا
لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ رَبَّنَا
لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ
عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا
رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا

واغفر لنا وقفة وارحمنا وقفة انت مولىنا فانصرنا
على القوم الكفرين ۝

ان ربكم الله الذى خلق السموت والارض
في ستة ايام ثم استوى على العرش قف يغشى
اليل النهار يطلبه حثيثا لا والشمس والقمر
والنجوم مسخرات بامره ط الا له الخلق و
الامر ط تبرك الله رب العلمين ۝

فتعلى الله الملك الحق ج لا اله الا هو ج
رب العرش الكريم ۝ ومن يدع مع الله الها
اخر لا لا برهان له به لا فانما حسابه عند
ربه ط انه لا يفلح الكفرون ۝ وقل رب اغفر
وارحم وانت خير الرحمين ۝

بسم الله الرحمن الرحيم

والصفت صفا لا فالزجرت زجرا لا فالتليت
ذكرا لا ان الهكم لواحد ط رب السموت
والارض وما بينهما ورب المشارق ط انا زينا
السماء الدنيا بزينة الكواكب لا وحفظا من
كل شيطن مارد ج لا يسمعون الى الملا
الاعلى ويقذفون من كل جانب ق دحورا ولهم
عذاب واصب لا الا من خطف الخطفة فاتبعه
شهاب ثاقب ۝ فاستفتهم اهم اشد خلقا

ام من خلقنا ط انا خلقنهم من طين لازب ۝

لو انزلنا هذا القران على جبل لرايته
خاشعا متصدعا من خشية الله ط وتلك
الامثال نضربها للناس لعلهم يتفكرون ۝
هو الله الذى لا اله الا هو ج علم الغيب والشهادة ج
هو الرحمن الرحيم ۝ هو الله الذى لا اله الا
هو ج الملك القدوس السلم المؤمن المهيمن
العزيز الجبار المتكبر ط سبحن الله عما
يشركون ۝ هو الله الخالق البارئ المصور له
الاسماء الحسنى ط يسبح له ما في السموت والارض ج
وهو العزيز الحكيم ۝

بسم الله الرحمن الرحيم

قل اوحى الى انه استمع نفر من الجن فقالوا انا
سمعنا قرانا عجبا لا يهدى الى الرشد فامنا به ط
ولن نشرك بربنا احدا لا وانه تعلى جد ربنا
ما اتخذ صاحبة ولا ولدا لا وانه كان يقول
سفيهنا على الله شططا لا

بسم الله الرحمن الرحيم

قل اعوذ برب الفلق لا من شر ما خلق لا ومن
شر غاسق اذا وقب لا ومن شر النفثت في
العقد لا ومن شر حاسد اذا حسد ۝

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِکِ النَّاسِ ۝ اِلٰہِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۝ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ۝

اگر کسی آسیب والے کے پاس جائے تو مندرجہ بالا آیتیں اور سورتیں پڑھ کر اس پر دم کرے اور اگر خطرہ ہو کہ حملہ کرے گا تو پانی پر دم کر کے پلائے اور منہ پر چھینٹے مارے انشاءاللہ تعالیٰ مریض ہوش میں آجاتے گا۔ شرط یہ ہے کہ یہ جملہ آیتیں اور سورتیں بلند آواز سے پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ آسیب دفع ہوگا۔

عملیات غفرانی

ازمولوی قاری صوفی شاہ سید محمود الحسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ
بیعت کردہ
از حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ

آداب و شرائط قبولیت عملیات و تعویذات

۱۔ اکلِ حلال کھانا چاہیئے۔ حرام لباس اور حرام غذا سے بچنا چاہیئے۔ حرام غذا کھانے والے کا عمل کامیاب نہیں ہوتا۔

۲۔ لباس پاک ہو، بدن پاک ہو، پڑھنے کی جگہ پاک ہو، نیت خالص ہو، دکھاوا اور نمائش مقصود نہ ہو۔

۳۔ وضو کر کے قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھیے۔ قلب اور حوالی قلب میں خشوع و خضوع جہاں تک ہو سکے پیدا کرے۔ ورنہ مطلب حاصل نہ ہوگا یعنی روحانی فیوض سے محروم رہے گا۔

۴۔ سچ بولیں۔ جھوٹ کو حرام سمجھیں۔ ہمیشہ جھوٹ سے دور رہیں۔ مذاق میں بھی جھوٹ نہ بولیں۔ بچوں سے بھی جھوٹ نہ بولیں۔ بیہودہ باتوں سے پرہیز کریں۔ جھوٹ سے زبان کی تاثیر اور عمل کی برکت اور کامیابی ختم ہو جاتی ہے۔

۵۔ جائز مطلب کے لئے دعا مانگے اور کم از کم تین بار دعا مانگے۔ امید ہر حالت میں قبولیت کی رکھے۔ اگر دعا کے قبول ہونے میں دیر ہو جائے تو پریشان یا تنگ ہو کر ہرگز نہ چھوڑے۔ اگر چھوڑ دیا تو سمجھ لو کہ شیطان کا حربہ کارگر ہو گیا۔

۶۔ بلا وضو نہ تو کلام پاک کھول کر پڑھنا جائز ہے۔ نہ بے وضو آیات قرآنی کاغذ پر یا طشتری پر لکھنا جائز ہے۔

۷۔ تعویذ لکھتے وقت، تعویذ ہاتھ میں لیتے وقت، تعویذ پانی میں گھولتے وقت، تعویذ کو موم جامہ کرتے وقت اور تعویذ کو دھونی دیتے وقت ہر ایک کا وضو ضروری ہے بغیر وضو تعویذ کو ہاتھ نہ لگائے۔ قرآنی آیات کے تعویذ کو بغیر وضو ہاتھ لگانے سے گنہگار ہوں گے اور وہ اثرات اور فائدے حاصل نہ ہوں گے جو تعویذ لکھنے کا مقصد تھے۔ جب تعویذ سے کام ہو چکے تعویذ کو قبرستان میں دفن کر دیں، یا نہر، دریا یا سمندر میں ڈال دیں بے ادبی نہ کریں۔

۸۔ اگر کسی تعویذ کو گلے میں باندھنے کی ضرورت ہے تو اول لوبان کی دھونی دے کر موم جامہ کر لیں پھر باندھیں۔

۹۔ عمل کرتے وقت ہر ایک سے اظہار کرتے نہ پھریں کہ میں نے فلاں عمل فلاں کے واسطے شروع کیا ہے اگر کوئی دریافت کرے بتلانے سے پرہیز کریں۔

۱۰۔ لغویات اور تکبرانہ الفاظ خود انسان کو خطرے میں ڈال دیتے ہیں احتیاط رکھیں۔

۱۱۔ اگر رات کو یا دن کو غسل کی حاجت پیش آئے غسل کریں

اور پھر عمل پڑھیں۔ جس وقت نیند سے آنکھ کھلے سب سے پہلے غسل کرنا چاہیئے۔

۱۲۔ سوتے وقت ایک ایک بار آیۃ الکرسی اور سورۃ اخلاص پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کریں تاکہ شیطان کے شر سے محفوظ رہیں اور غسل کی حاجت پیش نہ آئے اور عمل کا انجام بخیر ہو۔

۱۳۔ آیۃ الکرسی شریف پڑھ کر حصار کر لیا کریں۔ آیۃ الکرسی تین بار پڑھنا کافی ہوتا ہے۔

ف: عامل اگر مضبوط دل کا ہے تو کسی حصار کی ضرورت کسی عمل میں نہیں ہے۔ جب عامل کمزور قلب کا ہوتا ہے اس وقت حملہ بھی ہوتا ہے ورنہ نہیں۔ اس لئے کہ مؤکلان خواہ کتنا ہی خوف دلائیں مگر پڑھنے والے کے پاس نہیں آتے وہ ڈرتے ہیں اور اگر کمزور قلب کا ہے تو حصار کرنے پر بھی دل میں وسوسہ اور خطرات کا سامنا ہوتا ہے۔

۱۴۔ ترک حیوانات، صفائی قلب کے واسطے۔ اس کے واسطے بہت پر تاثیر عمل یہ ہے کہ اسماء الہیہ میں سے کوئی اسم (اللہ تعالیٰ کا نام) اپنے مزاج کے موافق اول پڑھ لیں تاکہ قلب قوی اور طاقت ور ہو جائے اور دل کا خوف نکل جائے پھر شروع کریں مثلاً اَللّٰہُ اَللّٰہ۔ ایک ہزار بار ایک ہفتہ روزانہ پابندی کے ساتھ پڑھیں ناغہ نہ کریں۔ نیز یَا قَوِیُّ پڑھنا بھی دل کو قوت پہنچاتا ہے اور دل سے خوف کو نکالتا ہے۔

۱۵۔ عملیات کے پڑھنے اور اس کا نتیجہ خاطر خواہ نہ نکلنے پر کمال

افسوس ہوتا ہے اور یہ شکایت ہوتی ہے کہ عمل کمزور ہے یا کسی
بزرگ کی اجازت نہیں ہوگی۔ اس طرح ایک عمل کیا۔ پھر دوسرا
عمل کیا۔ پھر تیسرا عمل کیا لیکن کامیابی حاصل نہ ہوئی۔ دل میں یہ
خیال جم گیا کہ یہ سب باتیں بیکار ہیں۔ اور عمل کے ذریعہ
کوئی کامیابی نہیں ہوتی۔ اس سلسلے میں مندرجہ ذیل امور غور
طلب ہیں۔

اول اپنے عیوب پر نظر ڈالیں۔ مثلاً کسی کا مال ناجائز غصب کر کے
کھا جانا۔ قرض داروں کا قرض ادا نہ کرنا، غیبت کرنا، چوری
کرنا۔ لڑائی جھگڑا آپس میں کرا دینا، علماء اور علم دین کی توہین
کرنا۔ نظر بد رکھنا، نماز روزہ کا پابند نہ ہونا، عقائد شریعت
اسلامیہ کے خلاف ہونا، دل میں خیال قائم کر لینا کہ عملیات
میں کیا رکھا ہے کون ملا بنے۔ یہ باتیں اگر آپ کے اندر ہیں تو
سمجھ لیجئے کہ قلب گندہ ہے، باطن صاف نہیں ہے۔ پھر سے عمل
پڑھئے ایسا ممکن نہیں کہ رب العزت کی درگاہ سے اُمید
بر نہ آئے۔

ہدایاتِ ضروریہ

صوفیہ کرام نے عملیات کو پڑھنے کے لئے سال کے بارہ
مہینوں کو تین حصوں پر تقسیم کیا ہے۔ اُسی کے موافق عمل درآمد کریں۔

ماہِ ثابت

جیٹھ، بھادوں، اگھن، پھاگن۔ اِن ماہ میں ترقی۔ تبادلہ۔ محبت

وغیرہ کے عملیات کئے جائیں۔

ذو جسدین

چیت، اساڑھ، کنوار، پوس۔ ان ماہ میں کامیابی مقدمات، تسخیر،
منظورِ نظر، حبِّ دنیا، حاجات دینی و دنیاوی۔ محبت زوجین،
نیز ثابت کے مہینے میں جو عمل مخصوص ہیں ذو جسدین کے مہینے
میں بھی پڑھے جا سکتے ہیں۔

ماہِ منقلب

بیساکھ۔ ساون۔ کاتک۔ ماگھ۔ اِن ماہ میں نقصان دشمن،
تفریق، عداوت وغیرہ کے عملیات پڑھے جا سکتے ہیں۔

فائدہ: عروج ماہ میں ہر مہینے کی پہلی جمعرات سے شروع
کرنا بہت زیادہ مؤثر ہے۔ نیز ضرورت پر اگر ان مہینوں کا حساب
نہ ملے تو ہر عمل پڑھ سکتے ہیں۔ مؤثر کم ہوگا۔ تھوڑی بہت کامیابی
ضرور ہوگی۔ اس لئے قبولیت مستجاب الدعوات کے قبضۂ قدرت
میں ہے۔

ہر وظائف کے پڑھنے کا طریقہ

جس سے بفضلہ شرطیہ کام ہوتا ہے

کنجغ بامُشِ کنجغ اَمش
کنجغ بامُشِ کنجغ بمش

اِشارات

(ک) اشارہ اگنی کا ہے (ن) اشارہ نیروت کا ہے (ج) اشارہ

جنوب کا (غ) اشارہ غرب کا (ب) اشارہ بائب کا (ا) اشارہ ایسان کا (ھ) اشارہ مشرق کا (ش) اشارہ شمال کا

زیادہ وضاحت کی ضرورت نہیں ہے۔ صرف اتنا بتا دینا ضروری ہے کہ رجال الغیب کا ہمیشہ دورہ ہوتا رہتا ہے۔ اگر بائیں جانب وظیفہ پڑھنے والے کا رُخ آن کر پڑ جاتے گا۔ وظیفہ پورا نہ ہوگا۔ رجال الغیب اس میں رکاوٹ بن جاتے ہیں۔

لہذا ہمیشہ دائیں شانہ سے لینا چاہیئے۔ چند مثالوں سے یہ طریقہ سمجھا دیا جاتا ہے۔

اگنی کی پہلی تاریخ چاند کی ہے۔ نیروت۔ جنوب۔ غرب۔
۱ ۲ ۳ ۴

بائب۔ ایسان۔ مشرق۔ شمال۔ اگنی۔ نیروت۔ جنوب۔
۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱

غرب۔ ایسان۔ مشرق۔ شمال۔ اگنی۔ نیروت۔ جنوب۔
۱۲ ۱۳ ۱۴ ۱۵ ۱۶ ۱۷ ۱۸

غرب۔ بائب۔ ایسان۔ مشرق۔ شمال۔ اگنی۔ نیروت۔
۱۹ ۲۰ ۲۱ ۲۲ ۲۳ ۲۴ ۲۵

جنوب۔ غرب۔ بائب۔ مشرق۔ شمال
۲۶ ۲۷ ۲۸ ۲۹ ۳۰

مذکورہ بالا شعر سے تطبیق دے دی گئی ہے پورے ماہ کے دنوں کی تقسیم ہوگئی۔ مثال۔ آج پندرہ تاریخ ہے اور پندرہ تاریخ شمال کی ہے اس لئے شمال کو دائیں شانہ پر رکھا، اور جانب غرب منہ کرکے پڑھنا شروع کیا۔

دوسری مثال: آج غرب کی ۱۹ تاریخ ہے تو دائیں شانہ پر غرب کو

رکھا منہ جانب جنوب ہوگا۔ لہذا جنوب کی جانب منہ کرکے پڑھنا چاہیئے۔

تیسری مثال: آج ۲۶ تاریخ ہے۔ لہذا جنوب نکلا۔ جنوب کو دائیں شانہ پر رکھا۔ اب منہ آپ کا جانب مشرق ہوگا لہذا مشرق کی جانب منہ کرکے پڑھنا چاہیئے۔

ایک نقشہ درج کیا جاتا ہے۔ اس کو سامنے رکھ کر سمجھ لیں ہر شخص کی سمجھ میں بھی آجائے گا اور قاعدہ سے پڑھ سکے گا۔

نقشہ مع تاریخ ماہانہ

مغرب ۴ ۱۲ ۱۹ ۲۷
بائب ۵ ۲۰ ۲۸
نیروت ۲ ۱۰ ۱۷ ۲۵
شمال ۸ ۱۵ ۲۳ ۳۰
جنوب ۳ ۱۱ ۱۸ ۲۶
ایسان ۶ ۱۳ ۲۱
اگنی ۱ ۹ ۱۶ ۲۴
مشرق ۷ ۱۴ ۲۲ ۲۹

جنوبی مشرق اگنی ہے۔ شمالی مشرق ایسان ہے۔ جنوبی مغرب نیروت ہے۔ شمالی مغرب بائب ہے۔

یہ چار گوشہ چاروں سمت کے ہیں۔ لہذا اگنی کی تاریخ سے عمل شروع کرنا منظور ہے تو اگنی کو دائیں شانہ پر رکھ کر عمل شروع

کرنا چاہیئے۔ اگر بائب ہے تو بائب کو دائیں شانہ پر رکھ کر پڑھیں۔ اسی طرح ایسان اور نیروت کو سمجھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اس کی تعریف لکھنا مشکل ہے۔ ہر کام کو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ شروع کرنا باعث برکت ہے۔ بعض علماء نے فرمایا کہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اسم اعظم ہے۔

برائے ترقی تنخواہ (آمدنی)

روزانہ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کی پابندی کے ساتھ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آمدنی میں اضافہ ہوگا اور جو دلی خواہش ہوگی پوری ہوگی۔

حاجت روائی

روزانہ ایک وقت مقرر کر کے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ پڑھے۔ ایک ہفتہ نہ گذرے گا کہ بحکم خدا حاجت پوری ہوگی۔

حفاظت از شیطان

جو شخص سوتے وقت اکیس [۲۱] مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ لے اور پھر کسی سے بات چیت نہ کرے اور سو جائے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے رات بھر شیطان کے شر سے

محفوظ رہے گا۔

ظالم کے دل میں ہیبت (ڈر خوف)

اگر کسی شخص کا واسطہ کسی ظالم سے پڑ گیا ہو تو اس ظالم کے سامنے پچاس [۵۰] مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ لے۔ ظالم کے دل میں خوف پیدا ہوگا اور انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح ظالم کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔

امیر کبیر ہو جانا (مالدار بن جانا)

بوقت طلوع آفتاب (سورج نکلنے کے وقت) اول تین سو [۳۰۰] بار درود شریف پڑھے (نماز میں جو درود شریف پڑھا جاتا ہے افضل ہے ورنہ جو درود شریف ہو پڑھے) اس کے بعد تین سو [۳۰۰] بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے اور روزانہ اس کو بلا ناغہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک سال کے اندر اندر امیر کبیر اور انتہائی مالدار ہو جائے گا۔

ہدایت: اگر غسل کی حاجت پیش آجائے تو قبل طلوع آفتاب غسل کر لینا ضروری ہے۔ ورنہ اثرات زائل ہو جائیں گے۔

بذریعہ خواب اسرار منکشف ہو جانا

جو شخص بعد نماز فجر روزانہ [۲۵۰۰] ایک چلہ تک [۴۰] (چالیس دن مسلسل) پابندی وقت کے ساتھ ڈھائی ہزار مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے

انشاء اللہ تعالیٰ جو بات دنیا میں ہونے والی ہوگی قبل از وقت معلوم ہو جائے گی اور اس کا علم خواب کے ذریعہ ہو جایا کرے گا۔ نیز عجیب عجیب باتیں انکشاف میں آئیں گی۔

مخلوق کی نظر میں باوقار ہونا

جو شخص چھ سو پچیس[۶۲۵] مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ طلوع آفتاب (سورج نکلتے وقت) یا بعد نماز فجر کالی روشنائی اور قلم سے لکھ کر تعویذ بنا کر ٹوپی میں رکھ لے۔ بڑی عزت ہوگی۔ دشمنوں کے دل میں خوف پیدا ہوگا۔ نیز کوئی شخص نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

تسخیر نظر

روزانہ چالیس روز تک طلوع آفتاب (سورج نکلتے وقت) کے وقت نظر جما کر سورج کے سامنے آنکھ قائم رکھ کر ایک سو بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیں آنکھ میں بجلی کی طاقت پیدا ہو جائے گی۔ جس شخص پر نظر ڈالے گا اور بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ چند بار پڑھے گا اور دل میں یہ خیال کرے گا کہ فلاں شخص میری طرف چلا آئے وہ شخص چند منٹ کے واسطے آکر بیٹھ جائے گا۔ پھر روزانہ معمول بنالیں کسی ایک وقت مقررہ پر ایک سو بار روزانہ قبل نماز ظہر یا بعد نماز عشاء پڑھتے رہیں اب سورج پر پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

فائدہ: بسم اللہ شریف میں اسم اعظم مخفی (چھپا ہوا) ہے۔

صدق دل سے پڑھنے والا کسی کا محتاج نہیں رہتا۔ ہر مرض کی دوا اور ہر مرض کی شفاء ہے۔ جو کام مقصود ہو، پاک باوضو ہو کر، خلوص نیت اور درد کے ساتھ پڑھے۔ بے حساب پڑھے انشاء اللہ مراد جلد پوری ہوگی۔

تصدیقات عام وخاص

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے عملیات کرنے والے مختلف حضرات نے خطوط کے ذریعہ ان عملیات کے موثر اور تیر بہدف ہونے کی تصدیق کی ہے۔ چند تصدیقات شائع کی جاتی ہیں فائدہ اٹھائیں۔

تصدیق نمبر ۱: آنجناب نے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے متعلق لکھا تھا کہ آپ اس کو ترقی تنخواہ کے واسطے ایک تسبیح بعد ہر نماز کے پڑھ لیا کریں۔ میں نے شروع کر دیا اور برابر پڑھتا رہا۔ موجودہ زمانہ اور قلب کے اندر وساوس لوگوں کے ڈالنے سے میں نے چھوڑ دینے کا ارادہ کر لیا تھا۔ محض اس بنا پر کہ جب قسمت میں ہوگا ترقی ہو جائے گی۔ جناب والا نے اطمینان کامل دلایا کہ ہرگز نہ چھوڑنا چنانچہ برابر پڑھتا رہا۔ اب کچھ عرصہ کے بعد مجھے اور فوائد حاصل ہونے لگے یعنی خیر و برکت شروع ہوگئی۔ اطمینان قلب کو ہوا۔ لیکن ایک سال میں اللہ تعالیٰ نے ترقی کا دن دکھلایا اور ایک ادنیٰ سے اعلیٰ عہدہ پر پہنچ گیا۔ اس کا وہم و گمان بھی نہ تھا۔ کیا شان ایزدی ہے۔ اب یقین کامل ہوگیا

کہ درحقیقت قسمت میں جو کچھ لکھا ہے اس کا علم کسی کو نہیں ہے۔ دنیا عالمِ اسباب ہے اور اُمید پہ قائم ہے، کوشش کرنا بار آوری کا ثمرہ عطا فرماتا ہے۔ فقط والسلام

خادم العلماء سید واحد علی از مدراس

تصدیق ۲: روزانہ (۷۸۶) سات سو چھیاسی مرتبہ موافق اسم اعداد کے پڑھنا شروع کیا اور رات کو اکیس [۲۱] بار پڑھ کر سو جاتا تھا۔ اللہ تعالیٰ تمام معمولی ضروریات شبانہ روز کی پوری فرماتا ہے۔ اور اکثر و بیشتر مجھ سے جھگڑا ہو جایا کرتا تھا۔ یہ بات بھی جاتی رہی۔

احمد حسن از کانپور

تصدیق ۳: بندہ نے خوب جم کر اسم اعظم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھا۔ مخلوق کہنے لگی کہ اجی تم تو نماز روزہ سے غافل تھے کس مُلّا نے ہاتھ پھیر دیا جو وظیفجی بن گئے۔ میں نے خیال کیا کہ یہ بیوقوف ہیں۔ اپنے کام میں مشغول رہا۔ چند روز بعد منہیاری کی دوکان کھول لی۔ اللہ کا شکر ہے کہ روزانہ بکری کا معمول ہر دوکاندار سے اچھا رہتا ہے اور جس قدر میرا خرچ روزانہ تھا اس میں خود بخود روزانہ کمی ہونا شروع ہو گئی اور روزانہ پس انداز اچھا خاصا جمع ہونے لگا۔ کیا عرض کریں دل خوش، ہم خوش، اہل و عیال خوش۔ یہ سب کچھ ایک سال کے اندر اندر ہو گیا۔ نماز پنجوقتہ پڑھ رہا ہوں اور برابر بسم اللہ شریف معمول میں ہے۔

تصدیق ۴: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کی چلّہ کشی نے عجیب

فوائد دکھلائے نئی نئی باتیں اور نئے نئے قصے سننے میں آتے ہیں اور مخلوق کی نظر میں کمالِ عزت ہوتی ہے۔ ہر شخص میری بات کو مانتا ہے اور عالم میں جو بات ہونے والی ہوتی ہے اس کا علم مجھے ہو جاتا ہے اور میں لوگوں سے کہہ دیتا ہوں بڑے متعجب ہوتے ہیں اور میرے قلب میں عجیب عجیب باتوں کا ظہور ہوتا رہتا ہے۔

فقط غضنفر محمد ضلع مظفر نگر

تصدیق ۵: اتفاق سے ایک مرتبہ عدالت میں شہادت دینے کا اتفاق ہوا تو حسبِ ہدایت (۶۲۵) چھ سو پچیس مرتبہ لکھ کر جلدی سے میں نے ٹوپی میں رکھ لی اور جاتے ہی افسر کو سلام کیا۔ اس نے ایک نظر مجھ پر ڈالی اور پھر نہایت نرم گفتگو سے آہستہ آہستہ میرا بیان لیا۔ قلب میں جو ایک قسم کی گھبراہٹ اور بے چینی تھی سب بحمد اللہ رفع ہو گئی۔

خاکسار احمد علی گونڈہ گاؤں۔

تصدیق ۶: سورج کے سامنے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھنے والا عمل حیرت انگیز عمل ہے۔ میں تعریف نہیں کر سکتا۔ وہی تسخیر والا سورج کے سامنے کا عمل تھا۔ جس کی طرف نظر ڈالو اپنا ہو جاتا ہے۔

راقم سید احمد از حیدرآباد

تصدیق ۷: میرا عمل سورۂ رحمٰن شریف کا مکمل ہو گیا۔ مجلس احباب دو ہفتہ کے بعد شروع ہو گئی تھی اب روزانہ ایک بار بعد نماز فجر پڑھتا ہوں۔ میرا علاج بھی موافق آ رہا ہے اور رفتہ رفتہ

کا ہجوم لگا رہتا ہے۔ ایسا عمل تسخیر عام و خاص میری نظر سے نہیں گذرا۔ سچ ہے اللہ تعالیٰ کے کلام میں وہ تاثیر ہے جس کے سامنے دنیا کی سب طاقتیں ہیچ ہیں۔

کریم اللہ خان از میسور

تصدیق ۸: سورج والا عمل جب سے شروع کیا ہے تجارت کو بڑا فروغ ہے اور معقول نکاسی روزانہ ہوتی ہے۔

کمال خان ضلع فیض آباد

اسماءِ حسنیٰ (اللہ تعالیٰ کے پیارے نام)

حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد گرامی:

خلوص نیت اور محبت کے ساتھ اپنے عقائد کو درست رکھتے ہوئے توجہ الی اللہ کی جانب مائل ہو جائے اور زیادہ نہیں کسی ایک اسم کا وِرد کرے۔ چندے مزاولت (پابندی سے کرنے) پر سب کچھ ظہور میں آجاتا ہے اور جس اسم کا جو کچھ فائدہ ہے خود بخود پیدا ہوتا جاتا ہے۔

اَللّٰہُ (معنیٰ خدا)

جلالی، عدد (۶۶) چھیاسٹھ۔ یا اَللّٰہُ۔ یا۔ اَللّٰہُ اَللّٰہُ پڑھے

اسم ذات ہے۔ جو کوئی ہزار بار ہر روز پڑھے صاحب یقین ہو اور جو کوئی سوا لاکھ چالیس دن میں لکھے یا لکھوائے اور گولیاں باندھ کر دریا (سمندر) میں بہا دے خدا کے فضل سے مطلب اس کا جلد بر آوے۔

اس اسم کی جس قدر تعریف کی جائے کم ہے۔ یہ اسم اخص الاسماء ہے۔ اس اسم کے ذکر کرنے والے (پڑھنے والے) کو کوئی نظر بھر کر دیکھ نہیں سکتا۔ اس کے کثرت سے پڑھنے سے جملہ امراض سے نجات حاصل ہوتی ہے۔ اس کا ذاکر شاغل کمال بزرگی حاصل کرتا ہے اور ہمیشہ خوش رہتا ہے (ہر اسم کے پڑھنے سے پہلے اول و آخر "گیارہ گیارہ" بار درود شریف پڑھنا ضروری ہے)۔

کشفِ قلوب

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ عالم میں جو بات ہونے والی ہو اس کا مجھے علم ہو جایا کرے اسے چاہئے کہ ہر نماز کے بعد بصد خشوع ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ) اسم ذات "اللہ" کی پڑھ لیا کرے، چند روز کے بعد کشف قلوب ہونے لگتا ہے۔ مثلاً کسی شخص نے کوئی بات زبان سے نکالی، دل میں وہ بات آگئی، اور وہی بات ظہور میں آئے گی اس کے خلاف نہ ہوگا۔ یا فلاں شخص ملازمت کی تلاش کر رہا ہے، ہوگا یا نہیں، دل میں خود بخود آجائے گا، اگر اس کی مداومت کر لی تو وہ درجہ حاصل ہو جائے گا جو پیروں کے پاس جانے سے ہوتا ہے کہ آپ پہنچے اور اُن کے ذہن میں بات آگئی کہ یہ فلاں غرض کے واسطے

آیا ہے۔ رفتہ رفتہ یہ نوبت انشاء اللہ تعالیٰ پہنچے گی کہ جو بات زبان سے نکلے گی وہ ہو کر رہے گی، اور زبان میں ایک ایسی خاصیت پیدا ہو جائے گی جس کا لکھنا کچھ مناسب معلوم نہیں ہوتا۔ اتنا خیال رہے کہ خواہش نفسانی اور تکبر و غرور سے دور رہیں۔ اس لئے کہ جب مخلوقِ خدا کو فائدہ پہنچانے ہجوم ہوتا ہے تو اس وقت زبان سے ایسے کلمات نہ کہہ ڈالیں جو اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہوں۔ یہ ایک بڑا راز ہے جس پر آپ کو متنبہ کیا جاتا ہے۔ اولیاء اللہ اور بزرگانِ دین کا ہمیشہ معمول اسمِ ذات کا رہا ہے اور اسی کی بدولت سب کچھ پایا۔

یَا رَحْمٰنُ (نعمتِ خداوندی سے مالا مال ہونا)

اس کے اعداد (۲۹۹) ہیں۔ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھنے سے خدا کی رحمت اور نعمتوں سے مالا مال ہو جائے۔ سبحان اللہ عجیب چیز ہے۔ جس قدر اس اِسم کی تعریف کی جائے کم ہے ٹھنڈا اسم ہے۔

یَا رَحِیْمُ (لوگ مہربان، پڑھنے والا مستجاب الدعوات)

اس کے اعداد (۲۵۸) ہیں روزانہ اگر بعد نماز فجر پڑھتا رہے تو دنیا اس کا دم بھرے گی، اس کا ذکر کرنے والا مستجاب الدعوات (دعاؤں کی قبولیت کا حامل) ہے۔ عجیب و غریب اسم ہے۔ ذرا تجربہ کر دیکھئے۔

یَا مَلِکُ (زبردست کامیابی اور مال و دولت کی فراوانی)

اس کے اعداد (۹۰) ہیں۔ بعد ہر نماز موافق اعداد یعنی ۹۰ مرتبہ

پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بڑی زبردست کامیابی نصیب ہو اور مال و دولت سے مالا مال ہونے لگے لیکن شرط یہ ہے کہ غفلت سے نہ پڑھے بلکہ حضوریٔ قلب کے ساتھ پڑھے۔

یَا قُدُّوْسُ (دشمن کے شر سے حفاظت، دشمن دوست بن جائے)

اس اسم پاک کے اعداد (۱۷۰) ہیں۔ اس کا ایک سو ستر مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھنے والا دشمن کے شر سے محفوظ رہتا ہے۔ تین سو انیس (۳۱۹) مرتبہ پڑھ کر شیرینی (مٹھائی) پر دم کر کے جس کو کھلائے وہ مہربان ہو جائے۔ اس اسم پاک کا پڑھنے والا نفسانی خواہشات سے محفوظ رہے یہ فرشتوں کا کلام ہے جو رات دن پڑھتے ہیں اور پروردگار ذوالمنن کی پاکی بیان فرماتے ہیں۔ اِس اسمِ پاک کا پڑھنے والا بڑا نرم دل ہو جاتا ہے۔ عجیب اسم ہے۔

یَا سَلَامُ (ہر برائی سے حفاظت اور خاندان میں عزت)

اس اسمِ پاک کے کل اعداد (۱۳۱) ہیں۔ اس اسم کو اعداد کے مطابق ایک سو اکتیس بار پڑھنے والا ہر بُرائی سے محفوظ رہے گا۔ میاں بیوی اولاد اور والدین کے درمیان محبت زیادہ کرنے کے لئے شیرینی (مٹھائی، مصری، گڑ وغیرہ) پر (۳۱۹) مرتبہ پڑھ کر دم کر کے کھلا دے انشاء اللہ تعالیٰ محبت میں اضافہ ہوگا۔ بشرطیکہ جائز محبت لوجہ اللہ ہو۔ ورنہ کچھ نہ ہوگا۔ نیت پر اعمال کا دارومدار ہے۔

یامُؤمِنُ (حاجت پوری ہونے اور شیطان کے شر سے حفاظت)

اس اسم کے کل اعداد (۱۳۶) ہیں۔ اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد ایک سو چھتیس بار موافق اعداد پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری ہو اور شیطان کے شر سے محفوظ رہے۔ چالیس دن پڑھنے سے مخلوق کہنا مانے۔ اگر ایک چلہ (چالیس دن) میں کامیابی نہ ہو۔ دوسرا چلہ پورا کرے۔

یامُہَیمِنُ (راز معلوم ہونا۔ دشمن پر غلبہ)

اس اسم کے کل اعداد (۱۴۵) ہیں۔ ہر نماز کے بعد موافق اعداد کے پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ ساتھ رہنے والوں کے تمام راز معلوم ہو جایا کریں گے لیکن یہ بات چند ماہ برابر عمل کرنے کے سبب حاصل ہو گی۔ اس کا پڑھنے والا اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہمیشہ دشمن پر غالب رہے گا۔ وضو کرتا جائے اور اس اسم کو پڑھتا جائے پھر تماشہ دیکھئے کچھ روز کے معمول سے دشمن پانی ہو جائے گا۔

یاعَزِیزُ (ہر شخص کی نظروں میں پیارا، صاحب عزت بن جائے)

اس اسم کے کل اعداد (۹۴) ہیں۔ اس اسم کا اعداد کے موافق ہر نماز کے بعد پڑھنے والا ہر شخص کی نظروں میں پیارا ہو گا اور کسی کا محتاج نہ ہو نیز اس اسم کا پڑھنے والا لوگوں کی نظروں میں شفیق و عزت والا ہو گا۔ زبان تعریف سے قاصر ہے۔ یہ اسم بہت خوبیوں والا ہے۔

یاجَبَّارُ (دشمن زیر ہو۔ دشمن پر ہیبت طاری ہو)

اس کے کل اعداد (۲۰۶) ہیں۔ دو سو چھ مرتبہ کسی بھی ایک وقت پابندی کے ساتھ پڑھے تو دشمن مقہور ہو اور ناکام رہے اور اس اسم کا پڑھنے والا جس آدمی کی طرف بھی نظر بھر کر دیکھے گا اس پر خوف طاری ہو گا۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھنا ضروری ہے (یہ اسم جلالی ہے)

یامُتَکَبِّرُ (ہر شخص پر کامیابی۔ برتری حاصل کرنا)

اس اسم کے کل اعداد (۶۶۲) چھ سو باسٹھ ہیں۔ موافق اعداد کے کسی ایک وقت پڑھنے والا ہر شخص پر کامیابی حاصل کرتا ہے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھے۔

یاجَبَّارُ۔ یامُتَکَبِّرُ کو زیادہ نہ پڑھے ورنہ غصہ بڑھ جائے گا۔ یہ اسم جلالی ہے۔ ہر اسم اپنی تعداد میں پڑھنے سے کچھ لطف دکھلاتا ہے۔

یاخَالِقُ (قلب و چہرہ نور سے بھرپور)

اس اسم کے کل اعداد سات سو اکتیس (۷۳۱) ہیں۔ دن میں کسی ایک وقت باوضو پڑھنے والے کا قلب اور چہرہ پُر نور ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے پڑھنے والے کے لئے مغفرت کا سامان مہیا فرماتا ہے۔ بے لوث ہو کر یاد الٰہی کا مزہ کچھ اور ہی ہے۔

یا بَارِئُ (طبیب و ڈاکٹر کا علاج کامیاب۔ اہل خانہ مطیع)

اس اسم پاک کے کل اعداد (۲۱۳) دو سو تیرہ ہیں۔ طبیب، ڈاکٹر کو اس کا پڑھنا بے حد مفید ہے علاج موافق پڑتا ہے اور جس مریض کا علاج شروع کیا وہی صحتیاب ہو جاتا ہے۔ اگر تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ روزانہ باوضو چالیس دن پڑھ کر زکوٰۃ ادا کر دے۔ پھر کسی ٹھنڈے عطر پر پچھتر ۷۵ بار پڑھ کر دم کر کے لگائے بیوی بچے، دوست احباب سب محبت کرنے لگیں صرف جائز مقصد کے لئے کرے۔

یا مُصَوِّرُ (لوگوں کی نظروں میں محبوب۔ ہر کام میں آسانی)

اس اسم کے کل اعداد تین سو چھتیس (۳۳۶) ہیں۔ جو شخص وضو کر کے پیشانی پر شہادت کی انگلی سے بغیر روشنائی کے یا مصور لکھے گا۔ وہ جس شخص کے پاس جائے گا اس کی نظروں میں محبوب بن جائے گا۔ اگر روزانہ ایک مرتبہ تین سو چھتیس ۳۳۶ مرتبہ پڑھ لیا کرے تو ہر کام میں آسانی پیدا ہو۔

پیشانی پر لکھ کر دیکھو اور تجربہ کر دا اپنے کو پوشیدہ رکھو۔ تعریف سے لوگوں کی خوش نہ ہو۔ خوف خدا دل میں رکھو جب اسم کا راز سمجھ میں آ جائے گا۔

یا غَفَّارُ (راز کی حفاظت کے لئے)

اس اسم پاک کے کل اعداد بارہ سو اکیاسی (۱۲۸۱) ہیں۔ جس

شخص کے دل میں کوئی بات نہ ٹھہرتی ہو اور راز اگلنے کا مرض ہو تو اس اسم کو روزانہ رات کے وقت بعد نماز عشاء بارہ سو اکیاسی (۱۲۸۱) مرتبہ پڑھے اور چند روز تک پڑھتا رہے۔ اللہ تعالیٰ دل کی بات ظاہر نہ ہونے دے گا۔ نہایت ہی مجرب ہے۔ اس اسم کا پڑھنے والا بڑے بڑے راز، فتوحات ربانی اور فیوض رحمانی کے دل میں پوشیدہ رکھ سکے گا۔

یا قَہَّارُ (ظالم کو سخت سزا کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد تین سو چھ (۳۰۶) ہیں۔ اس اسم پاک کو موافق اعداد پڑھنے اور ظالم کے لئے بد دعا کرنے سے تین ہفتہ کے اندر اندر ظالم ہلاک ہوگا یا اپنے قصور کی معافی چاہے گا۔ معاف کر دے ورنہ دشمن کے ہلاک ہونے کا خطرہ ہے۔ اور بعض مرتبہ ضد کرنے اور معاف نہ کرنے سے اپنی جان کا بھی خطرہ پیدا ہو جاتا ہے۔ لوگ اس اسم سے کامیابی پر اپنے قصور پر شرمندہ نہیں ہوتے کہ ہمارا کیا قصور ہے اور بدلہ لینے کے خواہشمند ہوتے ہیں اگر صبر سے کام لیا اور پھر اس اسم کو پڑھا انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہوگا۔

یا وَہَّابُ (فاقہ سے حفاظت، غیب سے روزی)

اس اسم کے کل اعداد چودہ (۱۴) ہیں۔ جس گھر میں فاقہ ہوتا ہو، سامان بظاہر نہ ہو روزانہ ایک سو ایک مرتبہ صبح پھر ہر نماز کے بعد سجدہ میں سر رکھ کر پڑھے۔ اللہ تعالیٰ غیب سے سامان کرے گا اور

اگر سجدہ میں جاکر بعد ہر نماز کے چودہ (۱۴) بار پڑھے فقر وفاقہ سے نجات ملے، اور مخلوق سے بے پرواہ ہو جائے۔ اور اگر اس اسم کو کثرت سے پڑھے خدا کے فضل سے غیب سے فتوحات ہوں۔ بڑا زبردست اسم ہے۔ بعد نماز تہجد پڑھنا چاہے تو پانچ ہزار (۵۰۰۰) تک روزانہ معمول بنالے اور روزانہ پانچ ہزار مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے فتوحات کے دروازے کھل جائیں گے۔

یا رزّاقُ (رزق میں فراخی، روزی میں برکت)

اس اسم کے کل اعداد تین سو آٹھ (۳۰۸) ہیں۔ باوضو روزانہ صبح وشام تین سو آٹھ ۳۰۸ بار جو شخص اس اسم کو پڑھے گا اس کے رزق میں فراخی ہوگی اور روزی میں برکت ہوگی لیکن ہر نماز کے بعد پڑھے تو زیادہ بہتر ہے۔ چند روز کی مزاولت اور پابندی سے بہت بہتر نتیجہ نکلے گا۔ اس کے ذریعہ کوئی خزانہ ہاتھ نہیں آتا بلکہ ہر شے میں برکت ہوتی ہے۔ کیونکہ رزق دینے والا اور اس میں برکت دینے والا وہی رازق مطلق ہے۔

یا فتّاحُ (قلب کی صفائی۔ فتوحات کا حصول)

اس اسم کے کل اعداد چار سو نواسی (۴۸۹) ہیں۔ موافق اعداد کسی وقت مقررہ پر پڑھے تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے قلب مثل آئینہ کے چمکے، باطن کی صفائی حاصل ہو بعد نماز تہجد روزانہ کثرت سے پڑھنے سے بڑی زبردست فتوحات حاصل ہوتی ہیں۔

مفلس اور نادار اس اسم کی بدولت اپنے پروردگار کے راز پر مطلع ہو جاتے ہیں۔ کرنا شرط ہے۔ استقلال بڑی چیز ہے مستقل مزاجی سے پڑھتا رہے۔ نتیجہ پر غور نہ کرو۔ پڑھتے جاؤ پھر اس اسم کے عجیب وغریب لطائف دیکھو۔ غیب سے کس طرح پروردگار سامان کرتا ہے۔

یا علیمُ (کشفِ قلوب کے لئے۔ شانِ بزرگی کا پیدا ہونا)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو پچاس (۱۵۰) ہیں۔ اس کو دن میں کسی ایک وقت موافق اعداد پڑھنے سے کشفِ قلوب پیدا ہوتا ہے اور نامعلوم باتوں کا اظہار ہوتا ہے۔ چند روز میں شانِ بزرگی پیدا ہو جاتی ہے۔

یا قابضُ (خطرناک دشمن کی ہلاکت)

اس اسم کے کل اعداد نو سو تین (۹۰۳) ہیں۔ موذی اور خطرناک جانی دشمن کی ہلاکت کے لئے موافق اعداد اسم اور اعداد نام معہ والدہ کے نام کے ملا کر اتنی تعداد میں روزانہ پڑھے وقت مقررہ پر۔ انشاء اللہ تعالیٰ پورا اثر ظاہر ہوگا۔ لیکن سوچ سمجھ کر کرے۔ غصہ حرام ہے بعد میں پھر افسوس ہوتا ہے۔ دشمن کے نام معہ والدہ یا والد کے نام کے اعداد نکال کر (۹۰۳) عدد میں جمع کرے اور اتنی تعداد روزانہ پڑھے۔ اگر ایک چلہ میں کامیابی نہ ہو تو پھر دوسرا چلہ شروع کردے۔ ضرور کامیاب ہوگا۔ ناجائز

طور پر کرے گا تو اپنی جان کا خطرہ ہے لہٰذا احتیاط شرط ہے۔

یَا بَاسِطُ (قرض سے نجات. خلق خدا کی توجہ کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد بہتر (۷۲) ہیں۔ جو شخص روزانہ باوضو ہر نماز کے بعد موافق اعداد اور اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھ کر دعا مانگے۔ قرض سے خلاصی پائے۔ تدابیر ضروریہ عمل میں لاتا رہے۔ تاکہ قرض سے آسانی سے نجات حاصل ہو۔ اور قرضداروں کے واسطے محبوب بنانے والا عمل پڑھے تاکہ وہ زیادہ سختی نہ کریں۔ اور اپنے نام کے اعداد نکال کر رات کو سونے سے پہلے اول و آخر پانچ پانچ بار درود شریف پڑھ کر اپنے نام کے موافق اتنی تعداد میں پڑھ کر اپنے سینہ پر دم کرے۔ اگر دوکاندار ہے تو دوکان خوب چلے۔

یَا خَافِضُ (دشمن پر فتح و غلبہ، دشمن کے شر سے حفاظت)

اس اسم کے کل اعداد چودہ سو اکیاسی (۱۴۸۱) ہیں۔ جو شخص روزانہ ایک وقت باوضو موافق اعداد کے (۱۴۸۱) مرتبہ پڑھے تو دشمن پر فتح اور غلبہ حاصل ہوگا۔ لیکن کچھ عرصہ تک پڑھتا رہے اور آخر میں دشمن کا نام لے کر اللہ تعالےٰ سے دعا مانگ لیا کرے کہ دشمن کے شر سے حفاظت رہے۔ اس عمل کا ہر نماز کے بعد کرنا اچھا ہے۔

یَا رَافِعُ (مالدار ہونا. فتوحات. بلندی مرتبہ)

اس اسم کے کل اعداد تین سو اکیاون (۳۵۱) ہیں اس اسم کے عدد کے موافق پڑھنے سے مالدار ہو اور فتوحات کا دروازہ کھل جائے۔ بلندی مرتبہ کے لئے بھی یہ اسم بڑا سریع التاثیر ہے فوراً اس کے پڑھنے کا کمال ظاہر ہوتا ہے۔

یَا مُعِزُّ (مخلوق سے بے خوف ہونا. مخلوق میں عزت)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو سترہ (۱۱۷) ہیں۔ اس اسم کو اس کے اعداد کے مطابق روزانہ باوضو پڑھنے والا مخلرق سے نہیں ڈرتا۔ ہر قسم کا بے جا ڈر خوف اس کے دل سے نکل جاتا ہے۔ اس کا پڑھنے والا تمام مخلوق میں باعزت رہتا ہے۔ سبحان اللہ کیا بے شمار فائدوں والا اسم ہے۔

یَا مُذِلُّ (دشمن کی ذلت. دشمن کی دشمنی ختم)

اس اسم کے کل اعداد سات سو سات (۷۰۷) ہیں۔ جو شخص روزانہ پابندی کے ساتھ اس اسم کا کل اعداد کے موافق ذکر کرنے والا دشمن کو ذلیل و خوار کرتا ہے۔ سجدہ میں جاکر دعا مانگے۔ مخالفت سے دشمن باز آجائے۔

یَاسَمِیْعُ (دُعا کی قبولیت کا آسان طریقہ)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو اسی (۱۸۰) ہیں۔ روزانہ بعد نماز اس اسم کو موافق عدد کے پڑھتا رہے تو ذاکر بن جائے۔ جو دنا مانگے قبول ہو۔ یوں سمجھ لو کہ جو اس کو پڑھے گا اُسے پروردگار جو کچھ سنائے گا وہ سنے گا اور قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے۔ بس ہمارا کام سننا اور رب کا کام قبول کرنا ہے۔

یَابَصِیْرُ (خفیہ رازوں کا علم ہونا)

اس اسم کے کل اعداد تین سو دو (۳۰۲) ہیں۔ ہر نماز کے بعد موافق اعداد پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ چھپے ہوئے امور ظاہر فرماتا ہے۔ بڑا زبردست اسم ہے۔ اور ایک عرصہ تک ترک حیوانات جلالی و جمالی کی پابندی کے ساتھ پڑھتے رہنے سے بہت سے خفیہ رازوں پر مطلع ہوتا ہے۔

یَاحَکَمُ (حاکم پڑھے مخلوق مطیع ہو۔ پرہیزگاری حاصل ہو)

اس اسم کے کل اعداد اڑسٹھ (۶۸) ہیں۔ حاکم اگر پڑھے مخلوق میں سرداری پائے۔ باطن اچھا ہو اور پڑھنے والا پرہیزگار بن جائے۔ بدباطنی دور ہو۔ روزانہ ایک وقت موافق اعداد کے پڑھے۔

یَاعَدْلُ (ظالم دشمن کے گرفتار بلا ہونے کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو چار (۱۰۴) ہیں۔ جو شخص موافق عدد روزانہ پڑھ کر کسی موذی ظالم پر پڑھ کر بددعا کرے وہ ظالم فوراً گرفتار بلا ہو۔ منصف (جج، حاکم، افسر) پڑھے ہمیشہ عدل وانصاف کرتا ہے۔ ظالم کا ظلم حد سے زیادہ ہو جائے تو اس وقت یہ اسم بہت تیز کام کرتا ہے۔

یَالَطِیْفُ (قید سے رہائی، بچوں کی شادیوں کے لئے رزق میں ترقی)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو انتیس (۱۲۹) ہیں۔ یہ اسم بہت جلد قبول ہوتا ہے اسی لئے اس اسم کو سریع الاجابت کہتے ہیں۔ اس کا ذاکر قید سے چھٹکارا حاصل کرے۔ بچوں کی شادیاں کرنا ہو کثرت سے پڑھے۔ خود بخود انتظام ہو جائے۔ موافق اعداد کے روزانہ ایک وقت پڑھے پھر اس کی تاثیر دیکھے۔ اگر سولہ ہزار چھ سو اکتالیس (۱۶۶۴۱) بار پڑھے جو دعا مانگے قبول ہو۔ ایک سو تینتیس بار روزانہ پڑھنے سے رزق میں ترقی ہو۔ تمام کام آسانی سے پورے ہوں۔ باریک باتوں کو پورا کرنے والا۔ لطف و محبت پیدا کرنے والا بڑا زبردست اسم ہے اس کے پڑھنے سے عجیب وغریب مشاہدات ہوں گے

کہ یہ کیا چیز ہے۔

یا خَبِیْرُ (لوگ خبر گیری کریں۔ راز خلق کے ظاہر ہوں)

اس اسم کے کل اعداد آٹھ سو بارہ (۸۱۲) ہیں۔ روزانہ باوضو موافق اعداد پڑھنے سے اس کے قریب رہنے والے ہمیشہ اس کی خبر گیری کریں۔ بشرطیکہ کثرت سے پڑھے۔ تمام راز خلق اللہ کے ظاہر ہوں۔

یا حَلِیْمُ (ظالم حاکم کے غصہ کو ختم کرنا۔ سزا سے حفاظت)

اس اسم کے کل اعداد اٹھاسی (۸۸) ہیں۔ اگر حاکم یا افسر کسی پر زیادہ غصہ کرتا ہو تو موافق اعداد کے روزانہ اس کو پڑھے اس کا غصہ دفع ہوگا۔ اگر کسی پر حاکم یا افسر سخت ناراض ہو رہا ہو تو اس وقت اس اسم کو پڑھنا شروع کردے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا غصہ فوراً ٹھنڈا ہوگا۔ اگر کسی کی سزا کا فیصلہ ہونا ہے تو موافق اعداد کے روزانہ برابر فیصلہ تک پڑھتا رہے سزا سے بچ جائے اور اگر سزا یا جرمانہ ہو بھی تو بہت کم ہو۔ عمدہ نتیجہ اسی وقت نکلتا ہے جب درد بھرے دل سے پڑھے

یا عَظِیْمُ (مخلوق میں عزت والا عیب لوگوں سے پوشیدہ)

اس اسم کے کل اعداد ایک ہزار بیس (۱۰۲۰) ہیں۔ موافق اعداد کے روزانہ پڑھنے والا مخلوق میں عزیز اور مکرم ہوگا۔ اور اس

کی برائیاں خلق سے پوشیدہ رہیں گی۔ بڑا عظمت والا اسم ہے۔ جسم میں حرارت بڑھاتا ہے۔ (اسم جلالی ہے)

یا غَفُوْرُ (قلب میں روشنی اور مرض سے شفاء)

اس اسم کے کل اعداد ایک ہزار دو سو چھیاسی (۱۲۸۶) ہیں۔ موافق اعداد صبح یا شام ایک بار پڑھ لیا کرے۔ قلب میں روشنی اور مرض سے شفا ہو۔ دلجوئی، نرمی اور رحم کے آثار قلب میں پیدا ہوں۔

یا شَکُوْرُ (نیکی میں زیادتی اور شکر خدا بجالانے کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد پانچ سو چھبیس (۵۲۶) ہیں۔ موافق اعداد کے روزانہ ایک بار پڑھ لیا کرے۔ اس کا ذکر کرنے والا ہمیشہ نیک کام کرتا اور نیک مشورہ دیتا ہے اور اس سے نیک کام ہوتے رہتے ہیں اور شکر خدا بجالاتا ہے۔

یا عَلِیُّ (ہر قسم کی برائی اور پریشانی سے حفاظت۔ مخلوق میں باعزت)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو دس (۱۱۰) ہیں۔ موافق اعداد کے روزانہ ایک بار پڑھ لیا کرے اس اسم کا ذاکر ہر قسم کی برائی، پریشانی سے محفوظ رہتا ہے اور مخلوق کی نظروں میں باعزت

رہتا ہے۔ اکثر حضرات نے اِس اسم کو اپنا معمول بنایا اور بہت فائدہ اٹھایا ہے۔

یَاکَبِیْرُ (عالی مرتبہ، باوقار اور ہر مشکل مہم میں کامیاب)

اس اسم کے کل اعداد دو سو بتیس (۲۳۲) ہیں۔ روزانہ کسی ایک وقت موافق اعداد کے پڑھ لیا کرے اس کا مسلسل پڑھنے والا تھوڑے عرصہ میں عالی مرتبہ باوقار اور ہر مہم اور مشکل کام میں کامیاب ہو۔ دنیا حقیر نظر آئے۔

یَاحَفِیْظُ (دل کا خوف دور، ہر طرح حفاظت، دشمن ناکام)

اس اسم کے کل نو سو اٹھانوے (۹۹۸) اعداد ہیں۔ روزانہ ایک وقت موافق اعداد پڑھنے سے دل کا خوف دور ہو۔ ہر طرح حفاظت رہے۔ ہر آفت سے محفوظ رہے۔ دشمن خواہ ایڑی چوٹی کا زور لگائے لیکن بال بیکا نہ کر سکے۔ موافق اعداد نہ پڑھ سکے تو ایک تسبیح (ایک سَو مرتبہ) روزانہ بعد ہر نماز پڑھ لیا کرے۔

یَامُقِیْتُ (بزرگانِ دین کا ورد ہے۔ بہت جلد قبولیت حاصل ہو)

اس اسم کے کل اعداد پانچ سو پچاس (۵۵۰) ہیں۔ روزانہ

باوضو موافق اعداد کے کسی ایک وقت پڑھ لیا کرے۔ اس ذکر کو کرنے سے بھوک نہ لگے صالحین اور بزرگانِ دین کا یہ ورد ہے اور بہت جلد قبولیت حاصل ہوتی ہے۔ سریع الاجابت ہے۔

یَاحَسِیْبُ (اکاؤنٹینٹ (محاسب) کے لئے یہ عمل بہت کارآمد ہے)

اس اسم کے کل اعداد اسی (۸۰) ہیں۔ اس اسم کو موافق اعداد پڑھنے والا حساب دیتے وقت نہ ڈرتا ہے اور نہ اس کے دل میں خوف پیدا ہوتا ہے۔ محاسب (اکاؤنٹینٹ) کے لئے یہ عمل بہت مفید اور کارآمد ہے۔

یَاجَلِیْلُ (لوگوں کے دلوں میں باعظمت و باعزت ہونے کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد تہتر (۷۳) ہیں۔ موافق اعداد کے روزانہ ایک مرتبہ پڑھنے سے لوگوں کے دلوں میں اس کی عظمت اور اس کا خوف پیدا ہو اور پڑھنے والے کو لوگ عزت کی نگاہ سے دیکھیں۔ اس اسم کی تاثیر کچھ عرصہ پڑھنے کے بعد معلوم ہوتی ہے۔

یَاکَرِیْمُ (رزق بے منت و بے محنت ملے۔ فراخیِ رزق کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد دو سو ستر (۲۷۰) ہیں۔ اگر اس اسم کو

روزانہ موافق اعداد (۲۷۰ مرتبہ) پڑھ لیا کریں تو رزق بے منت اور بے مشقت ملتا رہے۔ کچھ عرصہ پابندی کے ساتھ پڑھنے سے بڑے بڑے عملوں سے یہ اسم بے نیاز کر دیتا ہے۔ فراخیٔ رزق میں بے مثال ہے۔

یا رَقِیبُ (اللہ تعالیٰ کا محبوب بننا)

اس اسم کے کل اعداد تین سو بارہ (۳۱۲) ہیں۔ اس اسم کو روزانہ موافق اعداد پڑھنے والا اللہ تعالیٰ کو محبوب رکھتا ہے۔ عجیب چیز ہے۔ پڑھنے والے کو اس کی قدر معلوم ہوگی۔

یا مُجِیبُ (دُعا کی قبولیت کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد پچپن (۵۵) ہیں۔ روزانہ ایک مقررہ وقت پر موافق اعداد پڑھ کر دعا مانگے اس کی دعا قبول ہو۔ دعا کی قبولیت میں یہ اسم تیر بہدف ہے۔

یا واسِعُ (کشادگیٔ علم۔ تنگیٔ رزق سے حفاظت)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو سینتیس (۱۳۷) ہیں۔ اس اسم کو موافق اعداد روزانہ ایک بار پڑھنے والا کشادگیٔ علم سے فیضیاب ہوتا ہے اور تنگیٔ رزق سے محفوظ رہتا ہے۔

یا حَکِیمُ (مشکل اور اٹکے ہوئے کام کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد اٹھتر (۷۸) ہیں۔ ہر مشکل اور اٹکے ہوئے

کام کے آسانی سے ہونے کے لئے روزانہ ایک وقت موافق اعداد پڑھنا چاہیئے۔ اس کے پڑھنے والے پر حکمت کے راز منکشف (ظاہر) ہوں گے۔

یا وَدُودُ (ہر معاملے میں کامیابی کے لئے۔ ہر دلعزیزی حاصل ہو)

اس اسم کے کل اعداد بیس (۲۰) ہیں۔ محبت کے واسطے نہایت اچھا ہے۔ موافق اعداد کے پڑھے انشاء اللہ ہر جگہ کامیابی حاصل ہو۔ ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ) روزانہ پڑھے۔ ہر دلعزیز رہے۔ شیرینی (مٹھائی، مصری، چینی، گڑ وغیرہ) پر ایک ہزار بار پڑھ کر پھونک دیں اور بیوی کو یا اولاد کو کھلادیں۔ ناراض ہوں رضامند ہو جائیں۔ راضی ہوں اطاعت گذار بن جائیں۔ اور اگر کثرت سے روزانہ اس کو پڑھتے رہیں۔ دنیا مسخر (قابو میں) ہو جائے۔ ہر شخص پیار کرے اور محبت سے پیش آئے۔ خاص طور پر گھر والے جاں نثار ہوں۔

یا مَجِیدُ (سب لوگوں میں باعزت ہونا)

اس اسم کے کل اعداد ستاون (۵۷) ہیں۔ اگر اپنے ہم جنسوں اور اہل خانہ اور دوست احباب میں عزت نہ ہو تو روزانہ ایک وقت موافق اعداد کے پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنے سے سب لوگوں

میں عزت نصیب ہو۔

یا باعِثُ (زندہ دلی پیدا ہونا۔ مایوسی ختم ہونا)

اس اسم کے کل اعداد پانچ سو تیہتر (۵۷۳) ہیں۔ اگر کسی کا دل مردہ ہو یا وہ کم ہمت ہو یا سُست ہو تو روزانہ ایک بار موافق اعداد کے پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ چند دن بعد اس کا دل زندہ ہو جائے گا۔ ہمت جوان ہوگی اور سُستی چُستی میں بدل جائے گی۔ لاجواب اسم ہے۔

یا شَہِیدُ (راہ خدا میں شہادت کے لئے۔ فاسق لڑکی کا نیک بننا)

اس اسم کے کل اعداد تین سو انیس (۳۱۹) ہیں۔ اگر اللہ تعالیٰ کے راستہ میں شہید اور قربان ہونا چاہتا ہو تو اس اسم کو کثرت سے پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ شہادت نصیب ہوگی۔ اگر کسی کی لڑکی فاسق ہو اس کے لئے کثرت سے پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ نیک اور صالح ہو جائے۔

یا حَقُّ (قید سے جلد رہائی، عبادت میں خوب دل لگے۔ سچ گوئی حاصل ہو)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو آٹھ (۱۰۸) ہیں۔ اگر قیدی

موافق اعداد کے روزانہ پڑھے اللہ تعالیٰ کے حکم سے قید سے جلد رہائی پائے۔ اور جس کا دل عبادت سے اُچاٹ ہو وہ پڑھے عبادت میں اس کا بڑا جی لگے اور کثرت سے عبادت کرنے لگے۔ اور ثابت قدمی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرے۔ ایسا آدمی سچ گو اور حق بات کہنے والا بن جاتا ہے۔ مخلوق خدا اس سے مشورہ کرتی ہے۔

یا وَکِیلُ (بجلی اور دیگر آفات سے محفوظ رہے)

اس اسم کے کل اعداد چھیاسٹھ (۶۶) ہیں۔ اس کو موافق اعداد روزانہ پڑھنے والا بجلی اور دیگر آفات و بلیات سے محفوظ رہتا ہے۔ تجربہ شرط ہے۔

یا قَوِیُّ (دل کی قوت اور دفع دشمن کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو سولہ (۱۱۶) ہیں۔ اگر کوئی شخص اس اسم کو موافق اعداد کے ہر نماز کے بعد پڑھے تو دل اس کا قوی ہو۔ اگر بہ نیت دفع دشمن پڑھے دشمن مصیبت میں مبتلا ہو۔ بڑی قوی الاثر اسم ہے۔

یا مَتِینُ (دعا کی قبولیت۔ مقصد میں کامیابی)

اس اسم کے کل اعداد پانچ سو (۵۰۰) ہیں۔ موافق اعداد کے صبح کے وقت پڑھنے والے کی دعا ضرور قبول ہوتی ہے۔ جس مقصد کے لئے موافق اعداد کے پڑھے گا بحکم خدا اس میں کامیابی

نصیب ہوگی۔

یا وَلِیُّ (بیوی کی اصلاح۔ مخلوق کی باتوں سے واقفیت)

اس اسم کے کل اعداد چھیالیس (۴۶) ہیں۔ اگر بیوی جھگڑالو اور بدعادت رکھتی ہو تو ہر نماز کے بعد موافق اعداد کے پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خوش خلق اور ہمدرد ہو جائے گی۔ اس اسم کا ذکر کرنے والا مخلوق کی باتوں سے آگاہ ہو جاتا ہے۔

یا حَمِیْدُ (لوگوں میں نیک نامی۔ وقار و عزت کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد باسٹھ (۶۲) ہیں۔ روزانہ بعد ہر نماز موافق اعداد کے پڑھ لیا کرے۔ تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہر شخص تعریف سے یاد کرے۔ لوگوں میں وقار و عزت پیدا ہو۔ برے افعال سے نجات ملے۔ پسندیدہ افعال پیدا ہوں۔ جس شخص کا نام محمود ہو اس کے واسطے اس کا ذکر نہایت اچھا ہے۔

یا مُحْصِیُ (اللہ تعالیٰ کی مہربانیوں کی آمد)

اس اسم کے کل اعداد اڑتالیس (۴۸) ہیں۔ اس اسم کا موافق اعداد کے روزانہ پڑھنے والا ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی مہربانیوں کا حقدار رہتا ہے۔

یا مُبْدِئُ (اسرار کا انکشاف، مصنفین و مؤلفین کے لئے کام کی چیز)

اس اسم کے کل اعداد چھپن ہیں۔ اس اسم کو روزانہ موافق اعداد کے پڑھنے والے پر اسرار کا انکشاف ہوتا ہے۔ کتابیں لکھنے والے، تحقیقات کرنے والے، تخلیقات اشیاء کے کاریگر اور شاعر نعت گو اگر پڑھیں تو زیادہ کامیاب اور اپنے کام کو زیادہ بہتر طور پر انجام دے سکیں۔ یہ اسم جدت طبع پیدا کرتا ہے۔

یا مُعِیْدُ (گمشدہ کا پتہ ملنا، گمشدہ چیز مل جائے)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو چوبیس (۱۲۴) اگر کوئی شخص غائب ہو گیا ہو یا کوئی چیز گم ہو گئی ہو تو روزانہ ایک وقت مقررہ پر موافق اعداد کے ایک سو چوبیس (۱۲۴) مرتبہ پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ کا پتہ لگ جائے گا اور گمشدہ چیز مل جائے گی۔ اس سلسلے میں یہ بہترین چیز ہے۔

یا مُحْیِیُ (قلب میں خوشی، موت کی یاد کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد اٹھاون (۵۸) ہیں۔ موافق اعداد کے روزانہ ایک مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ظاہری اور باطنی زندگانی حاصل ہو۔ قلب میں فرحت، دنیا کی زندگی ہیچ معلوم ہو۔ موت کی یاد ہر وقت دل میں رہے۔ بڑا زندہ کرنے والا اسم ہے۔

یا مُمِیتُ (دشمن پر غلبہ اور فتح حاصل ہو)

اس اسم کے کل اعداد چار سو نوے (۴۹۰) ہیں۔ اگر کسی کا دشمن ظالم اور نامہربان ہو اور ظلم سے نہ چوکتا ہو تو موافق اعداد کے روزانہ پڑھے اور دشمن، ظالم، فاسق و فاجر شخص کے لئے نام لے کر بددعا کرے یہ عمل چالیس ۴۰ دن تک کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر فتح و کامیابی حاصل ہو اور دشمن ظلم سے باز رہے۔ ذرا دل سے پڑھے پھر اس کا کمال دیکھے۔

یا حَیُّ (بیماری سے شفاء۔ قلب میں نور، زندگی کا لطف)

اس اسم کے کل اعداد اٹھارہ (۱۸) ہیں۔ موافق اعداد کے روزانہ خلوص قلب اور پوری توجہ سے ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ صبح و شام پڑھے تو بہتر ہے۔ اس کا پڑھنے والا اگر بیمار ہو شفا پائے۔ قلب میں نور توحید کی روشنی پیدا ہو۔ زندگی کا پورا پورا لطف حاصل ہو۔ ہر وقت ہشاش بشاش رہے۔

یا قَیُّومُ {مخلوق میں محبوبیت حاصل کرنا اور مخلوق پر ہیبت قائم ہو۔}

اس اسم کے کل اعداد ایک سو چھپن (۱۵۶) ہیں۔ موافق اعداد کے روزانہ فجر کے وقت پڑھے تو مخلوق میں تصرف ظاہر ہو۔ مخلوق محبوب رکھے اور اگر "یا حَیُّ یا قَیُّومُ" دونوں کو

ملا کر دو سو پندرہ (۲۱۵) مرتبہ پڑھے مخلوق ڈرے اور جو بات زبان سے نکالے شرطیہ بفضل خدا پوری ہو۔ بزرگی اور جلال پیدا ہو۔ عام خلائق دوستی کا دم بھرے۔ دنیا کی کوئی طاقت اُس کو نقصان نہیں پہنچا سکتی۔

یا واجِدُ (کشف قبور، قلب منوّر)

اس اسم کے کل اعداد چودہ (۱۴) ہیں۔ اس اسم کو کثرت سے پڑھنے کی برکت سے کشف قبور پیدا ہوتا ہے اور قلب نور سے روشن ہوتا ہے۔

یا ماجِدُ (اس کا پڑھنے والا معزز اور کامیاب ہوگا)

اس اسم کے کل اعداد اڑتالیس (۴۸) ہیں۔ اس کا موافق اعداد ہر نماز کے بعد پڑھنا، بادشاہ، حاکم، افسر، معلم اور سیٹھ آدمی کو پڑھنا بہت موافق ہے۔ رئیسوں کے لئے یہ اچھا اسم ہے

یا واحِدُ (اللہ تعالیٰ کا محبوب اور پیارا بندہ بننا)

اس اسم کے کل اعداد انیس (۱۹) ہیں۔ اس اسم کا ذکر خدا کو بہت محبوب ہے اور اس کا پڑھنے والا اللہ تعالیٰ کا پیارا بندہ بن جاتا ہے اور خواب میں بزرگانِ دین سے ملاقات ہوتی ہے۔

یا اَحَدُ (اللہ تعالیٰ کا قرب، خدا کا محبوب بندہ)

اس اسم کے کل اعداد تیرہ (۱۳) ہیں۔ اس کا ذکر خدا تعالیٰ

سے قریب کرتا ہے اور اس کا پڑھنے والا خدا کے محبوب بندوں میں شمار ہوتا ہے۔

یَا صَمَدُ (کشائش رزق، فقر وفاقہ سے نجات)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو چونتیس (۱۳۴) ہیں زبردست عمل ہے۔ بھوک پیاس سے بے پرواہ کرتا ہے۔ کشائش رزق میں بڑا اثر رکھتا ہے۔ فقر وفاقہ دور کرتا ہے۔ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ) پڑھیں۔

یَا قَادِرُ {دشمن کے پنجہ میں گرفتاری سے حفاظت۔ مشکل آسان}

اس اسم کے کل اعداد تین سو پانچ (۳۰۵) ہیں۔ روزانہ صبح وشام موافق اعداد کے پڑھے تمام مشکلیں آسان ہوں۔ اگر ہر عضو دھوتے وقت پڑھے، کسی دشمن کے پنجہ میں گرفتار نہ ہوگا۔ بے حد مؤثر ہے۔

اوّل پانچ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سات سو تیس (۷۳۰) مرتبہ یَا رَزَّاقُ یَا مُعِزُّ یَا قَادِرُ پڑھے۔ آخر میں پانچ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ وسعتِ رزق، دشمن سے حفاظت مخلوق کا رجوع حاصل ہو۔ اگر پابندی سے پڑھتے رہیں۔ خدا تعالیٰ وسعت کرے۔ سبحان اللہ کیا کہنا۔

یَا مُقْتَدِرُ {محنت مزدوری کرنے والے کے کام میں آسانی}

اس اسم کے کل اعداد سات سو چوالیس (۷۴۴) ہیں۔ محنت مزدوری کرنے والے روزانہ ایک وقت اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف درمیان میں سات سو چوالیس بار یہ اسم پڑھے۔ اس کے پڑھنے سے ان کے کام میں آسانی پیدا ہو اور مشقت کم ہو۔

یَا مُقَدِّمُ (مقبولیت دعا کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو چوراسی (۱۸۴) ہیں۔ موافق اعداد پڑھ کر جو دعا مانگے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے قبول ہو۔

یَا مُؤَخِّرُ (ظاہری وباطنی ترقی کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد آٹھ سو چھیالیس (۸۴۶) ہیں۔ اس اسم کا کسی ایک وقت موافق اعداد کے پڑھنا ظاہری اور باطنی درجے کو بڑھاتا ہے۔

هُوَ الْاَوَّلُ (نیک صالح لڑکے کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد سینتیس (۳۷) ہیں اس اسم کا موافق اعداد چالیس دن مسلسل کسی ایک وقت خلوص سے پڑھنے کی

برکت سے انشاءاللہ تعالیٰ نیک صالح لڑکا پیدا ہوگا۔ صرف اَوّلُ کا لفظ نہ پڑھے بلکہ ھُوَالْاَوَّلُ پڑھے۔

ھُوَالْاٰخِرُ (دشمن کی ذلت وخواری کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد آٹھ سو ایک (۸۰۱) ہیں۔ روزانہ ایک بار موافق اعداد پڑھنے والے کو زبردست نصرت، طاقت اور قوت پیدا ہو۔ دشمن اگر حملہ کرے خود ذلیل وخوار ہو۔

یَاظَاھِرُ (پوشیدہ راز معلوم ہو، آنکھیں منور)

اس اسم کے کل اعداد گیارہ سو چھ (۱۱۰۶) ہیں۔ روزانہ پابندی کے ساتھ کسی ایک وقت موافق اعداد پڑھنے سے دفینہ ہاتھ آئے۔ پوشیدہ راز معلوم ہوں۔ آنکھیں منور ہوں۔ بڑا اچھا عمل ہے۔

یَابَاطِنُ (اسرار باطنی سے واقفیت۔ مخلوق میں باعزت)

اس اسم کے کل اعداد باسٹھ (۶۲) ہیں۔ کثرت سے ذکر کرنے والے پہ اللہ تعالیٰ اسرار باطنی کو ظاہر فرما دیتا ہے۔ ہر شخص عزت کرے اور ہر قسم کے خوف سے نڈر ہو جائے۔

یَاوَالِیُّ (پر تاثیر عمل۔ کامیابی کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد سینتالیس (۴۷) ہیں۔ بزرگان اور مشائخ کے واسطے اس کا ذکر عجیب تاثیر اثر رکھتا ہے۔ اس ذکر

کو کثرت سے کیا جائے۔

یَامُتَعَالِیُّ {ایام ماہواری کی تکلیف اور جملہ بیماریوں سے نجات}

اس اسم کے کل اعداد پانچ سو اکیاون (۵۵۱) ہیں۔ اگر عورت موافق اعداد اسم روزانہ ایک وقت پڑھے۔ ماہواری ایام کی تکلیف اور دیگر بیماریوں سے نجات پائے۔ یہ عمل عورتوں کے لئے بے حد مفید ہے۔

یَابَرُّ (دن بھر راحت اور خوشی سے بسر ہو)

اس اسم کے کل اعداد دو سو دو (۲۰۲) ہیں۔ موافق اعداد روزانہ بعد نماز فجر پڑھنے سے دن بھر خوشی اور راحت سے گذرے

یَاتَوَّابُ (قبولیت توبہ، خوف خدا، گناہ سے حفاظت)

اس اسم کے کل اعداد چار سو نو (۴۰۹) ہیں۔ اس اسم کو روزانہ موافق اعداد کسی ایک وقت پڑھ لے۔ توبہ قبول ہوتی ہے۔ خوف خدا ہر وقت دل میں رہے۔ معصیت وگناہ سے محفوظ رہے۔

یَامُنْتَقِمُ (ظالم دشمن کی ذلت وخواری)

اس اسم کے کل اعداد چھ سو تیس (۶۳۰) ہیں۔ اگر کوئی شخص اپنے ظالم دشمن سے بدلہ نہ لے سکتا ہو تو اس اسم کو موافق اعداد

روزانہ ایک وقت پڑھے۔ اس کے پڑھنے کی برکت سے اللہ تعالیٰ جلد سے جلد دشمن سے بدلہ لے گا اور اگر بددعا ہلاکت کی کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کو بُری طرح ہلاک کر دے۔ بشرطیکہ زیادتی دشمن کی ہو۔ اس عمل کو کرنے سے پہلے کسی متقی عالم دین سے مشورہ کر لے ورنہ قتل کا گناہ ہوگا۔

یا عفُوُّ (گناہوں کی معافی کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو چھپن (۱۵۶) ہیں۔ جو شخص موافق اعداد روزانہ ایک وقت اس اسم کو پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت کو جوش آئے گا اور پروردگار اس کے گناہ معاف کر دے گا۔ بڑا غفور الرحیم ہے۔

یا رؤُفُ (غصہ کو ٹھنڈا کرنا۔ دل میں نرمی پیدا ہونا)

اس اسم کے کل اعداد دو سو چھیاسی (۲۸۶) ہیں۔ دن میں ایک وقت روزانہ موافق اعداد کے پڑھنے سے غصہ ٹھنڈا ہوتا ہے۔ مخلوق پر رحم آتا ہے دل میں نرمی اور محبت کا اثر پیدا ہو جاتا ہے۔ بڑا بہتر اسم ہے۔

یا مالکُ المُلکُ (تمام حاجات دینی و دنیاوی پوری ہونے کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد دو سو بارہ (۲۱۲) ہیں۔ اس اسم کو روزانہ ایک وقت موافق اعداد پڑھنے سے تمام حاجات دینی و دنیاوی پوری ہوں۔ خلوص سے روزانہ پڑھے۔

ذُوالجلالِ والاِکرام (مخلوق کی نگاہ میں مکرم و معظم بننا)

اس اسم کے کل اعداد ایک ہزار بانوے (۱۰۹۲) ہیں۔ روزانہ موافق اعداد پڑھیں اور عاجزی و انکساری کے ساتھ پڑھیں۔ اس کا پڑھنے والا مخلوق کی نگاہ میں مکرم و معظم بنا رہے گا اور لوگ احترام کریں۔

یا مُقسِطُ (عادل بننے کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد دو سو نو (۲۰۹) ہیں۔ اس کا موافق اعداد پڑھنے والا ہمیشہ لوگوں کے ساتھ عدل و انصاف کرے اور اس کے مزاج سے حد سے بڑھنا ختم ہو جائے اور طبیعت میں اعتدال قائم ہو جائے۔

یا جامِعُ (چوری گئی ہوئی چیز کا پتہ ملے یا بھاگے ہوئے کا علم ہو جائے)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو چودہ (۱۱۴) ہیں۔ اس اسم کا موافق اعداد پڑھنے والے کو چوری گئی ہوئی چیز کا بآسانی پتہ چل جائے کہ کس نے لی ہے اور بھاگے ہوئے شخص کی بابت معلوم ہو جائے کہ کہاں گیا ہے۔

یَاغَنِیُّ (مالدار ہونے، تجارت میں خوب نفع حاصل ہو)

اس اسم کے کل اعداد ایک ہزار ساٹھ (۱۰۶۰) ہیں۔ اس اسم کو موافق اعداد پڑھنے والے کو تجارت اور کاروبار میں خوب نفع حاصل ہو۔ اس اسم کا پڑھنے والا جلد مالدار ہو جائے۔ اس اسم کی برکت سے کسی کا محتاج نہ رہے۔ اس اسم کا ہمیشہ پڑھنے والا مال و دولت سے غنی رہے۔ کم از کم چار چھ ماہ تک اس کا ورد ضرور رکھے۔

یَامُغْنِیُ (مالداری حاصل ہو۔ خلق سے بے پرواہ)

اس اسم کے کل اعداد گیارہ سو (۱۱۰۰) ہیں اس اسم کو روزانہ موافق اعداد چالیس دن تک پڑھے تو مالدار ہو جائے۔ اگر ہمیشہ کے لئے اس اسم کا پڑھنا موافق اعداد جاری رکھے تو بے شمار نعمتیں ملیں اور خلق سے بے پرواہ ہو۔ بعض مشائخ سے اس طرح پڑھنا بھی منقول ہے کہ اول گیارہ بار درود شریف پڑھے پھر گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) بار یَامُغْنِیُ پڑھے آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ جلد مالدار ہو جائے گا۔ اور فقر و فاقہ دور ہو گا۔

یَامَانِعُ (خوف، ڈر اور گھبراہٹ دور کرنا)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو اکسٹھ (۱۶۱) ہیں۔ موافق اعداد اس اسم کو پڑھا جائے تو دل سے ہر قسم کا خوف نکل جاتا ہے اور گھبراہٹ

دور ہو جاتی ہے۔

یَاضَارُّ (دشمن سے نجات کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) ہیں۔ اگر موافق تعداد روزانہ چالیس دن وقت مقررہ پر خلوص دل سے ہمہ تن متوجہ ہو کر پڑھے۔ چند روز بعد فوراً دشمن بیمار ہو جائے گا اور مصیبت میں جان آجائے گی جب تک پڑھنا نہ چھوڑے گا دشمن اچھا نہ ہو گا۔ بشرطیکہ ترک حیوانات جلالی بھی کرے۔

ف:۔ ایسا عمل انتہائی مجبوری میں کیا جاتا ہے اور اس کے لئے کسی نیک متقی عالِم دین سے مشورہ کر کے کرے ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے لہذا احتیاط ضروری ہے۔

یَانَافِعُ (بیماری سے شفا کے لئے)

اس اسم کے کل اعداد دو سو ایک (۲۰۱) ہیں۔ بیمار اگر موافق اعداد پڑھے شفا پائے اور کثرت سے پڑھنے والا جس مریض پر ہاتھ پھیرے گا اور پھونک دے گا انشاء اللہ تعالیٰ بیمار کو شفا حاصل ہو۔

یَانُوْرُ (قلب منور، چہرہ روشن اور پُر جلال)

اس اسم کے کل اعداد دو سو چھپن (۲۵۶) ہیں۔ یہ ٹھنڈا اسم ہے۔ عجیب و غریب تاثیر رکھتا ہے۔ اس کو اگر روزانہ موافق تعداد

اسم پڑھے تو قلب منور، چہرہ چمکتا ہوا اور پُر جلال ہو جائے۔ چہرے پر بھولے پن کے انوار عجیبہ کا ظہور ہوتا ہے۔

یَاھَادِیُ (راہِ ہدایت حاصل ہو)

اس اسم کے کل اعداد بیس (۲۰) ہیں۔ اگر کوئی اس اسم کو موافق اعداد روزانہ پابندی کے ساتھ پڑھ لیا کرے راہِ ہدایت پر قائم رہے اور اگر گمراہی میں پڑا ہو صراط مستقیم پر آجائے اگر سفر میں راستہ بھول گیا ہو اس اسم کو پڑھنا شروع کرے انشاءاللہ تعالیٰ صحیح راستہ پر خود بخود آجائے گا۔ ورنہ کوئی شخص بتلا دے گا۔

یَابَدِیْعُ (اسرار غیبی اور حکمت کا حصول)

اس اسم کے کل اعداد چھیاسی (۸۶) ہیں۔ اگر یَانُوْرُ یا بَدِیْعُ دونوں کو روزانہ تین سو بیالیس (۳۴۲) بار صبح اور شام دو وقت پڑھتا رہے تو اندھیرے میں روشنی کا کام دے اور اگر ہر نماز کے بعد پڑھتا رہے تو خدا جانے کیا کیا اسرار غیبی اور حکمت اسرار زبان سے بے ساختہ نکلیں گے جن کا سمجھنا مشکل اور اس کا علم خود کو نہ ہوگا۔

یَابَاقِیُ (عمل مقبول، رنج سے محفوظ)

اس اسم کے کل اعداد ایک سو تیرہ (۱۱۳) ہیں۔ موافق تعداد

اسم کے پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے تمام عمل مقبول ہوں اور انشاء اللہ تعالیٰ کسی سے اسے رنج نہ پہنچے گا۔ اور اس کا پڑھنے والا انتہائی خوش و خرم رہے گا۔

یَاوَارِثُ (غیب سے حفاظت)

اس اسم کے کل اعداد سات سو سات (۷۰۷) ہیں۔ اس اسم کو موافق اعداد روزانہ پڑھنے والے کی انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے حفاظت ہوگی اور اسے کوئی چیز نقصان نہ پہنچا سکے گی۔

یَارَشِیْدُ (لوگ اس کے پاس رائے مشورہ لینے آئیں)

اس اسم کے کل اعداد پانچ سو چودہ (۵۱۴) ہیں۔ موافق اعداد اس کا پڑھنے والا لوگوں میں عزت وعظمت کا حامل بن جاتا ہے اور لوگ اس سے مشورے کے محتاج ہو جاتے ہیں اور اس کے مشورہ کے بغیر کوئی کام نہ کریں اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے اس کا ورد رکھنے والا صحیح رائے اور مشورہ دینے کا پابند ہوگا۔ اس کے مشورہ پر چلنے والے نقصان سے محفوظ رہیں گے۔

یَاصَبُوْرُ (تحمل، برداشت، سوچ، سمجھ پیدا ہو)

اس اسم کے اعداد دو سو اٹھانوے (۲۹۸) ہیں موافق اعداد اس اسم کو پڑھنے والے ہیں تحمل، برداشت، سوچ، سمجھ اور اچھے خیالات پیدا ہوتے ہیں۔ اس اسم کا ورد کرنے والا انشاءاللہ

تعالیٰ صبر وضبط کا پیکر بن جاتا ہے۔

ف: الحمد للہ اسماء صفات کے خواص ختم ہوئے۔ اسماء حسنیٰ کے درج کرنے سے اُن لوگوں کو خاص طور سے فائدہ پہنچے گا جو زیادہ طویل آیات پڑھنے سے گھبراتے ہیں یا ان کی زبان عربی نہ جاننے کے سبب آیات پڑھنے سے قاصر ہے۔ ان اسماء کی پابندی سے عجیب وغریب لطف آتا ہے۔ ہر اسم کو بصد شوق پڑھے۔

جو شخص جس مصیبت وپریشانی میں مبتلا ہو اپنے حسب حال اسم تجویز کر کے پڑھنا شروع کردے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مقصد بر آئے اور تمام تکالیف دور ہوں گی، راحت کی زندگی ملے گی۔

یہاں چند مخصوص فوائد درج کئے گئے ہیں ورنہ ہر ہر اسم کے سینکڑوں فوائد ہیں پڑھنے پر معلوم ہوں گے۔

سورۂ یٰسین شریف کے خواص

جو شخص روزانہ سورۂ یٰسین شریف کو اپنا اس طرح ورد بنالے کہ ایک مرتبہ قبل نماز فجر اور پھر ایک بار بعد نماز فجر، اسی طرح ہر نماز سے قبل اور بعد ایک ایک بار، یعنی پانچ نمازوں سے قبل پانچ مرتبہ اور پانچ نمازوں کے بعد پانچ مرتبہ اس طرح دس مرتبہ روزانہ ہوا۔ اگر ایسا ممکن نہ ہو تو صبح کو سات بار بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب تین ۳ بار پڑھیں۔

اس طرح سورۂ یٰسین شریف پڑھنے کی برکت سے کوئی شخص نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ مزاج میں استقلال پیدا ہوگا۔ روزانہ

خرچ کا انتظام خود بخود ہوگا۔ نہ یہ حاجت رہے گی کہ کل کیا ہوگا۔ حتیٰ کہ شادی بیاہ اور تمام ضرورتیں خود بخود پوری ہوتی چلی جائیں گی افسران خوش رہیں گے۔ ہر بات اور مشورہ کو مخلوق صحیح مانے گی اور اس پر عمل کرے گی۔ کتنی ہی روزی میں تنگی ہو غیب سے سامان ہوتا رہے گا۔ اگر صاحب اولاد ہے سب اچھی حالت میں رہیں گے اور ہمیشہ خواب میں اپنے والدین کو اچھی حالت میں دیکھے گا۔ چہرہ پر جلال رہے گا اور ہر شخص قدر ومنزلت کرے گا۔ جس مریض پر ایک مرتبہ پڑھ کر دم کردے گا انشاء اللہ تعالیٰ اسے شفا حاصل ہوگی۔

اللہ تعالیٰ نے عجیب وغریب صفات اس سورۃ میں مخفی رکھی ہیں۔ جس قدر تعداد بڑھا کر پڑھے گا اسی قدر فائدہ زیادہ بہتر حاصل ہوگا۔ نہایت خلوص کے ساتھ روزانہ پڑھتے جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ قدم قدم پر کامیابی حاصل ہوگی۔

مشرف بہ زیارت بزرگانِ دین

روزانہ جبکہ سونے کا وقت ہو اور اپنی تمام ضروریات سے آپ فارغ ہو کر سونے کے واسطے جائیں اس وقت ایک تسبیح سورۂ اخلاص (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ۔ آخر تک) اور ایک تسبیح سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ۔ کی لیٹے لیٹے پڑھ کر سو جائیں اور پھر کسی سے بات چیت نہ کریں۔ اس کا بہت زیادہ خیال رہے۔ اگر بات چیت کی ضرورت پڑ جائے ہرگز نہ بولیں

اور گھر میں کہدیں کہ میں بول نہیں سکتا۔ اشارے سے منع کر دیں
ہاں اگر خدانخواستہ کوئی ایسی ضرورت پیش آجائے جو خطرہ
کی ہو مضائقہ نہیں۔ روزانہ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں بزرگان
دین کی زیارت ہوگی۔ بڑے سے بڑے لطف سے بہرہ اندوز ہوں گے۔
عام اجازت ہے۔ یہ عطیہ حضرت شاہ محمد اشرف صاحب بھوپالی
مرحوم کا ہے اور بیش بہا تحفہ ہے

کسی مقدمہ میں پھنس جانا

خدانخواستہ کسی مقدمہ میں پھنس جائے۔ اس مصیبت سے
نجات کے لئے موقع ہو تو خود پڑھے ورنہ اگر خود مجبور ہے تو اپنے
ماں باپ، بھائی یا عزیز واقارب سے پڑھوالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ
فوراً بلا اخذ جواب بری ہوگا۔ روزانہ بعد نماز عشاء یا بعد نماز
فجر باوضو بارہ سو (۱۲۰۰) مرتبہ پڑھنا چاہئے۔ دو ہفتے نہ گذریں گے
کہ انشاء اللہ تعالیٰ خود بخود چھوٹ جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔
یَارَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَّ وَارِثَہٗ وَرَحِمَہٗ یَارَحْمٰنُ۔
فائدہ: بعض لوگ چوری میں، بعض لوگ فوجداری میں ماخوذ ہو گئے
اس کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی رحمت سے چھوٹ گئے۔

عمل برائے تسخیر عام و خاص

اس عمل کی بدولت، حکیم، ڈاکٹر، وکیل، دوکاندار، کاریگر اور
جملہ کاروباری لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ یہ عمل زیادہ سے زیادہ

پانچ منٹ میں ختم ہو جاتا ہے۔
عمل یہ ہے اگر آپ حافظ ہیں تو ماشاء اللہ نور علیٰ نور،
ورنہ اول سورۂ رحمٰن شریف خوب زبانی یاد کرلیں جب خوب
اچھی طرح یاد ہو جائے۔ روزانہ سورج جب صبح کو نکلے اور ایک
نیزہ بلند ہو جائے، تقریباً پانچ منٹ بعد سورج ایک نیزہ بلند
ہو جاتا ہے۔ اب سورج کی طرف منہ کرکے سورۂ رحمٰن پڑھنا شروع
کردیں جب آیت فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ۔ پر آئیں
تو داہنے ہاتھ کی کلمہ والی انگلی سے سورج کی طرف ایک اشارہ
کردیں۔

اسی طرح ہر مرتبہ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ۔ پر
انگلی سے اشارہ کردیا کریں یہاں تک کہ سورت ختم ہو جائے۔
یہ عمل روزانہ پانچ منٹ میں ختم ہو جاتا ہے۔ ایک ہفتہ
کے بعد آمد مخلوق شروع ہو جاتی ہے۔ لیکن یہ زکوٰۃ ہے۔ آپ
التفات نہ کریں اور آنے والوں کو کمال اخلاق سے بٹھایا کریں
اور خوش مزاجی سے پیش آئیں۔ بعد ختم چلہ صبح کو روزانہ ایک مرتبہ
سورۂ رحمٰن پڑھتے رہیں۔ یہ عمل چالیس (۴۰) دن کا ہے بڑی آسانی
سے بعد نماز فجر پورا ہو جاتا ہے۔

ایک چلہ میں عام مخلوق کی آمد، دوسرے چلہ میں خاص
خاص لوگوں کی آمد، تیسرے چلہ میں رئیسوں، جاگیرداروں کی آمد،
چوتھے چلہ میں رات دن مخلوق کا ہجوم لگا رہتا ہے۔ اگر تجارتی
کاروبار ہے سب خریداری کریں گے۔ اور ہر شخص دوکان کی طرف

خود بخود کھینچ کر آئے گا۔ عجیب و غریب صفات کا یہ عمل ہے۔ اگر
کسی حاکم یا افسر کے پاس جانا ہے تو ایک بار سورۃ رحمٰن پڑھ کر
جائیں اگر زیادہ وقت نہ ملے تو تین بار فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا
تُکَذِّبٰنِ۔ پڑھ لیں اور پھر سلام کریں افسر کمال اخلاق سے
پیش آئے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

فائدہ: احباب اور آنے والی مخلوق عامل کی طرف کھنچے گی
اور بعض اوقات دریافت کریں گے کہ آپ نے کیا عمل پڑھا ہے
ہم خود بخود آپ کی طرف چلے آتے ہیں۔ خوش مزاجی سے
کہہ دیجئے کہ آپ کی بندہ نوازی اور محبت ہے ہم کس لائق ہیں۔
جو شخص کاروبار کرتا ہے اس کو لازمی یہ عمل پڑھنا چاہیئے۔

دردِ زہ (بچہ ہونے) کی تکلیف

بچہ کی آسانی کے ساتھ ولادت کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو
لکھ کر اس کے نیچے یہ الفاظ لکھے اور سفید کپڑے میں لپیٹ کر عورت
کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً اور آسانی کے ساتھ
بچہ پیدا ہوگا۔ لیکن بچہ پیدا ہوتے ہی تعویذ فوراً کھول کر نکال دے
ورنہ آنتیں باہر آنے کا ڈر ہے۔ لہذا محتاط کو دے بے پرواہ کو یہ
تعویذ نہ دے کہ کہیں فائدے کی جگہ نقصان اٹھانا پڑے۔ تعویذ
اس طرح لکھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۙ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝
اِهْیَا اِشْرَا اِهْیَا

ملازمت کا بہترین عمل

جو شخص بیروزگار ہو اور روزگار کے سلسلے میں بہت پریشان
ہو تو مندرجہ ذیل آیت و دیگر کلمات کو روزانہ بعد نماز عشا یا بعد
نماز تہجد روزانہ پابندی کے ساتھ بلا ناغہ باوضو ایک ہزار مرتبہ
پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند روز کے بعد اس کو ملازمت مل جائے گی
اور ہر شخص تعریف کرے گا کہ یہ بڑا نیک اور غریب ہے۔ یہ عمل بڑا
پُر اثر اور تیر بہدف ہے اس کے پڑھنے سے فوراً نوکری مل جاتی ہے۔
آدمی بے روزگار نہیں رہتا۔ وہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
حٰمٓ ۚ تَنْزِیْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۙ غَافِرِ
الذَّنْۢبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِیْدِ الْعِقَابِ ۙ ذِی الطَّوْلِ ؕ
لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ ۝
بِسْمِ اللّٰهِ بَابُنَا تَبَارَكَ حِیْطَانُنَا ۔ یٰسٓ

فائدہ۔ اس عمل کی بدولت بحمد اللہ بہت لوگ کامیاب ہو رہے
ہیں۔ اِدھر پڑھا اُدھر ملازم ہو گئے۔ لیکن بعد ملازمت چالیس دن
پورے کرے (یعنی چالیس دن تک برابر پڑھتا رہے) ایسا نہ کرے
کہ درمیان میں چھوڑ دے اور بعد ختم چلہ اس کو ایک بار ضرور پڑھ لیا
کرے۔ تاکہ مالک یا حاکم خوش رہے۔ پھر صفت یہ ہے کہ مالک یا
حاکم، افسر جس کے ماتحت آپ ملازم ہیں بلا مشورہ آپ کے کوئی کام
نہ کرے گا اور جو رائے آپ دیں گے اس پر عمل درآمد کرے گا انشاء

اللہ تعالیٰ۔

بعض احباب لکھ مارتے ہیں کہ نماز کا جھگڑا اچھا لگا دیا۔ یہ وسوسہ شیطانی ہے۔ نماز کی بدولت دین و دنیا کے سب کام بحسن و خوبی انجام کو پہنچتے ہیں اور دربار خداوندی میں پانچ وقت حاضر ہونے والا جلد مقرب بارگاہ الٰہی بن جاتا ہے۔ اللہ پاک بھی اس کی خوب سنتے ہیں۔ مقصد دلی جلد پورا ہوتا ہے۔

رحمت خداوندی کا حاصل کرنا

مندرجہ ذیل کلمات ہر نماز کے بعد سات سات مرتبہ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اس کو اپنی رحمت میں چھپاتا ہے، اگر کوئی امر خلاف سرزد ہو جائے اُس پر مخلوق کے ذریعہ سے ظاہر کرا دیتا ہے اور اس کو ہر قسم کے نقصان اور ہر قسم کی پریشانی سے بچا لیتا ہے۔ بڑا اچھا عمل ہے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَيْنَا وَعَيْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَيْنَا بِحَوْلِ اللّٰهِ لَا يَقْدِرُ عَلَيْنَا۔

بدمزاج عورت کی درستی اور اصلاح

اگر میاں بیوی میں نفاق رہتا ہے اور کسی طرح نہیں بنتی۔ اس وقت چاہئے کہ ذیل کی آیات کو روزانہ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ) پڑھے۔ صبح و شام سجدہ میں جا کر دعا مانگے کہ:-

"اے پروردگار میری بیوی کو میرا مطیع اور فرمانبردار بنا۔" ہفتہ یا دس دن نہ گذریں گے کہ کمال محبت ہو جائے گی۔

وہ آیت یہ ہے۔

اِنَّ وَلِیِّ‌ۧ اللّٰهُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۖ وَهُوَ یَتَوَلَّى الصّٰلِحِیْنَ۝

زہر خورانی کا دفعیہ

اگر کسی شخص کو شبہ ہو کہ اس کھانے میں زہر ملایا گیا ہے یا پانی میں زہر ملا دیا گیا ہے تو تین ۳ بار ان کلمات کو پڑھ کر اس کھانے یا پانی پر دم کر کے کھائیں پیئیں انشاء اللہ تعالیٰ زہر کا کچھ اثر نہ ہوگا یا یہ طریقہ اختیار کر لیں کہ جب کھانا سامنے آئے تین ۳ بار پڑھ کر کھانے پر دم کر کے کھا لیا کریں انشاء اللہ تعالیٰ زہر کے اثر سے محفوظ رہیں گے۔ اسی طرح سورۃ لِاِیْلٰفِ (قُرَیْشٍ) پوری پڑھ کر دم کرنے سے بھی اس ضرر اور نقصان سے محفوظ رہتا ہے۔ اگر ایسا کر لے کہ یہ کلمات تین بار اور سورۃ لایلاف (قریش) ایک بار پڑھ کر دم کر لیا کریں انشاء اللہ تعالیٰ زہر کے اثر سے حفاظت رہے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

سورۃ لایلاف (قریش) یہ ہے۔

سُوْرَۃُ قُرَیْشٍ مَكِّیَّةٌ

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ۝ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ ۝ فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَیْتِ ۝ الَّذِیْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّ اٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

خوش اسلوبی (اچھے طریقے) سے ہر کام کا پورا ہونا

جو آدمی یہ چاہے کہ اس کے تمام کام بڑے اچھے طریقے سے انجام پا جائیں، تمام مہمات میں کامیابی حاصل ہو، ہر کام احسن طریقہ پر پورا ہو، مخلوق معاون اور مددگار بن جائے۔ جو دعا مانگے خداوند عالَم آسان طریقے سے اس کے پورا ہونے کا بندوبست فرمادے گا۔ اور آپ کو معلوم بھی نہیں ہو گا کہ کس طرح کام ہو گیا۔ تیر بہدف عمل ہے۔

روزانہ ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ) صبح بعد نماز فجر اور ایک تسبیح بعد نماز عشاء پڑھ لیا کریں۔ اس کے علاوہ جو فائدہ پہنچے گا اس کا علم آپ کو خود ہو جائے گا۔ نیز اگر چار بجے صبح (صبح صادق کے وقت نماز فجر سے قبل) ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ) آسمان کے نیچے سر ننگا کر کے (یعنی سر پر ٹوپی رومال یا کوئی کپڑا نہ ہو) کھڑے ہو کر پڑھا کریں۔ زبردست توکل حاصل ہو گا اور ایسا آدمی کسی کا محتاج نہ رہے گا تیر بہدف عمل ہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۝

فتوحاتِ غیبی

یہ ایک بڑے زبردست عالم فاضل جو ہندوستان اور دیگر ممالک میں اپنی نظیر نہیں رکھتے۔ یہ عمل صاحب موصوف کے خاندان

میں چلا آیا ہے اور مصنف نے بھی اس کو پڑھا ہے۔ فتوحاتِ غیبی روزانہ اس عمل کے پڑھنے سے شروع ہو جاتی ہیں اور کچھ عرصہ تک پڑھنے سے عجیب و غریب کمالات کا ظہور ہونا شروع ہو جاتا ہے پروردگار عالَم طرح طرح کی نعمتیں عطا فرماتا ہے۔ تحفے تحائف ملتے ہیں۔ فراخی رزق ہوتی ہے۔ دل ہر وقت خوش رہتا ہے۔ آپ جس وقت اس کو پڑھنا شروع کریں گے، دل باغ باغ رہے گا اور اس عمل کی برکت سے وہ فوائد آپ کو پہنچیں گے جس کا اظہار کرنا مناسب نہیں معلوم ہوتا۔ قید صرف اس قدر ہے کہ ایک وقت مقررہ پر پڑھا جائے۔ اچھا معمول اس کا یہ ہے کہ روزانہ بعد نماز فجر باہر ہَوا خوری کے واسطے نکل جائے اور پڑھنا شروع کر دے، چار فرلانگ جانے اور چار فرلانگ آنے میں ختم ہو جاتا ہے۔ جی چاہے ایک جگہ بیٹھ کر پڑھے۔ بہرحال ناغہ نہ ہو اور کم سے کم چالیس دن تک تو اس کو اپنے وِرد میں رکھے۔ جب یہ عمل چند روز معمولات میں آجاتا ہے دل چھوڑنے کو نہیں چاہتا۔ یہی طبیعت ہوتی ہے کہ اس کو پڑھے جاؤ۔ ایک چلّہ سے کم نہ پڑھا جائے اور یہ امر ذہن نشین کر لیا جائے کہ نتیجہ کی جانب توجہ نہ کی جائے کام جاری رکھیں اور خیالاتِ فاسدہ دل میں نہ لائیں۔ خود بخود فوائد کا اظہار ہونے لگتا ہے۔ عجیب چیز ہے۔ تمام امورات سے اس لئے آگاہ کیا جاتا ہے کہ جو جو باتیں ظہور میں آئی ہیں ان کے اشارے لکھ دیئے گئے ہیں تاکہ آپ بدظن نہ ہوں اور چھوڑ نہ دیں۔ وہ عمل یہ ہے۔

روزانہ گیارہ بار درود شریف (نماز میں پڑھا جانے والا درود

بہتر ہے) اور گیارہ ''' سو گیارہ بار یَا مُغْنِیُ پھر گیارہ بار سورۂ مزمل شریف (پ ۲۹) پھر گیارہ بار درود شریف۔ پھر دعا مانگ لے۔ نتائج و ثمرات چند دن کے بعد ظاہر ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

ف: بعض احباب کو چار چار چھ چھ ماہ پڑھنے کے بعد فتوحات حاصل ہوئیں۔ یہ عمل تجارت اور کاروبار میں عظیم نفع پہنچانے والا ہے۔

مغربی سیّارہ کا برقی عمل

حضرت قطب صاحب کا بتلایا ہوا یہ عمل ہے۔ اس عمل سے خاکسار نے بہت کچھ فائدہ حاصل کیا اور برابر کر رہا ہے، اور روزانہ اللہ تعالیٰ غیب سے امداد فرماتا ہے۔ یہ عمل تجارتی فوائد میں اپنا نظیر نہیں رکھتا۔

مثال: مشتہرین، مطابع اور پریس والے، کتب فروش، اخبارات یا رسالہ جات نکالنے والے، مصنف کتب تجارت میں بکری (فروخت) کم ہونی، بہرحال مذکورۂ بالا تجربہ ہو چکا ہے۔ مذکورہ بالا کام کرنے والے بہت نفع اٹھائیں گے۔

بزرگانِ دین کے عطیہ سے خود فائدہ اٹھانا اور مخلوق کی نظر سے پوشیدہ رکھ کر اپنے اغراض پورے کرنا یہ وسوسۂ شیطانی ہے۔

بزرگانِ دین اگر آج ایسا کرتے تو دنیا میں ان کے فوائد سے ہم لوگوں کو کیا علم ہوتا۔ ہم دنیا کے کتے ہیں، اپنا فائدہ ہمیشہ پیش نظر رہتا ہے۔ لہٰذا اس بخل اور کنجوسی کو اللہ تعالیٰ نے دل سے نکال دیا۔ اور اسرارِ مخفیہ بھی منظرِ عام پر پیش کر دیئے گئے۔ تاکہ عام طور سے

احباب فائدہ اٹھا سکیں۔

مغربی سیّارہ کی پہچان یہ ہے یہ ہے کہ یہ سیّارہ مشرق سے نکلتا ہے اور مغرب میں جاکر غروب ہو جاتا ہے۔ اور پھر روزانہ اسی مقام سے نکلتا ہے۔ روشنی اچھی ہوتی ہے۔ موسم سرما خصوصاً نومبر دسمبر میں اس کا وقت نکلنے کا ½۷ بجے ہے۔ یہ ساڑھے سات بجے نکلنا شروع ہوتا ہے اور آٹھ بجے پورا نکل کر سامنے آجاتا ہے۔ اس سیّارہ کی چال تیز ہے۔ آنکھوں کے سامنے آدھ گھنٹے کے اندر اندر دس بارہ ہاتھ اوپر چڑھ جاتا ہے۔ اس کی روشنی شروع میں ہلکی اور پھر رفتہ رفتہ تیز اور زیادہ ہو جاتی ہے۔ بڑی آسانی سے معلوم ہو جاتا ہے۔ اس کا نام مغربی تارہ ہے۔ اگر شناخت (پہچان) میں نہ آئے صبح پانچ بجے قبلہ رُخ غروب ہوتا ہے دیکھ لیں یا منجم (نجومی) سے دریافت کر لیں۔

روزانہ اس تارے کے سامنے کھڑے ہو کر اور منہ تارے کی جانب رکھیں اور ہاتھ اٹھا کر درود شریف ذیل دس مرتبہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِي الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ وَفِي الْمَلَاِ الْاَعْلٰى اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ۔

اور اس کا ثواب حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پاک کو بخش دیں۔ اور یہ دعا مانگے کہ!

"یا اللہ میری کتب، یا رسالہ یا فلاں تجارت کو فروغ دے اور خریدار مہیا کر"

قسم ہے اس پروردگار کی جس کے قبضۂ قدرت میں جان ہے۔

بڑی اشاعت ہوتی ہے۔ خریداران کتاب جو اس سے فائدہ اٹھائیں
خاص اجازت اور مشورہ دیا جاتا ہے کہ اس عمل کو روزانہ کرتے
رہیں اور اس کے فوائد سے محروم نہ رہیں۔ دو ہفتہ کے اندر اندر اس کے
اثرات ظاہر ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب
وماعلینا الا البلاغ۔

ف۔ جب آپ کے تجربہ میں یہ عملیات آجائیں خود فائدہ اٹھانے
کی کوشش نہ کریں بلکہ مخلوق خدا کو بھی ان عملیات سے فائدہ
اٹھانے کی طرف متوجہ کریں تاکہ پریشان حال لوگ سکون سے زندگی
گذار سکیں یہ بہت ثواب کا کام ہے

ف۔ بعض اوقات کسی گناہ یا نافرمانی یا ظلم کے سبب سب کچھ
کرنے کے باوجود نتیجہ حاصل نہیں ہوتا۔ اس کا سب سے بہتر طریقہ
یہ ہے کہ گناہ، نافرمانی اور ظلم سے فوراً توبہ کریں اور حرام کے لقمے سے
بچیں۔ حرام کا کھانا آجکل عام ہے۔ پرائز بانڈ، بینک میں ڈپازٹ
رکھ کر سود لینا عام ہو گیا ہے۔ سود پر ہاؤس بلڈنگ سے قرض
لے کر مکان بنانا بھی بہت بڑا گناہ ہے۔ ریڈ کراس کے ٹکٹ کا
انعام یہ سب سودی کاروبار ہیں ان کے کرنے والے سخت گنہگار
اور عملیات میں ناکام رہنے والے ہیں۔

ف۔ بعض اوقات ہمارے پروردگار کا ایسا حکم ہوتا ہے
کہ نتیجہ صفر رہتا ہے۔ ایسی صورت میں پریشان نہ ہوں برابر
پڑھتے رہیں خلوص دل سے توبہ کریں اور دعا مانگ لیا کریں۔ پھر
دیکھئے غیب سے کیا ظہور میں آتا ہے۔

جنّت میں باغ لگانا اور شیطان کے شر سے محفوظ رہنا

روزانہ ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ)

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ

اور ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ)

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ

پڑھنے سے دو سو درخت روزانہ جنت میں فرشتے لگائیں گے اور
مغفرت کا سامان ہوگا برائی اور خراب عادت سے بچیں گے۔ حدیث
شریف میں ان ہر دو تسبیح کی بڑی تعریف آئی ہے چنانچہ ایک حدیث
میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص روزانہ سو
مرتبہ یہ کلمات

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ۔

پڑھے گا اس کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے چاہے وہ کثرت
میں سمندر کے جھاگوں کے برابر کیوں نہ ہوں (بخاری ومسلم)
حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:۔
یہ وہ کلام ہے جو اللہ نے اپنے فرشتوں کے لئے پسند فرمایا ہے (مسلم)
نیز حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ:۔
دو کلمے ایسے ہیں جو زبان پہ ہلکے ہیں۔ ترازو میں بہت وزنی
ہیں۔ اللہ تعالیٰ کو بہت پیارے ہیں۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ (بخاری)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم میں کوئی اس بات

کو نہ چھوڑے کہ روزانہ ایک ہزار نیکیاں ہو جائیں۔ سو دفعہ یہ تسبیح پڑھ لیا کرو۔ ایک ہزار نیکیاں ہو جائیں گی۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ (فضائل ذکر ص ۱۵۲)

پھر ایک تسبیح روزانہ (ایک سو مرتبہ)

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شیطان کے شر اور شیطانی اثرات سے محفوظ رہے گا۔

سفر بخیر و خوبی تمام ہونا

ریل کا سفر ہو یا پیدل کا سفر ہو، ہوائی جہاز کا سفر ہو یا سمندری جہاز، کشتی، موٹر، کار یا گھوڑے اور خچر کا سفر ہو۔ الغرض کسی طریقے سے بھی انسان سفر کرے۔ جب سواری پر بیٹھنے کا ارادہ کرے ایک بار اس آیت شریف کو پڑھے پھر سوار ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ سفر بخیر و خوبی پورا ہو گا اور دوران سفر ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝

سردی سے بخار آتا ہو اس کا علاج

اگر کسی شخص کو سردی سے بخار آتا ہو تو آیت ذیل کو بیری کی لکڑی پر لکھ کر بیمار آدمی کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ

تعالیٰ بخار چلا جائے گا اور مریض صحتیاب ہو گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝

سفر میں بالکل تھکن نہ ہو

اگر آپ پیدل سفر کرتے ہیں مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے ناف سے لے کر پاؤں کے پنجوں تک پھیر لیں انشاء اللہ تعالیٰ اس قدر قوت و طاقت پیدا ہو گی کہ چلنے کا بالکل احساس نہ ہو گا اور نہ تھکن محسوس ہو گی انسان چاق و چوبند رہے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ (۳۳ بار) تینتیس بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ (۳۳ بار) تینتیس بار اللّٰہُ اَکْبَرُ (۳۴ بار) چونتیس بار۔

ف:۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پودا لگاتے ہوئے دیکھا تو ارشاد فرمایا:۔

"میں تمہیں بہترین پودے جو لگائے جائیں بتاؤں۔ وہ سُبْحَانَ اللّٰہِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ، وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ۔ کہنا ہے۔ (ہر کلمہ پڑھنے پر جنت میں ایک درخت لگ جاتا ہے" (فضائل ذکر)

گم شدہ (کھوئی ہوئی چیز) مل جائے

جب کوئی چیز گم ہو جائے فوراً آیت ذیل پڑھیں گم شدہ چیز

انشاء اللہ تعالیٰ جلد مل جائے گی اور جب تک نہ ملے پڑھتے رہیں۔ اگر وہ چیز نہ ملی تو غیب سے اُس سے عمدہ کوئی چیز مل جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے:-

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ ؕ

چیز کی حفاظت اور گم شدہ چیز کا مل جانا

اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو بیس مرتبہ

یَا حَافِظُ

پڑھ لیں تاکہ وہ چیز محفوظ ہو جائے اور آئندہ مل جائے۔

ہر مصیبت، پریشانی اور مشکل کا آسان حل

آیت کریمہ کی زکوٰۃ سوا لاکھ مرتبہ پڑھنا ہے۔ (ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ پڑھنا) روزانہ ایک وقت مقرر کر کے آسانی سے جس قدر آپ پڑھ سکیں مقرر کر لیں۔ مثلاً پانچ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھیں تو پچیس (۲۵) دن میں زکوٰۃ پوری ہو جائے گی۔ اور عمل قبضہ میں آجائے گا۔ اگر کوئی مصیبت یا پریشانی یا کوئی زبردست خطرہ پیدا ہو گیا ہے چند آدمی مسجد میں بیٹھ کر پڑھ لیں یا گھر میں جمع ہو کر پڑھ لیں۔ ایک ہی رات میں پورا کر لیں اور پھر سب مل کر دعا کر لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دعا قبول ہوگی اور اُس مصیبت سے نجات ملے گی۔ نہایت پُر اثر عمل اور مشہور و معروف ہے۔

اس آیت شریف میں اللہ تعالیٰ کی مدد چھپی ہوئی ہے۔ جس مشکل کا حل چاہے گا ملے گا، جس بلا اور مصیبت میں پڑھے گا انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ عظیم اٹھائے گا۔ جس قدر اس عمل کی تعریف کی جائے کم ہے۔ اکثر و بیشتر یہ عمل ایسا تیر بہدف ہے کہ اگر پھانسی کا حکم ہوتا ہوا معلوم ہو سزا میں تبدیل ہو جائے۔ چند اشخاص مل کر مسجد یا گھر میں پڑھ لیں، ایک دن میں پورا ہو سکتا ہے۔ قانون اپنی جگہ لیکن سزا میں کمی ہو جائے گی۔ آیت کریمہ یہ ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ ۖ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۚ

دشمن کی زبان بندی

دشمن یا بدگو کی زبان بندی کے لئے روزانہ ایک بار صبح اور ایک بار شام کو پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام برائیوں سے محفوظ رہیں گے اور جب کوئی شخص برائی سے یاد کرنا چاہے گا، زبان بند ہو جائے گی۔ بڑا سریع الاثر عمل ہے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ۔ صد ہزار بار گرد بگرد دشمن و گرد دوستانِ من حصار باد مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ بر من و بر دوستانِ من یار باد۔ بستم دست، پا، زبان، چشم، عقل و ہوش و گوش کسانیکہ ہژدہ ہزار عالم آدمیان و خدائے ناترسان و ناحقان و ناشکران آدمیان و دیوان عقل و پریان کسانیکہ مارا دوستان مارا بدگویند و بدخواہند و بد دانند و بد اندیشند بحرمت لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ قَوْلًا وَّ فِعْلًا

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ۔ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَتَكَلَّمُوْنَ۔ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ۔ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

زبان بندی کا دوسرا عمل

دشمن اور بدگو کی زبان بند کرنے کے لئے یہ عمل مختصر ہے۔ اس کے پڑھنے سے دشمن اور بدگو کی زبان ہر قسم کی بدزبانی اور بدگوئی کرنے سے بند ہو جاتی ہے اور انسان کی عزت محفوظ ہو جاتی ہے۔ وہ عمل یہ ہے:۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ برجانش۔ عصائے موسیٰ برجگرشش۔ مہر سلیمان ابن داؤد علیہ السلام بردہنش۔ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔
اس کو سات مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے جسم پر پھیر لیں۔ یا چاروں طرف پھونک دیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن اور بدگو کی زبان بند ہو گی۔

ہدایت: اسماء حسنیٰ میں سے کوئی ایسا اسم منتخب کر کے پڑھنا چاہئے جس سے عام مخلوق تعریف سے یاد کرے۔ نظروں میں عزت و وقار ہو۔ اور نیکیاں بڑھتی جائیں۔ برائیاں مٹتی جائیں۔ بزرگان دین نے ہمیشہ ایسا مشورہ دیا ہے۔

اعداد نکالنے کا طریقہ

ابجد - ہوز - حطی

ا - ب - ج - د ، ہ - و - ز ، ح - ط - ی ،

۱ - ۲ - ۳ - ۴ ، ۵ - ۶ - ۷ ، ۸ - ۹ - ۱۰ ،

کلمن - سعفص - قرشت

ک - ل - م - ن ، س - ع - ف - ص ، ق - ر - ش - ت ،

۲۰ - ۳۰ - ۴۰ - ۵۰ ، ۶۰ - ۷۰ - ۸۰ - ۹۰ ، ۱۰۰ - ۲۰۰ - ۳۰۰ - ۴۰۰ ۔

ثخذ - ضظغ

ث - خ - ذ ، ض - ظ - غ

۵۰۰ - ۶۰۰ - ۷۰۰ ، ۸۰۰ - ۹۰۰ - ۱۰۰۰ ۔

بہت سے احباب کو اعداد نکالنے کا طریقہ معلوم نہیں ہے، ان اعداد سے تاریخی نام رکھا جاتا ہے اور جس عمل کی ضرورت ہو موافق اعداد اسم کے پڑھا جائے۔ نہایت درجہ مؤثر ہوگا، ہر اعداد کے بالمقابل ہندسے لکھ دیئے گئے ہیں اس لفظ کے نیچے دیکھ لیں کونسا ہندسہ لکھا ہے۔ سب الفاظ کے ہندسے لگا کر اور ملا کر جوڑ لیں۔ پھر اسی تعداد میں روزانہ پڑھنا چاہئے۔ مثال کے لئے ذیل کا عمل دیکھا جائے۔

مثلاً ہم کو ترقی علم اور فراخی ذہن کے لئے (رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا) پڑھنا ہے۔ یہ دس اعداد ہیں۔ اور ان کا مجموعہ (۴۱۶) چارسو سولہ ہوتا ہے۔ لہذا روزانہ (۴۱۶) چارسو سولہ مرتبہ کسی

ایک وقت مقررہ پر پڑھیں گے۔ عظیم فائدہ اٹھائیں گے۔

ہر مرض اور ہر درد کی دوا

اگر کسی کے جسم کے کسی بھی حصہ میں درد ہو تو مقامِ مرض یا مقامِ درد پہ ہاتھ رکھ کر ان آیات کو تین ۳ بار پڑھ کر دم کردے۔ دن میں دو ۲ بار دم کر دیا کرے۔ اللہ تعالیٰ کو منظور ہوا تو جلد سے جلد مرض سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۘ

درندہ (کاٹنے والے) جانور کے حملہ سے محفوظ رہنا

اگر شیر یا کتا یا بھیڑیا، یا اور کوئی جانور حملہ کرے تو حملہ سے قبل فوراً اس آیت کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ موذی جانور فوراً باز آجائے گا اور ہرگز نہ کاٹے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ

اولاد سے مایوسی

اگر آپ کو اولاد کی جانب سے مایوسی ہے تو موافق اعداد کے ایک چلہ تک روزانہ اس آیت شریفہ کو پڑھئے۔ اللہ تعالیٰ اولاد عطا فرمائے گا۔ اس آیت کے اعداد ابجد کے حساب سے نکالیں اور اس تعداد میں روزانہ پڑھنے کا معمول بنالیں۔ وہ

آیت یہ ہے۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ۚۖ

کیسا ہی سخت مرض ہو شفاء ہوگی

آیات ذیل کو پڑھ کر روزانہ پانی پہ دم کرکے مریض کو پلائے اور تعویذ بنا کر گلے میں ڈالے یا تشتری (چینی کی پلیٹ بغیر پھول والی) پر لکھ کر مریض پلادے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہوگی۔ بارہا کا آزمودہ عمل ہے۔ طبیب، ڈاکٹر اور علاج کرنے والوں کو چاہیئے کہ روزانہ بوقت صبح بعد نماز فجر ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ پھر تو آپ جس مریض پہ پڑھ کر دم کریں گے شفاء ہوگی۔ وہ آیات یہ ہیں۔

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۙ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ؕ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۙ

جنات کا اتار دینا

سورۂ جن (پ ۲۹) پوری ایک بار پڑھ کر جس پر آسیب کا خلل ہو دم کردیں انشاء اللہ تعالیٰ جن اتر جائے گا۔ پھر سورۂ یٰسین شریف ایک بار پڑھ کر چاروں کونوں میں پھونک ماریں۔ ہمیشہ کے واسطے

مکان محفوظ ہو جائے گا۔ نیز سورۂ جن پوری باوضو کسی کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں باندھ دیں انشاء اللہ تعالیٰ مریض جن کے اثر سے محفوظ و مامون ہو جائے گا۔

بصارت (نگاہ) میں کمی نہ ہونا

اگر آپ چاہتے ہیں کہ میری آنکھوں کی روشنی کم نہ ہو تو وضو سے فارغ ہونے کے بعد آسمان کی جانب نظر کر کے سورۂ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ۔ پوری پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں میں کوئی نقصان پیدا نہ ہوگا اور بینائی قائم رہے گی۔ سورۃ القدر یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْقَدْرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝ سَلٰمٌ ۛ قف هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

کسی کی طرف سے برائی نہ ہونا۔ حفاظت کے لئے

ہر نماز کے بعد جبکہ فرض ختم ہوں اور دعا مانگنے سے پہلے اپنے سجدے کے سامنے دائیں ہاتھ کی پانچوں انگلیوں کو زمین پر رگڑے اور ایک بار آیت الکرسی شریف پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر پھونک کر

تالی بجا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی چوری، ڈاکے، دشمن کے شر اور فتنہ سے محفوظ رہے گا۔ یہ عمل اگر ہر عورت اپنے گھر میں ہر نماز کے بعد کر لیا کرے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے گھر ہر طرح کے شر اور ڈاکہ، چوری سے محفوظ ہو جائے۔ یہ عمل اتنا آسان ہے کہ چند سیکنڈ میں ہو جاتا ہے اور اس کا فائدہ اتنا عظیم ہے کہ سارا گھر چوری، ڈاکہ، قتل و غارت گری سے محفوظ ہو جاتا ہے آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

شدید ظالم کو شہر سے باہر نکال دینا

اگر کسی ظالم شخص کے ظلم سے مخلوق تنگ آ گئی ہو تو آیت شریفہ ذیل کو ایک چلہ (چالیس دن) تک روزانہ پڑھے۔ اس چلہ کے درمیان میں ظالم شہر سے نکل جائے گا۔

عمل یہ ہے کہ روزانہ سات گھونگیاں جو سناروں کے پاس ہوتی ہیں۔ زیور کے تول میں کام آتی ہیں۔ روزانہ ان کو کنوئیں میں ڈالتے جائیں۔ واضح رہے کہ جب یہ عمل شروع کریں بقید

ترکِ حیوانات کریں۔ یہ بھی خیال رکھیں کہ اگر ناجائز جگہ پر بلا وجہ آپ نے عمل کیا سخت نقصان پہنچے گا۔ خوب یاد رکھئے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۝

بخار کا حکمیہ علاج

اگر کسی کو بخار آتا ہے تو نئی روئی لے کر دو پھایہ بنائیں۔ ایک دائیں کان میں لگانے کے واسطے اور دوسرا بائیں کان میں لگانے کے واسطے۔ دائیں کان میں جو پھایہ لگانا ہے اس پر گیارہ مرتبہ درود شریف اور سات بار الحمد شریف پوری پڑھ کر دم کرکے دائیں کان میں لگا دیں۔ دوسرے پر پانچ بار الحمد شریف پڑھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کرکے بائیں کان میں لگا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار فوراً اتر جائے گا۔ اسی طرح اگر چالیس بار پڑھ کر پانی پر دم کرکے بخار والے پر چھینٹا مارے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار دفع ہوگا۔

اگر دونوں عمل ایک ساتھ کرے تو سبحان اللہ کیا کہنا۔ تیر بہدف ہے۔ اگر اس پر بھی بخار نہ جائے تو اسی فائدہ کے ساتھ سورۃ الم نشرح پڑھنا چاہئے۔

سورۃ الفاتحہ یہ ہے

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

سورۃ الم نشرح یہ ہے۔

سُوْرَةُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

فقیر سے مالدار ہونا۔ بے گمان رزق ملنا

آیت الکرسی (خالدون تک) ہر نماز کے بعد پڑھ لیا کرے۔

یہاں تک کثرت کرے کہ اُس کا علم ہونے لگے کہ یہ فائدہ پہنچ رہا ہے جی چاہے ایک تسبیح (ایک سو بار) روزانہ مقرر کر کے پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ غربت دور ہوگی اور مالدار ہو جائے گا اور رزق بے گمان ملے گا۔ آیۃ الکرسی (خالدون تک) یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝ لَآ اِكْرَاهَ فِی الدِّیْنِ ۙ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ ۚ فَمَنْ یَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَیُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰی ۗ لَا انْفِصَامَ لَهَا ؕ وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ۝ اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ۙ یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ ؕ وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اَوْلِیٰٓـئُهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ یُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَی الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓـئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

امراء، حکام اور عوام کی نظر میں محبوب رہنا

مندرجہ ذیل آیت بعد نماز جمعہ کانچ کے برتن پر مسجد میں بیٹھ کر گلاب کے عرق میں زعفران حل کر کے لکھیں۔ قلم پاک ہو

پھر اس کو شہد خالص سے دھو کر سرمۂ اصفہانی بقدر ضرورت ملا کر پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں اور آنکھوں میں لگایا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر دل عزیز رہیں گے۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَكَذٰلِكَ نُرِیْۤ اِبْرٰهِیْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِیَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِیْنَ ۝

ایک عجیب راز

حروف تہجی میں سات حرف مخصوص ہیں

(ت) جمعرات کے لئے مخصوص ہے۔ اگر کوئی اسم جس کا اوّل حرف (ث) ہو۔ ثابت کے مہینہ میں شروع کیا جائے (ثابت کے مہینے یہ ہیں بھادون، جیٹھ، پھاگن، اگھن (مگھر) اور (ج) کے لئے جمعہ ہے۔ (خ) کے واسطے اتوار ہے۔ (ز) واسطے منگل ہے۔ (ظ) کے واسطے بدھ ہے۔ (س) کے واسطے پیر کا دن مخصوص ہے۔ (ف) کے واسطے ہفتہ مقرر ہے۔

مطلب یہ ہے کہ اسماء حسنہ کے پڑھنے سے پہلے اس کا خیال رکھیں مثلاً یا فاتح پڑھنا ہے تو (ف) پہلا حرف ہے یہ عمل ہفتہ سے پڑھنا شروع کریں کیونکہ (ف) کے واسطے ہفتہ مقرر ہے۔ یا مثلاً یا ظاہر پڑھنا ہے تو بدھ سے پڑھیں کہ (ظ) کے واسطے بدھ ہے۔

بغض و عداوت اور نااتفاقی کا خاتمہ

جن لوگوں میں آپس میں بغض و عداوت اور جانی دشمنی ہو

اور بول چال بند ہو۔ یا قرابت داری کے جھگڑے کی وجہ سے مخالفت ہو۔ ان لوگوں کو برفی جو مسلمان کے ہاتھ کی بنائی ہو لکھ کر دونوں فریقوں کو کھلا دیں یا انجیر پر لکھیں اور ہر دو فریق کو کھلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپس میں الفت و محبت پیدا ہو جائے گی۔ وہ آیات یہ ہیں۔

وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِمْ مِنْ غِلٍّ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهِمُ الْأَنْهَارُ ۚ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي هَدَانَا لِهَٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَا أَنْ هَدَانَا اللَّهُ ۚ لَقَدْ جَاءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۖ وَنُودُوا أَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝

چیچک سے بچہ کی حفاظت

موسم گرما میں اکثر بچوں کے چیچک نکلتی ہے۔ عمل یہ ہے کہ ایک نیلا تاگا (دھاگہ) لیا جائے اور سورۃ رحمٰن باوضو پڑھنا شروع کریں جب یہ آیت۔ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝ آئے تو دھاگے میں ایک گرہ لگا دیں، اسی طرح جتنی بار فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝ آئے برابر گرہ لگاتے رہیں۔ جب سورۃ پوری ہو جائے وہ دھاگہ بچے کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ چیچک سے محفوظ ہو جائے گا۔ سورۃ رحمٰن میں فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝ اکتیس مرتبہ آیا ہے لہذا دھاگے میں اکتیس (۳۱) گرہ لگیں گی۔

نظر بد سے حفاظت

اگر بچہ کو نظر لگ جائے تو سورۃ مزمل (پارہ ۲۹) ایک بار مکمل پڑھ کر تین بار دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ نظر زائل ہوگی۔

نہایت مؤثر اور مجرب عمل

برائے مطلوب و دافع اعداء و تلاش روزگار

سورۃ اخلاص (قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ الخ) کا ایک بار پڑھنا تہائی قرآن شریف کے برابر ہے۔ اول و آخر سو سو بار درود شریف (یعنی قل ھو اللہ شریف پڑھنے سے پہلے درود شریف ایک سو بار پڑھے پھر قل ھو اللہ ایک ہزار بار پڑھے پھر درود شریف ایک سو بار پڑھے) اور درمیان میں ایک ہزار بار سورۃ اخلاص پڑھنا چاہیئے۔ یہ عمل چاند کی شروع کی تاریخوں میں تلاش معاش اور نوکری ملازمت حاصل کرنے کے لئے پڑھے۔ اور چاند کی پندرہ تاریخ کے بعد دشمن کے دفع ہونے کے واسطے ایک ہفتہ تک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالےٰ کامیابی حاصل ہوگی۔

نیز اگر اس سورت کو نقش کی صورت میں بعد نماز فجر قبل طلوع آفتاب۔ سنیچر (ہفتہ) کے دن عروج ماہ (چاند کی شروع کی تاریخوں میں) ثابت کے مہینے (بھادوں۔ جیٹھ۔ بھاگن۔ اگھن یعنی (مگھر) میں لکھے اور بغیر سیاہی میں ڈبوئے سوکھے قلم سے دونوں فریق کا نام مع ان کی والدہ کے ناموں کے لکھے

اور اس کے بعد یہ کہے:۔

"الٰہی بہ برکت اس کلام پاک کے ان دونوں فریقوں میں موافقت کر اور ان کی دشمنی ختم کر کے محبت قائم فرما۔"

پھر اس نقش کو دھو کر مطلوب کو شیرینی میں کھلا دے۔ حلال اور جائز کام کے علاوہ دوسرے ناجائز کام میں ہرگز ہرگز استعمال نہ کرے ورنہ دنیا میں نقصان اٹھائے گا اور آخرت تباہ ہوگی۔

قل ھو اللہ شریف کا نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قل	هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد
هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم
الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد
احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم
الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن
الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ
لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ	کفوا
یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ	کفوا	احد

سورۂ اخلاص یعنی قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ

يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۚ

دفینہ کا خواب میں معلوم ہونا

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ خزانہ کہاں دفن ہے اس کی صحیح جگہ معلوم ہو جائے۔ نصف شب (آدھی رات) کے بعد اٹھ کر وضو کرے اور کثرت سے یہ کلمات پڑھے۔

اَلْهَادِىُ الْخَبِيْرُ الْمُبِيْنُ

جب مندرجہ بالا کلمات ایک سو مرتبہ پڑھ چکے تو یہ کلمات کہے۔ ہر سو بار پڑھنے کے بعد یہ کلمات کہتا رہے

اِهْدِنِىْ يَا هَادِىُ - اَخْبِرْنِىْ يَا خَبِيْرُ وَبَيِّنْ لِىْ يَا مُبِيْنُ

پھر جس چیز کا حال دریافت کرنا ہو اس کا نام لے۔ جب نیند غالب ہو۔ سو جائے۔ خواب میں انشاء اللہ تعالےٰ معلوم ہو جائے گا۔ اسی طرح باوضو بستر پاک پر لیٹ کر بعد نماز عشاء

يَا بَاسِطُ

بکثرت پڑھے۔ خواب میں علم ہو جائے گا۔

ف: اگر اور کوئی بات معلوم کرنا ہو تو اس کو زبان سے ادا کرے۔

بُرائی سے حفاظت

(سورۂ کافرون) روزانہ ہر نماز کے بعد پڑھنا ہر شر اور برائی سے محفوظ رکھتا ہے۔ اس کے پڑھنے سے انشاء اللہ ہر قسم کے

نقصان اور دشمنوں کی شرارت سے محفوظ ہو جائے گا۔

سورۂ کافرون یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۚ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ؕ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ

فراخیٔ رزق

سورۂ اخلاص یعنی قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ الخ پوری سورت اگر کوئی شخص نیچے دی ہوئی تعداد اور وقت مقررہ پر پڑھے گا اور اتنی تعداد اول و آخر درود شریف پڑھے گا انشاء اللہ تعالیٰ اس کے رزق میں برکت ہوگی۔ اس ترتیب سے پڑھے۔

۱۔ بعد نماز فجر۔ اکیس بار درود شریف۔ ۲۱ بار سورۂ اخلاص۔ ۲۱ بار درود شریف
۲۔ بعد نماز ظہر۔ بائیس بار درود شریف۔ ۲۲ بار سورۂ اخلاص۔ ۲۲ بار درود شریف
۳۔ بعد نماز عصر۔ تیئیس بار درود شریف۔ ۲۳ بار سورۂ اخلاص۔ ۲۳ بار درود شریف
۴۔ بعد نماز مغرب۔ چوبیس بار درود شریف۔ ۲۴ بار سورۂ اخلاص۔ ۲۴ بار درود شریف
۵۔ بعد نماز عشاء۔ پچیس بار درود شریف۔ ۲۵ بار سورۂ اخلاص۔ ۲۵ بار درود شریف

ف: عمل کا پورا پورا فائدہ جب ہی حاصل ہوتا ہے جبکہ برابر پڑھتا رہے اور وقت، تعداد کی پابندی کے ساتھ روزانہ مسلسل پڑھے ناغہ نہ کرے۔ کبھی پڑھ لیا کبھی چھوڑ دیا تو اس طرح عمل کا فائدہ ظاہر نہیں ہوتا۔

آپ خود غور فرمائیے کہ اللہ تعالیٰ نے رزق کا وعدہ فرمایا ہے برابر دے گا یہ انعام سمجھنا چاہئے جو مزید عطا ہو۔ پس مستحق انعام کے کام کرنا چاہئے۔

سورۃ الاخلاص یہ ہے

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ

دشمن کے خوف سے حفاظت

سورۂ لایلاف پوری۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف درمیان میں ایک سو بار سورۂ لایلاف روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

اگر خدا نخواستہ اتنا موقع نہ ملے تو "یَا حَفِیْظُ" پڑھتا رہے۔ دشمن سے اگر مقابلہ ہو جائے تب بھی "یَا حَفِیْظُ" پڑھتا رہے۔

اگر سورۂ لایلاف کو اپنا عمل بنا لے اور روزانہ پابندی کے ساتھ پڑھ لیا کرے تو سبحان اللہ ہزاروں دعائے سیفی سے بہتر ہے۔

سورۂ لایلاف یہ ہے۔

سُوْرَةُ قُرَيْشٍ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۙ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ

فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۙ الَّذِيْۤ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ۬ وَّ اٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۠

بچوں کا زندہ نہ رہنا

اگر کسی عورت کے بچے زندہ نہ رہتا ہو تو یہ کرے کہ پیر کے دن ٹھیک دوپہر کے وقت سوا پاؤ سیاہ مرچ اور ڈھائی پاؤ اجوائن پر باوضو اول ایک بار درود شریف پڑھیں پھر چالیس (۴۰) بار سورۃ والشمس (پ ۳۰) پڑھیں پھر ایک دفعہ درود شریف پڑھ کر دونوں چیزوں پر دم کریں اور عورت حمل کے دوران بھی اور بچہ پیدا ہونے کے بعد بھی جب تک بچہ دودھ نہ چھوڑے روزانہ چند دانے سیاہ مرچ اور چند دانے اجوائن کے کھاتی رہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اولاد زندہ رہے گی اور لمبی عمر پائے گی۔ یہ عمل تجربہ کردہ ہے اور قاعدے کے موافق عمل کرنے سے کامیابی ہوتی ہے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

سورۃ الشمس یہ ہے۔

سُوْرَةُ الشَّمْسِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالشَّمْسِ وَضُحٰىهَا ۙ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰىهَا ۙ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰىهَا ۙ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰىهَا ۙ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰىهَا ۙ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰىهَا ۙ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىهَا ۙ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۙ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا ۙ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰىهَا ؕ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰىهَا ۙ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ۙ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ؕ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۙ فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ۙ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۠

گھر میں پتھر آنا یا شیاطین کا پریشان کرنا

اگر مکان میں پتھر آتے ہوں یا شیاطین پریشان کرتے ہوں ڈراتے ہوں، سونے نہ دیتے ہوں تو لوہے کی چار میخ (بڑی کیلیں) لے کر ہر کیل پر پچیس (۲۵) مرتبہ یہ آیت باوضو پڑھ کر دم کرے پھر پچیس (۲۵) مرتبہ پڑھ کر دوسری کیل پر دم کرے اسی طرح چاروں کیلوں پر پچیس (۲۵) پچیس (۲۵) مرتبہ پڑھ کر دم کر کے ان کیلوں کو کمرے یا مکان کے چاروں کونوں میں ٹھونک دے یا دبا دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر طرح سے حفاظت ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے:

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۙ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۚۖ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۠

دیوانہ کتے کا کاٹنا

اگر کسی کو خدانخواستہ دیوانہ کتا کاٹ لے تو باوضو روٹی کے چالیس۴۰ ٹکڑوں پر یہ آیت لکھے اور مریض کو چالیس۴۰ دن تک ایک ٹکڑا روز کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ مریض جنون اور ہڑک اور کتے کی طرح بھونکنے سے محفوظ رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۙ وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا ۚۖ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۧ

دردزہ (بچہ پیدا ہونے) کی تکلیف سے نجات

اگر کسی عورت کے بچہ پیدا ہونے والا ہو تو باوضو ایک کاغذ پر مندرجہ ذیل کلمات لکھ کر عورت کی بائیں ران پر باندھیں اور بچہ پیدا ہونے کے فوراً بعد کھول دیں ورنہ آنتیں باہر آجائیں گی سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۙ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۙ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۙ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۙ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۙ اِهْيًا اِشْرَاهِيًا

دافع آسیب، جن، پری، نظربد و بھوت وغیرہ

جس مرد، عورت، بچہ پر جن، آسیب، پری، نظربد یا بھوت پریت

کا اثر ہو۔ اس پر باوضو سورۂ جن (پ۲۹) سات بار پڑھ کر دم کرے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے۔ سورۂ جن پوری پڑھے۔ اور روزانہ اسی طرح کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ جن، بھوت، آسیب، پری دفع ہوں گے اور نظربد سے نجات حاصل ہوگی۔

لڑکی کی منگنی کا ہونا اور شادی کا انتظام

اگر کسی لڑکی کے واسطے اچھا بر (رشتہ) نہ ملتا ہو یا کہیں سے پیغام شادی نہ آتا ہو تو عروج ماہ (چڑھتے چاند کے دنوں میں) باوضو اکتالیس۴۱ مرتبہ سورۂ یٰسین شریف پڑھ کر دعا مانگ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیغام اچھے سے اچھا آئے گا۔

حاجت پوری ہونے کے لئے

اگر کسی کو کوئی حاجت پیش آگئی ہو اور کامیابی نہ ہوتی ہو تو بعد نماز فجر قبل طلوع آفتاب روزانہ چالیس۴۰ دن تک سورۂ یٰسین شریف (پ۲۲) کو باوضو پڑھے۔ جب پہلے مبین پر پہنچے سات بار مبین کا لفظ پڑھے پھر شروع سے یٰسین شریف پڑھنا شروع کرے پھر دوسرے مبین پر پہنچے تو سات بار مبین۔ مبین کہے پھر لوٹ کر شروع سے پڑھنا شروع کرے۔ سات مبین ہیں ہر مبین کے لفظ پر پہنچ کر سات مرتبہ مبین۔ مبین کہے۔ پھر آخر میں شروع سے لے کر آخر تک سورۂ یٰسین ایک بار تلاوت کے انداز میں پڑھے اور دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل حل

ہو گی اور حاجت پوری ہو گی۔

لاعلاج مرض کا علاج

سورۂ فاتحہ کا نام سورۃ الشفاء ہے یہ ہر قسم کے لاعلاج مرض کا آسان اور یقینی علاج ہے۔ روزانہ ایک مرتبہ باوضو پڑھ کر مریض پر دم کر دیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ شفاء عاجلہ کاملہ حاصل ہو گی۔ اگر خود بیمار ہے تو پڑھ کر دم کر لے اور یا کسی دوسرے سے پڑھوا کر دم کرالے ہر طرح صحت حاصل ہو گی۔ اگر کوئی زخم ہے یا جسم کے کسی حصہ میں درد ہے تو سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کر دیا کرے جب تک صحت حاصل نہ ہو برابر پڑھ کر دم کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء حاصل ہو گی۔ سورۂ فاتحہ یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

آسیب، غم، تکلیف، صدمہ، امید، حاجت

مندرجہ ذیل آیات باوضو پڑھ کر آسیب زدہ پر پھونکیں تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آسیب دفع ہو گا اور اگر بعد نماز

روزانہ کسی وقت باوضو ایک مرتبہ پڑھتا رہے تو بحکم خدا غم، تکلیف، صدمہ دور ہو اور امید و حاجت پوری ہو، ان آیات کا پڑھنا پریشانی دور کرنے اور حاجات دنیوی پوری کرنے میں تیر بہدف ہے۔ وہ آیات یہ ہیں۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

شوہر کی فرمانبرداری کے لئے

اگر شوہر بد مزاج ہے، بیوی کو تنگ کرتا ہے، ظلم و ستم ڈھاتا ہے تو عورت کو چاہئے کہ سورۂ یٰسین شریف روزانہ باوضو ایک مرتبہ کسی بھی نماز کے بعد پڑھ لیا کرے انشاء اللہ شوہر فرماں بردار ہو گا اور ہر قسم کے ظلم و ستم سے باز رہے گا۔ اور دن رات آرام و سکون سے گذریں گے۔

محبوب خلائق ہونا اور جائز محبت میں کامیابی

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝ کے اعداد آٹھ سو سینتیس [۸۳۷] ہیں۔ روزانہ اول بہ نیت زکوۃ اکیس ۲۱ یوم پڑھے پھر ایک ہزار بار پڑھ کر سرمہ پر دم کر کے رکھ لے۔ روزانہ لگایا کرے۔ لوگوں کی نظر میں

محبوب رہے گا کوئی اسے نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ اور اگر ایک ہزار بار روزانہ طالب و مطلوب کے نام معہ والدہ وغیرہ کے اسم کے ہر بار پڑھتا جائے اور لوبان برابر سلگتا رہے۔ اکیس دن میں انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب حاضر ہوکر حسب دلخواہ حکم بجالائے گا۔

تنبیہ:۔ ناجائز کام میں کلام پاک کے اثرات نہیں ہوتے۔ اگر ایسا خیال ہے تو ہرگز ہرگز نہ کریں۔ جائز کام میں دیکھئے حکمیہ اثر رکھتا ہے۔

حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہونا

جمعرات گذرنے کے بعد جو رات آتی ہے وہ شب جمعہ (جمعہ کی رات) ہے۔ اس رات میں غسل کرے اور پاک وصاف کپڑے پہنے، عطر لگائے بعد نماز عشاء مسجد میں گھر میں یا کسی پاک جگہ میں ایک ہزار مرتبہ درود شریف اور ایک ہزار بار سورۂ کوثر پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ ضرور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوگا۔

ف:۔ حضور اکرم خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہونا کچھ مشکل نہیں ہے۔ شرط صرف یہ ہے کہ پڑھنے والے کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت جان سے، مال سے اور گھر والوں سے زیادہ ہو اور سنت نبویؐ پر عمل کرنے والا اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت سے دل سرشار اور گناہوں سے بچنے والا ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ زیارت کی نعمت سے ضرور مالا مال ہوگا۔ اس سلسلے میں ہر مسلمان کو کوشش کرنی چاہیئے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔

سورۂ کوثر یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝

عاجزی، انکساری پیدا کرنا، عزت حاصل ہونا اور نرم دل کر دینا

اپنے اور والدہ کے نام کے اعداد نکال کر يَا عَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ کو اعداد کی تعداد کے مطابق پڑھیں۔ روزانہ ایک وقت مقررہ تعداد کے مطابق باوضو پڑھنے سے پڑھنے والے کے دل میں عاجزی انکساری پیدا ہوتی ہے۔ لوگوں میں عزت و وقعت بڑھتی ہے اور اگر کسی متکبر و مغرور کے سامنے پڑھیں تو اس کا دل نرم اور پانی پانی ہوجاتا ہے اور وہ متکبرانہ برتاؤ چھوڑ کر ایسے شخص

کے سامنے عاجزی اختیار کرلیتا ہے۔

شیطانی وسوسہ کا دفعیہ

جب وسوسہ دل میں آئے خوب خوش ہو اس لئے کہ خوشی سے شیطان کا دل جلتا ہے اور وسوسہ پر اگر غم کیا تو بہت خوش ہوتا ہے لہذا اس کا خاص خیال رکھیں۔ اور وسوسہ کے وقت کوئی سوچ بچار کا کام شروع کردیں۔ اگر نماز میں وسوسہ آئے تو جو آیت یا سورۃ پڑھ رہے ہیں اس کے الفاظ کو سوچ کر اور غور کرکے پڑھیں کہ کہیں غلط نہ ہوجائیں یا بھول چوک نہ ہوجائے اس طرح انشاء اللہ تعالےٰ وسوسہ سے نجات حاصل ہوگی۔

سخت سے سخت جادو کا خاتمہ

کیسا ہی سحر جادو کسی نے کیا ہو۔ نہایت زبردست نافع عمل ہے۔ ایک گھڑا بارش کے پانی کا ایسی جگہ سے لے لیں۔ جس کنویں سے کوئی پانی نہ بھرتا ہو (اس سلسلے میں ایسا کنواں نہ ملے تو نل، دریا، نہر، چشمہ، سمندر کا پانی بھی لے سکتے ہیں) پھر سات ایسے درختوں کے پتے لیں جن درختوں کا پھل نہ کھایا جاتا ہو، اس کے بعد دونوں پانی ملا کر اس میں پتے ڈال دیں۔ پھر آیات ذیل کو کاغذ پر لکھ کر اس کو پانی سے دھوکر مسحور (مریض) کو دریا (سمندر، نہر، چشمہ) کے کنارے لے جاکر پانی میں اس کو کھڑا کرکے رات کو اس کو غسل دیں (اگر دریا، سمندر، نہر، چشمہ نہ ہو تو جنگل میں

لے جاکر اس مریض کے جسم پر پانی بہادیں) انشاء اللہ تعالیٰ سحر جادو باطل ہوجائے گا (ختم ہوجائے گا) وہ آیات یہ ہیں۔

فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ۝ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۝ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ (پ۱۱ ع۱۳)

بھوک پیاس غائب۔ ہر کام میں کامیاب

اَللّٰهُ الصَّمَدُ ؕ کے عدد دو سو (۲۰۰) ہیں۔ روزانہ دو سو تسبیح (دو سو بار) پڑھنا چاہئے۔ جس کام میں ہاتھ ڈالے کامیاب ہو۔ ان اسماء کا کثرت سے ذکر کرنے والا کھانے پینے سے آزاد ہوجاتا ہے۔ کسی جنگل میں یا ریل یا بس میں سفر کر رہے ہیں پانی یا کھانا ختم ہوچکا بھوک اور پیاس ستا رہی ہے۔ ان اسماء کا ورد شروع کردیں انشاء اللہ تعالیٰ بھوک پیاس غائب ہوجائے گی اور نہ کھانے پینے سے طاقت بھی کم نہ ہوگی۔

غیبی مدد اور دشمن سے حفاظت

یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ۔ مسلسل پڑھنے سے تمام دنیا کے خطرات سے حفاظت رہتی ہے اور اللہ تعالیٰ غیب سے امداد فرماتا ہے۔ مثلاً دشمن نے آپ کو اس قدر تنگ کیا کہ راستہ بند کردیا یا راستوں میں جا بجا آدمی مارنے کے لئے تعینات کردیئے یا اتفاق سے آپ

ادھر سے جا رہے ہیں اور دشمن اُدھر سے آ رہا ہے مقابلہ ہو گیا۔ آپ کے دل پر ہراس، دہشت اور خوف طاری ہو گیا کہ آج دشمن ختم کر دے گا اُدھر دشمن نے یہ خیال کیا کہ آج بڑا اچھا موقع ہاتھ آیا ہے۔ پس آپ کو چاہئے کہ دشمن نظر پڑتے ہی "یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ" کا پڑھنا شروع کر دیں اور برابر پڑھتے رہیں۔ بلا تعداد وضو بے وضو ہر حالت میں پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن اندھا ہو جائے گا اور کچھ نہ کر سکے گا۔ اللہ جانتا ہے جس دن آپ کا جی چاہے ایسے موقع پر پڑھ کر دیکھ لیں۔ پھر جب موقع نکل جائے ہر دو اسم (یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ) کو پڑھنا شروع کریں چند روز بعد انشاء اللہ تعالیٰ دشمن مجبوب ہو جائے گا۔

مفرور (بھاگے ہوئے) کا واپس آنا

اگر کوئی شخص گھر سے بھاگ گیا ہو یا کوئی بچہ، عورت، لڑکی گھر سے فرار ہو گئے ہوں تو سورۃ والضحیٰ سات مرتبہ باوضو پڑھے اور دعا مانگ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا ایک ہفتہ کے اندر واپس آجائے گا اور اگر آیۃ الکرسی شریف پڑھ کر یہ خیال ذہن میں کر کے دم کر دے کہ جہاں تک گیا ہو وہاں سے آگے نہ بڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ آگے نہ بڑھ سکے گا محاصرہ ہو جائے گا۔ وہیں سے لوٹ پڑے گا اور آجائے گا۔

سورۃ الضحیٰ یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الضُّحٰی مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالضُّحٰى ۙ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۙ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ۗ وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ۗ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۗ اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۠ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ۠ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ۗ فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۗ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۗ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۠

نظر بد، ہر قسم کے درد و بیماری و سحر و اُمّ الصبیان سے حفاظت

سورۃ معوذتین (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ آخر تک قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ آخر تک) تین (۳) بار باوضو پڑھ کر دم کرنے سے نظر بد دور ہو گی، ہر قسم کے درد و بیماری سے نجات ملے گی اور سحر اور ام الصبیان ختم ہو گا۔

معوذتین یہ ہیں (۱) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْفَلَقِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۠

(۲) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ یہ ہے۔

سُوْرَةُ النَّاسِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۧ

فوائد آیۃ الکرسی شریف

آیۃ الکرسی شریف کے بہت سے خواص ہیں۔ منجملہ اُن کے چند خواص مذکور ہیں۔

١۔ اگر کوئی افسر دفتر کا معائنہ کرنا چاہتا ہے، آپ نے تین بار آیۃ الکرسی پڑھ کر تالی بجا کر چاروں طرف اپنے دفتر کا حصار کر دیا اور یہ خیال کر لیا کہ ایک سال تک یا چھ ماہ تک معائنہ نہ کرے۔ ہرگز ہرگز معائنہ نہ کر سکے گا۔ اگر اتفاق سے افسر آ بھی گیا اور معائنہ بھی کیا تو کسی غلطی کی گرفت نہ کر سکے گا۔ نہ سختی سے پیش آئے گا۔

٢۔ ہر عمل کا حصار اول آیۃ الکرسی سے تین بار پڑھ کر کیا جاتا ہے۔

٣۔ جمعہ کے دن بعد نماز عصر اگر سترہ (١٧) بار پڑھیں، رقّتِ قلب پیدا ہو اور جو دعا مانگے قبول ہو۔

٤۔ اگر تین سو تیرہ (٣١٣) بار پڑھے بے شمار خیر و برکت نازل ہو۔

٥۔ اگر اس کے اعداد نکال کر موافق اعداد کے پڑھیں، غلبہ اور نصرت اور کامیابی حاصل ہو۔

٦۔ اگر آسیب کا حصار کر دیں، نکل کر نہ جا سکے۔ شب کو پڑھ کر تین بار تالی بجا دیں شب بھر محفوظ رہیں۔

ف: آیۃ الکرسی شریف کے پڑھنے سے جب آپ حصار کر دیں گے تو فرشتے برہنہ (ننگی) تلوار سے حفاظت کرتے رہیں گے۔ آیۃ الکرسی شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۣ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۤ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ڛ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰۗــــُٔــھُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ ھُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

سُوْرَۃُ النَّاسِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۠

فوائد آیۃ الکرسی شریف

آیۃ الکرسی شریف کے بہت سے خواص ہیں۔ منجملہ اُن کے چند خواص مذکور ہیں۔

۱۔ اگر کوئی افسر دفتر کا معائنہ کرنا چاہتا ہے، آپ نے تین بار آیۃ الکرسی پڑھ کر تالی بجا کر چاروں طرف اپنے دفتر کا حصار کر دیا اور یہ خیال کر لیا کہ ایک سال تک یا چھ ماہ تک معائنہ نہ کرے۔ ہرگز ہرگز معائنہ نہ کر سکے گا۔ اگر اتفاق سے افسر آ بھی گیا اور معائنہ بھی کیا تو کسی غلطی کی گرفت نہ کر سکے گا۔ نہ سختی سے پیش آئے گا۔

۲۔ ہر عمل کا حصار اول آیۃ الکرسی سے تین بار پڑھ کر کیا جاتا ہے۔

۳۔ جمعہ کے دن بعد نماز عصر اگر سترہ (۱۷) بار پڑھیں، رِقّتِ قلب پیدا ہو اور جو دعا مانگے قبول ہو۔

۴۔ اگر تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پڑھے بے شمار خیر و برکت نازل ہو۔

۵۔ اگر اس کے اعداد نکال کر موافق اعداد کے پڑھیں، غلبہ اور نصرت اور کامیابی حاصل ہو۔

۶۔ اگر آسیب کا حصار کر دیں، نکل کر نہ جا سکے۔ شب کو پڑھ کر تین بار تالی بجا دیں شب بھر محفوظ رہیں۔

ف: آیۃ الکرسی شریف کے پڑھنے سے جب آپ حصار کر دیں گے تو فرشتے برہنہ (ننگی) تلوار سے حفاظت کرتے رہیں گے۔ آیۃ الکرسی شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝ لَاۤ اِكْرَاهَ فِی الدِّیْنِ ۙ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ ۚ فَمَنْ یَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَیُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰی ۗ لَا انْفِصَامَ لَهَا ؕ وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ۝ اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ۙ یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ ۬ؕ وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اَوْلِیٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ یُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَی الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

نیا رزق، مسخر قلب اور دشمن پر غلبہ

اگر سورۃ طٰہٰ (پ ۱۶) ایک بار روزانہ باوضو پڑھی جائے تو اللہ تعالیٰ نیا رزق عطا فرمائے، حاجات پوری کرے اور دشمنوں پر غلبہ حاصل ہو، لوگوں کے دل مسخر (قابو میں) ہوں۔ عورتیں اگر روزانہ پابندی کے ساتھ باوضو پڑھ لیا کریں تو مردوں کا دل موم ہو اور گھر جنت کا نمونہ بن جائے ہر قسم کا لڑائی جھگڑا ختم ہو۔

خیر و برکت

اگر سورۃ اخلاص کی ایک تسبیح (ایک سو بار) روزانہ باوضو پڑھ لیا کرے تو بے شمار خیر و برکت پیدا ہو، ہر ایک شر سے محفوظ رہے۔ سوتے وقت پڑھ لیا کرے۔ بزرگانِ دین کی زیارت سے مشرف ہوگا۔ سورۃ اخلاص یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ یُوْلَدْ ۙ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۚ

برائے مدد خداوندی

روزانہ باوضو ہر نماز کے بعد پچیس ۲۵ بار مندرجہ ذیل کلمات پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے اس کی مدد فرمائے گا

اور مدد کا انتظام غیب سے ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اُنْصُرْنَا فَاِنَّکَ خَیْرُ النّٰصِرِیْنَ

برائے رحم

جو شخص ہر نماز کے بعد باوضو پچیس ۲۵ بار مندرجہ ذیل کلمات پڑھے گا اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے اس پر اپنا رحم و فضل نازل فرمائے گا اور رحمت کے فرشتے اللہ تعالیٰ سے رحم کی سفارش کریں گے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

وَارْحَمْنَا فَاِنَّکَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ ۚ

برائے فتح و کامیابی

جو شخص ہر نماز کے بعد باوضو پچیس ۲۵ بار مندرجہ ذیل کلمات روزانہ پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے ہر معاملہ میں فتح و کامیابی عطا فرمائے گا وہ کلمات یہ ہیں۔

وَافْتَحْنَا فَاِنَّکَ خَیْرُ الْفَاتِحِیْنَ

برائے بخشش و مغفرت

جو شخص باوضو روزانہ صبح و شام مندرجہ ذیل کلمات کو ایک سو بار پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت فرمائے گا اور قبر روشنی سے منور ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

وَاغْفِرْ لَنَا فَاِنَّکَ خَیْرُ الْغَافِرِیْنَ

برائے حفاظت

جو شخص مندرجہ ذیل کلمات روزانہ ہر وقت پڑھتا رہے یا ہر نماز کے بعد ایک سو[۱۰۰] مرتبہ پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ فرشتے اس کی حفاظت فرمائیں اور کوئی شخص اس پڑھنے والے کو نقصان نہیں پہنچا سکے گا وہ کلمات یہ ہیں۔

وَاحْفَظْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الْحَافِظِيْنَ

ہر دلعزیز رہنا

جو شخص کلمات ذیل اپنے نام کے اعداد کے مطابق روزانہ پڑھے گا انشاء اللہ ہر دلعزیز رہے گا۔ قساوتِ قلب دور ہوگی مخلوق کے دل میں اس کی محبت پیدا ہوگی۔ ہر کام باسانی ہو گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ

دل کی بے چینی اور گھبراہٹ اور ڈر خوف سے نجات

جب کسی پر کوئی مصیبت نازل ہو جائے اور پریشانی روز بروز بڑھتی جائے اور قلب مضطرب و بے چین ہو اور کسی کروٹ چین نہ آتا ہو۔ نیند غائب ہو چکی ہو۔ اور اُس کی بُرائی عالم میں پھیل رہی ہو یا چند اشخاص نے مل کر اس کے خلاف کوئی درخواست محکمۂ بالا میں رشوت ستانی یا ظلم کی کر دی ہو تو اول اکیس[۲۱] بار

درود شریف پڑھے پھر یہ آیت اکتالیس ہزار[۴۱۰۰۰] بار دو ہفتہ میں پڑھ لے اور آخر میں اکیس[۲۱] مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ العزیز اضطراب قلب اور دل کی بے چینی تو دوسرے تیسرے دن ہی سے جاتی رہے گی۔ لیکن عیوب کا دنیا میں پھیلنا اور اس کا چرچا اور بے عزتی کا دفعیہ دو ہفتہ پڑھنے کے بعد ہی ہوگا۔ اگر درخواست دی ہے تو خود وہ لوگ پریشان ہوں گے اور نادم ہو کر طالب معافی ہوں گے۔ سینکڑوں بار کا آزمایا ہوا تیر بہدف عمل ہے۔

اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ

مقدمہ کی شہادت (گواہی) بگاڑ دینا

روزانہ باوضو بعد نماز عشاء سورۂ انبیاء (پ ۱۷) اول سے آخر تک تین[۳] بار روزانہ۔ درود شریف اول گیارہ[۱۱] مرتبہ پھر تین[۳] بار سورۂ انبیاء (مکمل سورت) پھر گیارہ[۱۱] بار درود شریف پڑھ کر دعا مانگ لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مقدمہ کا رنگ پلٹ جائیگا اور گواہ جس قدر خلاف ہوں گے موافق ہو جائیں گے یا دعویٰ کرنے والے کے خلاف شہادت (گواہی) دیں گے۔ جس سے یا تو مقدمہ خارج ہو جائے گا یا فیصلہ موافقت میں ہوگا۔ یا آپس میں صلح ہو جائے گی۔ یہ عمل ایک ہفتہ پڑھنا کافی ہے۔

غصہ کا ٹھنڈا کر دینا

اگر دو آدمی لڑ رہے ہوں یا دو پارٹیوں میں جھگڑا ہو رہا ہو

تو فوراً یَا وَدُوْدُ پڑھنا شروع کر دیں۔ اس طرح کہ اول تین مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر ایک تسبیح (ایک سو بار) یَا وَدُوْدُ پڑھیں۔ آخر میں تین بار درود شریف۔ ایک تسبیح پوری نہ ہو گی کہ غصہ ٹھنڈا پڑ جائے گا۔ اگر جلد ہی غصہ ٹھنڈا پڑ جائے جب بھی ایک تسبیح پوری کریں۔

اپنے عیوب کی اصلاح کرنا

اگر کسی شخص کے اندر یہ مرض ہے کہ وہ دوسرے کے عیوب کو لوگوں پر ظاہر کرتا ہے جس سے دونوں فریق آپس میں لڑ جاتے ہیں اور وہ شخص مخلوق میں خصوصاً اس وجہ سے بدنام ہے کہ یا تو آپس میں لڑانے والا، فساد کرانے والا شخص ہے، اس کے سامنے کوئی بات نہ کرو، ورنہ یہ اس سے کہہ دے گا اور آپس میں دل بگڑ جائیں گے۔ پس اُس شخص کے واسطے یہ عمل تیر بہدف ہے۔

یَا حَمِیْدُ۔ روزانہ ہر نماز کے بعد باسٹھ (۶۲) بار پڑھ لیا کریں اور ہر نماز کے بعد ایک تسبیح (ایک سو بار) اَللّٰہُ اَللّٰہُ پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے بعد جو بات وہ کرے گا، محبوب سمجھی جائے گی اور دل میں بردباری پیدا ہو گی، اور جب کبھی اُس کے دل میں کوئی بات لڑانے یا فساد کرانے والی پیدا ہو گی، فوراً ایک کھٹکا دل میں پیدا ہو گا اور اس کو خود بخود تنبیہ ہو جائے گی کہ یہ میں کیا کر رہا ہوں۔ اور بات کو تبدیل کر کے خود بخود اصلاح پر آ جائے گا۔ اس کے علاوہ ایک اور خوبی پیدا ہو جائے گی، وہ یہ کہ دوسروں کے خیالات

کا عکس اس کے دل پر تھوڑی دیر پہلے آ جائے گا کہ یہ بات ہونے والی ہے۔ قلب خود آئینہ ہو جائے گا۔ اور ہر برائی بھلائی کا علم ہو جائے گا۔ نیز جو شخص مشورہ لے گا۔ قلب میں جو بات آئے گی۔ صاف ستھری اور بے لوث ہو گی۔ تیر بہدف بسیار تجربہ شدہ عمل ہے۔

ہر پریشانی کا دفعیہ

اول ایک تسبیح (ایک سو بار) درود شریف کی کسی ایک وقت مقررہ پر باوضو پڑھے پھر دو رکعت نماز اس طرح کہ:۔

میں نیت کرتا ہوں دو رکعت نماز برائے حاجات۔

پھر ثناء کے بعد سورۂ فاتحہ (الحمد شریف) ایک بار اور سورۂ قریش (لایلاف قریش) ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ) اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ ایک بار اور سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ احد) ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ) پھر تمام ارکان پورے کر کے سلام پھیرے۔ سلام پھیرنے کے بعد ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ) درود شریف پڑھ کر دعا مانگے۔ ایک ہفتہ مسلسل یہ عمل کرے کام ہو جائے تو عمل چھوڑ دے لیکن اگر ہفتہ پورا ہونے سے قبل ہی کام ہو جائے جب بھی ایک ہفتہ مسلسل عمل کرے۔ اگر ایک ہفتہ میں کام نہ ہو تو دوسرے ہفتہ میں پورا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شرطیہ کامیابی حاصل ہو گی۔

سورۃ الفاتحہ یہ ہے۔ سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ مٰلِکِ

يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

لایلاف قریش یہ ہے:

سُوْرَةُ قُرَيْشٍ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝ اِيْلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۝ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

سورۃ الاخلاص یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

ہر قسم کے نقصان، سحر، جادو اور شر سے محفوظ رہنے کا عمل

سورۂ فاتحہ سات بار، سورۃ اخلاص سات بار، سورۃ معوذتین (قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب الناس) سات بار، روزآنہ باوضو ایک وقت پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے نقصان سحر، جادو اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رہیں۔ اللہ پاک کو یہ سورتیں بہت محبوب ہیں اور اکثر بزرگان دین کا روزانہ کا معمول ہے۔

پھانسی کا حکم تبدیل ہوجانا

اللہ تعالیٰ نے سورۃ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔ بے حد تعریف کے قابل سورۃ نازل فرمائی ہے۔ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر کفار نے جب سحر کیا تو فرشتوں کے ذریعہ سے مطلع کیا گیا۔ جب آپؐ کو اس کا علم ہوا تو آپؐ کے سر کے بالوں کو کنوئیں سے نکالا گیا جن پر سحر کی گرہ لگائی ہوئی تھیں ان سورتوں کو پڑھ کر گرہ کھولی گئی جب سحر باطل ہوا۔

ایک بزرگ کامل نے ارشاد فرمایا کہ سورۃ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ، تمام مطالب کے حل کرنے کے واسطے بڑی بے نظیر چیز ہے یہاں تک فرمایا کہ ایک بلا اگر کوئی شخص اس کو پڑھ لے تو پھانسی کا حکم بدل کر عمر قید میں تبدیل ہو جائے۔ یا دس یا پانچ سال کی سزا ہو جائے یا قطعی رحم پر چھوڑ دیا جائے۔ پھر فرمایا اگر یقین کامل نہ ہو آپ کسی پتھر پر پڑھ کر دم کریں، چالیسویں دن پتھر شق ہو جائے گا۔

سورۃ الناس (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ) کو روزانہ باوضو پانچ ہزار سات سو چھیالیس (۵۷۴۶) بار پڑھنا چاہئے۔ چاہے اکیلا آدمی پڑھے یا دس یا پانچ آدمی مل کر پڑھ لیں۔ یا مسجد میں بعد نماز عشاء پڑھ لیں یا گھر میں بیٹھ کر پڑھ لیں۔ نصف گھنٹہ میں ہوجاتا ہے۔ اگر تین ہفتہ میں کام ہو جائے بہتر ہے اور کام نہ ہو تو تین ہفتہ اور پڑھیں اور روزانہ سربسجود ہو کر دعا مانگیں کہ:۔

اے بار الٰہ بطفیل حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم فلاں کو

رہا فرما۔ آمین ثم آمین۔

انشاء اللہ العزیز رہائی ہوگی یا پھانسی کا حکم منسوخ ہو جائے گا خوش اعتقادی کے ساتھ پڑھنا چاہیئے۔

سورۃ الناس یہ ہے۔

سُوْرَۃُ النَّاسِ مَکِّیَۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

عام مخلوق میں محبوب

آیت ذیل کو روزانہ باوضو دن میں کسی ایک وقت آٹھ سو اسی (۸۸۰) مرتبہ پڑھیں۔ ایک ہفتہ کے بعد مخلوق کی محبت کا آغاز ہوگا۔ اور ہر شخص خوش خلقی اور خوش مزاجی سے پیش آئے گا۔ اور چالیس دن کے بعد خود بخود ہر شخص کی کشش محبت ہوگی اور عجیب و غریب طریقے سے محبت مخلوق کو ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے:۔

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۝

ملازمت (نوکری) کا مل جانا

باوضو اول گیارہ مرتبہ درود شریف پھر یہ کلمات ایک تسبیح (ایک سو بار) پھر گیارہ مرتبہ درود شریف۔ یہ عمل روزانہ بعد نماز عشاء

پڑھے۔ دس دن میں انشاء اللہ تعالیٰ نوکر ہو جائے گا۔ اگر دس دن میں ملازمت نہ ملے تو گیارہ دن اور پڑھے اور اکیس دن پورے کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ملازم ہو جائے گا۔ پڑھنے میں قواعد اور طریقہ سامنے رکھے۔ جس طرح، جس وقت اور جتنی تعداد میں پڑھنا ہے اس کی پابندی کرے اور بعد عمل کے دعا کرے کہ ملازمت مل جائے اور ملازمت کا تذکرہ احباب میں کرتا رہے کہ میں ملازمت چاہتا ہوں۔ اس لئے کہ اسباب کا اختیار کرنا لازمی ہے۔ ناامید نہ ہو۔ خدا نے چاہا جلد نوکری کے اسباب پیدا ہو کر برسر روزگار ہوگا۔ روزانہ بعد ختم عمل خلوص قلب سے سربسجود ہو کر دعا مانگتا رہے اور اپنی پریشانی کا اظہار کرتا رہے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ یَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ اَرْشِدْنِیْ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ یَا رَبِّ وَاُفَوِّضُ یَا رَبِّ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

ہر دعا کا مقبول ہو جانا

جمعہ کے دن جبکہ خطیب (جمعہ کا خطبہ پڑھنے والا) خطبۂ اولیٰ (پہلا خطبہ) پڑھ کر ممبر پر بیٹھے تو قلب کو اللہ تعالیٰ کی جانب لگائے اور پورا دھیان اپنے خالق و مالک کی طرف پھیر دے اور آنکھوں کو بند کر کے دل ہی دل میں (کیونکہ خطبہ کے دوران زبان سے بات کرنا منع ہے) دعا مانگ لے۔ جب خطیب دوسرا خطبہ

شروع کرے دعا مانگنا بند کر دے۔

اسی طرح بعد نماز عصر دعا مانگنے سے قبول ہوتی۔ اسی طرح کلام پاک کھول کر پڑھنے سے پہلے اسی طرح تلاوت ختم کرنے کے بعد دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دعا ضرور قبول ہوگی یہ مواقع قبولیت دعا میں خاص تاثیر رکھتے ہیں۔ نیز اور بہت سے مواقع حدیث شریف میں اجابت دعا کے مذکور ہیں۔

تمام دنیا کے مقاصد میں کامیابی اور ہر کام پورا ہونا مرض سے نجات

تمام دنیا کے مقاصد میں کامیابی اور ہر کام پورا ہونے کے لئے، مرض سے نجات کے لئے، کھیت کی حفاظت کے لئے اور بے شمار خیر و برکت کے لئے حروف مقطعات اور حروف نورانی بہت مؤثر ہیں۔

ترکیب یہ ہے کہ حروف مقطعات اور حروف نورانی کو روزانہ الگ الگ کاغذ پر باوضو لکھیں اور مچھلیوں کو گولی بنا بنا کر کھلائیں چالیس روز تک اسی طرح کریں۔ اس کے بعد عامل ہو جائیں گے۔ پھر روزانہ صبح بعد نماز فجر باوضو ایک باران حروف مقطعات و حروف نورانی کو پڑھ لیا کریں اسی طرح بعد نماز مغرب باوضو ان کو پھر ایک بار پڑھ لیا کریں۔ تمام دنیا کے کام ان حروف مقطعات و حروف نورانی کی بدولت پورے ہوں گے۔ گیارہ دھاگے کالے رنگ یا نیلے رنگ کے لے کر ہر ہر حرف مقطعات پڑھتا جائے

اور دھاگوں میں گرہ لگاتا جائے اسی طرح حروف نورانی پڑھتا جائے گرہ لگا کر دھاگے پر دم کرتا جائے، یہ گنڈہ مریض کے گلے میں پہنا دیں انشاء اللہ تعالیٰ اس کو جلد شفاء ہوگی۔

کھیت کے چاروں کونوں پر اگر تعویذ بنا کر دفن کر دیں تو بحکم خدا کھیت میں بے شمار خیر و برکت پیدا ہو اور کھیتی ارضی و سماوی آفات سے محفوظ رہے گی اور جنات کی تقسیم سے بھی حفاظت ہو جائے گی۔

حروف مقطعات یہ ہیں۔

الٓمٓ - الٓمٓرٰ - الٓرٰ - الٓمٓصٓ - طٰہٰ - طٰسٓ - طٰسٓمٓ

قٓ - نٓ - صٓ - حٰمٓ - حٰمٓ عٓسٓقٓ - کٓھٰیٰعٓصٓ - یٰسٓ

حروف نورانی

ا - ح - ر - س - ص - ط - ع - ق

الف - حا - را - سین - صاد - طا - عین - قاف

ک - ل - م - ن - ہ - ی

کاف - لام - میم - نون - ها - یا

دشمن کی ایذا اور تکلیف سے محفوظ رہنا

اگر دشمن مغلوب الغضب ہے اور انتہائی غصہ میں ہے اور اس کا غصہ انتقام (بدلہ) لینے پر مجبور کرتا ہے، یا دھوکہ دے کر مار ڈالنے کا ارادہ کر رہا ہے۔ یا ایسا موقع ہے کہ اس مقام پر کوئی حامی و مددگار نہیں ہے۔ پردیس کا معاملہ ہے۔ یا محلے کے

لوگوں نے مشورہ کر لیا کہ اس کو نکال کر باہر کر دو یا سوتے میں
مکان کے اندر گھس کر (داخل ہو کر) مار دو یا قتل کر دو۔ ان تمام
صورتوں میں حسبِ ذیل طریقہ سے کام لیں۔

اوّل تین بار درود شریف۔ آیۃ الکرسی ایک تسبیح (ایک سو بار)
ایک تسبیح (ایک سو بار) "یا رؤف" کی۔ پھر یہ آیت۔ قُلْنَا
یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ ایک تسبیح
(ایک سو بار) پھر تین بار درود شریف پڑھے اور اپنی حفاظت،
دشمنوں کی ناکامی، اور ان میں باہمی پھوٹ (مخالفت) پڑنے
اور آپس میں لڑ جانے کی دعا کرے۔

اس کے بعد تین بار آیۃ الکرسی پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم
کر کے (پھونک کر) تالی بجا کر خدا کا نام لیتا ہوا سو جائے۔
کم سے کم تین دن اور زیادہ سے زیادہ ایک ہفتہ (سات دن)
پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن سے حفاظت ہو گی، دشمن ناکام
ہو جائیں گے اور ہر طرف سے مخالفت کا زور ختم ہو جائے گا،
اور امن و عافیت نصیب ہو گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرٰهِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرٰهِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ
سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۭ
مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ
اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ
مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـــُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

استخارہ کرنا

ہر کام کے واسطے استخارہ کر لینا ضروری ہے۔ اس لئے کہ
یہ علم کسی کو نہیں ہے۔ فلاں ضرورت جو اس وقت درپیش ہے
(سامنے ہے) کامیابی خدا جانے ہو گی یا نہیں۔ جب ایسی ضرورت
پیش آجائے۔ دو رکعت نماز نفل استخارہ برائے حاجات دینی
یا دنیوی جو نیت ہو دل میں کر لے۔ ثناء پڑھنے کے بعد سورۃ
فاتحہ پڑھے اور جب اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔ پر
پہنچے اسی کو پڑھے جائے اور عاجزی کے ساتھ اپنے اغراض
(مقصد) پر نظر رکھے۔ دس بیس مرتبہ پڑھے گا کہ دائیں یا بائیں
جانب خود بخود پیر اکھڑ جائیں گے۔ اگر دائیں جانب گھومے
کام ہو گا۔ بائیں جانب گھومے کام نہ ہو گا۔ جب دائیں جانب
گھومے برابر اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔ پڑھے جائے

یہاں تک کہ گھوم کر پھر قبلہ رُخ ہو کر الحمد شریف پوری شریف کرے
سورۂ الم نشرح سات بار پڑھ کر رکوع سجود کر کے دوسری رکعت
میں الحمد شریف اور سورۂ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ (سورۃ القدر)
سات بار پڑھ کر سلام پھیر دیں۔ پھر دس بار درود شریف پڑھ کر
دعا مانگ لے اگر بائیں جانب گھوما ہے تو الٹی طرف سے گھوم کر
دائیں جانب آجائے اور اسی قاعدے سے پڑھ کر سلام پھیر کر
عاجزی وانکساری کرے پھر دوسرے تیسرے دن یہی عمل کرے
حل مطلب نکل آئے۔ خدا کا شکر بجالائے۔ پیر۔ جمعرات
جمعہ کی شب میں کرنا چاہئے۔ اشد ضرورت میں بعد نماز کرے
تاکہ اطمینان قلب کو ہوجائے۔

سورۃ الفاتحہ یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۗ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۗ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۧ

سورۂ الم نشرح یہ ہے۔

سُوْرَةُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ وَوَضَعْنَا عَنْكَ

وِزْرَكَ ۙ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۗ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۙ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۗ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۧ

سورۂ انا انزلناہ (سورۃ القدر) یہ ہے

سُوْرَةُ الْقَدْرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۚ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۗ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۗ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۙ سَلٰمٌ ۚ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۧ

حاکم کا مہربان ہوجانا

جس کسی شخص سے حاکم ناراض اور خفا ہو، اس کو چاہئے کہ اس
آیت شریف کو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے ساتھ
باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے سیدھے بازو پر (ہاتھ پر کہنی سے اوپر)
باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاکم مہربان ہوجائے گا اور لطف و
مہربانی کا برتاؤ کرے گا۔

دیگر یہ کہ اس آیت کے اعداد نکال کر روزانہ ایک ہفتہ
تک مقررہ تعداد کے مطابق باوضو بعد نماز عشاء پڑھ لے۔
اور جب افسر یا حاکم کے روبرو (سامنے) جائے یا عدالت میں پیش
ہو برابر اس آیت کو پڑھتا رہے۔ خدا کو منظور ہے تو مہربان

وہ آیت یہ ہے۔

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝

ف۔ بعض اشخاص اپنی بدباطنی کی وجہ سے اِدھر اُدھر مارے مارے
پھرتے ہیں اللہ جلّ جلالہٗ کی بارگاہ میں سربسجود نہیں ہوتے نہ اس سے
اپنا حال عرض کرتے ہیں۔ پریشان حال رہتے ہیں اور ناکامیاب
ہوتے ہیں۔ حالانکہ سب کامیابیوں کی کنجی اللہ رب العزت کے
پاس ہے۔ وہی کام بنانے والا ہے۔

مُردوں سے بات چیت کرنا

بذریعہ مراقبہ بزرگانِ دین سے استفادہ حاصل کرنا، کشف
قبور، زیارت علماء، صلحا اور مشائخ کبار

یَا صَمَدُ۔ یَا صَمَدُ۔ اَللّٰهُ الصَّمَدُ۔

بعد نماز تہجد یا بعد نماز عشاء پڑھنا چاہیئے۔ نماز پڑھ کر
مسجد میں پڑھے یا اپنے مکان کے کسی گوشے (کونے) میں پاک
صاف جگہ پر مصلّٰی بچھا کر اول دن میں پانچ ہزار بار، دوسرے
دن چار ہزار بار، تیسرے دن تین ہزار بار، پھر ایک تسبیح روزانہ
کم کرتا جائے (ایک سَو بار روزانہ کم پڑھے) یہاں تک کہ ایک
تسبیح (ایک سَو مرتبہ) پر آجائے۔ اس درمیان میں اس قدر
رقت طاری ہوگی کہ پڑھنا مشکل ہوگا اور زار زار آنسو
آنکھوں سے جاری ہوں گے۔ دل قابو سے باہر ہوگا۔ پورا
کرلے جس طرح بنے۔ اس عمل میں کوئی خوف ڈر وغیرہ مطلق

نہیں ہے۔ اطمینان رکھے۔ اب عمل پورا ہوگیا۔ روزانہ ایک تسبیح
معمول میں رکھے۔ جب تک اس کا شوق ہو۔ اگر اوّل مرتبہ حسبِ
مرضی پورا نہ ہو۔ کچھ روز کا وقفہ دے کر پھر دوبارہ کرے۔

ترکیب طریقۂ عمل: جس قبر کے حالات دیکھنا منظور ہوں
اس پر قبلہ رُخ (قبلہ کی طرف منہ کرکے) بیٹھ کر آنکھیں بند کرکے
پڑھنا شروع کردیں۔ پانچ تسبیح (پانچ سَو مرتبہ) پوری نہ ہونے
پائے گی کہ قبر مثل صندوق کے کھلنا شروع ہوجائے گی۔ اپنی
آنکھوں سے سب کچھ دیکھ لیں گے۔ عذاب قبر معلوم نہ ہوگا۔ اور
اگر مشائخ یا مؤمن صالح کی قبر ہے آپ دل میں سلام کریں،
جواب ملتا چلا جائے گا۔ خیال رہے کہ اگر کوئی بات کا
جواب دینا مقصود نہیں ہے خاموش رہیں گے۔ اس لئے دو
ایک بار سے زیادہ اصرار نہ کریں۔ دوسرے بزرگ سے استفادہ
کریں۔ تیسرے بزرگ سے استفادہ (معلوم کریں) لیں۔ اس لئے
کہ بعض میں اہلیت ہوتی ہے بعض میں نہیں، نیز مخفی (پوشیدہ)
اس عمل کو رکھیں بازیچۂ اطفال (بچوں کا کھیل) نہ بنائیں۔
آپ کا قلب اور آپ کا جسم عالم وجود میں تو ہوگا، لیکن آپ
اس سے بے خبر ہوں گے زیادہ دیر نہ لگائیں چند منٹ
کے بعد اجازت دے دیں۔ پھر آنکھیں کھول دیں۔

فائدہ: بڑے بڑے اولیاء اللہ مثلاً حضرت شیخ
عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت خواجہ معین الدین
چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ، حضرت خواجہ قطب الدین

بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ، حضرت بابا فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ، حضرت صابر کلیری رحمۃ اللہ علیہ۔ وغیرہ بزرگان دین کی زیارت سے مشرف ہو کر دنیا کا لطف اٹھائیں۔

تجربہ: یہ اس قدر سریع الاثر عمل ہے کہ بفضلہ تیسرے دن سے رقت قلب شروع ہو جاتی ہے۔ بعد تکمیل جبکہ ایک تسبیح پر آ جائے ختم کر دیں جب تک عمل میں کشف قبور رکھنا منظور ہو۔ ایک سو بار روزانہ پڑھتے رہیں۔ اس میں ایک بڑی خوبی اور بھی ہے، وہ یہ کہ اگر آپ نے ایک تسبیح پڑھ کر مراقبہ کیا کہ خانہ کعبہ سامنے آ جائے، مدینہ طیبہ کی زیارت ہو جائے، بیت المقدس کا نقشہ سامنے آ جائے۔ یہ سب کچھ ہوگا اور پورا نقشہ سامنے ہوگا۔ اس میں ڈر خوف مطلق نہیں ہے بعد نماز عشاء یا بعد نماز تہجد مصلیٰ پر بیٹھ کر مراقبہ کر لیں۔

ایک اور خوبی یہ ہے کہ بزرگوں کی اصلی حالت کو دیکھنا اور اُس سے عبرت حاصل کرنا خود بخود صفائی قلب اور معصیت کا اندازہ ہو جاتا ہے، انسان بہت سے گناہوں سے بچ جاتا ہے۔

تنبیہ: مکاشفہ (یہ عمل) عورت کی قبر پر بیٹھ کر نہ کریں خدا جانے کس صورت میں ہو، اول تو شریعت سے اس کا پردہ شدید ہے۔ دوسرے اگر حماقت سے آپ نے دیکھا اور حالت اس کی اللہ کے نزدیک اچھی نہ ہوئی تو آپ کو بھی رنج گزرے گا

اور گناہ مفت میں ہوگا۔

ایک صفت یہ بھی ہے کہ مکاشفہ اور مراقبہ کے ذریعہ دین کا فائدہ بھی اٹھا سکتے ہیں۔ اور دنیا کا فائدہ بھی۔ مثلاً آپ نے دریافت کیا کہ ہم بے حد پریشان ہیں، اعانت کے خواستگار ہیں جواب ملے گا کہ یہ پڑھا کرو، نجات ہوگی۔ اور جس قسم کی دینی بات آپ کریں گے جواب ملے گا۔ اس کے علاوہ بزرگ خود مخاطب ہو کر گفتگو کریں گے۔

مکرر تنبیہ: اس عمل کو پڑھ کر بچوں کا کھیل نہ بنا لیں۔ بڑے غضب کا عمل ہے۔ قبرستان میں جا کر بعد تحقیق قبر پر بیٹھیں کہ یہ قبر مرد کی ہے یا عورت کی۔

ھدایت: جب تک عمل قائم رہے اس کا لوگوں سے اظہار نہ فرمائیں، ورنہ دنیادار آپ کا مشغلہ بنا لیں گے اور جس کی تعمیل نہ کریں گے بُرا مانے گا۔

ھدایت: اگر ایک ہفتہ کے بعد رقت طاری ہونا موقوف ہو جائے تو اوّل اسم ذات (اللہ اللہ) روزانہ پانچ ہزار بار ایک جا پڑھ کر تصفیہ قلب کر لیں پھر شروع کریں تاکہ عمل پورا ہو جائے۔ بقید ترک حیوانات کریں تو کیا کہنا۔

ختم شد عملیات غفرانی

عملیات و وظائف

حضرت شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

وسعت رزق، وسعت علم، دفع سحر، حفاظت حمل، تزکیۂ قلب

جو شخص چاہتا ہو کہ اس کے علم، رزق میں ترقی ہو اور سحر سے نجات ملے اور تزکیۂ قلب ہو اور اس کی بیوی کا حمل سلامت رہے تو اس کے لئے یہ عمل کرے۔

نماز تہجد کے بعد دو رکعت نفل ادا کرے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد یہ دعا پڑھے (ایک مرتبہ)۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَافِعًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا وَّ شِفَآءً مِّنْ کُلِّ دَآءٍ

اس کے بعد اپنے مقاصد میں کامیابی کی دعا کرے۔

ہر مقصد میں کامیابی

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے بعد نماز مغرب دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں الحمد شریف (سورۂ فاتحہ) کے بعد گیارہ مرتبہ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ (سورۂ اخلاص) پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد مندرجہ ذیل کلمات ایک سو مرتبہ پڑھے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ

اس کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا مانگے۔

قرض کی ادائیگی، رزق میں برکت، سحر سے نجات کے لئے

جو شخص قرض میں بندھا ہوا ہو اور ادائیگی کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو یا رزق میں کمی ہو گذارہ مشکل سے ہوتا ہو یا کسی دشمن نے سحر جادو کے ذریعہ ترقی کے راستے باندھ دیئے ہوں ان کے لئے یہ عمل بہت مفید اور کامیاب ہے۔ ترکیب عمل یہ ہے۔

نماز مغرب ختم کرنے کے بعد دو رکعت نفل ادا کرے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سجدے میں سر رکھ کر نہایت خشوع وخضوع سے کلمات ذیل پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ وَاَنَا عَبْدُکَ یَا رَبِّیْ رَحْمَتَکَ وَالْتَمِسُ رِضْوَانَکَ اَللّٰھُمَّ نَجِّنِیْ مِنْ عَذَابِکَ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

اس کے بعد سجدہ سے سر اٹھا کر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کے حاصل ہونے کی دعا مانگے۔

ہر پریشانی کا آسان علاج

اگر پریشانیوں کا ہجوم ہو اور مشکلات سے نکلنا مشکل معلوم ہو تو یہ عمل انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی پریشانیوں سے نجات دلائے گا۔ وہ عمل یہ ہے

سب سے پہلے سورۂ فاتحہ سات مرتبہ پھر سورۂ الم نشرح سات مرتبہ پھر سورۂ اخلاص سات مرتبہ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے پھر سجدہ کرے اور اس میں یہ الفاظ پڑھے۔

یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ وَ کَافِیَ الْمُهِمَّاتِ وَ دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ وَ یَا حَلَّ الْمُشْکِلَاتِ وَ رَافِعَ الدَّرَجَاتِ وَ شَافِیَ الْاَمْرَاضِ وَ یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ وَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

پھر یہ الفاظ پڑھے۔

یَا عَالِمُ مَا فِی الصَّدْرِ اَخْرِجْنِیْ مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَی النُّوْرِ

اس کے بعد سجدے سے سر اٹھا کر بارگاہِ الٰہی میں دعا کرے۔

زندگی خیر و خوبی سے بسر ہو

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ زندگی آسودگی کے ساتھ بسر ہو کسی قسم کی پریشانی اور مالی بدحالی پیش نہ آئے اس کے لیے فجر کی نماز کی سنت کے بعد اور فرض پڑھنے سے پہلے (یعنی سنت و فرض کے درمیان) روزانہ پابندی کے ساتھ ایک سو مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات پڑھ لیا کرے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَ بِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ۔

عزت و زندگی کو کوئی خطرہ ہو تو اس کا حل

اگر کوئی شخص مشکل میں پھنس گیا ہو اور اس کی عزت یا زندگی

کو خطرہ ہو تو ایسی صورت میں روزانہ مندرجہ ذیل کلمات ایک سو مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام خطرات سے نجات حاصل ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

رزق میں برکت

رزق میں برکت کے لئے یہ دعا روزانہ (کثرت) سے پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِیْ رِزْقًا کَثِیْرًا یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ وَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

دیگر علماء کرام کے عملیات و تعویذات

دودھ پیتے بچوں کی موت کا صدمہ

اکثر عورتوں کے اولاد ہوتی ہے مگر سال دو سال کی ہو کر مر جاتی ہے۔ ایسے کسی بچے کے پیدا ہونے کے بعد سورۂ مزمل شریف سات مرتبہ پڑھ کر سپاری (چھالیہ) ثابت پر دم کر کے وہ سپاری سوراخ کر کے کالا دھاگہ باندھ کر بچے کے گلے میں باندھ دے اور نقش ذیل چاندی کے پتر (ٹکڑے) پر سنار سے وضو کرا کے کندہ کرائے اور بچے کے گلے میں ڈال دے۔ بحکم خدا انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر قسم کے آسیبی اثرات سے محفوظ رہے گا۔ وہ نقش یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

دیوانے کتے کے زہر سے حفاظت اور مکان سے جن دفع کرنا

اگر کسی کو دیوانہ کتا کاٹ لے تو اس کے زہر سے محفوظ رہنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر مریض کو پلائیں۔ نیز جس مکان میں جن یا آسیب وبلا کا ٹھکانہ ہو اس نقش کو باوضو لکھ کر ایسے لٹکائیں کہ ہوا سے ہلتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ آسیب جن بھوت بلا اس گھر سے رخصت ہو جائیں گے۔ یہ نقش سورۂ وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ (پارہ نمبر ۳۰) کا ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۲۴۹	۴۲۵۳	۴۲۵۶	۴۲۴۲
۴۲۵۵	۴۲۴۳	۴۲۴۸	۴۲۵۴
۴۲۴۴	۴۲۵۸	۴۲۵۱	۴۲۴۷
۴۲۵۲	۴۲۴۶	۴۲۴۵	۴۲۵۷

الحمد للہ جلد ہفتم ختم شد

الحمد للہ آپ نے جلد اول تا جلد ہفتم سے فائدہ اٹھایا اب جلد ہشتم، نہم، دہم سے فائدہ اٹھائیے۔

آسان عملیات و تعویذات

یعنی

قرآنی علوم و معارف کا اعجاز

کامل [illegible] اعجاز احمد خان سنگھانوی

جلد - ۸

مظہر بک ڈپو

آسان عملیات و تعویذات

یعنی

قرآنی علوم و معارف کا [illegible]

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ

اور اتارتے ہیں ہم قرآن میں سے وہ چیز کہ وہ شفا ہے اور رحمت واسطے ایمان والوں کے

آسان عملیات و تعویذات (مجرّبات)

خاندان شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، علماء دیوبند و سہارنپور اور انکے متوسلین کے آسان اور فوراً اثر کرنیوالے عملیات اور تعویذات کا بیش قیمت مجموعہ جس میں ایک سو سالہ پرانی اور نایاب بیاض بھی شامل ہے۔

جلد: ۸

مُرتبہ

عاملِ کامل اعجاز احمد خاں سنگھانوی

ایم۔ اے

اسلامیات، تاریخ اسلام، عربی

ناشر

مظہر بکڈپو

دکان نمبر ۷ محبوب کارنر E III ,ST-2

نزد گول مارکیٹ ناظم آباد ۳ کراچی ۱۸

پوسٹ کوڈ نمبر: ۷۴۶۰۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ورفعنا لک ذکرک

نام کتاب — آسان عملیات وتعویذات جلد ہشتم

نام مرتب — اعجاز احمد خاں سنگھانوی (ایم۔ اے)

نام کاتب — عبدالغفار رئیس (تلمیذ سرمازی)

سائز — ۲۳ × ۱۸ / ۸

کُل صفحات — ۳۲۰

قیمت — ۲۰۰/- روپے

ناشر — شاہ محمد قمر عالم خاں

اشاعت اوّل — ماہ ذی الحجہ ۱۴۱۹ھ / ماہ اپریل ۱۹۹۹ء

مصحح — مولانا حافظ قاری محمد حیات صاحب شجاع آبادی دامت برکاتہم

فون: ۶۷۰۳۴۹۴
(6703494)

اجازت

از طرف مؤلف

میں جملہ مرد و عورت کو ان عملیات کی اجازت دیتا ہوں۔ البتہ ان شرائط کی پابندی کی جائے۔

۱- نماز باجماعت۔ عورتیں اپنے گھر پر پابندی کے ساتھ اوّل وقت نماز ادا کریں۔

۲- حلال روزی کمانے اور کھانے کا اہتمام کریں۔

۳- سچ بولیں، جھوٹ اور بیہودہ باتوں سے بچیں۔

۴- تقویٰ اختیار کریں اور کسی اللہ والے کی صحبت اختیار کریں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو کبھی کبھی اللہ والوں کی خدمت میں حاضری دیا کریں۔ عورت اپنے شوہر کے ساتھ جائے اور پردے کی پابندی کرے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللّٰھم صل علی محمد و علی آل محمد

کما صلیت علی ابراہیم و علی آل ابراہیم

انک حمید مجید

اللّٰھم بارک علی محمد و علی آل محمد

کما بارکت علی ابراہیم و علی آل ابراہیم

انک حمید مجید

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عملیات کرنے والے کے لئے ضروری ہدایات

۱- تعویذ لکھنے والے یا عمل کرنے والے کے لئے ضروری ہے کہ وہ نمازِ پنجگانہ مسجد میں باجماعت پابندیٔ وقت کے ساتھ ادا کرے، نوافل، اشراق، چاشت اوّابین اور سُنّت تہجد کی ادائیگی میں حتی الامکان کوشش کرے۔ نیز مختلف اوقات میں تحیۃ الوضو، تحیۃ المسجد اور دیگر نوافل بھی ادا کرتا رہے۔

۲- کثرت سے درود شریف کا وِرد رکھے۔ ہر نماز کے بعد ۱۰۰ سو دفعہ درود شریف پڑھے۔ جو درود نماز میں پڑھا جاتا ہے وہ افضل ہے، ورنہ جو درود شریف یاد ہو پڑھے۔ ہر نماز کے بعد ایک ۱۰۰ سو مرتبہ استغفار پڑھے۔ نیز فارغ اوقات میں ذکرِ الٰہی میں زبان کو مصروف رکھے، بیہودہ اور فضول باتوں میں وقت ضائع کرنے سے بچے، اپنا قیمتی وقت محنت مزدوری اور یادِ الٰہی میں صرف کرے۔ اپنے بچوں کی دیکھ بھال میں وقت صرف کرنا بھی بہتر ہے۔ روزانہ گیارہ مرتبہ سُورۂ مُزمّل پڑھا کرے، اس طرح کہ فجر، ظہر، عصر، مغرب کی نماز کے بعد ۲ دو ۲ دو مرتبہ اور عشاء کے بعد ۳ تین مرتبہ، اگر ایسا نہ ہو سکے تو ایک ہی بیٹھک میں ۱۱ گیارہ مرتبہ پڑھ لے۔ اوّل و آخر ۳ تین ۳ تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔

۳- تعویذ اور نقش باوضو لکھے۔ بغیر وضو نہ کوئی عمل کرے اور نہ تعویذ وغیرہ لکھے ہمیشہ کوشش کرکے باوضو رہے۔

۴- نقش یا تعویذ لکھنے سے پہلے زبان سے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ضرور پڑھے۔

۵- تعویذ لکھتے وقت اُس آیت، دُعا، کلمات یا الفاظ کو زبان سے ضرور پڑھے اگر آیت یا دُعا کے الفاظ پر اعراب نہ ہوں تو کسی عالمِ دین سے اعراب لگوا لے لکھی جانے والی آیت، دعا یا کلمات کو لکھنے سے پہلے ایک دفعہ پڑھ لینے سے

اس تعویذ کی قوتِ تاثیر میں زبردست اضافہ ہوجاتا ہے۔

۶- نقش یا تعویذ کو ہمیشہ موم جامہ کرکے باندھے تاکہ ہر قسم کی بے حرمتی کے گناہ سے محفوظ رہے۔ بغیر موم جامہ کئے کوئی نقش یا تعویذ نہ باندھے۔

۷- تعویذ یا نقش بوسیدہ ہوجائے تو اسے کسی پاک وصاف کپڑے میں لپیٹ کر کسی پاک جگہ دفن کردے یا پتھر کے ساتھ باندھ کر سمندر یا کنویں میں ٹھنڈا کردے (یعنی آہستہ سے اس میں چھوڑ دے پتھر پھینکنے کی طرح نہ پھینکے)

۸- نقش یا تعویذ موم جامہ کرکے مرد اپنے دائیں (سیدھے) بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈال لے اس طرح کہ نقش دل پر ہو۔ اگر عورت ہو تو بائیں بازو میں موم جامہ کرکے نقش باندھے یا گلے میں ڈالے۔

۹- نقش یا تعویذ کو موم جامہ کرکے چاندی کے تعویذ میں بند کرلے یا پھر گہرے نیلے یا کالے کپڑے میں بند کرلے یا پاک چمڑے میں سلوالے۔ بغیر موم جامہ کوئی تعویذ یا نقش نہ باندھے۔

۱۰- اگر ہرن کی کھال پر تعویذ لکھنا ہو تو چاندی کا ورق بنانے والوں کے پاس سے ہرن کی کھال بآسانی مل جاتی ہے۔ ان سے خرید لے۔

۱۱- نقش پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے سب سے چھوٹا عدد لکھا جائے پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خانہ پُر کیا جائے۔ پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خالی خانہ پر کیا جائے۔ سب سے بڑا عدد سب سے آخر میں لکھا جائے یعنی اعداد کی ترتیب سے خالی خانے پُر کئے جائیں۔

۱۲- تعویذ ہمیشہ پکی کالی روشنائی سے لکھے۔ اگر پکی کالی روشنائی میسّر نہ ہو تو زعفران کو پانی میں حل کرکے اس سے تعویذ یا نقش لکھے۔ کچے رنگ یا پکی روشنائی (مثلاً ڈالر انک وغیرہ کی طرح کی پکّی روشنائی) سے تعویذ یا نقش نہ لکھے کہ اس میں اسپرٹ استعمال کی جاتی ہے جو شراب سے بنتی ہے۔ لہٰذا احتیاط لازم ہے۔

۱۳- خون وغیرہ سے کوئی نقش یا تعویذ نہ لکھے۔ جن نقوش یا تعویذات میں مُرغ کے خون سے تعویذ لکھنے کو کہا گیا ہے یا کسی اور جانور کے خون سے تعویذ یا نقش لکھنے کی بابت درج ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ عامل جس وقت کالی روشنائی سے یا زعفران سے تعویذ لکھنے لگے اسی وقت مرغ یا اس جانور کو بِسْمِ اللهِ اَللهُ اَکْبَرُ کہہ کر دوسرا شخص ذبح کردے۔ دراصل یہ رمز واشارہ ہے۔

۱۴- تعویذ یا نقش لکھتے وقت یا عمل پڑھتے وقت ان شرائط کو ملحوظ رکھے جو تعویذ یا نقش یا عمل کے لئے ضروری ہیں۔

۱۵- بغض وحب کے اعمال میں کسی پرہیزگار عالم دین سے ضرور مشورہ کرکے عمل کرے۔ ورنہ دنیا وآخرت کی تباہی کا اندیشہ ہے۔

۱۶- تعویذ اور نقش کی بابت یہ گمان کرے کہ ہر کام اللہ تعالیٰ کے فضل واحسان سے ہوتا ہے اس کی مرضی یا مصلحت ہوگی تو کام ہوجائے گا۔ تعویذ یا نقش بذاتِ خود کچھ تاثیر نہیں رکھتے البتہ ان کی وجہ سے رحمتِ حق متوجہ ہوجاتی ہے۔

ہمیشہ دل میں یہ خیال رکھے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کام ہوتا ہے اگر اللہ تعالےٰ کا حکم ہوا تو کام ہوجائے گا اور اگر اللہ تعالےٰ کا حکم نہ ہوا تو کام نہیں ہوسکتا۔ لہٰذا عامل ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے کام کرے گناہ اور معصیت سے بچے اور اس کے فضل واحسان کا طالب رہے۔ سب سے اچھا یہ ہے کہ ہر عمل میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نمونہ سامنے رکھے اور سنت پر عمل کرے۔

۱۷- عامل پر لازم ہے کہ وہ عاجزی، انکساری اور فروتنی کو اپنا شعار بنائے اور ہر قسم کے دعویٰ سے خود کو بچائے کہ تکبر ہمیشہ ذلّت وخواری کا سبب ہے اور اللہ تعالےٰ سے دوری پیدا کرتا ہے۔

۱۸- انبیائے کرامؑ، مقرب فرشتوںؑ اور اولیائے کرامؒ کے اسمائے گرامی جن نقوش

یادداشتوں میں استعمال ہوئے ہیں وہ محض برکت اور توسّل کے لئے ہیں۔ اصل کام بنانے والا اللہ تعالیٰ رب العالمین ہے لہٰذا اسی کے کرم وفضل پر نظر رکھی جائے۔

۱۹۔ سورج، چاند، ستارے عملیات میں کچھ مددگار ثابت نہیں ہوتے اور نہ اوقات کی پابندی ضروری ہے۔ جب دل متوجہ ہو عمل کرے یا نقش وتعویذ لکھے۔ انشاء اللہ تعالےٰ پورا پورا فائدہ حاصل ہوگا۔

۲۰۔ شریعت اسلامیہ کے خلاف کوئی کام نہ کرے۔ اگر کرے گا تو دنیا میں ذلیل اور آخرت میں تباہ وبرباد ہوگا۔

۲۱۔ تعویذ یا نقش کا معاوضہ لینا جائز ہے۔ لیکن متعلقہ شخص کی آمدنی کا لحاظ کرکے لے تو بہتر ہے۔

۲۲۔ حلال روزی کمائے اور حلال روزی کھائے، حرام اور مشتبہ کھانے سے دل انور اور زبان کی تاثیر ختم ہوجاتی ہے۔ لہٰذا اس معاملے میں سخت احتیاط ضروری ہے۔

۲۳۔ جھوٹ بولنے سے پرہیز کرے اس عظیم گناہ کے سبب زبان کا اثر جاتا رہتا ہے اور جھوٹا آدمی کسی پر کلام پڑھ کر دم کرے گا تو فائدہ حاصل نہ ہوگا۔

۲۴۔ جھوٹ، غیبت، حسد، بغض، چغلی، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کی نافرمانی نیز دیگر قلبی، زبانی اور عملی گناہوں سے خود کو بچائے اور اگر گناہ ہوجائے تو فوراً توبہ کرلے۔

۲۵۔ بھاگنے اور فرار ہونے والے کے نقش یا تعویذات جو باندھے گئے ہوں یا دفن کئے گئے ہوں مفرور کے آتے ہی فوراً نکال لیں اور انہیں سمندر، دریا، نہر یا کنوئیں میں پتھر باندھ کر ڈال دیں ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔

۲۶۔ فقہاء نے فرمایا ہے کہ خاوند کے لئے تسخیر کا تعویذ کرانا حرام ہے گو اس فتوے

کی عبارت مطلق ہے مگر قواعد سے اس کی شرح یہ ہے کہ حقوق دو طرح کے ہیں۔ ایک تو وہ حقوق جو شرعاً شوہر پر واجب ہیں اور دوسرے وہ ہیں جو شرعاً واجب نہیں۔ سو جو حقوق واجب نہیں ان میں کسی تعویذ وعمل کے ذریعہ سے اس کو مجبور کرنا یعنی تسخیر کی ایسی تدبیر جس سے وہ مغلوب اور پاگل ہوجائے اور اپنے مصالح کی کچھ خبر نہ رہے یہ غیر واجب پر مجبور کرنا ہے یہ حرام ہے۔ ہاں اگر حقوق واجبہ میں کوتاہی کرتا ہے تو اس کے لئے مجبور کرنا بھی جائز ہے اور چونکہ ان عملیات میں اثر تابع ہوتا ہے قصد کے اس لئے عمل کے وقت غیر واجبہ حقوق حاصل ہونے کا قصد کرنا بھی گناہ ہے اور اثر کا تابع قصد ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ عملیات بھی ایک قسم کا مسمریزم ہے جس سے کسی کے دل اور دماغ پر قابو حاصل کیا جاتا ہے۔ لہٰذا عامل کو اس قسم کے تعویذ دینے میں احتیاط کرنا ضروری ہے اور کسی متقی عالم دین سے مشورہ کرکے نقش یا تعویذ دے تو بہتر ہے۔

۲۷۔ مؤلف کتاب ھٰذا کے والدین مرحومین، جملہ بزرگان دین ومشائخ عظامؒ جن کے عملیات وتعویذات اس کتاب میں درج ہیں ان سب کے لئے اول درود شریف تین مرتبہ الحمد شریف چودہ مرتبہ اور سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ احد آخر تک) تین مرتبہ پھر درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب مرحومین کو بخش دے اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کرے تاکہ پورا پورا انہیں حاصل ہو۔

تنبیہ: جو شخص کسی کو کچھ ثواب ہبہ کرتا ہے تو حق تعالےٰ بمحض احسان مثل اُس ثواب کے اُس کو بھی جس کو اس نے بھیجا ہے عطا فرماتا ہے اور فرستندہ کا اصل ثواب فرستندہ کے واسطے رکھتا ہے

(مکتوب گرامی از حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ بنام مولانا ضیاء الحق

منقول در مکتوبات اکابرین دیوبند ص۵۸)

کاہن[1]، ساحر[2]، جادوگر[3]، رمّال[4]، نجومی[5] کا شرعی حکم

شیخ علی قاریؒ شرح فقہ اکبر میں فرماتے ہیں:

ایک مسئلہ یہ ہے کہ کاہن جو غیب کی خبریں دیتا ہے۔ اس کی تصدیق کرنا کفر ہے کیونکہ ارشاد خداوندی ہے:

"کہہ دیجئے کہ نہیں جانتے غیب جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں سوائے اللہ کے"

اور آنحضرتؐ کا ارشاد ہے کہ "جو شخص کاہن کے پاس گیا پس اس کی بات کی تصدیق کی تو اس نے کفر کیا اس کے ساتھ جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کیا گیا ہے"

"اور کاہن وہ شخص ہے جو آئندہ زمانے کے واقعات کی خبر دیتا ہے اور مکان کے اسرار کی معرفت کا مدعی ہو کہا گیا ہے کہ کاہن ساحر ہے۔ اور نجومی جب آئندہ واقعات کے علم کا دعویٰ کرے تو وہ بھی کاہن کے مثل ہے اور اسی حکم میں رمّال داخل ہے" قونوی کہتے ہیں کہ حدیث کاہن، قیافہ شناس اور نجومی سب کو شامل ہے، اس لئے نجومی، رمّال اور اس نوعیت کے دوسرے لوگ مثلاً کنکریاں پھینک کر حساب لگانے والے کی پیروی جائز نہیں ان لوگوں کو جو اجرت دی جاتی ہے وہ بالاجماع حرام ہے جیسا کہ بغوی اور قاضی عیاض وغیرہ نے نقل کیا ہے اور انبیاء علیہم السلام کے بعد اس شخص کی پیروی بھی جائز نہیں جو مدعی الہام بن کر الہامات کے ذریعہ خبریں دیتا ہو اور نہ اس شخص کی پیروی جائز ہے جو حروف ابجد کے علم کا مدعی ہو کیونکہ یہ بھی کاہن کے حکم میں ہے۔

(شرح فقہ اکبر ص ۱۸۲، ۱۸۳)

---

[1] جنوں سے دریافت کرکے غیب کی خبریں بتانے والا [2] جادوگر۔ جادو، ٹونہ، افسوں اور عمل کرنے والا [3] جادو کرنے والا [4] علم رمل کا ماہر، جوتشی، نجومی۔ [5] علم نجوم کا ماہر، جوتشی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فہرست مضامین

آسان عملیات و تعویذات جلد ہشتم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۱) برائے شناخت (پہچان) مرض

مرد یا عورت کا چوبیس گھنٹے پہنا ہوا کرتہ یا قمیض جس کے نیچے کوئی دوسرا کپڑا نہ پہنا ہو (عورت کرتہ کے نیچے شمیض، باڈی یا انگیہ نہ پہنے ہو، صرف کرتہ ہو کرتے کے اوپر جو چاہے پہنے اس کے نیچے نہ پہنے۔ اس کرتے کو بالشت سے ناپ کر نشان لگادے۔ پھر اس کپڑے پر مندرجہ ذیل عزیمت (قرآنی آیات) پڑھ کر اس کرتے پر دم کرے (یعنی ہر بار پڑھ کر کرتے پر پھونک مارے) پھر اس کرتے کو پندرہ بیس منٹ تک رکھا رہنے دے۔ اس کے بعد اس کو دوبارہ بالشت سے ناپے۔

اگر کپڑا ایک انگل گھٹے (چھوٹا ہوجائے) یا بڑھے (بڑا ہوجائے) تو جان لے کہ اس مریض پر اثر ہمزاد کا ہے۔ اور اگر دو انگل گھٹے یا بڑھے تو اثر شیطان ہے۔ تین یا چار انگل بڑھے یا گھٹے تو اثر سحر جادو کا ہے۔ اسی کے مطابق علاج کرے۔ اگر کپڑا پہلے ناپ کے مطابق برابر ہے تو مرض بدن ہے اور علاج حکیم یا ڈاکٹر سے کرائے۔ کیونکہ مرض بدن کا علاج معالج جسمانی ہی کرسکتا ہے۔ البتہ سورۂ فاتحہ پچیس ۲۵ مرتبہ اول و آخر درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے مریض کو پلائے تو انشاءاللہ تعالیٰ صحت ہوگی۔ عزیمت یہ ہے:-

۱۔ سورۃ فاتحہ تین ۳ بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ سورہ فاتحہ یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العٰلمین ۝ الرحمٰن الرحیم ۝

مٰلک یوم الدین ۝ ایاک نعبد وایاک نستعین ۝

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ
غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

۲۔ آیۃ الکرسی تین بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ آیۃ الکرسی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ
لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ
اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ
بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔــوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

۳۔ سورۃ الصّٰفّٰت شروع سے لے کر من طین لازب تک ایک
بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ سورۃ الصّٰفّٰت کی آیتیں یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالصّٰۗفّٰتِ صَفًّا ۝ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۝
اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا
وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَاۗءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِۨ الْكَوَاكِبِ ۝
وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى
وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝
اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝ فَاسْتَفْتِهِمْ
اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ۭ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ
طِيْنٍ لَّازِبٍ ۝

۴۔ سورۃ جن شروع سے لے کر شططا تک ایک بار پڑھ کر کپڑے

پر دم کرے۔ سورۃ جن کی آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا
قُرْاٰنًا عَجَبًا ۝ يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ۭ وَلَنْ نُّشْرِكَ
بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّ
لَا وَلَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۝

۵۔ سورۃ اخلاص۔ آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ڏ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝
وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

۶۔ سورۃ فلق۔ آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ سورۃ
فلق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ
غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ
شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

۷۔ سورۃ الناس۔ آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ الناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ○ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ○ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ○

۸۔ سورۂ اعراف پارہ ۹ کی آیت ذیل ایک بار پڑھ کر دم کرے سورۂ اعراف کی آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ لَّآ اَمْلِکُ لِنَفْسِیْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰہُ ؕ وَلَوْ کُنْتُ اَعْلَمُ الْغَیْبَ لَاسْتَکْثَرْتُ مِنَ الْخَیْرِ ۚ وَمَا مَسَّنِیَ السُّوْٓءُ ۚ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِیْرٌ وَّبَشِیْرٌ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ○

(۲) مرض۔ آسیب۔ سحر۔ جن۔ معلوم کرنیکا طریقہ

مریض کا ایسا کپڑا لے جس میں اس نے رات گذاری ہو۔ پہلے اس کپڑے کو گز یا بالشت سے ناپ لے اس کپڑے پر نشان لگا دے پھر مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر دم کر کے کپڑے کو رکھ دے۔ ذرا دیر کے بعد پھر کپڑے کو ناپے۔ اگر کپڑا بڑھ جائے بیماری شیاطین کے اثر سے ہے اور اگر کپڑا گھٹ جائے بیماری جن یا سحر جادو کے سبب سے ہے اور اگر کپڑا سابقہ ناپ کے مطابق برابر رہا تو مرض جسمانی ہے۔ وہ عزیمت یہ ہے

۱۔ سورۂ فاتحہ (الحمد شریف) آخر تک تین مرتبہ مع بسم اللہ الرحمن الرحیم
۲۔ والصافات سے لے کر لفظ "لازب" تک (سورۃ الصّٰفّٰت) ایک بار
۳۔ سورۂ جن۔ شروع سے لے کر لفظ "شططا" تک (سورۂ جن) ایک بار
۴۔ قل اعوذ برب الفلق آخر تک ایک بار
۵۔ قل اعوذ برب الناس آخر تک ایک بار

(۳) مریض کا حال معلوم کرنا

اگر مریض کا حال معلوم کرنا چاہے تو مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر مریض پر دم کرے اگر مرض بڑھ جاوے۔ آسیب ہے۔ اگر کم ہو جائے تو جادو ہے اور اگر بدستور مرض رہے تو بیماری ہے۔

عزیمت یہ ہے۔

① الحمد شریف (پوری سورۂ فاتحہ) سات مرتبہ
② آیۃ الکرسی ———— سات مرتبہ
③ سورۂ کافرون (قل یآ ایھا الکافرون آخر تک) سات مرتبہ
④ سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ احد آخر تک) سات مرتبہ
⑤ سورۂ الفلق (قل اعوذ برب الفلق آخر تک) سات مرتبہ
⑥ سورۂ الناس (قل اعوذ برب الناس آخر تک) سات مرتبہ

(۴) مرض معلوم کرنے کا طریقہ

مریض کے پاؤں کے ناخن سے سر کے بالوں تک ایک ڈورا (دھاگا) ناپ کر سات مرتبہ سورۂ مزمل (پ ۲۹) پوری سورت پڑھ کر اس دھاگے پر دم کردیں اور سورۂ مزمل کے اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ اور اس دھاگے سے مریض کا قد ناپیں اگر بڑھ جائے اور دھاگا چھوٹا رہ جائے شیاطین کے اثر سے بیماری ہے اور قد گھٹ جائے اور دھاگا بڑھ جائے تو سحر ہے یا جن کے اثر سے مرض ہے اور اگر دھاگا قد کے برابر ہے تو مرض جسمانی ہے ڈاکٹر یا حکیم سے علاج کرائے۔

استخارہ کی ترکیب

جب کوئی سخت مشکل پیش آئے یا شادی یا سفر یا کوئی کام کرے تو
بے استخارہ کئے نہ کرے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ:۔
"اللہ تعالےٰ سے اپنے کاموں میں اصلاح نہ لینا بدبختی اور کم نصیبی
کی بات ہے"
جس کام کو استخارہ کرکے کیا جائے گا تو انشاء اللہ تعالےٰ اس میں ضرور کامیابی
ہو گی اور پریشانی نہ اُٹھانی پڑے گی۔ استخارہ کی چند آسان اور زود اثر
ترکیبیں لکھی جاتی ہیں جن پر آسانی سے عمل کر سکے کرے۔

(۱)

استخارہ کی نیت کرکے دو رکعت نماز نفل بعد نماز عشاء کے پڑھے۔
اس کے بعد خوب دل لگا کر یہ دعا تین مرتبہ پڑھے۔ (اگر زبانی یاد ہو تو بہتر
ہے ورنہ دیکھ کر پڑھ لے) دعاء یہ ہے:۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَأَسْتَقْدِرُكَ
بِقُدْرَتِكَ وَأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَإِنَّكَ تَقْدِرُ
وَلَا أَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ وَأَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ۔
اَللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ
وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ أَمْرِیْ فَاقْدُرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ
وَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ
وَعَاقِبَةِ أَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدُرْ
لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ أَرْضِنِیْ بِهٖ۔

دعا پڑھتے وقت جب هٰذَا الْاَمْرُ کے الفاظ پر پہنچے تو اس کام
کو دھیان میں (تصور میں سوچے) لائے جس کام کے لئے استخارہ کیا ہے۔
اس سے فارغ ہونے کے بعد پاک صاف اور ستھرے بستر پر قبلہ
کی طرف منہ کرکے باوضو سو جائے (اس طرح کہ سر شمال کی طرف ہو اور پاؤں
جنوب کی طرف اور دائیں کروٹ قبلہ کی طرف منہ کرکے سو جائے سونے کے
بعد کروٹ بدل جائے تو کوئی حرج نہیں) جب سو کر اُٹھے اس وقت جو
بات دل میں مضبوطی سے آئے وہی بہتر ہے اسی کام کو کرنا چاہیئے۔ اگر ایک
دن میں کچھ معلوم نہ ہو اور دل میں خلجان اور تردد (شک وشبہ) باقی رہے
تو پھر دوسری رات اسی طرح کرے انشاء اللہ العزیز سات روز کے اندر
اندر اُس کام کی بھلائی یا برائی (یعنی کام کرنے کا جذبہ یا نہ کرنے کی طرف
طبیعت کا میلان ہوگا اگر کام کرنے کا جذبہ شدید ہے تو کام کرے اور اگر
شک وشبہ ہے تو نہ کرے) معلوم ہو جائے گی۔
ف:۔ یہ دعا جس کا نام دعاء الاستخارہ ہے۔ مختلف لفظوں کے ساتھ حدیث
شریف میں آئی ہے جس کو جو دعا یاد ہو پڑھے۔

(۲)

جب استخارہ کرنا ہو تو بعد نماز عشاء سب سے پہلے پاک کپڑے پہنے۔
پھر وضو کرے اور قبلہ کی طرف منہ کرکے سیدھی (داہنی) کروٹ لیٹ جائے
اور مندرجہ ذیل سورتیں حسب ترتیب ذیل پڑھے۔

(۱) سورۃ الشمس سات مرتبہ (۷ دفعہ) پارہ ۳۰۔ سورۃ والشمس یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ۝۱ وَالْقَمَرِ إِذَا تَلٰهَا ۝۲ وَالنَّهَارِ إِذَا

جَلّٰهَا ۝۳ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰهَا ۝۴ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا ۝۵ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰهَا ۝۶ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ۝۷ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰهَا ۝۸ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا ۝۹ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا ۝۱۰ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰهَآ ۝۱۱ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰهَا ۝۱۲ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ۝۱۳ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰهَا ۝۱۴ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۝۱۵

(۲) سورۃ اللیل سات مرتبہ (۷ دفعہ) پارہ ۳۰

سورۃ اللیل یہ ہے:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۝۱ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۝۲ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰۤى ۝۳ اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ۝۴ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ۝۵ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۝۶ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ۝۷ وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ۝۸ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۝۹ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ۝۱۰ وَمَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗۤ اِذَا تَرَدّٰى ۝۱۱ اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ۝۱۲ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى ۝۱۳ فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى ۝۱۴ لَا يَصْلٰىهَاۤ اِلَّا الْاَشْقَى ۝۱۵ الَّذِيْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝۱۶ وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ۝۱۷ الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى ۝۱۸ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰۤى ۝۱۹ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ۝۲۰ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ۝۲۱

(۳) سورۃ الاخلاص سات مرتبہ (سات دفعہ) پارہ ۳۰

سورۃ الاخلاص یہ ہے:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝۱ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝۲ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝۳

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝۴

(۴) سورۃ التین سات مرتبہ (۷ دفعہ)

سورۃ التین یہ ہے:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۝۱ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۝۲ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۝۳ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْۤ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۝۴ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۝۵ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝۶ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۝۷ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝۸

مندرجہ بالا سب سورتیں پڑھنے کے بعد عاجزی سے کہے:-

"اے میرے اللہ! مجھے میرے خواب میں وہ چیز دکھا دے اور میرے اس حال میں کشادگی فرما دے اور میں اپنی دعا قبول ہونے کا حال معلوم کرلوں اور اس کام کے سرانجام ہونے کی تدبیر میرے دل میں ڈال دے"۔

انشاء اللہ العزیز اسی رات کو معلوم ہو جائے گا ورنہ اسی طرح دوسری رات کو عمل کر کے سوئے اگر مطلب حاصل ہو جائے ٹھیک ہے ورنہ اسی طرح تیسری رات کو بھی کرے۔ ساتویں رات تک انشاء اللہ تعالیٰ حل کھل جائے گا اور ساتویں رات سے آگے نہ بڑھے گا۔

(۳)

سب سے آسان استخارہ یہ ہے کہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کی رات کو برابر عشاء کی نماز کے بعد سب کاموں سے فارغ ہو کر بسم اللہ

الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِؕ تین ۳ سو مرتبہ پڑھ کر سورۂ اَلَمْ نَشْرَحْ معہ بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ (پوری سورت) پارہ ۳۰ - ستر مرتبہ پڑھے۔ سورۂ اَلَمْ نَشْرَحْ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ﴿﴾

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ﴿۱﴾ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ﴿۲﴾ الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ﴿۳﴾ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ﴿۴﴾ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ﴿۵﴾ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ﴿۶﴾ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ﴿۷﴾ وَاِلٰی رَبِّكَ فَارْغَبْ ﴿۸﴾

اور اپنے منہ اور سینہ پر دم کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے کہ:-

"فلاں کام میں جو ہونے والا ہے وہ مجھ کو خواب میں یا غنودگی میں کسی آواز دینے والے کی آواز سے معلوم کرادے"۔

اس کے بعد یہ درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھے:-

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمٍ لَّكَ۔

انشاءاللہ تعالیٰ تینوں راتوں میں سے کسی ایک رات میں مقصد حاصل ہو جائیگا۔

(۴)

پاک کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر باوضو اس نقش کو لکھ کر (اگر لکھنا نہ جانتا ہو تو کسی پڑھے لکھے آدمی سے لکھوائے نقش لکھنے والا باوضو ہو) سر کے نیچے رکھ کر سو رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ خواب میں ہر بات کا جواب ملے گا۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

۸	۱۱	۸۸۳	۱
۸۸۲	۲	۷	۱۲
۳	۸۸۵	۹	۶
۱۰	۵	۴	۸۸۴

حصار کی ترکیب

بڑا اہم چلّہ کرتے وقت یا جنّات کے علاج کے وقت حصار کرنا ضروری ہے۔ حصار کی آسان ترکیب یہ ہے۔ مندرجہ ذیل سورتیں حسب ذیل ترتیب سے پڑھیں:-

(۱) آیۃ الکرسی (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳)

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

(۲) سورۂ کافرون (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۂ کافرون یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ○ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ○ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ○ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ○ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ○ لَكُمْ دِیْنُكُمْ وَلِیَ دِیْنِ ○

(۳) سورۂ اخلاص (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

(۴) سورۂ فلق (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۂ فلق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

(۵) سورۂ ناس (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ پارہ ۳۰

سورۂ ناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

مندرجہ بالا سورتیں پڑھ کر اپنے چاروں طرف پھونکے اور جسم پر دم کرے اور چاقو پر دم کرکے چاقو سے اپنے چاروں طرف خط (لائن) کھینچے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

عملیات وتعویذات خاندان شاہ ولی اللہ محدث دہلوی

عامل کے لئے دستور العمل

عامل کو علاوہ فرض غسل کے جمعہ اور عیدین اور عرفہ کا غسل مسنون بھی معمول رکھنا چاہئے اور غسل اس ترکیب سے کرے کہ پہلے دونوں ہاتھ گٹوں تک دھوئے پھر بدن سے نجاست حقیقی دور کرے اور آبدست کے وقت کشادہ بیٹھے پھر وضو کرے اور پھر سر کے بالوں کی جڑیں تر کرے اور تین دفعہ تمام بدن پر پانی بہائے کوئی جگہ بال بھر بھی باقی نہ رہے ورنہ غسل نہ ہوگا اور غسل کی نیت کرنا اور غرارہ کرنا اور ناک میں ہڈی تک پانی پہنچانا ضروری ہے۔

عامل علاوہ فرائض وواجبات وسنت مؤکدہ کے جن کا کرنا اور برتنا معمولی ہے کچھ طاعات وعبادات زائد از قسم نوافل وغیرہ کے اور کچھ ایسے اوراد ووظائف لسانیہ جو صفائی قلب وحصول مطالب وعملیات کے لئے ممد ومعاون ہوں اختیار کرے جیسے نماز تہجد چار رکعت چھ رکعت یا آٹھ رکعت اور تین وتر پڑھے۔

اسی طرح دو رکعت اشراق کی طلوع آفتاب کے بعد پڑھی جاتی ہیں۔ اور چار رکعتیں صلوٰۃ الضحیٰ (چاشت) جو بہت دن چڑھے پڑھی جاتی ہیں۔ اور چار رکعتیں صلوٰۃ الزوال کی جو سورج ڈھل جانے پر پڑھی جاتی ہیں۔ اور چھ رکعتیں صلوٰۃ الاوابین جو بعد مغرب کے پڑھی جاتی ہیں اور نماز استسقاء، نماز کسوف اور نماز خسوف اور نفل کے روزوں میں عرفہ کا ایک روزہ اور عاشورہ کے دو روزے اور عید کے چھ روزے اور تین روزے ایام بیض کے

ہر مہینے میں سوائے رمضان شریف کے اور تلاوت قرآن شریف
کی ہر دن اس انداز سے کرے کہ ایک ختم چالیس دن میں پورا ہو۔
اور اوراد اور دُعاؤں سے وہ دعائیں اور ورد جو صبح کو یا شام کو
سوتے وقت صحیح حدیثوں میں آئی ہیں اختیار کرے، عامل کو
چاہئے کہ جب کوئی سخت مشکل پیش آئے یا شادی یا سفر یا کوئی
کام کرے تو بے استخارہ نہ کرے۔

عامل کو چاہئے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے ننانوے نام ہمیشہ
پڑھتا رہے اور ان کا ورد رکھے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا کہ ان کا ورد رکھنے والا بہشت میں داخل ہوگا۔

عامل کو چاہئے کہ یَا عَزِیْزُ کو اکتالیس مرتبہ یا چھیانوے
مرتبہ پڑھ کر ہر روز صبح کو اپنے منہ پر دم کر لیا کرے کیونکہ حفظ آبرو
وحرمت کے واسطے یہ عمل بے نظیر ہے۔

عامل کو چاہئے کہ جب کوئی عمل جلالی یا جمالی پڑھے یا کوئی
سے بھاگ گیا یا کوئی جانور بھاگ گیا تو سورۃ والضحیٰ (پ۳۰)
مکمل کثرت سے پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ چیز، یا آدمی یا
جانور واپس اپنے گھر آجائے گا۔

بچھو یا سانپ کو پکڑنا۔ ان کا زہر اثر نہ کرنا

(از حافظ عبد الخالق صاحب زرگرؒ)

اول سورۂ قُلْ یٰۤاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ۔ کی زکوٰۃ ادا کرے۔
وہ اس طرح کہ رمضان المبارک کی پہلی تاریخ یعنی پہلے روزے
کو بعد نماز عشاء سے شروع کرے۔ اول گیارہ بار درود ابراہیمی
پڑھے۔ اس کے بعد سورۂ قُلْ یٰۤاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ مکمل ایک سو (۱۰۰)
ایک بار پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف ابراہیمی پڑھے
اسی طرح روزانہ پڑھا کرے ناغہ نہ کرے اور مسلسل اکتالیس (۴۱)

دن کرے۔

زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد روزانہ اکیس[۲۱] مرتبہ سورۃ قُلْ یٰاَیُّھَا الْکَافِرُوْنَ مکمل پڑھ لیا کرے۔ ناغہ نہ کرے۔

عامل اگر زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد سانپ پکڑنا چاہے تو اول وآخر تین[۳] تین بار درود شریف ابراہیمی اور درمیان میں گیارہ[۱۱] بار سورۃ قُلْ یٰاَیُّھَا الْکَافِرُوْنَ پڑھ کر سانپ کو پکڑ لے۔ پھر اگر اس سانپ کو اپنے پاس رکھنا چاہے اور خوراک کھلا سکے تو اپنے پاس رکھ لے ورنہ چھوڑ دے۔ سانپ کو مارے ہرگز نہیں۔ اگر سانپ ڈس بھی لے گا تو زہر کا اثر نہ ہوگا۔ اگر اس سورۃ شریف (قُلْ یٰاَیُّھَا الْکَافِرُوْنَ) کا تعویذ جس کو لکھ کر دے دے اس کو کبھی سانپ نہ ڈسے گا۔ جب تک یہ تعویذ اس کے پاس رہے۔ یہ ہر سانپ (کھیرا، سیاہ، مشکی، پدم، کھنٹر وغیرہ) کے لئے کارآمد ہے۔ اگر سانپ کو کسی مصلحت کے تحت مارنا پڑ جائے تو خود نہ مارے بلکہ کسی دوسرے شخص سے کہہ دے وہ سانپ کو مار دے۔

سانپ کے ڈسنے کی جگہ پر تعویذ باندھے اور دم بھی کرے۔ پانی پڑھ کر دم کر کے مریض کو پلائے۔ اور سو دو سو میل دور سانپ کے کاٹے ہوئے مریض پر پڑھ کر دم کرنے کے لئے اس طرف منہ کر کے پھونک مار دے انشاءاللہ تعالیٰ مریض سانپ کے زہر سے محفوظ ہو جائے گا۔ یہ بہت عمدہ عمل ہے۔ بچھو کے کاٹے کا بھی یہی عمل ہے۔

سورۃ قُلْ یٰاَیُّھَا الْکَافِرُوْنَ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ ۙ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۭ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

سُوْرَۃُ الْکٰفِرُوْنَ کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹۴۵	۹۴۰	۹۴۷
۹۴۶	۹۴۴	۹۴۲
۹۴۱	۹۴۸	۹۴۳

ہر قسم کی مشکلات کے حل کے لئے

کیسی ہی بڑی سے بڑی مصیبت ہو جو شخص اکتالیس[۴۱] بار سورۃ یٰسین شریف برابر پڑھتا رہے گا انشاءاللہ تعالیٰ جلد از جلد مصیبت سے نجات حاصل ہوگی۔

برائے دفع آسیب وسحر کے لئے

دفع آسیب وسحر کے لئے یہ بہت مفید عمل ہے اور اس کے ذریعے سے آسیب دفع ہو جاتا ہے اور سحر سے نجات حاصل ہوتی ہے۔ عمل یہ ہے۔

ایک مرتبہ سورۃ یٰسین شریف اس طرح پڑھے کہ جب مبین

کا لفظ آئے تو گیارہ بار سورۃ اخلاص (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ
مکمل) پڑھے اور ایک بار قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ آخر تک
اور ایک بار قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ آخر تک پڑھے اور اول
و آخر اس عمل کے سات سات بار درود شریف پڑھے اور سرسوں
کے تیل پر دم کر کے مریض کے تمام بدن پر مالش کریں سر سے
لے کر پاؤں تک کوئی جگہ جسم کی خالی نہ رہے پاک حالت میں
لگائیں۔ تیل لگانے کے ایک گھنٹہ بعد چاہیں تو غسل کر لیں ورنہ
کوئی حرج نہیں۔ اگر اس پر ایک سو بار قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ
مکمل اور ایک سو بار قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مکمل مزید پڑھ کر
دم کر دیں تو بہت بہتر ہے۔ اکیس (۲۱) دن تک مسلسل بلا ناغہ
ایک وقت مقررہ پر مالش کریں۔ اور یہی عمل پڑھ کر پانی پر دم
کر کے مریض کو پلائیں۔ سوا دو کلو سرسوں بازار سے خرید کر اپنے
سامنے تیل نکلوائیں تاکہ صحیح سرسوں کا تیل حاصل ہو۔

برائے کامیابی مقدمہ

(از مولانا حسین علیؒ واں بھچراں میانوالی)

اگر کوئی شخص مقدمہ میں پھنس گیا ہو تو بعد نماز عشاء دو رکعت
نماز نفل ادا کرے اور سات بار دعائے حزب البحر پڑھے۔ یہ عمل سات
روز تک مسلسل اور پابندی کے ساتھ کرے انشاء اللہ تعالیٰ مقدمہ
میں فتح ہی فتح ہوگی۔

تنبیہ: خود پڑھے یا اسکی جگہ کوئی دوسرا پڑھے۔

عملیات و تعویذات

(حضرت اقدس مولانا عبد اللہ بہلوی رحمۃ اللہ علیہ)

دشمنوں کے شر اور فتنہ سے حفاظت کے لئے اور مقدمہ میں کامیابی

جس شخص کو دشمن ستاتے ہیں، بلاوجہ مقدمہ بازی کرتے ہیں اور
طرح طرح کے الزامات لگا کر بدنام کرتے ہیں ایسے دشمنوں سے
حفاظت کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ اس عمل کی برکت سے
انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ناکام رہے گا اس کا ہر منصوبہ ناکام ہوگا۔ وہ
عمل یہ ہے۔

اول درود شریف گیارہ بار پھر ایک سو ایک (۱۰۱) بار سورۃ
لایلاف قریش (مکمل) پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر عاجزی
اور نیازمندی کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا کرے اور جب تک دشمن کا
شر باقی رہے اس عمل کو کرتا رہے۔ بعد نماز عشاء یہ عمل کرے تو
بہتر ہے ورنہ جس وقت فرصت ہو کرے۔

ہر مشکل کے حل کے لئے اور دشمنوں کے شر و فتنہ کے خاتمہ کے لئے اور مقدمہ میں کامیابی

جو شخص دشمنوں میں گھرا ہو اور دشمن اسے ستاتے ہوں یا
کوئی ایسی مشکل آگئی ہو جس کا حل دور دور نظر نہ آتا ہو دل

پریشان رہتا ہو۔ دماغ کام نہ کرتا ہو ایسی صورت میں مندرجہ
ذیل عمل ہر مشکل سے نجات دلائے گا اور دشمنوں کے شر و فتنہ کا
خاتمہ کر دے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ وہ عمل یہ ہے۔

بعد نماز عشاء اول گیارہ بار درود شریف پھر تین سو (۳۰۰) بار
یہ آیت پڑھے۔ وہ آیت یہ ہے۔

اِنَّمَآ اَشْکُوْا بَثِّیْ وَحُزْنِیْٓ اِلَی اللّٰہِ

پھر پانچ سو پچھتر (۵۷۵) بار پڑھے

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ

اس کے بعد ایک سو ایک (۱۰۱) بار سورۂ لایلاف قریش
(مکمل) پڑھے سورۂ لایلاف قریش یہ ہے۔

سُوْرَۃُ قُرَیْشٍ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ۝ اٖلٰفِہِمْ رِحْلَۃَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ ۝
فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ ہٰذَا الْبَیْتِ ۝ الَّذِیْٓ اَطْعَمَہُمْ مِّنْ
جُوْعٍ ۵ وَّاٰمَنَہُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے
گڑگڑا کر دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بڑی سے بڑی مشکل
حل ہوگی اور دشمنوں کا شر و فتنہ ختم ہوگا۔ اگر مقدمہ
بازی ہو رہی ہے تو مقدمہ میں بھی انشاء اللہ تعالیٰ
کامیابی ہوگی یا مقدمہ کرنے والا خود راضی نامہ
کرلے گا۔

دل کا غنا اور مال و دولت حاصل ہو

روزانہ اول و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان
میں دو سو (۲۰۰) بار سورۂ اخلاص مکمل (قل ھو اللہ احد آخر
تک) پڑھے اس کے بعد دو سو (۲۰۰) بار یہ کلمات پڑھے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ

اگر ان کلمات کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل مکمل (پ ۲۹) پڑھ
لے تو اور زیادہ مالا مال ہوگا اور اکتالیس (۴۱) مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے
تو بہت زیادہ ترقی ہو۔

ہر تکلیف و بیماری سے نجات اور حاجت پوری ہونے کے لئے

(از مولانا سلیم اللہ صاحب تلمیذ حضرت درخواستی رح)

یہ عمل ہر تکلیف اور بیماری سے نجات حاصل کرنے اور ہر قسم کی
حاجت پوری ہونے کے لئے مجرب اور زود اثر ہے۔

ہر قسم کی پریشانی، بیماری اور بیماری سے نجات کے لئے صبح
کی نماز کے بعد معمولات اور تلاوت سے فارغ ہونے کے بعد اول
و آخر تین تین (۳-۳) مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰہُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا
مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

اور درمیان میں کم از کم سات بار اور زیادہ سے زیادہ ایک سو (۱۰۰)
بار یہ کلمات پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ

صحت کاملہ وعاجلہ حاصل ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

یَاغِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَّ مُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ وَّ مُوْنِسِیْ عِنْدَ کُلِّ وَحْشَۃٍ وَّ مَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَّ رَجَآئِیْ حِیْنَ تَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ۔

بہتر یہ ہے کہ ایک سو (۱۰۰) بار پڑھے۔

اگر قرض دار ہے یا مفلس ونادار ہے تو تنگدستی دور ہونے اور روزی کے فراخ ہونے کی نیت کر کے پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ غربت دور ہوگی اور مال دار ہوجائے گا، اگر کسی مصیبت میں گرفتار ہے تو اس کے دور ہونے کی نیت سے پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مصیبت سے نجات حاصل ہوگی۔

استخارہ

دعائے استخارہ کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے دعائے خیر کرتا رہے۔ استخارہ کرنے کے بعد ندامت نہیں اور یہ مشورہ کرنا نہیں ہے مشورہ تو دوستوں سے ہوتا ہے۔ استخارہ سنت ہے۔ اس کی دعا مشہور ہے اس کے پڑھ لینے سے سات روز کے اندر اندر قلب میں ایک رجحان پیدا ہوجاتا ہے اور یہ خواب میں کچھ نظر آنا یا یہ قلبی رجحان حجت شرعیہ نہیں ہیں کہ ضرور ایسا ہی کرنا پڑے۔ اور یہ جو دوسروں سے استخارہ کرایا کرتے ہیں یہ کچھ نہیں ہے۔ (چھوٹا سا استخارہ یہ ہے)

نماز عشاء کے بعد یا رات کو سوتے وقت گیارہ مرتبہ یہ

کلمات پڑھ لیا کرے اور یہ حدیث میں آیا ہے۔ کلمات یہ ہیں:

اَللّٰھُمَّ خِرْ لِیْ وَاخْتَرْ لِیْ

کم از کم دنوں میں معلوم ہوجائے تو بہتر ہے ورنہ سات روز کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قلب میں اس کام کے کرنے کے جذبات شدت سے پیدا ہوں گے۔

حسب مرضی جگہ شادی کے لئے

اگر کسی لڑکی سے شادی کرنا چاہتا ہے اور لڑکی والے بلاوجہ انکار کرتے ہیں حالانکہ جوڑ بھی صحیح لڑکا شکل وصورت اور ملازمت کاروبار میں ٹھیک ہے تو اس کے لئے یہ عمل کرے۔

عشاء کی نماز کے بعد جب سب لوگ سوجائیں تو دو۲ رکعت نماز نفل ادا کرے اور تشہد کی ہیئت (شکل) میں قبلہ کی طرف کر کے بیٹھے اور حضور دل سے مندرجہ ذیل کلمات چارسو پچاس (۴۵۰) مرتبہ پڑھے اور اپنے مطلوب، کا تصور کرے جب یہ تعداد پوری کرلے تو سات مرتبہ حزب البحر (دعائے حزب البحر) پڑھے۔ اسی طرح روزانہ کرتا رہے انشاءاللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔

مشکلات کے حل کے لئے ختم خواجگان

اگر ملکی حالات یا گھریلو حالات درست نہ ہوں یا ہر وقت جان ومال کے ضیاع کا خوف رہتا ہو تو ایسی صورت میں کسی بھی

وقت چند آدمی مل کر یا اکیلا آدمی ختم خواجگان کرلے بحکم
خدا مشکلات سے نجات حاصل ہو گی۔ ظالم کا ظلم ختم ہو جائے گا۔
اس کا طریقہ یہ ہے

اول دس مرتبہ درود شریف۔ پھر تین سو ساٹھ (۳۶۰) بار
لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَأَ مِنَ
اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ۔

اس کے بعد تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ اَلَمْ نَشْرَحْ۔
سورۃ الم نشرح یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۙ
الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۗ
فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۙ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۗ فَاِذَا
فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۧ

اس کے بعد تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ
لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَأَ مِنَ
اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ۔
آخر میں پھر دس بار درود شریف۔

برائے حب

اگر کوئی شخص کسی جگہ شادی کا طالب ہو باوجود ہر اعتبار سے
لڑکا صحیح ہونے کے نہ دیتے ہوں تو اس کے لئے بعد نماز عصر

خالی مکان میں جس میں کوئی نہ ہو قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے اور
مسلسل اور بلا تعداد مغرب کی اذان تک پڑھتا رہے اس کے بعد
یہ دعا مانگے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ عصر کی نماز کے بعد کسی سے بات
نہ کرے بلکہ خاموشی سے اپنی جگہ جاکر پڑھنا شروع کر دے۔
بدھ، جمعرات اور جمعہ تین ۳ دن مسلسل بلاناغہ عمل کرنا ہے۔ وہ
کلمات جو بعد عصر پڑھنے ہیں یہ ہیں

يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ

اس کے بعد یہ دعا مانگنی ہے۔
اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ اِلٰى فُلَانَةَ بِنْتِ فُلَانَةَ (یہاں لڑکی
اور اس کی ماں کا نام لے) حَتّٰى يَأْتِيَ اِلَىَّ خَاضِعًا ذَلِيْلًا
مِنْ غَيْرِ مُهْلَةٍ وَشَغِلْهُ بِمَحَبَّتِيْ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ
شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔
اگر لڑکی عمل کر رہی ہے لڑکے کے لئے تو فلاں بن فلاں (یہاں
لڑکے کا اور اس کے باپ کا نام لے)

عملیات وتعویذات

(حضرت حافظ الحدیث مولانا محمد عبد اللہ درخواستی رحمۃ اللہ علیہ)

علم میں اضافہ اور ترقی اور علم کے حصول میں جملہ رکاوٹیں ختم

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ علم میں بڑی ڈگریاں حاصل کرے اور علم میں ترقی واضافہ ہو اور ہر قسم کی رکاوٹیں چاہے مالی ہوں یا دماغی ختم ہو جائیں تو چاہیئے کہ مندرجہ ذیل عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ علم میں ترقی کرے گا اور جملہ رکاوٹیں ختم ہوں گی۔ وہ عمل یہ ہے۔

ہر فرض نماز کے بعد درود شریف تین مرتبہ پڑھے۔ پھر یہ آیت تین مرتبہ پڑھے۔

سُبۡحٰنَكَ لَا عِلۡمَ لَنَاۤ اِلَّا مَا عَلَّمۡتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَلِيۡمُ الۡحَكِيۡمُ ۝

اس کے بعد گیارہ مرتبہ یہ کلمات پڑھے

رَبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا ۝

پھر آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔

ہر تکلیف، بیماری اور حاجت نیز دشمن کے شر سے حفاظت کے لئے

یہ عمل ہر تکلیف اور بیماری سے نجات دیتا ہے۔ جملہ حاجتوں کے پورا ہونے کا ذریعہ ہے اور دشمنوں کے شر و فتنہ اور ایذاء و تکلیف سے نجات دلاتا ہے۔ غرضیکہ جس ضرورت اور حاجت کے لئے یہ عمل کیا جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔ وہ عمل

یہ ہے۔

نماز فجر کے بعد اپنے معمولات (تلاوت قرآن مجید، درود و وظائف و نماز اشراق) سے فارغ ہونے کے بعد اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں اور درمیان میں کم از کم سات (۷) بار یا زیادہ سے زیادہ ایک سو (۱۰۰) بار یہ کلمات پڑھیں اور اپنے اوپر دم کریں۔

قادریہ سلسلہ کا درود شریف یہ ہے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الۡاُمِّیِّ وَ اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَ بَارِکۡ وَسَلِّمۡ۔

وہ کلمات یہ ہیں

یَا غِیَاثِیۡ عِنۡدَ کُلِّ کُرۡبَۃٍ وَ مُجِیۡبِیۡ عِنۡدَ کُلِّ دَعۡوَۃٍ وَ مُوۡنِسِیۡ عِنۡدَ کُلِّ وَحۡشَۃٍ وَ مَعَاذِیۡ عِنۡدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَ رَجَائِیۡ حِیۡنَ تَنۡقَطِعُ حِیۡلَتِیۡ۔

تنبیہ: تمام عملیات و اوراد میں نیت محض رضاء خداوندی کر لے اس کی برکت سے مقاصد دینی و دنیاوی حاصل ہوں گے

ہر قسم کے دشمن، موذی جانور سے حفاظت اور ہر ناگہانی مصیبت سے بچاؤ کے لئے

اگر کوئی آدمی دشمنوں کے نرغے میں پھنس جائے۔ یا موذی جانور سے واسطہ پڑ جائے یا کوئی ناگہانی مصیبت آجائے تو فوراً ان کلمات کا ورد شروع کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے نقصان سے

محفوظ رہے گا۔ اور ہر نماز کے بعد ایک سو بار پڑھ لیا کرے تو بحکم خدا ہر نقصان و مصیبت سے بچا رہے گا اور اسے کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اَغِثْنِیْ یَا رَحْمٰنُ

چوری گیا ہوا مال یا غائب اور بھاگے ہوئے کی واپسی

اگر کوئی شخص بھاگ جائے یا غائب ہو جائے یا مال چوری ہو جائے اس کی واپسی کے لئے یہ آیت پندرہ ہزار مرتبہ پڑھیں۔ اور ایک تسبیح پڑھنے کے بعد جس مقصد کے لئے دعا کرنی ہو اس مقصد کے حصول کے لئے دعا کریں مثلاً مال کی بازیابی کی دعا یا کھوئے ہوئے آدمی یا غائب ہونے والے جانور کی دوبارہ آنے کے لئے دعا کرے۔ وہ آیت یہ ہے۔

رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝

برائے درد گردہ و پیشاب کی رکاوٹ ختم

ان آیات شریفہ کو باوضو کالی کچی روشنائی سے یا عرق گلاب میں زعفران کو حل کر کے لکھے اور پانی میں گھول کر مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد گردہ سے نجات حاصل ہو گی اور پیشاب کا بند کھل جائے گا۔ بہت مجرب ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى

لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝

وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۙ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ۙ
وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۙ

میاں بیوی میں محبت کے لئے

(از حضرت مولانا محمد عبداللہ درخواستیؒ و مولانا عبدالخالق صاحبؒ)

اگر میاں بیوی میں اختلاف رہتا ہو اور بات بات پر لڑائی ہوتی ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش دو عدد باوضو لکھے اور موم جامہ کرے اور تعویذ پر عطر و خوشبو لگائے یا اسے لوبان کی دھونی دے۔ مرد اپنے داہنے بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ عورت اگر باندھنا چاہے تو گلے میں ڈال لے۔ یہ نقش صرف میاں بیوی کی محبت کے لئے ہے ناجائز محبت کے لئے کام نہیں کرے گا۔ دوسرا نقش لپیٹ کر دو پاک پتھروں کے درمیان دبا دے یا چوکھٹ کے اوپر کے حصہ میں لگا دے۔ نقش یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۷۸۶ فَسَیَکْفِیْکَہُمُ اللّٰہُ وَہُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝

یُحِبُّوْنَہُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ ط یَا غَفَّارُ ۱	وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ یَا رَحِیْمُ ۱۴	وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ ۃ یَا کَرِیْمُ ۱۱	اِنَّہٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ ۃ یَا وَدُوْدُ ۸
اِنَّہٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ ۃ یَا وَدُوْدُ ۱۲	وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ ۃ یَا کَرِیْمُ ۷	وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ یَا رَحِیْمُ ۲	یُحِبُّوْنَہُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ ط یَا لَطِیْفُ ۱۳
وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ یَا لَطِیْفُ ۶	یُحِبُّوْنَہُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ یَا رَحْمٰنُ ۹	اِنَّہٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ ۃ یَا رَحِیْمُ ۱۶	وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ ۃ یَا رَحْمٰنُ ۳
وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ ۃ یَا رَحْمٰنُ ۱۵	اِنَّہٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ یَا اَللّٰہُ ۴	یُحِبُّوْنَہُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ ط یَا کَرِیْمُ ۵	وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ یَا رَحِیْمُ ۱۰

اَللّٰہُمَّ سَخِّرْ قَلْبَ فلاں بن فلاں عَلٰی حُبِّ فلانۃ بنت فلانۃ بِحَقِّ وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْہِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِہِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰہُمْ فَہُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ۝

ف: پہلے فلاں کی جگہ پر مرد اور اس کے والد کا نام لکھے اور دوسرے فلانہ کی جگہ پر عورت اور اسکی ماں کا نام لکھے۔ اگر عورت یہ چاہتی ہے کہ میاں لڑائی جھگڑا نہ کرے تو پہلے عورت اور اس کی ماں کا نام لکھے اور بعد میں مرد اور اس کے باپ کا نام لکھے۔

تسخیر خلائق، مہربانی و سرخروئی اور رزق میں ترقی کے لئے

(از شاہ اہل اللہ صاحبؒ)

لوگوں کی تسخیر، لوگوں کی مہربانی اور ان کی نگاہ میں عزت

والا بننے اور رزق میں برکت اور ترقی کے لئے اسم یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ کا نقش لکھے۔ حَیُّ کے عدد ۱۸ اور قَیُّوْمُ کے ۱۵۶ ہیں دونوں کے کل عدد ملا کر ۱۷۴ ہوئے۔

یہ نقش جمعہ کے دن طلوع آفتاب (سورج نکلنے) کے وقت لکھا جاتا ہے لیکن شرط یہ ہے کہ چاند کی گیارہ تاریخ کو جمعہ ہو یا بارہ تاریخ کو جمعہ اگر گیارہ یا بارہ تاریخ چاند کا جمعہ نہیں ہے تو نہیں لکھا جائے گا۔

یہ نقش لکھنے والا ہمیشہ روزانہ بوقت طلوع آفتاب ایک سو چوہتر بار (۱۷۴) یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ کا ورد جاری رکھے (یعنی روزانہ بلاناغہ پڑھتا رہے) نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۶	۴۹	۴۶	۴۳
۴۷	۴۲	۳۷	۴۸
۴۱	۴۴	۵۱	۳۸
۵۰	۳۹	۴۰	۴۵

حسب پسند جگہ شادی

(از مولانا نور محمد صاحبؒ)

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ فلاں جگہ رشتہ ہو یا لڑکی یہ چاہتی ہے کہ فلاں جگہ رشتہ ہو تو مندرجہ ذیل نقش عرق گلاب میں زعفران کو حل کر کے باوضو لکھے۔ اور دو پاک پتھروں کے درمیان

اس طرح تعویذ کو رکھے کہ پتھر کا وزن تعویذ پر ہو۔ پتھر کم از کم دو کلو وزنی ہو اس سے کم نہ ہو اگر زیادہ وزن کا ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔ پتھر پاک زمین پر رکھے کسی تخت، چوکی وغیرہ پر نہ رکھے یہ نقش نوچندی پیر (سوموار کے دن) سورج نکلنے سے قبل رکھے۔ کنجی عدد لکھ کر رکھ لے پھر جس کو دے اس کا نام مع ولدیت اور مطلوبہ (عورت) کا نام مع نام والدہ نقش کے نیچے لکھ دے۔ اس نقش کا ھدیہ -/۱۳۴ روپے (ایک سو چونتیس روپے) وصول کرے بلا ھدیہ کسی کو نہ دے اس نقش کی خانہ پُری اس طرح کرے کہ پہلے وہ چار خانے لکھے جس پر ۱ لکھا ہے پھر ۲ کے چار خانے پُر کرے۔ اسی ترتیب سے آٹھوں خانے پُر کرے نقش کے نیچے مرد اور اس کے والد کا نام الحب لکھے پھر مطلوبہ (عورت) کا نام اور اسکی والدہ کا نام لکھے۔ صرف جائز مقصد کے لئے کام کرے گا ناجائز کے لئے کامیاب نہ ہوگا۔ یہ نقش طالب (چاہنے والا) اپنے تکیہ کے نیچے بھی رکھ سکتا ہے۔ مجرب ہے۔ نقش یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۳	ولم	یولد	ولم	یکن
۵	هو	الله	احد	الله
۷	یولد	ولم	یکن	له
۱	قل	هو	الله	احد
۶	الصمد	لم	یلد	ولم
۴	له	کفوا	احد	قل
۲	الله	الصمد	لم	یلد
۸		کفوا	احد	

فلان بن فلان علی حب فلانة بنت فلانة

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

ہر مقصد میں کامیابی اور ہر پریشانی سے نجات کے لئے ختم شریف حضرت محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا کرے۔ پڑھنے والے طاق ہوں یعنی ایک[۱]، تین[۳]، پانچ[۵]، سات، نو[۹]، گیارہ[۱۱]، تیرہ[۱۳]، پندرہ[۱۵] کے حساب سے ہوں جوڑا یعنی دو[۲]، چار[۴]، چھ[۶] کے حساب سے نہ ہوں۔

اول پانچ سو بار (۵۰۰) درود شریف پڑھیں، پھر پانچ سو (۵۰۰) بار حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ آخر میں پھر پانچ سو (۵۰۰) بار درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب اس طرح حضرت محبوب سبحانیؒ کی روح کو بخشے۔ یعنی یہ کہے۔

اے اللہ۔ جو پڑھا گیا ہے اس کو قبول فرما اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل میں حضرت محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو اس کا ثواب پہنچے۔

اس کے بعد حل مقصد، اپنی حاجت، اپنی پریشانی سے نجات کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ دعا ضرور قبول ہوگی اور ہر پریشانی سے نجات حاصل ہوگی۔ عمل مجرب ہے۔

برائے دفع ظالم دشمن

جس شخص پر کوئی ظالم ظلم کرتا ہو اور طرح طرح سے نقصان

پہنچاتا ہو اور جان سے ختم کرنا چاہتا ہو ایسے ظالم کے دفع ہونے
کے لئے مندرجہ ذیل عمل کرے۔

بروز ہفتہ یا بروز اتوار کسی درخت کے ہرے پتے توڑ کر لائے
اور سات مرتبہ باوضو درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد یہ آیت
سات بار پڑھے پھر سات بار درود شریف پڑھے۔ اور ان پتوں
پر دم کرے اور ان پتوں کو درمیان سے توڑ کر یا کاٹ کر دو
دو ٹکڑوں میں بانٹ لے اس طرح کہ ہر ایک پتے کا ایک حصہ
الگ ہو اور دوسرا حصہ الگ پھر پہلے حصہ کے پتے بغل میں رکھے
اور دوسرے حصہ کے پتے سر کے تکیہ کے نیچے رکھ کر سویا کرے۔ وہ
آیت جو پڑھ کر پتوں پر دم کرنی ہے یہ ہے۔

وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّ اَشَدُّ تَنْكِيْلًا ۝

عرق گلاب میں زعفران حل کرکے (گھول کر) اس سے باوضو یہ تعویذ
لکھے اور لوبان کی دھونی دے کر موم جامہ کرکے سیدھے ہاتھ میں
(بازو پر) باندھ لے یا ٹوپی (کلاہ۔ پگڑی) میں لگالے۔ وہ آیات
یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ يٰمُوْسٰى لَا تَخَفْ قف
اِنِّىْ لَا يَخَافُ لَدَىَّ الْمُرْسَلُوْنَ ۝
يٰمُوْسٰۤى اَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ قف اِنَّكَ مِنَ
الْاٰمِنِيْنَ ۝
لَا تَخَفْ قف نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝
لَا تَخَافَآ اِنَّنِىْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰى ۝

لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۝

نیز جب دشمن کے سامنے جائے یا اس کی شکل نظر آئے تو دس بار
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ پڑھے اور دشمن اور حاکم کی
طرف منہ کرکے پھونک دے انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہوگی اور اگر
مقدمہ ہوگیا ہے تو سورۂ قریش کامیابی اور ختم مقدمہ تک ہر
روز بلاناغہ ایک سو مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھے۔ اس کے بعد
ایک سو بار یہ کلمات پڑھے۔

وَاللّٰهُ هَادِىْ عَلٰى كَرَمِكَ اِعْتِمَادِىْ

انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے مقابلے میں مکمل کامیابی حاصل
ہوگی۔ اور دشمن دفع ہوگا۔

سورۂ قریش یہ ہے۔

سُوْرَةُ قُرَيْشٍ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝
فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِىْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ
جُوْعٍ ۝ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

برائے خرابی و ہلاکت دشمن

اگر کوئی دشمن جان سے مارنا چاہتا ہو یا جائیداد و
مکان پر قبضہ کرکے بیٹھا ہے۔ حق پر غاصبانہ قابض ہے اس
کے لئے یہ عمل مفید ہے۔

شنبہ (ہفتہ) کے دن چاند کی آخری تاریخوں (آخری عشرہ)
میں ان آیات کو باوضو لکھ کر وہ کاغذ ایک شیشی میں رکھے اور
اس شیشی پر درخت کے پتوں کا رس ڈال کر دشمن کے گھر میں وہ
شیشی دفن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن طرح طرح کی آفات
ومصائب میں مبتلا ہو کر خراب، برباد اور ہلاک ہو گا۔

شرط یہ ہے کہ بلاوجہ کسی پر ظلم نہ کرے اور یہ عمل کرنے سے
قبل کسی نیک اور متقی عالم دین سے مشورہ کر لے۔ ورنہ زیادتی
کرنے پر خود نقصان اٹھائے گا۔

آیات یہ ہیں۔

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ۝ إِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ۝
الَّتِي لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ ۝ وَثَمُودَ الَّذِينَ
جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ۝ وَفِرْعَوْنَ ذِي الْأَوْتَادِ ۝
الَّذِينَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ ۝ فَأَكْثَرُوا فِيهَا الْفَسَادَ ۝
فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ۝ إِنَّ رَبَّكَ
لَبِالْمِرْصَادِ ۝
فَيَوْمَئِذٍ لَا يُعَذِّبُ عَذَابَهُ أَحَدٌ ۝ وَلَا
يُوثِقُ وَثَاقَهُ أَحَدٌ ۝

عمل برائے دفع جنات

(حضرت مولانا محمد عبد اللہ درخواستی رحمۃ اللہ علیہ)

جس کسی پر جنات کا سایہ ہو یا گھر میں جنات ہوں اور وہ اہل خانہ
کو تنگ کرتے ہوں تو اس کے لئے یہ عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ گھر
سے جنات دفع ہوں گے اور جس شخص پر سایہ ہے وہ صحیح اور تندرست
ہو جائے گا۔ عمل یہ ہے۔

اول درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ پھر سورۃ الفاتحہ سات
بار۔ سورۃ الفاتحہ یہ ہے

سُورَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝
مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ ۝ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ ۝
اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِينَ أَنْعَمْتَ
عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ ۝

سورۃ بقرہ الٓمّٓ سے المفلحون تک سات بار۔ وہ آیات
یہ ہیں۔

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

الٓمّٓ ۝ ذَٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ ۛ فِيهِ ۛ هُدًى
لِّلْمُتَّقِينَ ۝ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيمُونَ
الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ۝ وَالَّذِينَ

يُؤْمِنُونَ بِمَآ أُنْزِلَ إِلَيْكَ وَمَآ أُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ج وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ ۝ أُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ق وَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝

سات بار آیۃ الکرسی۔ آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ج اَلْحَيُّ الْقَيُّومُ ۝ لَا تَأْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ط لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ط مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ إِلَّا بِإِذْنِهٖ ط يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ج وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ إِلَّا بِمَا شَآءَ ج وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ ج وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ج وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ لَآ إِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قف قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ج فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ق لَا انْفِصَامَ لَهَا ط وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ إِلَى النُّوْرِ ط وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا أَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ لا يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ إِلَى الظُّلُمٰتِ ط أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ النَّارِ ج هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

سات بار اٰمن الرسول سے آخر تک۔ وہ آیات یہ ہیں۔

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ أُنْزِلَ إِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ط كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ قف

لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ قف وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ق غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ط لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ط رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ إِنْ نَّسِيْنَآ أَوْ أَخْطَأْنَا ج رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ج رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ج وَاعْفُ عَنَّا وقفة وَاغْفِرْ لَنَا وقفة وَارْحَمْنَا وقفة أَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

سات بار أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا سے آخر تک

أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ج لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ج رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا اٰخَرَ لا لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ لا فَإِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ط إِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

سات بار سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ۔ وہ یہ ہے۔

سَلٰمٌ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝

سات بار سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ الخ وہ آیت یہ ہے

سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ۝

سات بار سورۃ حشر کی آخری تین آیتیں۔ وہ یہ ہیں

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ
السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۭ
سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ
الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۭ یُسَبِّحُ لَهٗ
مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝

سات بار یہ کلمات پڑھے

اَیُّهَا الْجَانُّ الْمَارِدُ اُخْرُجْ عَنَّا فَاِنْ لَّمْ تَخْرُجْ
عَنَّا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

یہ تمام آیات وکلمات باوضو پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض پر بھی دم کریں اور باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ مریض سارا دن یہی پڑھا ہوا پانی پیئے۔ سات دن عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ جنات خود بخود جل کر راکھ ہو جائیں گے۔ چھیڑ چھاڑ نہیں کرنی۔ انہی آیات کے عامل سے جنات میدان، گھر چھوڑ کر بھاگ جاتے ہیں۔

نیز جس گھر میں جنات کا دخل ہو اس گھر میں روز ایک وقت مقررہ پر سورۂ بقرہ بلند آواز سے پڑھی جائے۔ اکتالیس دن۔ انشاء اللہ تعالیٰ جنات اس گھر سے چلے جائیں گے۔

یہ نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں باندھ دیا جائے۔ یہ نقش حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ کا تعلیم فرمودہ ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۱۵۶۷	۲۱۵۶۲	۲۱۵۶۹
۲۱۵۶۸	۲۱۵۶۶	۲۱۵۶۴
۲۱۵۶۳	۲۱۵۷۰	۲۱۵۶۵

تمام جسمانی امراض کا علاج اور گناہوں سے چھٹکارہ

بارش یا چشمہ کا پانی لے (اگر نہ ملے تو کنویں، دریا، نہر کا پانی لے لے) اس پر ستر (۷۰) بار سورۂ فاتحہ مکمل۔ ستر (۷۰) بار آیۃ الکرسی۔ ستر (۷۰) بار سورۂ اخلاص مکمل۔ ستر (۷۰) بار قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ مکمل۔ ستر (۷۰) بار قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مکمل پڑھ کر دم کرے۔

اس پانی کے پینے سے انشاء اللہ تعالیٰ تمام جسمانی امراض دور ہو جائیں گے۔ تمام امراض رگوں، پٹھوں، گوشت پوست اور ہڈیوں سے نکل جائیں گے۔ اور اگر کوئی شخص زنا عیاشی، شراب نوشی، بدنظری میں مبتلا ہو اس پانی کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ گناہوں سے ہٹ کر نیک نمازی اور عبادت گزار بن جائے گا۔ اگر کسی پکے اور نیک نمازی سے پڑھوا کر پیئے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ پکا نمازی بن جائے گا بڑا روحانی پر تاثیر عمل ہے۔

—

برائے تسخیر و حب و رضا مندی

مرغی کے چار انڈے لے کر سورۂ فیل (پ۳۰) کو اس پر روشنائی
سے باوضو لکھے اور ان چاروں انڈوں کو تالاب یا چشمے یا کنوئیں
کے چاروں کونوں میں رکھ دے۔
جو لوگ اس تالاب یا چشمے یا کنوئیں کا پانی پئیں گے وہ سب
اس شخص کے مطیع اور فرمانبردار ہوں گے۔
تنبیہ: یہ عمل تبلیغ کرنے والے یا دین کی نشر و اشاعت
کرنے والوں کے لئے بہت مفید ہے۔

فوطہ بڑھنے اور آنت اترنے کے لئے

اگر کسی کا فوطہ بڑھ گیا ہو یا آنت اترنے کا مرض پیدا ہو گیا
ہو تو ایک روپے کا سکہ لے کر اس میں سنار سے کندہ لگوائیں اور
آیت قنعب (پ۴ ع۷) سات بار باوضو پڑھ کر اس پر دم کر کے
ناف پر باندھ لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مرض سے افاقہ ہوگا۔
تنبیہ، ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ سے وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ بِذَاتِ
الصُّدُوْرِ تک پڑھے۔

چوری، جلنے، ڈوبنے سے حفاظت

کسی چیز کو چوری، جلنے اور ڈوبنے سے محفوظ رکھنے کے لئے
اصحاف کہف کا نقش بہت مجرب ہے اسی طرح بچوں کے اغواء

جلنے اور ڈوبنے سے حفاظت کے لئے یہ نقش باوضو لکھیں اور موم
جامہ کر کے بچہ کے گلے میں پہنا دیں (ڈال دیں) انشاء اللہ تعالیٰ
بچہ ہر طرح محفوظ رہے گا۔ نقش اصحاب کہف یہ ہے۔

۷۸۶

۱۴	۷	۱۲
۹	۱۱	۱۳
۱۰	۱۵	۸

سحر جادو سے نجات کے لئے

اگر کسی پر سحر یا جادو کا اثر ہو اور اس کی طبیعت خراب رہتی
ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے
مریض کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ سحر و جادو کے اثر سے
نجات حاصل ہوگی وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

۵۲۵۴	۵۲۴۹	۵۲۵۶
۵۲۵۵	۵۲۵۳	۵۲۵۱
۵۲۵۰	۵۲۵۷	۵۲۵۲

اپنے مقصد میں کامیابی اور ترقی رزق کے لئے

اگر کوئی شخص قدم قدم پر ناکام ہوتا ہو یا رزق کے معاملے
میں پریشان رہتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے

اور موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے انشاءاللہ تعالیٰ ہر مقصد میں کامیاب ہوگا اور رزق میں ترقی ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۴۶	۸۴۹	۸۵۲	۸۳۹
۸۵۱	۸۴۰	۸۴۵	۸۵۰
۸۴۱	۸۵۴	۸۴۷	۸۴۴
۸۴۸	۸۴۳	۸۴۲	۸۵۳

بانجھ عورت کے بچہ ہونے کے لئے

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور شادی کو کافی عرصہ گزرنے کے باوجود اولاد سے محروم ہے تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں ڈالے انشاءاللہ تعالیٰ صاحب اولاد ہو جائے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲ ۱

۸ ۹

۷ ۶

۳ ۴

برائے علاج چیچک و خسرہ

اگر کسی بچہ یا بڑے کو چیچک یا خسرہ کا مرض لپٹ گیا ہو تو اس کے لئے سات عدد ثابت چاول (چاول ٹوٹے ہوئے نہ ہوں) لے کر ہر ایک چاول پر سات بار سورۂ کوثر پڑھے سورۂ کوثر کے اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے۔ اسی طرح روزانہ پڑھ پڑھ کر تین دن تک کچے چاول کھلائے انشاءاللہ تعالیٰ صحت حاصل ہوگی۔

درود شریف اور سورۂ کوثر یہ ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

سورہ کوثر یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝

جنات وشیاطین کے گھر میں پتھر پھینکنے سے نجات

اگر کسی گھر میں جنات وشیاطین پتھر پھینکتے ہوں تو اس کے لئے باوضو اصحاب کہف کے نام ایک کاغذ پر لکھے اور دروازے کے بالکل سامنے والی دیوار پر اور باہر کے دروازے کے اوپر چسپاں کر دے (لگا دے) انشاء اللہ تعالیٰ پتھر آنے بند ہو جائیں گے اصحاب کہف کے نام یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِلٰهِی بِحُرْمَةِ یَمْلِیْخَا۔ مَکْسَلْمِیْنَا۔ کَشْفُوْطَطْ۔ تَبْیُوْنَسْ۔ آذَرْ فَطْیُوْنَسْ۔ کَشَا فَطْیُوْنَسْ۔ یُوَانَسْ بُوْسْ۔ وَکَلْبُھُمْ قِطْمِیْرٌ وَعَلَی اللّٰہِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَمِنْھَا جَآئِرٌ۔

نظر کی کمزوری دور کرنے کے لئے

اگر کسی کی نگاہ کمزور ہو اور کم دکھائی دیتا ہو تو اس کے لئے ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ یہ آیت پڑھ کر انگلیوں کے پوروں پر دم کر کے آنکھوں پر لگا لے انشاء اللہ تعالیٰ بینائی تیز ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَآءَکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ۔

ہر قسم کے درد سے نجات

ریحانی درد یا اعصابی یا کسی دوسری قسم کا سب قسم کے دردوں سے نجات کے لئے ایک سو بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر درد کی جگہ دم کریں یا مریض کے ہاتھ پر دم کر دیں وہ مقام درد پر پھیر لے۔ تین دن تک مسلسل بلا ناغہ دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد سے نجات حاصل ہو گی۔

مردہ شخص کو خواب میں دیکھنا

اگر کوئی شخص انتقال کر گیا ہو اور اس کا عزیز قریب اسے خواب میں دیکھنے اور بات کرنے کی آرزو رکھتا ہو تو جمعہ کی رات (جمعرات کے بعد والی اور جمعہ کے دن سے پہلے آنے والی رات) میں سورۃ التکاثر (پ ۳۰) ایک سو تیرہ مرتبہ باوضو پڑھے اور دائیں کروٹ سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مردہ خواب میں دکھائی دے گا اور بات چیت بھی کرے گا۔ یہ عمل مجرب ہے۔

سورۃ تکاثر یہ ہے۔

سُوْرَۃُ التَّکَاثُرِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُ ۙ حَتّٰی زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۗ کَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ ثُمَّ کَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۗ کَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْیَقِیْنِ ۗ لَتَرَوُنَّ الْجَحِیْمَ ۙ ثُمَّ لَتَرَوُنَّھَا

عَيْنَ الْيَقِيْنِ ۙ ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ۠

جنّات اینٹ پتھر پھینکتے ہوں

جس مکان پر جنّات اینٹ پتھر پھینکتے ہوں۔ اس کی روک تھام کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر روزانہ اس گھر میں جلائے۔ جب تک اینٹ پتھر آنے بند نہ ہوں برابر جلاتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ جنّات اینٹ پتھر پھینکنا بند کردیں گے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۴	۷	۹	۴
۱	۱۲	۶	۱۵
۸	۱۳	۳	۱۰
۱۱	۲	۱۶	۵

درد کمر (پیٹھ کا درد) درد پہلو اور درد بازو

اگر کسی شخص کی کمر میں یا پہلو میں یا بازوؤں میں سخت درد ہو اور چین نہ پڑتا ہو تو سورۂ مزمل (پ ۲۹) تین بار باوضو پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء حاصل ہوگی اور درد ختم ہو جائے گا۔

حافظہ اور یادداشت کو مضبوط بنانا

اگر کسی بچے کی یادداشت کمزور ہو اور وہ پڑھ کر بھول جاتا ہو

تو اس کے لئے تازہ روٹی پکا کر اس پر باوضو سات بار "یا اللہ" لکھیں اور صبح سویرے نہار منہ (صبح اٹھنے کے بعد کچھ نہ کھایا ہو اسی صورت میں) اس کند ذہن بچہ کو کھلادیں انشاء اللہ تعالیٰ ذہن مضبوط اور قوت حافظہ بہت قابل رشک ہو جائے گی۔ یہ عمل سات دن یا گیارہ۱۱ دن یا اکیس۲۱ دن تک کرے۔

برائے یرقان (پیلیہ)

اگر کسی کو پیلیہ (یرقان) ہو جائے جس میں آنکھوں کا رنگ پیلا ہو جاتا ہے اور مریض کا جگر کام نہیں کرتا ایسے مریض کے لئے اول و آخر باوضو گیارہ۱۱ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک سو ایک۱۰۱ بار یہ آیت پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو روزانہ پلائے انشاء اللہ تعالیٰ پیلیہ سے نجات حاصل ہوگی۔ آیت کے ساتھ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بھی پڑھے۔ وہ آیت یہ ہے۔

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۔

نیز کلونجی پر بھی دم کر کے شہد میں وہ کلونجی پیس کر ملائے اور مریض کو روزانہ کھلائے۔

آدھے سر کا درد

جس شخص کے آدھے سر میں درد ہو (آدھا سیسی) وہ

مندرجہ ذیل طلسم باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے مریض کی پیشانی (ماتھے) پر باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آدھاسیسی کے درد سے شفاء حاصل ہوگی۔ مجرب ہے۔ طلسم یہ ہے۔

۷۸۶

سردی سے آنے والا بخار

اگر کسی بچہ یا بڑے کو سردی سے بخار آتا ہے تو باوضو مندرجہ ذیل نقش لکھے اور بخار سے قبل کالے کپڑے میں لپیٹ کر مریض کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ بخار نہیں آئے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

ناف ٹلنے یا ناف میں درد سے نجات

مندرجہ ذیل نقش ناف جگہ سے ہٹ جائے یا پیٹ میں درد

رہتا ہو یا ناف میں درد ہو سب کے لئے مفید ہے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھیں اور موم جامہ کر کے ناف پر باندھیں کہ ناف سے اِدھر اُدھر نہ ہو۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۶۶۲	۵۶۷۶	۵۶۷۲	۵۶۶۹
۵۶۷۳	۵۶۶۸	۵۶۶۳	۵۶۷۵
۵۶۶۷	۵۶۷۰	۵۶۷۸	۵۶۶۴
۵۶۷۷	۵۶۶۵	۵۶۶۶	۵۶۷۱

بچہ کی جلد پیدائش کے لئے

اگر کسی عورت کے بچہ پیدا ہونے کا وقت قریب ہو تو مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور سفید کپڑے میں لپیٹ کر ناف کے اوپر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ درد دور ہوگا اور فوراً بچہ پیدا ہوگا۔ بچہ پیدا ہوتے ہی نقش کو فوراً کھول کر علیحدہ کر دے ورنہ آنتیں باہر آنے کا خطرہ ہے لہٰذا احتاط کو دے بے پرواہ کو نہ دے کہ جان کے لالے پڑ جائیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

کھیت سے یا گھر سے چوہے بھگانا

چوہوں کو بھگانے کے لئے چار کورے مٹکوں کی ٹھیکری لے (ایسا مٹکا جس کو پانی نہ لگا ہو) اور ان پر باوضو یہ نقش لکھے اور ان ٹھیکریوں کو گھر یا کھیت کے چاروں کونوں میں دفن کر دے انشاء اللہ تعالیٰ چوہے بھاگ جائیں گے اور اس کھیت یا مکان میں پھر نہ آئیں گے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

مرغی کے انڈہ دینے کے لئے

اگر کسی کی مرغی انڈہ نہ دیتی ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل طلسم باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے مرغی کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی انڈہ دینے لگے گی۔ طلسم یہ ہے۔

۷۸۶

سف	سف
سف	سف

استحاضہ کا خون بند کرنا

اگر کسی عورت کو ماہواری کے ایام سے زیادہ دن خون جاری رہے تو اس کو بند کرنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھیں اور موم جامہ کر کے کمر میں باندھیں اور چند نقش اور لکھیں اور باوضو گھول کر مریضہ کو پلائیں۔ تعویذ گھولنے والا باوضو ہو پینے والے کے لئے غسل یا وضو ضروری نہیں ہے۔ وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

ض	ب	ا	ق
ق	ا	ب	ض
ب	ض	ق	ا
ا	ق	ض	ب

دو افراد کے درمیان جدائی

اگر ناجائز دوستی کو ختم کرنا ضروری ہو یا دو دشمنوں میں نفاق ڈالنا مصلحتاً ہو تاکہ دشمنی سے باز آجائیں تو اس کے لئے عامل زوال کے وقت غسل کرے (زوال کا وقت وہ ہے جب سورج عین سر کے اوپر ہو اور انسان کا سایہ قدموں پر پڑے۔ اس کے بعد سورج مغرب کی سمت آگے بڑھ جائے تو اس وقت کو زوال کا وقت کہتے ہیں یہ موسم کے اعتبار سے بدلتا رہتا ہے) اور تہبند باندھے پھر دو رکعت نماز نفل پڑھ کر اول و آخر سات سات

بار درود شریف پڑھے اور ایک سو ایک (۱۰۱) نمک کی کنکریاں (نمک کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے) لے اور ہر کنکری پر نیچے لکھی ہوئی آیت پڑھ کر پھونکے اور اس کنکری کو کوئلہ کی آگ پر ڈالتا جائے۔ تین (۳) دن تک یہ عمل کرے۔ جن دو آدمیوں کے درمیان جدائی منظور ہو ان کا نام اور والدہ کا نام بھی ساتھ ساتھ لیتا جائے اور اگر ایک مرد اور ایک عورت ہو تو عورت اور اس کی والدہ کا نام لے۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَاَلْقَیْنَا بَیْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ؕ

تنبیہ: صرف جائز مقصد کے لئے کرے ناجائز مقصد کے لئے یا کسی کو ستانے کے لئے کرے گا یا گھر والوں کو باہم لڑانے کے لئے کرے گا تو خود بھی ذلیل و خوار ہوگا۔ اور دنیا و آخرت دونوں میں رسوا ہوگا۔

مکان کو آسیب، جن، سحر اور جادو سے محفوظ کرنا

اگر کوئی شخص مکان کو آسیب، جن، سحر اور جادو کے اثرات سے محفوظ کرنا چاہتا ہے تو اس کے لئے لوہے کی چار (۴) میخ لے (بڑی کیل جس کو لوہار لوہے کو سرخ کر کے ہتھوڑے سے بناتا ہے) اور پہلی میخ پر باوضو سات بار نیچے لکھی ہوئی آیت پڑھ کر پھونک مارے۔ پھر اسی طرح سات بار آیت ذیل پڑھ کر دوسری میخ پر پھونک مارے۔ اسی طرح چاروں کیلوں پر سات سات بار پڑھ کر پھونک مارے (یعنی دم کرے) اور ان میخوں کو مکان

کے چاروں کونوں میں گاڑ دے یا دفن کر دے۔

اسی طرح اگر پلنگ کیلنا ہے تو چھوٹی چار کیل لے کر ان میں سے ہر ایک پر سات سات بار آیت ذیل (نیچے لکھی ہوئی آیت) پڑھ کر پھونک مارے اور ان چاروں کیلوں کو پلنگ کے چاروں پایوں میں گاڑ دے۔

تنبیہ: ان کیلوں کو پانی نہ لگا ہو۔ ورنہ عمل ناکام رہے گا یعنی بازار سے لاکر ان کو دھویا نہ جائے۔ جس حال میں ہوں اسی طرح پڑھ کر دم کریں۔ وہ آیت یہ ہے۔

اِنَّهُمْ یَكِیْدُوْنَ كَیْدًا وَّاَكِیْدُ كَیْدًا ۚ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِیْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَیْدًا ۠

حضرت رسول اکرم محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا خواب میں دیکھنا

اگر کوئی شخص خواب میں رسول اکرم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا مشتاق ہو اور آپ کی زیارت کرنا چاہتا ہو تو رات کو سوتے وقت وضو کرے اور پاک وصاف کپڑے پہنے اور عطر و خوشبو اپنے کپڑوں پر لگائے اور پاک وصاف بستر پر بھی خوشبو چھڑکے اور ایک بار سورۂ مزمل شریف پڑھے اور دائیں کروٹ اس طرح کہ اس کا چہرہ قبلہ کی طرف ہو اور سر شمال کی جانب اور پیر جنوب کی طرف ہوں۔

اسی طرح روزانہ عمل کیا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور بضرور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوگا۔

برائے دریافت خزانہ

اگر کسی کو شبہ ہو کہ گھر میں خزانہ مدفون ہے۔ یا بزرگوں کا خزانہ گھر میں دفن ہے لیکن اس جگہ کا پتہ نہیں ہے۔ تو چاہیئے کہ مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور سفید کپڑے میں باندھ کر سفید مرغ کے گلے میں باندھے اور مرغ کو گھر میں چھوڑ دے مرغ اس جگہ پر جاکر اذان دے گا جہاں خزانہ دفن ہے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۹۷	۹۴	۸
۹۵	۷	۲	۹۶
۶	۹۲	۹۹	۳
۹۸	۴	۵	۹۳

رزق کا دروازہ کھولنا اور مخلوق خدا کی اطاعت

اگر کوئی آدمی معاشرے میں عزت و محبت سے محروم ہو اور دوسری طرف اس کی روزی بھی تنگ ہو تو ایسی صورت میں مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور اس کی بتی بنا کر اس پر روئی لپیٹ کر سرسوں کے تیل میں چنبیلی کا تیل ملا کر کورے چراغ میں بعد نماز عشاء اکیلے کمرے میں جلایا کرے جب تک لوگ مطیع اور فرمانبردار نہ ہوں اور رزق کا سلسلہ قائم نہ ہو برابر جلاتا رہے۔ اس کی برکت سے انشاء اللہ ہر قسم کے لوگ محبت سے پیش آئیں گے اور رزق کا دروازہ

کھل جائے گا۔ اگر کسی خاص شخص کو متوجہ کرنا ہے تو نقش کے نیچے اس شخص کا اور اس کے والد کا نام بھی لکھے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ب	۳۲	۲۲	۱۶
۲۴	۱۴	د	۳۰
۱۲	۱۸	۳۶	و
۳۴	ح	۱۰	۲۰

فلاں بن فلاں علی حب فلاں نام خود و نام والد خود

دھونی برائے دفع جن و دیو و پری

اسم الٰہی "اَلْمُتَکَبِّرُ" سرکنڈے پر باوضو لکھے اور اس میں آگ لگا کر اس کا دھواں مریض کی ناک میں پہنچائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن، بھوت، دیو، پری اور دیگر خبیث دفع ہو گا اور مریض اپنی اصلی حالت میں آ جائے گا۔

ترقی رزق کے لئے

اگر کوئی شخص رزق کی تنگی میں مبتلا ہو اور پریشان ہو اس کے لئے روزانہ ایک وقت مقررہ پر باوضو اسم

یَا مُغْنِیُ

پڑھے۔ اس طرح کہ اول درود شریف گیارہ بار پھر گیارہ سو بار اسم "یا مُغْنِیُ" پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے رزق

میں برکت وترقی کی دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت اور ترقی ہوگی اور جیب خالی نہ رہے گی اگر اس کو ہمیشہ کے لئے اختیار کرے تو رزق کے معاملے میں کبھی پریشان نہ ہو۔

برائے دردزہ (بچہ ہونے کا نقش)

اگر کسی عورت کے بچہ ہونے کا وقت ہو تو جب درد شروع ہوں تو اس وقت اس نقش کو باوضو لکھ کر سفید کپڑے میں لپیٹ کر عورت کی داہنی ران پر باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ جلد پیدا ہوگا اور بحکم خدا تکلیف جلد دور ہوگی۔ لیکن شرط یہ ہے بچہ پیدا ہوتے ہی نقش کھول دے ورنہ آنتیں باہر نکلنے کا ڈر ہے لہذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۵	۵۰۳	۵۰۰	۲

ام الصبیان سے نجات کے لئے

بچوں کو سوکھے کا مرض ہو جاتا ہے اور بچہ سوکھتا چلا جاتا ہے اس کے جسم پر صرف ہڈیاں باقی رہ جاتی ہیں اور گوشت گھل جاتا ہے اس مرض سے نجات کے لئے باوضو اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر اکتالیس بار سورہ مزمل شریف (پ ۲۹) پھر یہ کلمات ایک سو ایک بار پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

اور پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے اور روغن کنجد (تل کا تیل) پر دم کرے اور روزانہ باوضو بچے کے جسم پر مالش کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ جلد صحتیاب ہوگا۔

برائے آسیب و مرض

آسیب زدہ اور مریض کی صحت کے لئے مندرجہ ذیل کلمات تین بار باوضو پڑھ کر مریض پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد صحتیاب ہوگا اور آسیب زدہ کو آسیب سے نجات حاصل ہوگی۔ اس کی ترکیب یہ ہے کہ پہلے تین بار درود شریف پڑھے پھر یہ کلمات تین بار پڑھے۔ آخر میں پھر تین بار درود شریف پڑھ کر مریض پر دم کرے لیکن شرط یہ ہے کہ جب تک آسیب سے نجات حاصل نہ ہو روزانہ صبح وشام یہ عمل کرے اسی طرح مریض پر بھی صبح وشام پڑھ کر دم کرے۔

وہ کلمات یہ ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ کُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، وَاَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ، وَشَرِّ عِبَادِهٖ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنِ۔

برائے نظر بد

اگر کسی بچہ کو بار بار نظر لگتی ہو یا بار بار بیمار ہوتا ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کرکے اس کے گلے میں باندھ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ نظر بد اور بار بار بیمار ہونے سے محفوظ رہے گا وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ کُلِّھَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔
اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِہٖ وَعِقَابِہٖ وَشَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنَ۔

انسان اور جانور سے نظر بد کو دور کرنا

مندرجہ ذیل کلمات باوضو ایک سفید کاغذ پر لکھے اور اس کو پانی میں گھول کر مریض یا جانور کو پلائے یا انہی کلمات کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے جانور یا انسان کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ نظر بد سے نجات حاصل ہوگی۔

لَا بَاْسَ اَذْھِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا یَکْشِفُ الضُّرَّ اِلَّا اَنْتَ۔

کھوئی ہوئی (گم شدہ) کی واپسی

اگر کوئی جانور کھو گیا ہو یا کوئی چیز کہیں رکھ کر بھول گیا ہو یا کوئی سامان گم ہوگیا ہو تو اس کے لئے سب سے پہلے

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

پڑھے پھر اس کو تلاش کرے یا اس کو تلاش کرنے کے دوران برابر پڑھتا رہے تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ جانور یا چیز یا سامان مل جائے گا۔

روزگار میں ترقی

اگر کوئی شخص روزگار کے سلسلہ میں پریشان ہو یا آمدنی میں کمی کی وجہ سے گذارہ مشکل ہوتا ہے تو اس کے لئے مندرجہ ذیل اسم باوضو ایک ہزار ۱۰۸۱ اکیاسی بار بعد نماز عشاء روزانہ پڑھے۔ اول و آخر گیارہ ۱۱ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل بلاناغہ روزانہ وقت مقررہ پر پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ بے روزگار ہے تو روزگار کا انتظام ہو جائے گا اور روزگار میں برکت اور ترقی چاہتا ہے تو وہ بھی حاصل ہوگی۔ وہ اسم یہ ہے۔

یَا بَاسِطُ

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے سورۂ یٰسین کا پڑھنا

ہر مشکل کام کے ہونے اور ہر مقصد میں کامیابی کے لئے سورۂ یٰسین شریف (پ۲۲) بعد نماز فجر یا بعد نماز عشاء مندرجہ ذیل ترکیب سے باوضو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہوگی اور انسان ہر مقصد میں کامیابی حاصل کرے گا۔ ترکیب یہ ہے۔
اول گیارہ ۱۱ بار درود شریف پھر سات ۷ بار سورۂ اخلاص پھر تین ۳ بار سورۂ فاتحہ پھر ایک بار سورہ یٰسین پھر تین ۳ بار سورۂ فاتحہ پھر سات بار سورۂ اخلاص پھر آخر میں گیارہ ۱۱ بار درود شریف

پڑھ کر دعا مانگ لے ۔

تلی بڑھ جائے یا تلی کا مرض پیدا ہو

اگر کسی کی تلی بڑھ جائے یا تلی کا مرض پیدا ہو تو اس سے صحتیابی کے لئے مندرجہ ذیل آیت بمعہ بسم اللہ شریف باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے تلی کی جگہ پہ باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ مرض سے نجات حاصل ہوگی ۔ وہ آیت یہ ہے ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۔

ہر کام و ہر بیماری کے لئے

اگر کوئی کام میں رکاوٹ پیدا ہو گئی ہو یا بیماری نے جڑ پکڑ لی ہو اور صحت حاصل ہونی مشکل دکھائی دیتی ہے تو اس کے لئے باوضو نقش حزب البحر لکھیں اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لیں ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی رکاوٹ دور ہوگی اور بیماری سے صحت حاصل ہوگی ۔ نقش حزب البحر یہ ہے ۔

۷۸۶

۳۵۲۲۸	۳۵۲۳۱	۳۵۲۳۴	۳۵۲۲۱
۳۵۲۳۳	۳۵۲۲۲	۳۵۲۲۷	۳۵۲۳۲
۳۵۲۲۳	۳۵۲۳۶	۳۵۲۲۹	۳۵۲۲۶
۳۵۲۳۰	۳۵۲۲۵	۳۵۲۲۴	۳۵۲۳۵

ہر مشکل کے حل کے لئے

ہر مشکل کے حل کے لئے تمام قرآن مجید کے اعداد کا نقش بہت مجرب ہے ۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل حل ہوگی اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی ۔ نقش یہ ہے ۔

۷۸۶

۸۱۰۵۲۸۶	۸۱۰۵۲۷۹	۸۱۰۵۲۸۴
۸۱۰۵۲۸۱	۸۱۰۵۲۸۳	۸۱۰۵۲۸۵
۸۱۰۵۲۸۲	۸۱۰۵۲۸۷	۸۱۰۵۲۸۰

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

اگر کوئی انسان چاہتا ہے کہ ہر مقصد میں کامیابی ہو تو اس کے لئے باوضو نقش چہل کاف لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی ۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

۳۹۱۱	۳۹۰۴	۳۹۰۹
۳۹۰۶	۳۹۰۸	۳۹۱۰
۳۹۰۷	۳۹۱۲	۳۹۰۵

کان کے درد کے لئے

اگر کسی بچے یا بڑے کے کان میں درد ہو تو مندرجہ ذیل کلمات سات مرتبہ پڑھ کر کان میں پھونک ماریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد دور ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ صِدِّیْقِ اَکْبُرْ اَکْبُرْ اَکْبُرْ مَشُوْ

درد پسلی، درد سینہ اور درد کمر کے لئے

اگر کسی شخص کی پسلی میں درد ہو یا سینہ میں درد ہو یا کمر میں درد ہو تو باوضو درد کی جگہ سات بار انگلی سے یَا اَللّٰہُ بغیر روشنائی (سیاہی) کے لکھے اور یہ عمل دن میں سات بار کرے صبح فجر کے بعد، گیارہ بجے دن، ظہر کے بعد چار بجے دن کے وقت عصر کے بعد مغرب کے بعد اور عشاء کے بعد۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد دور ہوگا۔

نافرمان اولاد کو فرمانبردار بنانا

اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو تو اس کی پیشانی پکڑ کر باوضو ایک ہزار بار مندرجہ ذیل اسم پڑھے اور اس بچہ پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فرمانبردار ہو جائے گا۔

وہ اسم یہ ہے۔

اَلشَّهِیْدُ

دمہ دور ہونے کے لئے

اگر کوئی دمہ کے مرض میں مبتلا ہو اور بلغم بھی آتا ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل طلسم کو باوضو زعفران کو عرق گلاب میں حل کر کے لکھے اور مریض کو چالیس دن تک نہار منہ پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہوگی۔ وہ طلسم یہ ہے۔

ذ ذ

ذ	ذ	ذ
ذ	ذ	ذ

ذ ذ

ذذذذذذ

لڑکیوں کی شادی کے لئے

جس لڑکی کی شادی کا پیغام نہ آتا ہو یا اس کی شادی میں رکاوٹ ہو تو اس کی شادی کے لئے تہجد کی نماز پڑھ کر دعا مانگے اور لڑکی کے دائیں بازو پر یہ تعویذ بندھوا دیں۔ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

۱۳	۹	۵	۱
۳	۷	۱۱	۱۵
۱۰	۱۴	۲	۶
۸	۴	۱۶	۱۲

ح	ا	ت	ف
ف	ت	ا	ح
ا	ح	ف	ت
ت	ف	ح	ا

دلی مقصد میں کامیابی کے لئے

دلی مقصد میں کامیابی کے لئے جمعہ کے دن باوضو بعد نماز
عصر قبلہ کی طرف منہ کرکے نماز مغرب تک (یعنی مغرب کی اذان تک)
برابر پڑھتے رہیں درمیان میں کسی بھی قسم کا کلام نہ کریں۔ وہ
اسماء یہ ہیں۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ

احتلام کو روکنے کے لئے

مندرجہ ذیل نقش سورۃ معارج کا ہے۔ اگر کسی کو احتلام
بہت ہوتا ہو تو اس کو روکنے کے لئے باوضو لکھ کر موم جامہ
کرکے کمر میں باندھ لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ احتلام کے مرض سے
نجات حاصل ہوگی۔

۷۸۶

۱۸۲۷۳	۱۸۳۸۷	۱۸۳۸۴	۱۸۳۸۱
۱۸۳۸۵	۱۸۳۸۰	۱۸۳۷۴	۱۸۳۸۶
۱۸۳۷۹	۱۸۳۸۲	۱۸۳۸۹	۱۸۳۷۵
۱۸۳۸۸	۱۸۳۷۶	۱۸۳۷۸	۱۸۳۸۳

طوفان کو روکنا

سورۃ القریش (پ ۳۰) گیارہ بار اس وقت باوضو پڑھیں

جب طوفان یا آثار طوفان معلوم ہوں انشاء اللہ تعالیٰ
طوفان ٹل جائے گا۔ سورۃ القریش یہ ہے۔

سُوْرَۃُ قُرَیْشٍ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ۙ اٖلٰفِھِمْ رِحْلَۃَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ ۚ
فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ ھٰذَا الْبَیْتِ ۙ الَّذِیْٓ اَطْعَمَھُمْ
مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَھُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۚ

دماغ کی کمزوری دور کرنا

ہر فرض نماز کے بعد سر پہ ہاتھ رکھ کر گیارہ بار یہ اسم پڑھے
تو انشاء اللہ تعالیٰ دماغ کی کمزوری دور ہوگی۔ وہ اسم یہ ہے۔

یَا قَوِیُّ

دشمن کے شر سے حفاظت کے لئے

اگر کسی کا دشمن ستاتا ہو اور تکلیف پہنچاتا ہو تو دشمن کے
دفع ہونے کے لئے اور اس کے شر سے حفاظت کے لئے باوضو
ایک ہزار بار سورۃ تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَھَبٍ وقت مقررہ
پہ پڑھ لیا کرے۔ بعد نماز عشا پڑھے تو بہتر ہے۔

سورۃ اللھب یہ ہے۔

سُوْرَۃُ اللَّھَبِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

تَبَّتْ يَدَآ اَبِیْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۞ مَآ اَغْنٰی عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۞ سَيَصْلٰی نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۞ وَّامْرَاَتُهٗ ؕ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۞ فِیْ جِیْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۞

پسلی کے مرض سے نجات

نیا سفید کپڑا ایک انچ چوڑا (یعنی دو انگل چوڑا) لے وہ کپڑا ایک ہاتھ لمبا ہو۔ سورۂ قدر باوضو سات بار پڑھ کر کپڑے میں ایک گرہ لگائے اور گرہ پر دم کرے اسی طرح سات سات بار پڑھ کر سات گرہ لگائے اور ہر گرہ پر دم کرے اس عمل سے انشاء اللہ تعالیٰ پسلی کے مریض کو صحتیابی حاصل ہوگی۔ سورۂ قدر یہ ہے

سُوْرَةُ الْقَدْرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ ۞ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَیْلَةُ الْقَدْرِ ۞ لَیْلَةُ الْقَدْرِ ۞ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۞ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِیْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۞ سَلٰمٌ هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۞

برائے ام الصبیان (سوکھا کا مرض)

بچہ اس مرض میں سوکھتا چلا جاتا ہے اور صرف ہڈیوں کا ڈھانچہ رہ جاتا ہے۔ ایسی صورت میں مندرجہ ذیل نقش باوضو

زعفران کو عرق گلاب میں حل کر کے لکھیں اور موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ جلد صحتیاب ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

٢١	١٦	٢٣
٢٢	٢٠	١٨
١٧	٢٤	١٩

لڑکی کی شادی کے لئے

اگر کسی کی لڑکی جوان ہوگئی ہو اور اس کا رشتہ نہ آتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور اس نقش کو پانچ کلو وزنی پتھر کے نیچے ایسی جگہ دبائے جہاں سورج اور چاند کی روشنی نہ پہنچتی ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس لڑکی کے رشتے آنے شروع ہو جائیں گے اور جلد ہی شادی ہو جائے گی۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

یا بدوح تبدوحت من البدوح بدوحک یا بدوح

٢١	١٦	٢٣
٢٢	٢٠	١٨
١٧	٢٤	١٩

یا بدوح (نام لڑکی اور اس کی والدہ کا لکھے) کی شادی ہو جائے

شیاطین جنات کا گھر میں پتھر پھینکنا

جس گھر میں شیاطین جنات پتھر پھینکتے ہوں اس کے لئے اصحاب کہف کے نام باوضو لکھ کر گھر کی چاروں دیواروں پر لگا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شیاطین جنات پتھر پھینکنا بند کر دیں گے۔ اصحاف کہف کے نام یہ ہیں۔

اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ یَمْلِیْخَا مَکْسَلْمِیْنَا کَشْفُوْطَطْ آذَرْفَطْیُوْنَسْ کَشَا دَطْیُوْنَسْ تَبْیُوْنَسْ یُوَانِسْ کَبُوْس وَکَلْبُهُمْ قِطْمِیْرُ وَعَلَی اللهِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ۔

لڑکیوں کی شادی کے لئے

اگر کوئی شخص لڑکی کی شادی کے سلسلے میں پریشان ہو تو اسے چاہیئے کہ اسم "یَا لَطِیْفُ" کا نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے لڑکی کے گلے میں ڈال دے اور لڑکے کی شادی کرانی ہو تو اس کے دائیں بازو پر باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد شادی ہو جائے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۶۱	۵۸	۸
۵۹	۷	۲	۶۰
۶	۵۶	۶۳	۳
۶۲	۴	۵	۵۷

قوت مردمی کھولنا

اگر کسی انسان کی قوت مردمی دشمنی سے کسی نے باندھ دی ہو اور وہ بیوی پر قادر نہ ہو سکے اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو لکھ کر کوئلوں کی آگ تیار کرے اور اس میں اس کاغذ کو جلائے اور اس کی دھونی اس انسان کو دی جائے انشاء اللہ تعالیٰ قوت مردمی کھل جائے گی اور انسان بیوی پر قادر ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّآمَّاتِ مِنْ كُلِّ شَیْطَانٍ وَّهَامَّةٍ۔ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔ کشادم مردمی فلاں بن فلاں۔

ہر حاجت پوری ہونے کے لئے

ہر مقصد میں کامیابی اور ہر کام میں رکاوٹ کو دور کرنے کے لئے دعائے سیفی کا یہ نقش بہت مجرب ہے۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے انشاء اللہ تعالیٰ جس کام میں ہاتھ ڈالے گا کامیاب ہو گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۸۵۹۸	۱۲۸۶۱۲	۱۲۸۶۰۹	۱۲۸۶۰۶
۱۲۸۶۱۰	۱۲۸۶۰۵	۱۲۸۵۹۹	۱۲۸۶۱۱
۱۲۸۶۰۴	۱۲۸۶۰۷	۱۲۸۶۱۴	۱۲۸۶۰۰
۱۲۸۶۱۳	۱۲۸۶۰۱	۱۲۸۶۰۳	۱۲۸۶۰۸

ادائے قرض کے لئے

کَلْبُھُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَیْہِ

غیر مسلموں کے لئے تعویذ

بعض مرتبہ غیر مسلم بھی مسلمان عاملوں سے تعویذ طلب کرتے ہیں۔ اس صورت میں ان کو قرآنی آیات کے تعویذات نہیں دیئے جا سکتے ان کے لئے یہ تعویذ ہر کام کے لئے دیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ یہ کلمات ہر بیماری سے صحت کے لئے کافی ہیں۔

اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَالْکُفْرُ بَاطِلٌ۔ اَلْاِسْلَامُ نُوْرٌ وَالْکُفْرُ ظُلْمَۃٌ

پریشانی سے نجات، مقدمہ میں کامیابی اور کاروبار میں ترقی

اگر کوئی شخص چاروں طرف سے پریشانیوں میں گھر گیا ہو اور

مقدمہ میں ماخوذ ہو اور کاروبار نقصان کی طرف جا رہا ہو تو اس کے لئے باوضو نقش ذیل لکھے اور موم جامہ کر کے مرد سیدھے بازو پر اور عورت الٹے بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ تمام پریشانیوں سے نجات حاصل ہوگی۔ مقدمہ میں کامیابی حاصل ہوگی اور کاروبار میں ترقی ہوگی۔ مجرب ہے۔ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۵۹۱۵	۵۹۰۸	۵۹۱۳
۵۹۱۰	۵۹۱۲	۵۹۱۴
۵۹۱۱	۵۹۱۶	۵۹۰۹

ہر دکھ تکلیف اور پریشانی سے نجات

اگر کوئی شخص مختلف دکھوں میں گرفتار ہو اور تکالیف بڑھتی جاتی ہوں اور پریشانی سے نجات ملنی مشکل نظر آتی ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے لوبان کی یا اگربتی کی دھونی دے کر گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا درد اور ہر قسم کی پریشانی سے جلد نجات ملے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۱	۲۶	۳۳
۳۲	۳۰	۲۸
۲۷	۳۴	۲۹

پیچش سے نجات کے لئے

اگر کوئی آدمی پیچش کے مرض میں مبتلا ہو اور پیٹ میں سخت اینٹھن اور شدید درد ہو تو نقش ذیل باوضو لکھ کر مریض کو پلائے۔ اس طرح کہ ایک نقش فجر کی نماز کے بعد پانی میں گھول کر پلا دے نقش کو باوضو گھولے پینے والے کے لئے وضو شرط نہیں ہے۔ دوسرا نقش ظہر کی نماز کے بعد تیسرا نقش عصر کی نماز کے بعد۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیچش اور دستوں سے فوراً نجات حاصل ہوگی۔ وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

ناف قائم رہنے کے لئے

اگر کسی کی ناف بار بار جگہ سے ہٹ جاتی ہو اور پیٹ میں درد رہتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور اس کو موم جامہ کر کے کپڑے میں سی لے اور اس کو کمر میں اس طرح باندھے کہ نقش بالکل ناف پر رہے۔ یہ احتیاط رہے کہ اگر نقش ناف سے ہٹے گا تو ناف بھی اپنی جگہ سے ادھر ہی ہو جائے گی لہٰذا اس کا دھیان رکھنا ہے کہ نقش ناف پر رہے۔ کچھ عرصے

بعد جب ناف پکی ہو جائے اور جگہ پکڑ لے تو پھر انشاء اللہ تعالیٰ نہ ٹلے گی۔ وہ نقش معظم ومکرم یہ ہے۔

۸	۳۲	۳۶	۱
۳۵	۲	۷	۳۳
۳	نام مریض نام والدہ مریض	۳۰	۶
۳۱	۵	۴	۳۷

برائے عداوت

اگر دو شخصوں میں ناجائز محبت ہو اور وہ دونوں مل کر لوگوں کو ستاتے ہوں یا دونوں میں ناجائز تعلقات ہوں تو ان میں عداوت کے لئے یہ نقش بہت مجرب ہے۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر دو پرانی قبروں کے درمیان کسی بوتل یا پلاسٹک کی تھیلی میں بند کر کے دفن کر دے اور چند نقش باوضو لکھ کر کسی ایک فرد کو پانی یا چائے میں گھول کر پلا دے انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میں عداوت ہو جائے گی۔

تنبیہ : یہ صرف جائز مقصد میں کام کرتا ہے۔ اس نقش کو ناجائز مقصد میں استعمال کرے گا یا بلا وجہ لوگوں کو لڑانے میں استعمال کرے گا خود سخت گنہگار ہوگا اور ناکام رہے گا۔ وہ نقش یہ ہے:

(اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۴۳	۴۰	۵۹	۵۶
۶۰	۵۵	۴۴	۳۹
۵۴	۵۷	۴۲	۴۵
۴۱	۴۶	۵۳	۵۸

آسیب وجن کا حاضر کرنا

اگر کسی پر آسیب وجن کا اثر ہو اور اس سے بات کرنی ہو تو دو گلاب کے پھول لے اور تین مرتبہ ایک پھول پر سورۃ الفلق پڑھے پھر تین مرتبہ سورۃ الفلق پڑھ کر دوسرے پھول پر دم کرے اور آسیب زدہ کو سنگھائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ فوراً آسیب حاضر ہو گا اور ہم کلام ہو گا۔ اس سے معلوم کرے عہد لے اور رخصت کر دے۔ سورۃ الفلق یہ ہے

سورۃ الفلق یہ ہے۔ الفلق مکیۃ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

اگر نیند نہ آئے اور ڈر خوف محسوس ہو

اگر کسی شخص کو ڈر خوف محسوس ہو اور رات کو نیند نہ آتی ہو

یا ڈراؤنے خواب نظر آتے ہوں یا بار بار نیند میں جھٹکے لگتے ہوں اور آنکھ کھل جاتی ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل عزیمت باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے انشاءاللہ تعالیٰ رات کو آرام سے سوئے گا اور کوئی ڈر خوف محسوس نہ ہو گا۔ وہ عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِہٖ وَعِقَابِہٖ وَ شَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیٰطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنَ۔ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

آسیب وبدخوابی سے نجات

اگر کسی کو رات کو سوتے وقت ڈراتا ہے یا اس جگہ آسیب کا ٹھکانہ ہے اور وہ گڑبڑ کرتا ہے رات کو سونے نہیں دیتا یا خواب میں سوتے ہوئے ایک دم جھٹکا لگتا ہے اور آنکھ کھل جاتی ہے پھر نیند نہیں آتی یا سوتے میں ڈراؤنے خواب آتے ہیں ایسی صورت میں مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے انشاءاللہ تعالیٰ آسیب کے اثرات سے محفوظ رہے گا اور رات کو آرام سے سوئے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۸	۱۱	۴۹۱۳	۱
۴۹۱۱	۲	۷	۱۲
۳	۴۹۱۴	۹	۶
۱۰	۵	۴	۴۹۱۳

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

یَا حَفِیظُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا نَصِیرُ یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝

بچہ کا ضد کرنا و چلّانا رونا

اگر بچہ بات بات پر ضد کرتا ہو یا ہر وقت چیخ چیخ کر روتا ہو اور کسی صورت چپ ہی نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل طلسم باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے بچہ کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ضد کرنا چھوڑ دے گا اور چلّا چلّا کر رونا بند کردے گا۔ وہ طلسم یہ ہے۔

۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹

ط ط ط ط ط ط ط ط ط

ھی ھی ھی ھی ھی ھی ھی ھی ھی

ڈاڑھ کے درد کے لئے

اگر کسی شخص کے دانت یا ڈاڑھ میں سخت درد ہو اور کسی صورت چین نہ آتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ عمل یہ ہے اس شخص کو نیم کے پیڑ کے پاس کھڑا کرے اور ایک کیل لوہے کی نیم کے درخت میں ٹھوک دے پھر گیارہ مرتبہ نماز والا درود شریف پڑھے اور گیارہ بار سورۃ فاتحہ پڑھے اور ایک بار سورۃ الناس پڑھ کر اس شخص کے چہرے پر دم کرے پھر دریافت کرے اسی طرح ایک ایک بار سورۃ الناس پڑھ پڑھ کر دم کرتا رہے۔ اور مریض سے معلوم کرتا رہے کہ درد ختم ہوا یا نہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد درد سے نجات حاصل ہوگی۔ نماز میں پڑھا جانے والا درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

سورۂ فاتحہ یہ ہے:

سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ
مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۭ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۭ
اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِیْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۙ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّاۗلِّیْنَ ۧ

سورۃ الناس یہ ہے۔

سُوْرَۃُ النَّاسِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِکِ النَّاسِ ۙ اِلٰہِ
النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ڏ الْخَنَّاسِ ۽ الَّذِیْ
یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّۃِ
وَالنَّاسِ ۧ

آسیب وسحر کا علاج

اگر کسی شخص پر آسیب وسحر کا اثر ہو اور وہ گم سُم رہتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش اکتالیس عدد لکھے اور روزانہ ایک نقش پانی میں گھول کر پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ آسیب وسحر کا اثر ختم ہوگا اور مریض جلد صحتیاب ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

۲۵۴

برائے درد ناف

اگر کسی کی ناف جگہ سے ہٹ گئی ہو اور پیٹ میں یا ناف کی جگہ میں شدید درد رہتا ہو تو اس کے لئے نیلے دھاگے کے سات تار لے کر برابر برابر ملا لے اور ایک مرتبہ مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر گنڈہ میں ایک گرہ دے اور اس گرہ پر پھونکے اسی طرح سات گرہ لگائے اور ایک ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور ناف کے اوپر باندھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ درد ناف دور ہوگا مجرب ہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

صُمٌّۢ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ۙ

عورت کی چھاتیوں کے دودھ میں اضافہ

اگر کسی عورت کی چھاتیوں میں دودھ کم ہو اور بچہ بھوک کی وجہ سے روتا رہتا ہو تو اس کے لئے باوضو یہ نقش لکھے

اور موم جامہ کرکے عورت کے گلے میں ڈال دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ چھاتیوں میں دودھ زیادہ مقدار میں آئے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸	۱۱	۱۶
۱۳	۱۵	۱۷
۱۴	۱۹	۱۲

درد عرق النساء سے نجات

اگر کسی کی ٹانگ میں عرق النساء کا درد ہو اور اٹھنا بیٹھنا مشکل ہوگیا ہو تو چرخے کا کاتا ہوا سوت کا دھاگہ لے کر اس کے سات تار یکجا ناپ کے لے اور ان میں سات گرہ لگائے۔ پھر آیات ذیل باوضو ایک بار پڑھ کر پہلی گرہ پر پھونک مارے اسی طرح پھر آیات ذیل پڑھے اور دوسری گرہ پر پھونک مارے۔ اسی طرح ساتوں گرہوں پر ایک ایک بار پڑھ کر دم کرے اور درد کی جگہ وہ گنڈہ باندھ لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ درد سے جلد ہی نجات حاصل ہوگی۔ وہ آیات یہ ہیں۔

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ۭ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۚ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ۭ كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۔

مطلوب کی حاضری کے لئے

اگر کسی کی بیوی ناراض ہوکر اپنے میکے میں بیٹھ گئی ہو اور بار بار کی کوشش کے باوجود نہ آتی ہو تو اس کے لئے اس نقش کو باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے اپنے داہنے بازو پر باندھ لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بیوی ضرور حاضر ہوگی۔ وہ نقش مجرب یہ ہے۔

۷۸۶

۳۳۵	۳۳۰	۳۳۷
۳۳۶	۳۳۴	۳۳۲
۳۳۱	۳۳۸	۳۳۳

فلاں بن فلاں علیٰ حب فلانہ بنت فلانہ مسخر گردد

وزود آید

برائے رَدِّ رجعت

اگر کسی کا عمل الٹ گیا یا خراب ہوگیا یا تعداد کی گڑبڑ سے یا پرہیز نہ کرنے کے سبب رجعت و نحوست میں مبتلا ہوچکا ہو یا سحر جادو، ٹونہ کے سبب مصائب کا شکار ہو تو اسے چاہئے کہ مندرجہ ذیل عزیمت بلاناغہ مسلسل اکیس (۲۱) روز تک باوضو برابر پڑھتا رہے تعداد (۳۶۰) تین سو ساٹھ بار روزانہ پڑھنا ہے۔ اسکے پڑھنے سے انشاءاللہ تعالیٰ رجعتِ عمل ختم ہوگی اور سحر و نحوست و بلائے ناگہانی سے نجات

حاصل ہوگی۔ وہ عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِہٖ نَسْتَعِیْنُ ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۝

کاروبار میں ترقی

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کا کاروبار خوب ترقی کرے اور دوکان خوب چلے اور زیادہ خیر و برکت ہو تو بعد نماز فجر روزانہ باوضو دو ہزار تراسی بار (۲۰۸۳) پڑھے۔ چالیس روز تک انشاء اللہ تعالیٰ کاروبار خوب چمکے گا۔ دوکان خوب چلے گی اور خیر و برکت بہت زیادہ ہوگی۔ وہ آیت کریمہ یہ ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

روزگار میں ترقی و برکت

اگر کوئی شخص کاروبار کی وجہ سے پریشان ہو تو اسے چاہیئے کہ روزانہ بعد نماز فجر باوضو پچیس (۲۵) بار سورۃ النصر پڑھا کرے۔ ناغہ نہ کرے اس کو ہمیشہ پڑھنے سے روزگار ملے گا۔ رزق میں ترقی و برکت ہوگی اور کسی کا محتاج نہ رہے گا۔

سُوْرَۃُ النَّصْرِ مَدَنِیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۙ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ

فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۙ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۭ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝

روزگار میں ترقی کے لئے

روزگار میں ترقی کے لئے باوضو اکیس (۲۱) مرتبہ بعد نماز ظہر سورۃ الفیل روزانہ بلا ناغہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں خوب ترقی ہوگی اور گھر میں خیر و برکت ہوگی۔ سورۃ الفیل یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْفِیْلِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۭ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ ۙ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۙ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ۙ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۝

جن کو دفع کرنے اور جملہ امراض سے شفاء کے لئے

مندرجہ ذیل تعویذ کو باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے کالے یا نیلے کپڑے میں سی کر گلے میں باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن کے شر سے امن میں رہے گا اور جملہ امراض سے جلد از جلد صحتیاب ہوگا۔ وہ تعویذ یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

بحق جبرائیلؑ ۷۸۶ بحق میکائیلؑ

کھیعص کِفَایَتُنَا
حمٓعسق حِمَایَتُنَا

فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ ج وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝

بحق اسرافیلؑ بحق عزرائیلؑ

دشمن کی زبان بندی کے لئے

اگر کوئی دشمن زبان دراز ہو اور اپنی زبان درازی اور چرب زبانی سے نقصان پہنچانا چاہتا ہو تو اس کی زبان بندی کے لئے کہ وہ زبان کے ذریعہ نقصان نہ پہنچائے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان سے کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۰۹	۲۰۴	۲۱۱
۲۱۰	۲۰۸	۲۰۶
۲۰۵	۲۱۲	۲۰۷

جیل خانہ سے رہائی کے لئے

اگر کوئی شخص قید ہو گیا ہو اور اس کی رہائی مطلوب ہو تو نقش ھذا کو باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے قیدی کے دائیں بازو پر باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد رہائی پائے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

میاں بیوی میں باہمی محبت کے لئے

اگر میاں بیوی میں باہمی محبت کی کمی ہو یا دونوں میں اختلافات رہتے ہوں تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور مرد یا عورت میں سے جس کی طرف سے محبت میں کمی دیکھے اس کے نہ باندھے بلکہ جس میں زیادہ محبت کا جذبہ ہے موم جامہ کرکے اس کے گلے میں یا دائیں بازو میں باندھ دے اگر عورت ہے تو بائیں بازو میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میں خوب محبت ہو جائے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

بھاگے ہوئے یا گم شدہ کے لئے

اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو یا کوئی بچہ گم ہو گیا ہو تو اس کی واپسی کے لئے مندرجہ ذیل نقش کو باوضو لکھے اور کالے کپڑے میں سی کر کسی درخت میں لٹکا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا واپس آئے گا۔ وہ نقش معظم و مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

برائے درد ناف

اگر کسی کی ناف اپنی جگہ سے ہٹ (ٹل) گئی ہو تو باوضو اس نقش کو لکھے اور موم جامہ کر کے ناف پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ناف اپنی جگہ آجائے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۸	۵۷۳	۵۷۶	۱
۵۷۵	۲	۷	۵۷۴
۳	۵۷۸	۵۷۱	۶
۵۷۲	۵	۴	۵۷۷

دلی مراد کا پورا ہونا

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی جائز دلی مراد پوری ہو تو اس کے لئے باوضو یہ نقش معظم لکھے اور موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھ لے۔ عورت بائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

الرحیم	الرحمٰن	اللہ	بسم
یا غفور	یا غفور	یا غفور	یا غفور
یا غفور	یا غفور	یا غفور	یا غفور
الراحمین	برحمتک یا ارحم	یا غفور	یا غفور
یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ

جنات، شیاطین، آسیب سے مکان پاک کرنا

اگر کسی مکان میں جنات، شیاطین، آسیب، دیو، بھوت، پریت، خبیث کا یا ان کے خاندان کا قبضہ ہو

اور وہ طرح طرح سے ستاتے ہوں تو اس گردنامہ کو باوضو لکھ کر ایک گتے پر چپکا کر یا فریم کرا کر مکان کے دروازے کے مقابل دیوار پر لگادے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سب دفع ہو جائیں گے اور مکان میں امن وسکون ہو جائے گا۔ وہ گردنامہ یہ ہے۔

ھ ۷۸۶ ھ

ھ

اللہ الرحیم
ھو الرحیم
لا الہ الا اللہ
محمد رسول اللہ
ھ

ھ

ناجائز محبت کو ختم کرنا

جن دو افراد میں ناجائز محبت ہو یا دو افراد کی دوستی لوگوں کے لئے خطرناک ہو وہ مل کر لوگوں کو ستاتے ہوں تو اس کے لئے مندرجہ ذیل طلسم باوضو لکھے اور دونوں کے نام اور ان کی والدہ کا نام بھی لکھے اور گوشت کی جھلی میں لپیٹ کر کالے کتے کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ باہمی دوستی دشمنی میں بدل جائے گی۔ لیکن شرط یہ ہے کہ جائز مقصد کے لئے کرے۔ ناجائز

مقصد کے لئے کرے گا تو خود نقصان اٹھائے گا۔ وہ طلسم یہ ہے

ک ۱۱۱۵ ۱۱۱ ۵۱۱ ع ۹۹ ۱۲۷ ۱۱۱

نام ــــــ معہ نام والدہ و نام ــــــ معہ نام والدہ

برائے محبت و بھاگے ہوئے کو بلانا

اگر کوئی گھر سے بھاگ گیا ہو یا کھو گیا ہو اور اس کا پتہ نہ ملتا ہو تو اس طلسم کو باوضو لکھے اور روزانہ ایک طلسم کو ایسی جگہ جلائے جہاں کوئی ویرانہ ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا یا گمشدہ جلد واپس آئے گا۔

اگر بیوی میں محبت کی کمی ہے اور وہ ماں باپ کے گھر جاکر بیٹھ گئی ہے آنے کا نام نہیں لیتی اس کے لئے بھی یہ فلیتہ روزانہ ایک جلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے دل میں محبت پیدا ہوگی اور جلد واپس آئے گی۔ اس طلسم کے نیچے مطلوب اور اس کی ماں کا نام بھی لکھے۔

فلیتہ روز اول ۱۱ ۱۱ ۱۱ ۱۱ اط ۸۷ ۱۱ ۱۱ ۱۱۱

فلیتہ روز دوم ع ۱۱ ط ۱۷ ۱۱۱ ط ھ ۱۹ ۱۱۸ ۱

فلیتہ روز سوم ع ۱۱ ط ۱۷ ۱۱ اط ۲۱ ط ۱۷

فلیتہ روز چہارم ۱۶ ط ۱۱ ط ۱۱۱ ط ۲ و

فلیتہ روز پنجم ۱۱۱ ۱۱۹ ط ۱۱ ۱ ط ل ۱۱ ط ۳ و

فلیتہ روز ششم اط ۱۱ ۱۱ ۱۲ ۱۱ ۱۱ ط ع ۱۱ ط ۱

فلیتہ روز ہفتم ۱۱ ع و الا ۱۱ ط ل ۹ لا در ۵۳

برائے حصول عزت و دولت

عزت و دولت کے حاصل کرنے اور تنگدستی و محتاجی کو دور کرنے کے لئے اس نقش کو باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے دائیں بازو پہ باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دولت حاصل ہوگی اور عزت و احترام میں اضافہ ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵۷	۲۷۱	۲۶۸	۲۶۳
۲۶۹	۲۶۳	۲۵۸	۲۷۰
۲۶۲	۲۶۶	۲۷۳	۲۵۹
۲۷۲	۲۶۰	۲۶۱	۲۶۷

برائے فتوحات و کامیابی

اگر شخص چاہے کہ اس کے لئے فتوحات و کامیابی کا دروازہ کھل جائے تو نقش ذیل کو چاندی کے پترے پر منقش۔ کو وضو کرا کر کندہ کرائے اور پلاسٹک کوٹنگ کرا کر اپنی جیب میں رکھے انشاءاللہ تعالیٰ ہر نیک مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی اور جا رکاوٹیں ختم ہو جائیں گی۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پہ)

۷۸۶

۲۰۶۸	۲۰۸۲	۲۰۷۸	۲۰۷۵
۲۰۷۹	۲۰۷۴	۲۰۶۹	۲۰۸۱
۲۰۷۳	۲۰۷۶	۲۰۸۴	۲۰۷۰
۲۰۸۳	۲۰۷۱	۲۰۷۲	۲۰۷۷

برائے ذہن کھولنا

اگر کوئی بچہ سبق یاد کرتا ہے پھر بھول جاتا ہے اس کا ذہن صحیح کام نہیں کرتا یا پڑھنے میں اسے کوئی دلچسپی نہیں ہے اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات چینی کی پلیٹ پر کالی روشنائی یا زعفران سے لکھ کر پانی سے گھول کر بچہ کو روزانہ پلائے۔ چند دن پلانے سے انشاءاللہ تعالیٰ بچہ کا ذہن کھل جائے گا اور اسے پڑھائی میں دلچسپی پیدا ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَیْرِ الْخَلْقِ وَاَفْضَلِ الْبَشَرِ وَشَفِیْعِ الْاُمَمِ یَوْمَ الْحَشْرِ وَالنَّشْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَیْرِ خَلْقِہٖ وَجَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ۔ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝ یَا اَللّٰہُ یا اللہ ددد ددد ککک ہہہ یَا اَللّٰہُ شَفِیْعُ یَا اَللّٰہُ کَفِیْلُہٗ یَا شَفِیْعُ یَا شَفِیْعُ یَا شَفِیْعُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ۔

محتاجگی دور کرنا

اگر کوئی محتاج ہو اور ضرورت مند ہو تو اس کو چاہیئے کہ نقش یا باسط کا باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے عرصے بعد مالدار ہو جائے گا اور محتاجگی ختم ہو جائے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵	۲۰	۲۷
۲۶	۲۴	۲۲
۲۱	۲۸	۲۳

برائے ہر درد، ہر بلا، دیو، پری، جن، بخار، سر درد اور ہر حاجت کے لئے

مندرجہ ذیل تعویذ بہت سریع التاثیر اور زود اثر ہے۔ یہ تعویذ بے شمار خوبیوں کا مالک ہے۔ اس تعویذ کو باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر درد، ہر بلائے ارضی و سماوی دفع ہو گی، دیو، پری، تمام جنات و شیاطین سے حفاظت رہے گی۔ جاڑے کا بخار ختم ہو گا۔ درد سر و آدھے سر کا درد دور ہو گا اور ہر حاجت فوراً پوری ہو گی۔ غرضیکہ یہ تعویذ بہت بڑی برکتوں حامل ہے۔ وہ یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۚ

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا

روزگار کے لئے، مریض کی صحتیابی کے لئے، حمل کی حفاظت

مندرجہ ذیل نقش سورۂ فاتحہ کا ہے اس کو ایک نقش روزانہ باوضو لکھے اور اس کو لپیٹ کر آٹے کی گولی میں بند کرے اور دریا، سمندر، نہر، تالاب، جھیل، چشمہ کے پانی میں ڈال دیا کرے۔ چالیس دن یہ عمل کرنے سے روزگار اور آمدنی میں ترقی ہو گی اور بے روزگار برسر روزگار ہو جائے گا۔ نیز یہی نقش باوضو لکھ کر پانی میں گھول کر کسی مریض کو پلائے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ تیس دن میں مریض صحتیاب ہو جائے گا۔

اسی طرح اگر کسی عورت کے حمل گرنے کا ڈر ہو تو سورۂ فاتحہ کے دو نقش باوضو لکھے۔ ایک موم جامہ کر کے عورت کے پیٹ پر باندھ دے اور دوسرا پانی میں گھول کر عورت کو پلا دے انشاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہے گا اور لڑکا پیدا ہو گا۔ وہ نقش یہ ہے

(اگلے صفحہ پر)

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ مٰلِكِ	بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
الۡمُسۡتَقِیۡمَ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡهِمۡ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّیۡنَ	یَوۡمِ الدِّیۡنِ اِیَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡنُ ۔ اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ

ہر مشکل کو حل کرنے کے لیۓ

ہر مشکل کو حل کرنے اور مشکلات سے نجات کے لئے ہر نماز کے بعد مندرجہ ذیل کلمات ایک سو بار روزانہ پانچوں وقت باوضو پڑھے اور مشکل سے نجات اور اس کے حل کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ وہ دعا یہ ہے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ یَا فَرۡدُ یَا وِتۡرُ یَا رَحِیۡمُ یَا وَارِثُ یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا مَنۡ لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ وَلَمۡ یَكُنۡ لَهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

غلبہ شہوت میں اعتدال

(از حضرت مولانا عبدالرحیم رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ)

طبیعت پر جب پریشانی اور خیالات کا غلبہ ہوا کرے، تو روزہ رکھ لیا کرو، اور غسل کر کے دو رکعت صلوٰۃ التوبہ

پڑھ کر، اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور استغفار کے بعد، تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ "یَا تَوَّابُ" پڑھ لیا کریں اور دعا مانگا کریں، سات روز تک متواتر (یہ عمل) کر لینا چاہئے۔ طلوع آفتاب سے دوپہر تک اس کا وقت ہے۔

مکتوب حضرت شاہ عبدالرحیم رائے پوری (حیات شاہ عبدالرحیم رائے پوری ص ۳۶)

چور کی پہچان کے لئے

اگر گھر میں کسی قریبی فرد نے کوئی چیز چرالی ہو تو اس کے لئے باوضو ایک جو کی روٹی پکائے اور ٹھنڈی ہونے پر اس پر مندرجہ ذیل آیتیں لکھی جائیں اور انہی آیات کو پڑھ کر اس روٹی پر دم بھی کیا جائے۔ پھر روٹی کے ٹکڑے کر کے ان افراد کو کھلائی جائے جن پر چوری کا شبہ ہو۔ چور وہ ٹکڑا حلق سے نگل نہ سکے گا۔ وہ آیات مبارکہ یہ ہیں۔

وَاِذۡ قَتَلۡتُمۡ نَفۡسًا فَادّٰرَءۡتُمۡ فِیۡهَا ؕ وَاللّٰهُ مُخۡرِجٌ مَّا كُنۡتُمۡ تَكۡتُمُوۡنَ ۝
یَتَجَرَّعُهٗ وَلَا یَكَادُ یُسِیۡغُهٗ وَیَاۡتِیۡهِ الۡمَوۡتُ مِنۡ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَیِّتٍ ؕ وَمِنۡ وَّرَآئِهٖ عَذَابٌ غَلِیۡظٌ ۝
لِلّٰهِ الَّذِیۡ یُخۡرِجُ الۡخَبۡءَ فِی السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَیَعۡلَمُ مَا تُخۡفُوۡنَ وَمَا تُعۡلِنُوۡنَ ۝
وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَیۡرِ خَلۡقِهٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ وَسَلَّمَ۔

محبوبِ خلائق اور دشمنوں کی ناکامی

اگر کوئی شخص چاہے کہ مخلوق خدا اس سے محبت کرے اور اس کے دشمن ذلیل و خوار ہوں اور اس کی دلی مراد پوری ہوں تو اسے چاہیئے کہ نقش ذیل کو باوضو لکھے اور صبح و شام اس نقش کو دیکھا کرے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۰۹۱	۱۲۰۹۴	۱۲۰۹۷	۱۲۰۸۴
۱۲۰۹۶	۱۲۰۸۵	۱۲۰۹۰	۱۲۰۹۵
۱۲۰۸۶	۱۲۰۹۹	۱۲۰۹۲	۱۲۰۸۹
۱۲۰۹۳	۱۲۰۸۸	۱۲۰۸۷	۱۲۰۹۸

دشمن کی زبان بندی اور بدگوئی سے حفاظت

اگر کوئی شخص مندرجہ ذیل آیات مبارکہ کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ اور کوشش کرے کہ ہر وقت باوضو رہے تو کوئی شخص اس کی بدگوئی نہ کر سکے گا اور دشمن کی زبان بند رہے گی مجرب ہے۔ وہ آیات مبارکہ یہ ہیں۔

هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ ۝ وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ ۝ وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ۝

حٰمٓ ۝ عٓسٓقٓ حَمِيْتُ كٓهٰيٰعٓصٓ كَفَيْتُ۔ عَقَدْتُ عَنْكَ يَا حَامِلَ هٰذَا الْاٰيَاتِ اَلْسِنَةَ الْخَلْقِ وَالْبَشَرِ مِنْ كُلِّ اُنْثٰى بِاَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ۔

برائے حصول عزت و مقبولیت در مخلوقات

عزت اور مقبولیت کے لئے مندرجہ ذیل نقش بہت مجرب ہے۔ اس نقش کی برکت سے دشمن ذلیل و خوار ہوں گے اور اس کے سامنے بول نہ سکیں گے۔ اور لوگ اس آدمی سے محبت کریں گے اور اس کو بہت زیادہ چاہیں گے۔ اس نقش کو باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے دائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جہاں جائے گا عزت پائے گا۔ وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

الرَّحِيْمِ	الرَّحْمٰنِ	اللّٰهِ	بِسْمِ
اللّٰهِ	بِسْمِ	الرَّحِيْمِ	الرَّحْمٰنِ
بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ	بِسْمِ	اللّٰهِ

کسی بات کا خواب (نیند) میں معلوم ہونا

اگر کوئی شخص کسی بات کو معلوم کرنا چاہتا ہے تو مندرجہ ذیل طلسم اپنے ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر روشنائی سے باوضو لکھے اور پاک بستر پر سوجائے۔ جو دیکھنا چاہتا ہے انشاءاللہ تعالیٰ خواب میں دیکھ لے گا۔
ناخن پر لکھا جانے والا طلسم یہ ہے۔

سلسلع

سونے سے قبل یہ آیت اور سورۃ یٰسین شریف (پ۲۲) پڑھ لے۔

اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اس کے بعد سورۃ یٰسین شریف پڑھ کر سوجائے۔ دائیں کروٹ قبلہ کی طرف منہ اور شمال کی طرف سر ہو

چور پکڑنا اور مال برآمد کرنا

اگر کسی کے گھر میں کوئی زیور یا کوئی چیز چوری ہوگئی ہو تو اس چور کو پکڑنے اور مال ظاہر ہونے کے لئے شیشے (کانچ) کے گلاس یا پیالے پر مندرجہ ذیل طلسم لکھے اور پانی سے دھوکر وہ پانی تھوڑا تھوڑا ان سب افراد کو پلائے جو اس گھر میں رہتے ہوں یا جن پر شبہ ہو۔ اس پانی کو پی کر چور حرکت نہ کرسکے گا اور اس کے ہاتھ پاؤں ڈھیلے پڑجائیں گے

جب تک چوری کا اقرار نہیں کرے گا اسی طرح بے جان کی طرح رہے گا۔ وہ طلسم یہ ہے۔

یہ معلوم کرنا کہ عورت حاملہ ہے یا نہیں

مندرجہ ذیل طلسم باوضو عورت کی ہتھیلی پر لکھے اور عورت کو کہے کہ کسی برتن (ٹین کے ڈبے) میں پیشاب کرے اور ہتھیلی کو اس پیشاب کی طرف کرے اگر پیشاب میں طلسم نظر آئے تو سمجھ لے کہ عورت حاملہ ہے اور اگر اس عورت کو اپنے پیشاب میں یہ طلسم نظر نہ آئے تو جان لے کہ حاملہ نہیں ہے۔ وہ طلسم یہ ہے۔

علعطارس

جماع کے لئے مفید

اگر کوئی شخص جماع پر قدرت نہ رکھتا ہو یا کمزوری کے

سبب پریشان ہو تو مندرجہ ذیل طلسم باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے بوقت جماع اپنی زبان کے نیچے رکھ لے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے اندر بے پناہ قوت آجائے گی۔ مجرب ہے۔ وہ طلسم یہ ہے۔

برائے آسیب

اگر بچہ پیدا ہونے سے قبل باوضو مندرجہ ذیل نقش لکھ کر مکان کی دیوار پر گتے پر چپکا کر یا فریم کرا کر لگا دیں تو عورت کے چلہ میں بچہ پیدا ہونے کے بعد نظر، آسیب، بچہ پر ام الصبیان کا دورہ (سوکھے کا مرض) نہ ہوگا یہ نقش سورۃ فیل کا ہے۔ آسیب کے لئے بہت مفید ہے۔ وہ یہ ہے

۷۸۶

۱۶۷۹	۱۶۸۳	۱۶۸۶	۱۶۷۲
۱۶۸۵	۱۶۷۳	۱۶۷۸	۱۶۸۴
۱۶۷۴	۱۶۸۸	۱۶۸۱	۱۶۷۷
۱۶۸۲	۱۶۷۶	۱۶۷۵	۱۶[illegible]

مکان میں اینٹ پتھر آنا

اگر کسی مکان میں جنات اینٹ یا پتھر پھینکتے ہوں تو مندرجہ ذیل نقش ایسی دیوار پر لگائیں کہ نقش کا رُخ (تعویذ کا لکھا ہوا حصہ) کعبہ شریف کی طرف ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ اینٹ پتھر آنا بند ہو جائیں گے۔

۷۸۶

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

برائے دفع آسیب

مندرجہ ذیل نقش تین۳ عدد باوضو لکھے۔ ایک نقش گتے پر چپکا کر مریض کو دے کہ اسے دیکھتا رہے۔ دوسرا نقش مریض کو پانی میں گھول کر پلائے اور تیسرا نقش باوضو موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۵۵۹۲۸	۵۵۹۳۱	۵۵۹۳۴	۵۵۹۲۱
۵۵۹۳۳	۵۵۹۲۲	۵۵۹۲۷	۵۵۹۳۲
۵۵۹۲۳	۵۵۹۳۶	۵۵۹۲۹	۵۵۹۲۶
۵۵۹۳۰	۵۵۹۲۵	۵۵۹۲۴	۵۵۹۳۵

فتیلہ (فلیتہ) برائے آسیب زدہ

آسیب زدہ کے لئے مندرجہ ذیل فلیتہ باوضو لکھے اور کوئلے کی آگ میں جلاکر اس کی دھونی مریض کی ناک میں دے (یعنی اس فلیتہ کے کاغذ کا دھواں مریض کی ناک میں جائے) انشاء اللہ تعالیٰ آسیب (جن، بھوت، پریت) دفع ہوگا۔ وہ فلیتہ یہ ہے۔

عــح فرعون لعین ابلیس ابلیس
عــح نمرود لعین ابوجہل ابلیس
عــح ہاروت لعین ابلیس

عــح ہاروت لعین ابلیس
عــح فرعون لعین ابلیس
عــح نمرود لعین ابلیس

عــح ہاروت لعین ابلیس ہامان قارون
عــح ہاروت لعین ہامان قارون ابلیس
عــح شداد لعین ابلیس

عــح فرعون لعین ابلیس
عــح نمرود لعین ابلیس
عــح ہاروت لعین ابلیس

برائے جدائی

اگر دو دشمنوں میں اتحاد و محبت ہو اور وہ دونوں آپس میں مل کر نقصان پہنچاتے ہوں یا ناجائز دوستی ہو تو ان میں جدائی ڈالنے کے لئے مندرجہ ذیل طلسم باوضو لکھے اور دو پرانی قبروں کے درمیان دفن کر دے انشاء اللہ تعالیٰ جدائی فوراً پیدا ہوگی اور دونوں الگ ہو جائیں گے۔ اس کے نیچے دونوں کا نام اور انکی والدہ کا نام بھی لکھے۔ وہ طلسم یہ ہے۔

۹۱۳ غص ۸۸۱۱ ۹۹ ۱۱۱ ۸۸۷ لا ۵۱۸۵ ⁘

نام ـــــ والدہ کا نام ـــــ و نام ـــــ والدہ کا نام ـــــ

تنبیہ: صرف جائز مقصد کے لئے کرے ناجائز مقصد میں کرے گا تو نقصان اٹھائے گا اور کامیاب نہ ہوگا۔

برائے ترقی دوکان

برائے خرید و فروخت اور دوکان شروع کرنے کے لئے یہ نقش بہت مجرب ہے۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر دوکان میں چسپاں کرے (گتے پہ یا فریم کرا کر دوکان میں لگا لے) انشاء اللہ تعالیٰ خرید فروخت بہت ہوگی۔

۷۸۶

۱۲۷	۱۳۰	۱۳۴	۱۲۰
۱۳۳	۱۲۱	۱۲۶	۱۳۱
۱۲۲	۱۳۶	۱۲۸	۱۲۵
۱۲۹	۱۲۴	۱۲۳	۱۳۵

برائے استحکام حمل و دفع درد شکم

حمل کی مضبوطی کے لئے اور پیٹ کے درد سے نجات کے لئے مندرجہ ذیل طلسم باوضو ببول کے پتے پر لکھے اور حاملہ کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل قائم و سالم رہے گا اور دوران حمل پیٹ کے درد سے محفوظ رہے گی۔ وہ طلسم یہ ہے۔

بھاگے ہوئے کو بلانا

اگر کوئی بھاگ گیا ہو یا گم ہو گیا ہو تو سات بار سورۃ یٰسین شریف پڑھے جب آیت "مِنَ الْمُکْرَمِیْنَ" پر پہنچے تو بھاگے ہوئے کا نام لے اور اس کی ماں کا بھی نام لے اور تالے پر دم کرے اور اس تالے کو بند کر دے

اور اسے ہوا میں لٹکا دے کہ ہلتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا یا گم شدہ پریشان ہو کر جلد از جلد آ جائے گا۔

آدھے سر کے درد سے نجات

اگر آدمی کے آدھے سر میں درد رہتا ہو تو اس نقش کو باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے اس نقش کو سر میں اس طرف باندھ لے جس طرف درد ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آدھے سر کے درد سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۱۱۵	۵۱۱۵	۵۱۱۵
۵۱۱۵	۵۱۱۵	۵۱۱۵
۵۱۱۵	۵۱۱۵	۵۱۱۵

بلغم کے مرض سے نجات

اگر کسی شخص کو بلغم کا مرض ہو اور حلق میں ہر وقت بلغم آتا رہتا ہو تو اس کو چاہیے کہ سات کنکریاں لاہوری نمک کی لے اور نمک کی ہر کنکری پر باوضو سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے اور نمک کی ہر کنکری پر دم کرے ہر روز ایک کنکری صبح کو بغیر کچھ کھائے پیئے منہ میں رکھ کر چوستا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بلغم سے نجات حاصل ہوگی۔

کھوئے ہوئے یا مفرور کو واپس بلانا

اگر کوئی گھر سے بھاگ گیا ہو یا کھو گیا ہو یا جانور گم ہو گیا ہو تو باوضو سورۃ والضحیٰ ایک سو ایک بار پڑھے اور جب آیت

وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى

پر پہنچے تو اس آدمی کا نام اور اس کی ماں کا نام لے۔ اگر جانور ہے تو اس کا نام لے (مثلاً بھوری بھینس، سفید گائے، لال بکری وغیرہ وغیرہ) انشاءاللہ تعالیٰ بھاگا ہوا یا گم شدہ جلد واپس آئے گا۔

گم شدہ یا بھاگے ہوئے کے لئے

اگر کوئی شخص گم ہو گیا ہو یا کھو گیا ہو چاہے وہ انسان ہو یا جانور تو اس کے لئے روزانہ بعد نماز فجر باوضو اکتالیس بار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھا کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بھاگا ہوا واپس آجائے گا۔

برائے دفع آسیب

اگر بچہ یا عورت پر آسیب کا اثر ہو تو باوضو مندرجہ ذیل نقش لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈال دے۔ انشاءاللہ

تعالیٰ آسیب سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۸۲۲	۷۸۱۷	۷۸۲۴
۷۸۲۳	۷۸۲۱	۷۸۱۹
۷۸۱۸	۷۸۲۵	۷۸۲۰

نقش حمل قائم ہونے کے لئے

اگر کسی عورت کا حمل قائم نہ رہتا ہو یا غائب ہو جاتا ہو تو ایام حمل کے شروع دنوں میں مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں ڈال دے اور کھیر پکا کر بہ نیت ایصال ثواب حضرت سلیمان علیہ السلام کے نمازیوں کو کھلا دے یا معصوم بچوں کو کھلا دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ حمل قائم رہے گا اور اولاد ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۱	۳	۸	۳	۴
۶	۷	۱	۴	۱
عہ	۳	عمص	۲	۷
عہ	۳	عہ	۲	۳
۳	عہ	۳	۶	عہ

برائے دردسر

مندرجہ ذیل اسم مریض کی پیشانی پر انگلی سے بغیر روشنائی کے لکھے انشاء اللہ تعالیٰ سر درد سے آرام ہوگا۔ وہ اسم مبارک یہ ہے

یَا بَاسِطُ

ہر حاجت کے لئے سورۂ یٰسین شریف کا نقش

اگر کسی شخص کی کوئی مشکل حاجت ہو اور حل نہ ہوتی ہو تو مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے لوبان یا اگر بتی کی دھونی دے کر دائیں بازو پر باندھ لے یا گلے میں لٹکالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر حاجت پوری ہوگی، محتاج غنی ہوگا، سحر جادو والا صحتیاب ہوگا، آسیب زدہ کو آسیب سے نجات ہوگی، اسی نقش کو اگر بانجھ عورت گلے میں باندھ لے تو صاحب اولاد بن جائے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۱۸	۴۴۹	۴۵۱	۴۲۰	۴۵۲	۴۲۳
۴۴۷	۴۲۵	۴۴۴	۴۴۵	۴۲۸	۴۲۴
۴۲۷	۴۴۱	۴۲۲	۴۴۳	۴۳۰	۴۴۰
۴۳۶	۴۳۴	۴۳۸	۴۳۹	۴۳۵	۴۳۱
۴۳۷	۴۳۳	۴۲۹	۴۲۶	۴۴۶	۴۴۲
۴۴۸	۴۲۱	۴۱۹	۴۵۰	۴۳۲	۴۵۳

ہر مرض سے نجات کے لئے

اگر کسی کو کوئی مرض لپٹ گیا ہو اور اس سے نجات نہ ملتی ہو تو باوضو اس طلسم کو زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر لکھے۔ اور پانی میں گھول کر صبح نماز کے بعد اور عصر کے بعد مریض کو پلائے انشاء اللہ مریض کو صحت حاصل ہوگی۔ وہ طلسم یہ ہے۔

۱۱۱۵ ⊞ ⊓ ۱۱ ۱۱ ھ

یَا اَللّٰہُ یَا قَیُّوْمُ اَنْتَ الْہَادِیْ یَا فَتَّاحُ

بھاگے ہوئے کے لئے

اگر کسی کا کوئی آدمی بھاگ گیا ہو تو اس آیت کو باوضو لکھ کر کاغذ کو لپیٹ لے اور ایک فٹ گہرا گڑھا کھود کر تعویذ کو رکھے۔ اوپر نیچے گڑ یا شکر (یعنی گڑ کی بنی ہوئی شکر) اگر وہ نہ ہو تو سفید شکر ڈال دے درمیان میں تعویذ کو رکھے اور تھوڑی تھوڑی شکر چیونٹیوں کے سوراخ میں ڈالے اور حلقہ م ر د فا کھلا رہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

فِی الْحُطَمَةِ ۝ وَمَآ اَدْرٰكَ مَا الْحُطَمَةُ ۝

انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا فوراً روتا ہوا حاضر ہوگا۔ مجرب ہے۔

تنبیہ: ف و م کا سوراخ کھلا رہے اس طرح ف، و، م۔
اس طرح بند نہ ہو ف، و، م۔

برائے محبت

اگر کوئی شخص کسی جگہ رشتہ کرنا چاہتا ہے یا بیوی یا بچے نافرمانی کرتے ہیں ان کے دل میں محبت پیدا کرنے کے لئے مندرجہ ذیل آیتیں باوضو لکھے اور ساتھ ہی شروع میں بسم اللہ شریف بھی لکھے۔ اور ایک ڈبیہ میں یا بوتل میں بند کرکے اس کے چاروں طرف اور بوتل کے منہ پر موم لگائے۔ اور موم اس کے اوپر لگائے اور اس پر نام طالب اور مطلوب بمعہ نام والدہ کے لکھے اور کالے کپڑے میں لپیٹ کر دو پتھروں کے درمیان ایسی اندھیری جگہ دبائے جہاں پر سورج کی روشنی نہ پہنچتی ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ رشتہ مل جائے گا اسی طرح روٹھ کر گھر سے جانے والی عورت واپس آجائے گی۔ اولاد فرمانبرداری کرے گی۔ وہ آیتیں یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَاۤ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۝

کھیت کی حفاظت کے لئے

کھیت کی حفاظت کے لئے مندرجہ ذیل نقش چار عدد

لکھے اور مٹی کی کوری ہنڈیا میں رکھ کر اور مٹی کا ڈھکن لگا کر موم سے بند کرے اور کھیت کے چاروں کونوں پر ایک ایک ہنڈیا دفن کردے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کھیت ہر قسم کے موذی جانوروں اور نقصان پہنچانے والے لوگوں سے محفوظ رہے گا۔ وہ نقش معظم مکرم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمٓ — یٰسٓ — کٓھٰیٰعٓصٓ

بستم شش جہت وچہار طبائع از منافع ومداخل شرقی
قالوا انا للہ وانا الیہ راجعون
بحق یٰسٓ

بستم شش جہت وچہار طبائع از منافع ومداخل جنوبی
قالوا انا للہ وانا الیہ راجعون
بحق طٰسٓمٓ

بستم شش جہت وچہار طبائع از منافع ومداخل شمالی
قالوا انا للہ وانا الیہ راجعون
بحق کٓھٰیٰعٓصٓ

بستم شش جہت وچہار طبائع از منافع ومداخل غربی
قالوا انا للہ وانا الیہ راجعون
بحق [illegible]

برائے حب

اول وآخر پانچ پانچ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سات

بار آیات ذیل پڑھے اور شکر یا نمک پر دم کر کے مطلوب کو کھلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے دل میں محبت پیدا ہوگی۔ صرف جائز مقصد کے لئے کرے۔ ناجائز مقصد میں کامیاب نہ ہوگا۔ بلکہ نقصان اٹھائے گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّا اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝

بچہ کی آسانی کے ساتھ پیدائش کے لئے

اگر عورت کے بچہ ہونے کا وقت ہو اور بچہ کی پیدائش کے لئے مدت پوری ہو چکی ہو تو مندرجہ نقش باوضو لکھے اور سفید پاک کپڑے میں نقش کو لپیٹ کر عورت کی بائیں ران میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد از جلد بچہ پیدا ہوگا۔ بچہ کے پیدا ہونے کے بعد فوراً نقش کھول دے ورنہ آنتیں باہر نکل آئیں گی لہذا بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

دودھ کی کمی دور کرنا

اگر کسی عورت کے پستانوں میں دودھ کم ہوگیا ہو اور بچہ بھوک سے روتا ہو تو عرق گلاب میں زعفران حل کر کے اس سے باوضو یہ نقش لکھے اور موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں باندھ دے۔ اور ایک نقش روزانہ پانی میں گھول کر عورت کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دودھ بہت زیادہ ہوگا اور بچہ سیر ہو کر پئے گا وہ نقش معظم یہ ہے۔

۸	۷۰۲۷	۷۰۳۰	۱
۷۰۲۹	۲	۷	۷۰۲۸
۳	۷۰۳۲	۷۰۲۵	۶
۷۰۲۶	۵	۴	۷۰۳۱

برائے درد دانت

اگر کسی شخص کے دانتوں میں اکثر درد رہتا ہو تو وہ شخص روزانہ بعد نماز فجر فرضوں کے بعد فوراً سات بار یہ آیت مبارکہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد دانت کا مرض ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ۝

ماں کے پیٹ میں بچہ کی حفاظت کا گنڈہ

کچے سوت کے اکتالیس (۴۱) تار (دھاگے) حاملہ عورت کے قد کے برابر پیشانی (یعنی سر کے بال جہاں سے شروع ہوتے ہیں) سے لے کر پاؤں کے انگوٹھے (انگوٹھے کے ناخن) تک ناپ لیں اور ان دھاگوں کو زعفران میں عرق گلاب ملا کر رنگ لیں اور سکھالیں۔ پھر نو (۹) بار مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر دھاگے پر ایک گرہ لگا دیں۔ اسی طرح یہ عمل نو مرتبہ کرنا ہے اور دھاگے میں نو گرہ لگیں گی اور آخری مرتبہ آیت ذیل نو بار پڑھ کر ایک بار قل یٰایھا الکافرون (پوری سورت) پڑھ کر دھاگے میں گرہ لگائیں اور دھاگے پر دم کریں۔ آیت مندرجہ ذیل ہے۔

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝

سورۃ الکافرون یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

یہ گنڈہ حمل والی عورت کی کمر میں باندھ دیں اور جب بچہ پیدا

ہونے کے درد شروع ہوں گنڈہ کھول دیں اور اسی گنڈہ کو لپیٹ کر تعویذ بنالیں اور موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاملہ اور بچہ دونوں محفوظ رہیں گے۔

میاں بیوی میں محبت کے لئے

پان کے بیڑے پر مندرجہ ذیل آیت تین (۳) بار پڑھ کر دم کرے اور مطلوب کو کھانے کے لئے دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ میاں بیوی میں محبت پیدا ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

گم شدہ چیز کے لئے

اگر کوئی چیز گم ہو گئی ہو یا جانور لاپتہ ہو گیا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیت کثرت سے پڑھے اور اس چیز کو تلاش کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ چیز مل جائے گی ورنہ پھر غیب سے کوئی چیز اس سے عمدہ ملے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ۝

برائے حفاظت در جنگ و در سفر

اگر کسی شخص کو محاذ جنگ پر جانا ہے یا کسی جگہ کا سفر کرنا ہے تو سورۃ اخلاص باوضو لکھے اور سورۃ اخلاص کے الفاظ کا

آدھا پہلا حصہ اپنی ٹوپی، پگڑی میں موم جامہ کرکے باندھ لے اور سر پر پہن لے۔ اور اسی سورہ کے الفاظ کا آدھا آخری حصہ گھر میں بحفاظت رکھ کر جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جنگ میں فتح حاصل کرکے آئے گا اور سفر سے بحفاظت اور کامیاب واپس ہوگا۔ سورۃ اخلاص کے نصف اول اور نصف دوم کا طریقہ یہ ہے۔

الفاظ کا نصف اول۔ موم جامہ کرکے ٹوپی یا عمامہ میں رکھے	الفاظ کا نصف دوم۔ گھر میں رکھ کر جائے۔
قُلْ هُوَ	اللّٰهُ اَحَدٌ
اَللّٰهُ	الصَّمَدُ
لَمْ	يَلِدْ
وَلَمْ	يُوْلَدْ
وَلَمْ	يَكُنْ لَّهٗ
كُفُوًا	اَحَدٌ

لڑکے کی پیدائش کے لئے

اگر کسی کے لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں اور لڑکا پیدا نہ ہوتا ہو تو اس آیت شریفہ کو باوضو زعفران کو عرق گلاب میں حل کرکے دو کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھے ایک کاغذ لپیٹ کر موم جامہ کرکے مرد اپنے دائیں بازو پر باندھ لے اور دوسرا تعویذ

پانی میں گھول کر عورت کو پلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے۔

خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ۔

برائے دفع ہر مرض

ہر بیماری سے صحتیابی کے لئے آیات شفاء اور سورۃ اخلاص عرق گلاب میں زعفران حل کرکے باوضو چینی کی رکابی سادی بغیر پھول والی پر لکھے اور تین روز یا سات روز مسلسل بلاناغہ باوضو پانی سے گھول کر مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہوگا۔ پانی سے گھولنے والا باوضو ہو کیونکہ آیات قرآنی کو بلاوضو ہاتھ لگانا منع ہے۔ پینے والے کے لئے وضو شرط نہیں ہے۔

آیات شفاء یہ ہیں۔

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۔ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۙ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۔ يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ۭ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۙ

سورۃ اخلاص یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ مَدَنِیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

ذیابیطس (شوگر) کے لئے

اگر کوئی شخص ذیابیطس (شوگر) کے مرض میں مبتلا ہو تو اول تین بار درود شریف پڑھے۔ پھر یہ آیت تین بار پڑھے آخر میں پھر تین بار درود شریف پڑھے اور ایک گلاس پانی پر دم کر کے وہ پانی پی لے۔ روزانہ اسی طرح کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء حاصل ہو گی۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

وہ آیت شریفہ یہ ہے۔

رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ

صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ۝

چھاتی کے منہ پر گرہ (تھنیلا)

اگر کسی عورت یا جانور کی چھاتی یا تھن پر کسی قسم کی بھی گانٹھ یا گرہ ہو جائے تو مندرجہ ذیل آیت کو باوضو پڑھ کر دم کر دے غیر عورت کی صورت میں لمبی نلکی لے کر پردے کے پیچھے سے دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہو گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ۭ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

برائے سر درد، دانت کا درد، ریاحی درد

ایک پاک لکڑی کی تختی پر پاک ریت بچھا کر باوضو ایک میخ (کیل) کی نوک سے اس پر یہ حروف لکھے جائیں۔ اس طرح

اب ج د ۔ ھ و ز ۔ ح ط ی ۔

اور میخ (کیل) کی نوک سے الف پر دبایا جائے اور ایک بار سورۃ فاتحہ پڑھی جائے اور مریض درد کی جگہ کو پکڑ کر رکھے۔ جب سورۃ فاتحہ ختم ہو جائے تو مریض سے پوچھا جائے کہ اب کیا حال ہے۔ اگر درد ختم ہو جائے ٹھیک ہے ورنہ حرف (ب) کے نقطہ پر کیل کی نوک سے دباؤ ڈالا جائے اور ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھی جائے اور درد کی بابت معلوم کیا جائے۔ درد چلا گیا تو ٹھیک ورنہ حرف (ج) کے نقطہ پر میخ کی نوک رکھ کر

دباؤ اور سورۂ فاتحہ پڑھو اور حال دریافت کیا جائے۔ اسی طرح ہر حرف کو دباؤ اور سورۂ فاتحہ پڑھ کر مریض سے درد کا حال دریافت کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حروف ختم ہونے سے پہلے ہی درد جاتا رہے گا۔

سورۂ فاتحہ یہ ہے:

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۗ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۗ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۠

نقش برائے صحتیابی از ہر مرض

ہر مرض سے صحتیابی کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور ایک نقش پانی میں گھول کر رکھ لے اور مریض کو روزانہ چار مرتبہ صبح، دوپہر، بعد عصر اور بعد نماز عشاء پلائے اور دوسرا نقش لکھ کر موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں باندھ دے۔ نقش یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۱۲۸۶۰۶	۱۲۸۶۰۹	۱۲۸۶۱۲	۱۲۸۵۹۸
۱۲۸۶۱۱	۱۲۸۵۹۹	۱۲۸۶۰۵	۱۲۸۶۱۰
۱۲۸۶۰۰	۱۲۸۶۱۴	۱۲۸۶۰۷	۱۲۸۶۰۳
۱۲۸۶۰۸	۱۲۸۶۰۳	۱۲۸۶۰۱	۱۲۸۶۱۳

۳۳۱۷	۳۳۲۱	۳۳۲۴	۳۳۱۰
۳۳۲۳	۳۳۱۱	۳۳۱۶	۳۳۲۲
۳۳۱۴	۳۳۲۶	۳۳۱۹	۳۳۱۵
۳۳۲۰	۳۳۱۳	۳۳۱۲	۳۳۲۵

برائے عِنّین

اگر کوئی مرد عنّین ہو تو چالیس روز تک کلمات ذیل کو باوضو لکھ کر پانی میں گھول کر پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قوت مردمی بحال ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْخَالِقُ وَاَنَا الْمَخْلُوْقُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمَخْلُوْقَ اِلَّا الْخَالِقُ يَا رَبِّ

برائے دفع جن

چار مٹی کی ہانڈیاں معہ ڈھکن کے لے اور ان کے ڈھکن (چپن) پر باوضو مندرجہ ذیل کلمات لکھے اور ثابت ماش

(کالاماش) سے بھر کر وہ ڈھکن ان ہنڈیوں پہ ڈھک دیں۔

وہ چار ہانڈیاں مریض کے سرہانے رکھیں اور صبح روزانہ ایک ہانڈی دفن کر دیں اسی طرح چار روز تک کریں اور روزانہ صرف ایک ہانڈی دفن کریں۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا قَھَّارُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ یَا قَھَّارُ یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَھْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِہٖ یَا مُذِلُّ

برائے دفع نظر بد و مرض ام الصبیان اور تمام حوادث سے نجات

نظر بد کو دور کرنے اور ام الصبیان (سوکھے کا مرض) سے حفاظت اور تمام حوادث سے نجات کے لئے مندرجہ ذیل آیت کو باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ نظر بد، ام الصبیان اور تمام حوادث سے محفوظ ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

الٓمّٓ ۝ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۝ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۝ نَزَّلَ عَلَیْکَ الْکِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْہِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰۃَ وَالْاِنْجِیْلَ ۝ مِنْ قَبْلُ ھُدًی لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ۝

لڑکی کی شادی کے لئے

سینگ کی بنی ہوئی کنگھی یا جو بھی کنگھی یا کنگھا مل جائے اس پہ اول گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دم کرے اور پھر گیارہ بار آیت قطب پڑھ کر دم کرے پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دم کرے اور لڑکی کو دے وہ ہر روز اس کنگھی سے اپنے سر کے بالوں میں کنگھی کرے۔ دوسرا کوئی اور اس کنگھی کو استعمال نہ کرے۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

آیت قطب یہ ہے۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَۃً نُّعَاسًا یَّغْشٰی طَآئِفَۃً مِّنْکُمْ ۙ وَطَآئِفَۃٌ قَدْ اَھَمَّتْھُمْ اَنْفُسُھُمْ یَظُنُّوْنَ بِاللّٰہِ غَیْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاھِلِیَّۃِ ۭ یَقُوْلُوْنَ ھَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَیْءٍ ۭ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ کُلَّہٗ لِلّٰہِ ۭ یُخْفُوْنَ فِیْٓ اَنْفُسِھِمْ مَّا لَا یُبْدُوْنَ لَکَ ۭ یَقُوْلُوْنَ لَوْ کَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَّا قُتِلْنَا

هٰهُنَا قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِیْ بُیُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ وَلِیَبْتَلِیَ اللّٰهُ مَا فِیْ صُدُوْرِكُمْ وَلِیُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِكُمْ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ۔

طلسم برائے بستن مردمی

جو شخص حرام کاری یا زنا کرتا ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل طلسم اس مرد کے پہنے ہوئے کپڑے پر لکھ کر ایک شیشی میں بند کر کے کسی پرانی قبر میں دفن کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی مردمی بستہ ہو جائے گی اور زنا کاری سے بچ جائے گا۔ وہ طلسم یہ ہے۔

اط ۱ ۸ ۱ ا ۱ ا ۱ ≡ ۹ ط ہ ۱۱۱ ی الساعہ الساعہ

۱۵۱۵ اعصر ۱ ع ا و سح ۱۲۲ سح العص ۸ ، الدولسی مارا

۱۱۱۱۱۱ امادہ و ث العالمین بستم مردمی فلاں بن فلاں علی فرج فلانۃ بنت فلانۃ

گھر، دوکان اور کارخانہ میں برکت

حسب ذیل آیات کو باوضو سفید سوتی کپڑے کے چار ٹکڑوں پر زعفران کو عرق گلاب میں حل کر کے لکھے اور اپنے گھر، اپنی دوکان اور اپنے کارخانے میں دیوار پر لگائے یا کسی ڈبیہ میں رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خوب برکت ہوگی۔ وہ آیات یہ ہیں۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِیَةً یَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ۙ لِیُوَفِّیَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَیَزِیْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۝

پیشاب کی زیادتی، حیض و نفاس کا زیادہ خون بہنا، جسم سے کسی بھی قسم کا خون، نکسیر بند کرنا

پیشاب کثرت سے آنے لگے، یا حیض و نفاس کا خون اپنی مدت سے زیادہ دن تک آئے یا جسم کے کسی بھی حصے سے خون جاری ہو یا نکسیر پھوٹ گئی ہو تو ان سب امراض کے لئے حسب ذیل کلمات کو باوضو عرق گلاب میں زعفران کو گھول کر لکھے اور مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ فوراً مرض سے شفاء حاصل ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

وَقِیْلَ یٰۤاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ۔

قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ یَّاْتِیْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِیْنٍ ۝

برائے پتھری

اگر کسی شخص کے گردوں میں پتھری ہو اور تکلیف رہتی ہو تو اس کے لئے باوضو مندرجہ ذیل آیت لکھ کر پلائے۔ انشاء اللہ

پتھری سے نجات ملے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَاِذِ اسْتَسْقٰی مُوْسٰی لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ

چھوٹے بچہ کا رونا

اگر چھوٹا بچہ کثرت سے روتا ہو تو اس کے لئے ذیل کی آیات باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ کا رونا ختم ہو جائے گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

وَلَبِثُوْا فِیْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ○ (پ ۱۵ ع ۱۶)

يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِیَ لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ○ (پ ۱۶ ع ۱۵)

بچہ کی بآسانی پیدائش کے لئے

ایک کاغذ پر باوضو مندرجہ ذیل آیت و کلمات لکھے اور پاک کپڑے میں لپیٹ کر پیدائش کے درد شروع ہونے کے وقت عورت کی بائیں ران میں باندھ دیں بچہ بآسانی پیدا ہو گا۔ بچہ کی پیدائش کے بعد فوراً کھول کر رکھ لیں اور پتھر میں لپیٹ کر دریا، سمندر یا نہر میں ٹھنڈا کر دیں یا پاک زمین میں دفن کر دیں وہ آیت و کلمات یہ ہیں۔

وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۙ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ؕ
اِهْيًا اِشْرَاهِيًا

بانجھ عورت کے اولاد ہونے کے لئے

لونگ کے چالیس دانوں پر آیات ذیل ہر دانہ پر باوضو سات بار پڑھ کر دم کرے اور ہر روز ایک لونگ عورت غسلِ حیض کے بعد کھائے اور ان دنوں شوہر ہم بستری بھی کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا۔

اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ لُّجِّیٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَا اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۧ

لڑکا پیدا ہونے کے لئے

جس عورت کے ہمیشہ لڑکی پیدا ہوتی ہے اس کے لڑکا پیدا ہونے کے لئے جب تین ماہ حمل ہونے کے قریب ہو تو باوضو عرق گلاب میں زعفران کو حل کر کے ہرن کی جھلی پر (چاندی کے ورق بنانے والوں کے پاس سے ملتی ہے) لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کی کمر میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور لڑکا پیدا ہو گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ○ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ○ (پ ۱۳ ع ۸)

يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ِۨ اسْمُهٗ يَحْيٰى ۙ لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ○ (پ ١٦ ع ٤)

بحق مریم و عیسیٰ ابنا صالحا طویل العمر

بحق محمد و آلہ صلی اللہ علیہ و علیہما وسلم

برائے بخار

اگر کسی کو بخار نہ چھوڑتا ہو تو عرق گلاب میں زعفران حل کر کے باوضو مندرجہ ذیل آیات لکھ کر روزانہ مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی بیماری اور بخار سے نجات ملے گی۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

كٓهٰيٰعٓصٓ ﴿١﴾ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ﴿٢﴾ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ﴿٣﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ○ (پ ١٦ ع ٤)

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ (پ ١٧)

شوہر کی ناراضگی دور کرنے کے لئے

آیت ذیل شیرینی (مٹھائی) پر باوضو سات بار پڑھ کر دم کرے، اول و آخر درود شریف تین تین بار پڑھے درمیان میں یہ آیات پڑھے۔ مطلوب کو کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ

ناراضگی دور ہوگی۔ وہ آیات یہ ہیں۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ○

دودھ کی زیادتی کے لئے

اگر عورت کا دودھ کم ہو یا سوکھ گیا ہو تو مندرجہ ذیل آیت کو عرق گلاب میں زعفران گھول کر باوضو مندرجہ ذیل آیت پاک برتن (چینی کی بغیر پھول والی پلیٹ) میں لکھ کر پانی سے گھول کر عورت کو چند دن پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دودھ بہت زیادہ پیدا ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ○

گائے، بھینس، بکری، بھیڑ، اونٹنی کے دودھ میں زیادتی کے لئے

اگر کسی جانور کا دودھ کم ہوگیا ہو یا دودھ ختم ہوگیا ہو تو مندرجہ ذیل آیت باوضو کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے جانور کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دودھ

زیادہ ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝

عورت کے دودھ میں زیادتی

اگر عورت کا دودھ کم ہو یا کم ہوگیا ہو اور بچہ بھوک سے روتا رہتا ہو تو اس کے لئے باوضو مندرجہ ذیل آیات عرق گلاب میں زعفران حل کر کے لکھیں اور پانی میں گھول کر روزانہ عورت کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ عورت کا دودھ زیادہ ہوگا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝

برائے تسخیر

یہ نقش سورۂ مزمل کا ہے۔ تسخیر اور مخلوق خدا میں مقبول ہونے کے لئے بہت زیادہ پُرتاثیر ہے۔ اس کو عرق گلاب میں زعفران حل کر کے اس سے باوضو لکھے اور موم

جامہ کر کے ٹوپی یا دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مخلوق خدا میں مقبولیت حاصل ہوگی وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷۳۸۲	۱۷۳۸۶	۱۷۳۸۹	۱۷۳۷۵
۱۷۳۸۸	۱۷۳۷۶	۱۷۳۸۱	۱۷۳۸۷
۱۷۳۷۷	۱۷۳۹۱	۱۷۳۸۴	۱۷۳۸۰
۱۷۳۸۵	۱۷۳۷۹	۱۷۳۷۸	۱۷۳۹۰

غیر مسلم کے لئے بخار کا طلسم

مندرجہ ذیل ناموں کو اسی ترتیب سے ایک لکڑی کے چھوٹے ٹکڑے پر لکھے اور غیر مسلم مریض کے گلے میں باندھ دے اگر جاڑہ دور نہ ہو تو اس لکڑی کو سات جوتے مارے اور پھر غیر مسلم مریض کے گلے میں باندھ دے۔ بحکم خدا بخار اور جاڑہ دفع ہوں گے۔ وہ طلسم یہ ہے۔

نمرود مردود   شداد بیداد
فرعون بےعون   ہامان بےایمان

برائے حب

اگر کسی عورت کا شوہر یا اولاد مخالف یا ناراض ہوں تو ان کو موافق یا راضی کرنے کے لئے اول پانچ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سات بار یہ آیت پڑھے۔ آخر میں پھر

پانچ مرتبہ درود شریف پڑھے اور شکر یا نمک پر دم کر کے مطلوب کو کھلا دے۔ اگر ایک مرتبہ کرنے سے مقصد حاصل نہ ہو تو بار بار یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالےٰ شوہر یا اولاد مخالفت سے باز آئیں گے اور ناراضگی ختم ہوجائے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ ۚ لَوْ أَنْفَقْتَ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مَا أَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ أَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۚ إِنَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ

برائے حب

اکتالیس عدد کالی مرچ لے کر ہر دانے پر سورہ فاتحہ (الحمد شریف) ایک بار پڑھ کر پھونک مارے (اس پہ دم کرے) پھر سفید پیاز کی ایک گٹھی لے کر اندر سے خالی کر کے اس میں تمام کالی مرچ بھر دے اور اس پیاز کو بند کر دے اور تین میخ انار کی لکڑی کی (یعنی انار کی تین چھوٹی شاخوں کو) لے کر پیاز کے سر پہ لگائے اور پیاز کو روئی میں لپیٹ کر آگ میں جلائے یا بغیر روئی کے ویسے ہی چولھے میں گاڑ دے (دفن کر دے) تاکہ آگ کی گرمی اس کو پہنچتی رہے ابھی وہ جلی بھی نہ ہوگی کہ مطلوب کی محبت طالب کے دل میں پیدا ہوجائے گی۔ نام طالب و مطلوب نام والدین پیاز کے چھلکے پر لکھے جائیں۔

تنبیہ: یہ عمل صرف جائز کام کے لئے کیا جائے۔ ناجائز محبت میں کامیابی نہ ہوگی بلکہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ اس عمل کو کرنے سے قبل کسی نیک متقی عالم دین سے مشورہ کر لے۔

سورۃ الفاتحہ یہ ہے۔

سُورَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(۴) تقویٰ اختیار کریں اور کسی اللہ والے کی صحبت اختیار کریں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو کبھی کبھی اللہ والوں کی خدمت میں حاضری دیا کریں۔

(۵) عورت اپنے شوہر کے ساتھ یا کسی محرم کیساتھ جائے اور پردے کی سختی سے پابندی کرے۔

اللّٰھمّ صلّ علیٰ محمّدٍ وعلیٰ آلِ محمّدٍ
کما صلّیت علیٰ ابراہیم وعلیٰ آلِ ابراہیم
انّک حمیدٌ مجید
اللّٰھمّ بارک علیٰ محمّدٍ وعلیٰ آلِ محمّدٍ
کما بارکت علیٰ ابراہیم وعلیٰ آلِ ابراہیم
انّک حمیدٌ مجید

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عملیات کرنے والے کے لئے ضروری ہدایات

۱- تعویذ لکھنے والے یا عمل کرنے والے کے لئے ضروری ہے کہ وہ نمازِ پنجگانہ مسجد میں باجماعت پابندیٔ وقت کے ساتھ ادا کرے، نوافل، اشراق، چاشت، اوّابین اور سنّت تہجد کی ادائیگی میں حتی الامکان کوشش کرے۔ نیز مختلف اوقات میں تحیۃ الوضو، تحیۃ المسجد اور دیگر نوافل بھی ادا کرتا رہے۔

۲- کثرت سے درود شریف کا وِرد رکھے۔ ہر نماز کے بعد ۱۰ دفعہ درود شریف پڑھے۔ جو درود نماز میں پڑھا جاتا ہے وہ افضل ہے، ورنہ جو درود شریف یاد ہو پڑھے۔ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ استغفار پڑھے۔ نیز فارغ اوقات میں ذکرِ الٰہی میں زبان کو مصروف رکھے، بیہودہ اور فضول باتوں میں وقت ضائع کرنے سے بچے۔ اپنا قیمتی وقت محنت مزدوری اور یادِ الٰہی میں صرف کرے۔ اپنے بچوں کی دیکھ بھال میں وقت صرف کرنا بھی بہتر ہے۔ روزانہ گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھا کرے، اس طرح کہ فجر، ظہر، عصر، مغرب کی نماز کے بعد دو دو مرتبہ اور عشا کے بعد تین مرتبہ، اگر ایسا نہ ہو سکے تو ایک ہی بیٹھک میں گیارہ مرتبہ پڑھ لے۔ اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔

۳- تعویذ اور نقش باوضو لکھے۔ بغیر وضو نہ کوئی عمل کرے اور نہ تعویذ وغیرہ لکھے ہمیشہ کوشش کرکے باوضو رہے۔

۴- نقش یا تعویذ لکھنے سے پہلے زبان سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ضرور پڑھے۔

۵- تعویذ لکھتے وقت اُس آیت، دُعا، کلمات یا الفاظ کو زبان سے ضرور پڑھے اگر آیت یا دُعا کے الفاظ پر اعراب نہ ہوں تو کسی عالمِ دین سے اعراب لگوالے لکھی جانے والی آیت، دعا یا کلمات کو لکھنے سے پہلے ایک دفعہ پڑھ لینے سے

اس تعویذ کی قوتِ تاثیر میں زبردست اضافہ ہوجاتا ہے۔

۶- نقش یا تعویذ کو ہمیشہ موم جامہ کرکے باندھے تاکہ ہر قسم کی بے حرمتی کے گناہ سے محفوظ رہے۔ بغیر موم جامہ کئے کوئی نقش یا تعویذ نہ باندھے۔

۷- تعویذ یا نقش بوسیدہ ہوجائے تو اسے کسی پاک وصاف کپڑے میں لپیٹ کر کسی پاک جگہ دفن کردے یا پتھر کے ساتھ باندھ کر سمندر یا کنویں میں ٹھنڈا کردے (یعنی آہستہ سے اس میں چھوڑ دے پتھر پھینکنے کی طرح نہ پھینکے)

۸- نقش یا تعویذ موم جامہ کرکے مرد اپنے دائیں (سیدھے) بازو پہ باندھ لے یا گلے میں ڈال لے اس طرح کہ نقش دل پر ہو۔ اگر عورت ہو تو بائیں بازو میں موم جامہ کرکے نقش باندھے یا گلے میں ڈال لے۔

۹- نقش یا تعویذ کو موم جامہ کرکے چاندی کے تعویذ میں بند کرلے یا پھر گہرے نیلے یا کالے کپڑے میں بند کرلے یا پاک چمڑے میں سلوا لے۔ بغیر موم جامہ کوئی تعویذ یا نقش نہ باندھے۔

۱۰- اگر ہرن کی کھال پر تعویذ لکھنا ہو تو چاندی کا ورق بنانے والوں کے پاس سے ہرن کی کھال باآسانی مل جاتی ہے۔ ان سے خرید لے۔

۱۱- نقش پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے سب سے چھوٹا عدد لکھا جائے پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خانہ پُر کیا جائے۔ پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خالی خانہ پر کیا جائے۔ سب سے بڑا عدد سب سے آخر میں لکھا جائے یعنی اعداد کی ترتیب سے خالی خانے پُر کئے جائیں۔

۱۲- تعویذ ہمیشہ کچی کالی روشنائی سے لکھے۔ اگر کچی کالی روشنائی میسر نہ ہو تو زعفران کو پانی میں حل کرکے اس سے تعویذ یا نقش لکھے۔ پکے رنگ یا پکی روشنائی (مثلاً ڈالر انک وغیرہ کی طرح کی پکی روشنائی) سے تعویذ یا نقش نہ لکھے کہ اس میں اسپرٹ استعمال کی جاتی ہے جو شراب سے بنتی ہے۔ لہٰذا احتیاط لازم ہے۔

۱۳- خون وغیرہ سے کوئی نقش یا تعویذ نہ لکھے۔ جن نقوش یا تعویذات میں مرغ کے خون سے تعویذ لکھنے کو کہا گیا ہے یا کسی اور جانور کے خون سے تعویذ یا نقش لکھنے کی بابت درج ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ عامل جس وقت کالی روشنائی سے یا زعفران سے تعویذ لکھنے لگے اسی وقت مرغ یا اس جانور کو بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر دوسرا شخص ذبح کردے۔ دراصل یہ رمز واشارہ ہے۔

۱۴- تعویذ یا نقش لکھتے وقت یا عمل پڑھتے وقت ان شرائط کو ملحوظ رکھے جو تعویذ یا نقش یا عمل کے لئے ضروری ہیں۔

۱۵- بعض وجہ کے اعمال ہیں کسی پرہیزگار عالم دین سے ضرور مشورہ کرکے عمل کرے۔ ورنہ دنیا و آخرت کی تباہی کا اندیشہ ہے۔

۱۶- تعویذ اور نقش کی بابت یہ گمان کرے کہ ہر کام اللہ تعالیٰ کے فضل واحسان سے ہوتا ہے اس کی مرضی یا مصلحت ہوگی تو کام ہوجائے گا۔ تعویذ یا نقش بذاتِ خود کچھ تاثیر نہیں رکھتے البتہ ان کی وجہ سے رحمتِ حق متوجہ ہوجاتی ہے۔

ہمیشہ دل میں یہ خیال رکھے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کام ہوتا ہے اگر اللہ تعالیٰ کا حکم ہوا تو کام ہوجائے گا اور اگر اللہ تعالیٰ کا حکم نہ ہوا تو کام نہیں ہوسکتا۔ لہٰذا عامل ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے کام کرے گناہ اور معصیت سے بچے اور اس کے فضل واحسان کا طالب رہے۔ سب سے اچھا یہ ہے کہ ہر عمل میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نمونہ سامنے رکھے اور سنت پر عمل کرے۔

۱۷- عامل پر لازم ہے کہ وہ عاجزی، انکساری اور فروتنی کو اپنا شعار بنائے اور ہر قسم کے دعوٰی سے خود کو بچائے کہ تکبر ہمیشہ ذلت وخواری کا سبب ہے اور اللہ تعالیٰ سے دوری پیدا کرتا ہے۔

۱۸- [illegible] مقرب فرشتوں اور اولیائے کرام کے اسمائے گرامی جن نقوش

یاد عاؤں میں استعمال ہوتے ہیں وہ محض برکت اور توسّل کے لئے ہیں۔ اصل کام بنانے والا اللہ تعالیٰ ربّ العالمین ہے لہٰذا اسی کے کرم وفضل پر نظر رکھی جائے۔

۱۹۔ سورج، چاند، ستارے عملیات میں کچھ مددگار ثابت نہیں ہوتے اور نہ اوقات کی پابندی ضروری ہے۔ جب دل متوجہ ہو عمل کرے یا نقش وتعویذ لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پورا پورا فائدہ حاصل ہوگا۔

۲۰۔ شریعتِ اسلامیہ کے خلاف کوئی کام نہ کرے۔ اگر کرے گا تو دنیا میں ذلیل اور آخرت میں تباہ وبرباد ہوگا۔

۲۱۔ تعویذ یا نقش کا معاوضہ لینا جائز ہے۔ لیکن متعلقہ شخص کی آمدنی کا لحاظ کرکے لے تو بہتر ہے۔

۲۲۔ حلال روزی کمائے اور حلال روزی کھائے، حرام اور مشتبہ کھانے سے دل کا نور اور زبان کی تاثیر ختم ہوجاتی ہے۔ لہٰذا اس معاملے میں سخت احتیاط ضروری ہے۔

۲۳۔ جھوٹ بولنے سے پرہیز کرے اس عظیم گناہ کے سبب زبان کا اثر جاتا رہتا ہے اور جھوٹا آدمی کسی پر کلام پڑھ کر دم کرے گا تو فائدہ حاصل نہ ہوگا۔

۲۴۔ جھوٹ، غیبت، حسد، بغض، چغلی، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہٖ وسلّم کی نافرمانی نیز دیگر قلبی، زبانی اور عملی گناہوں سے خود کو بچائے اور اگر گناہ ہوجائے تو فوراً توبہ کرلے۔

۲۵۔ بھاگنے اور فرار ہونے والے کے نقش یا تعویذات جو باندھے گئے ہوں یا دفن کئے گئے ہوں مفرور کے آتے ہی فوراً نکال لیں اور انھیں سمندر، دریا، نہر یا کنوئیں میں پتھر باندھ کر ڈال دیں ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔

۲۶۔ فقہاء نے فرمایا ہے کہ خاوند کے لئے تسخیر کا تعویذ کرانا حرام ہے گو اس فتوے

کی عبارت مطلق ہے مگر قواعد سے اس کی شرح یہ ہے کہ حقوق دو طرح کے ہیں۔ ایک تو وہ حقوق جو شرعاً شوہر پر واجب ہیں اور دوسرے وہ ہیں جو شرعاً واجب نہیں۔ سو جو حقوق واجب نہیں ان میں کسی تعویذ وعمل کے ذریعہ سے اس کو مجبور کرنا یعنی تسخیر کی ایسی تدبیر جس سے وہ مغلوب اور بالکل ہوجائے اور اپنے مصالح کی کچھ خبر نہ رہے یہ غیر واجب پر مجبور کرنا ہے یہ حرام ہے۔ ہاں اگر حقوق واجبہ میں کوتاہی کرتا ہے تو اس کے لئے مجبور کرنا بھی جائز ہے اور چونکہ ان عملیات میں اثر تابع ہوتا ہے قصد کے اس لئے عمل کے وقت غیر واجبہ حقوق حاصل ہونے کا قصد کرنا بھی گناہ ہے اور اثر کا تابع قصد ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ عملیات بھی ایک قسم کا مسمریزم ہے جس سے کسی کے دل اور دماغ پر قابو حاصل کیا جاتا ہے۔ لہٰذا عامل کو اس قسم کے تعویذ دینے میں احتیاط کرنا ضروری ہے اور کسی متقی عالم دین سے مشورہ کرکے نقش یا تعویذ دے تو بہتر ہے۔

۲۷۔ مؤلّف کتاب ھٰذا کے والدین مرحومین، جملہ بزرگانِ دین ومشائخ عظامؒ جن کے عملیات وتعویذات اس کتاب میں درج ہیں ان سب کے لئے اول درود شریف تین مرتبہ الحمد شریف چودہ مرتبہ اور سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ احد آخر تک) تین مرتبہ پھر درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب مرحومین کو بخش دے اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کرے تاکہ پورا پورا فیض حاصل ہو۔

تنبیہ: جو شخص کسی کو کچھ ثواب ہبہ کرتا ہے تو حق تعالیٰ بمحض احسان مثل اس ثواب کے اس کو یعنی جس کو اس نے بھیجا ہے عطا فرماتا ہے اور فرستندہ کا اصل ثواب فرستندہ کے واسطے رکھتا ہے

(مکتوب گرامی از حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ بنام مولانا ضیاء الحق

منقول در مکتوباتِ اکابرینِ دیوبند ص۵۸)

کاہن[1]، ساحر[2]، جادوگر[3]، رمّال[4] اور نجومی[5] کا شرعی حکم

شیخ علی قاری شرح فقہ اکبر میں فرماتے ہیں:

ایک مسئلہ یہ ہے کہ کاہن جو غیب کی خبریں دیتا ہے، اس کی تصدیق کرنا کُفر ہے۔ کیونکہ ارشادِ خداوندی ہے:

"کہہ دیجئے کہ نہیں جانتے غیب جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں سوائے اللہ تعالیٰ کے۔"

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کا ارشاد ہے کہ جو شخص کاہن کے پاس گیا پس اس کی بات کی تصدیق کی تو اس نے کُفر کیا اس کے ساتھ جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر نازل کیا گیا ہے۔"

اور کاہن وہ شخص ہے جو آئندہ آنے کے واقعات کی خبر دیتا ہے اور مکان کے اسرار کی معرفت کا مدعی ہو کہا گیا ہے کہ کاہن ساحر ہے اور نجومی جب آئندہ واقعات کے علم کا دعویٰ کرے تو وہ بھی کاہن کے مثل ہے اور اسی حکم میں رمّال داخل ہے۔"

قونوی کہتے ہیں کہ حدیث کاہن، قیافہ شناس اور نجومی سب کو شامل ہے۔ اس لئے نجومی، رمّال اور اس نوعیت کے دوسرے لوگ مثلاً کنکریاں پھینک کر حساب لگانے والے کی پیروی جائز نہیں۔ ان لوگوں کو جو اجرت دی جاتی ہے وہ بالاجماع حرام ہے جیساکہ بغوی اور قاری عیاض وغیرہ نے نقل کیا ہے اور انبیاء علیہم السلام کے بعد اس شخص کی پیروی بھی جائز نہیں جو مدعی الہام بن کر الہامات کے ذریعہ خبریں دیتا ہو اور نہ اس شخص کی پیروی جائز ہے جو حروف ابجد کے علم کا مدعی ہو۔ کیونکہ یہ بھی کاہن کے حکم میں ہے۔ (شرح فقہ اکبر ص۱۸۲، ص۱۸۳)

---

[1] جنوں سے دریافت کرکے غیب کی خبریں بتانے والا۔ [2] جادوگر، جادو ٹونہ، افسوں اور طلسم کرنے والا [3] جادو کرنے والا۔ [4] علم رمل کا ماہر جوتشی، نجومی۔
[5] علم نجوم کا ماہر جوتشی۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

فہرست مضامین

آسان عملیات وتعویذات جلد نہم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

(١) برائے شناخت (پہچان) مرض

مرد یا عورت کا جو بیس گھنٹے پہنا ہوا کرتہ یا قمیض جس کے نیچے کوئی دوسرا کپڑا نہ پہنا ہو (عورت کرتہ کے نیچے شمیض، باڈی یا انگیہ نہ پہنے ہو) صرف کرتہ ہو، کرتہ کے اوپر جو چاہے پہنے اس کے نیچے نہ پہنے۔ اس کرتہ کو بالشت سے ناپ کر نشان لگائے۔ پھر اس کپڑے پر مندرجہ ذیل عزیمت (قرآنی آیات) پڑھ کر اس کرتہ پر دم کرے (یعنی ہر بار پڑھ کر کرتے پر پھونک مارے) پھر اس کرتے کو پندرہ بیس منٹ تک رکھا رہنے دے۔ اس کے بعد اس کو دوبارہ بالشت سے ناپے۔ اگر کپڑا ایک انگل گھٹے (چھوٹا ہو جائے) یا بڑھے (بڑا ہو جائے) تو جان لے کہ اس مریض پر اثر ہمزاد کا ہے اور اگر دو انگل گھٹے یا بڑھے تو اثر شیاطین کا ہے تین یا چار انگل بڑھے یا گھٹے تو اثر سحر جادو کا ہے اسی کے مطابق علاج کرے۔ اگر کپڑا پہلے ناپ کے مطابق برابر ہے تو مرض بدن کا ہے اور علاج حکیم یا ڈاکٹر سے کرائے۔ کیونکہ مرض بدن کا علاج معالج جسمانی ہی کر سکتا ہے البتہ سورۂ فاتحہ پچیس ٢٥ بار اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے مریض کو پلائے تو انشاء اللہ صحت ہوگی۔ عزیمت یہ ہے۔

١۔ سورۂ فاتحہ تین بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ سورۂ فاتحہ یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۝ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ۝ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ۝ اِھۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡھِمۡ ۝ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡھِمۡ وَلَا الضَّآلِّیۡنَ ۝

۲۔ آیۃ الکرسی تین بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ آیۃ الکرسی یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰہُ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ ج اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ط لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ط مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ط یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ ج وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ج وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ج وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا ج وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۚ

۳۔ سورۃ الصّٰفّٰت شروع سے لے کر مِنْ طِیْنٍ لَّازِبٍ تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ سورۃ الصّٰفّٰت کی آیتیں یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۙ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۙ فَالتّٰلِیٰتِ ذِکْرًا ۙ اِنَّ اِلٰھَکُمْ لَوَاحِدٌ ؕ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَھُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ؕ اِنَّا زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِزِیْنَۃِ نِ الْکَوَاکِبِ ۙ وَحِفْظًا مِّنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ مَّارِدٍ ۚ لَا یَسَّمَّعُوْنَ اِلَی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی وَیُقْذَفُوْنَ مِنْ کُلِّ جَانِبٍ ۖ دُحُوْرًا وَّلَھُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۙ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَۃَ فَاَتْبَعَہٗ شِھَابٌ ثَاقِبٌ ○ فَاسْتَفْتِھِمْ اَھُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ط اِنَّا خَلَقْنٰھُمْ مِّنْ طِیْنٍ لَّازِبٍ ○

۴۔ سورۃ جن شروع سے لے کر شَطَطًا تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ جن کی آیات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّہُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۙ یَّھْدِیْٓ اِلَی الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِہٖ ط وَلَنْ نُّشْرِکَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۙ وَّاَنَّہٗ تَعٰلٰی جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا ۙ وَّاَنَّہٗ کَانَ یَقُوْلُ سَفِیْھُنَا عَلَی اللّٰہِ شَطَطًا ۙ

۵۔ سورۃ اخلاص آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ اخلاص یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ یَلِدْ ○ وَلَمْ یُوْلَدْ ۙ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۚ

۶۔ سورۃ فلق۔ آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ فلق یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ○ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ○ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۚ

۷۔ سورۃ الناس آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ الناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِکِ النَّاسِ ۙ اِلٰہِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ۚ

سورۃ اعراف پارہ ۹ کی آیتِ ذیل ایک بار پڑھ کر دم کرے۔

سورۃ اعراف کی آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۛۚ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ۚ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

۲- مرض۔ آسیب سحر۔ جن معلوم کرنیکا طریقہ

مریض کا ایسا کپڑا لے جس میں اس نے رات گذاری ہو۔ پہلے اس کپڑے کو گز یا بالشت سے ناپ لے اس کپڑے پر نشان لگا دے پھر مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر دم کرکے کپڑے کو رکھ دے۔ ذرا دیر کے بعد پھر کپڑے کو ناپے۔ اگر کپڑا بڑھ جائے تو بیماری شیاطین کے اثر سے ہے اور اگر کپڑا گھٹ جائے بیماری جن سحر یا جادو کے سبب سے ہے اور کپڑا سابقہ ناپ کے مطابق برابر رہا تو مرض جسمانی ہے۔ وہ عزیمت یہ ہے:

۱- سورۃ فاتحہ (الحمد شریف) آخر تک تین مرتبہ مع بسم اللہ الرحمن الرحیم ؕ

۲- والصّٰفّٰت سے لے کر لفظ "لازب" تک (سورۃ الصّٰفّٰت) ایک بار۔

۳- سورۃ جن شروع سے لے کر لفظ "شططا" تک (سورۃ جن) ایک بار۔

۴- قل اعوذ برب الفلق آخر تک ایک بار۔

۵- قل اعوذ برب الناس آخر تک ایک بار۔

(۳) مریض کا حال معلوم کرنا

اگر مریض کا حال معلوم کرنا چاہے تو مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر مریض پر دم کرے اگر مرض بڑھ جائے۔ آسیب ہے اگر کم ہوجائے تو جادو ہے اور اگر بدستور مرض رہے تو بیماری ہے۔

عزیمت یہ ہے:

① الحمد شریف (پوری سورۃ فاتحہ) (سات مرتبہ)
② آیۃ الکرسی (سات مرتبہ)
③ سورۃ کافرون (قل یاایھا الکفرون) آخر تک (سات مرتبہ)
④ سورۃ اخلاص (قل ھو اللہ احد) آخر تک (سات مرتبہ)
⑤ سورۃ الفلق (قل اعوذ برب الفلق) آخر تک (سات مرتبہ)
⑥ سورۃ الناس (قل اعوذ برب الناس) آخر تک (سات مرتبہ)

(۴) مرض معلوم کرنے کا طریقہ

مریض کے پاؤں کے ناخن سے سر کے بالوں تک ایک ڈورا (دھاگہ) ناپ لیں۔ پھر گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ درود شریف کے بعد سورۃ مزمل سات بار پڑھیں۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ڈورے پر دم کریں پھر ڈورے کو ناپیں اگر ڈورا ناپ سے چھوٹا رہ جائے تو شیاطین کے اثر سے بیماری ہے اور اگر ڈورا ناپ سے بڑا (لمبا) ہوجائے تو سحر ہے یا جن کے اثر سے مرض ہے اور اگر ڈورا قد کے برابر ہے تو مرض جسمانی ہے۔ ڈاکٹر حکیم سے علاج کرائے

استخارہ کی ترکیب

جب کوئی سخت مشکل پیش آئے یا شادی یا سفر یا کوئی کام کرے تو بغیر

استخارہ کیے نہ کرے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ
اللہ تعالیٰ سے اپنے کاموں میں اصلاح نہ لینا کم بختی اور کم نصیبی
کی بات ہے۔"

جس کام کو استخارہ کرکے کیا جائے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ اس میں ضرور
کامیابی ہوگی اور پریشانی نہ اٹھانی پڑے گی۔ استخارہ کی چند آسان اور زود
اثر ترکیبیں لکھی جاتی ہیں جن پر آسانی سے عمل کرسکے کرے۔

(۱)

استخارہ کی نیت کرکے دو رکعت نماز نفل بعد نمازِ عشاء کے پڑھے اس
کے بعد خوب دل لگاکر یہ دعا تین مرتبہ پڑھ لے (اگر زبانی یاد ہو تو بہتر ہے ورنہ
دیکھ کر پڑھ لے) دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَاَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ
وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَ
تَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ، اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ
تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ
فَاقْدُرْہُ لِیْ ثُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْہِ، وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا
الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْہُ
عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْہُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ
ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِہٖ ط۔

دعا پڑھتے وقت جب ھٰذَا الْاَمْرَ کے الفاظ پر پہنچے تو اس کام کو دھیان
میں (تصور میں سوچے) لائے جس کام کے لئے استخارہ کیا ہے۔

اس سے فارغ ہونے کے بعد پاک صاف اور ستھرے بستر پر قبلہ کی طرف
منہ کرکے باوضو سو جائے (اس طرح کہ سر شمال کی طرف ہو اور پاؤں جنوب

کی طرف اور دائیں کروٹ قبلہ کی طرف منہ کرکے سوجائے) سونے کے بعد کروٹ
بدل جائے تو حرج نہیں جب سوکر اٹھے اس وقت جو بات مضبوطی سے دل میں
آئے وہی بہتر ہے اسی کام کو کرنا چاہیئے۔ اگر ایک دن میں کچھ معلوم نہ ہو اور دل
میں خلجان اور تردّد (شک وشبہ) باقی رہے تو پھر دوسری رات اسی طرح کرے
انشاء اللہ العزیز سات روز کے اندر اندر اس کام کی بھلائی یا برائی (یعنی کام
کرنے کا جذبہ یا نہ کرنے کی طرف طبیعت کا میلان ہوگا اگر کام کرنے کا جذبہ
شدید ہے تو کام کرلے اور اگر شک وشبہ ہے تو نہ کرے) معلوم ہوجائے گی۔

ف: یہ دعا جس کا نام دعاء الاستخارہ ہے مختلف لفظوں کے ساتھ
حدیث شریف میں آئی ہے جس کو جو دعا یاد ہو پڑھے۔

(۲)

جب استخارہ کرنا ہو تو بعد نمازِ عشاء سب سے پہلے پاک کپڑے پہنے
پھر باوضو ہوکر بستر اور قبلہ کی طرف منہ کرکے سیدھی (داہنی) کروٹ لیٹ جائے
اور مندرجہ ذیل سورتیں حسب ترتیب ذیل پڑھے:

(۱) سورۃ الشمس سات مرتبہ پارہ ۳۰ سورۃ والشمس یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالشَّمْسِ وَضُحٰھَا ۝ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰھَا ۝ وَالنَّھَارِ اِذَا
جَلّٰھَا ۝ وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰھَا ۝ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰھَا ۝ وَالْاَرْضِ
وَمَا طَحٰھَا ۝ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰھَا ۝ فَاَلْھَمَھَا فُجُوْرَھَا وَ
تَقْوٰھَا ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَکّٰھَا ۝ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰھَا ۝
کَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰھَآ ۝ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰھَا ۝ فَقَالَ لَھُمْ
رَسُوْلُ اللّٰہِ نَاقَۃَ اللّٰہِ وَسُقْیٰھَا ۝ فَکَذَّبُوْہُ فَعَقَرُوْھَا ۝
فَدَمْدَمَ عَلَیْھِمْ رَبُّھُمْ بِذَنْۢبِھِمْ فَسَوّٰھَا ۝ وَلَا یَخَافُ عُقْبٰھَا ۝

(۲) سورۃ الیل سات مرتبہ (۷ دفعہ) سورۃ اللیل یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَاللَّیْلِ إِذَا یَغْشٰی ۙ وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلّٰی ۙ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْأُنْثٰی ۙ إِنَّ سَعْیَكُمْ لَشَتّٰی ۗ فَأَمَّا مَنْ أَعْطٰی وَاتَّقٰی ۙ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی ۙ فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْیُسْرٰی ۗ وَأَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰی ۙ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰی ۙ فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰی ۗ وَمَا یُغْنِیْ عَنْهُ مَالُهٗۤ إِذَا تَرَدّٰی ۗ إِنَّ عَلَیْنَا لَلْهُدٰی ۖ وَإِنَّ لَنَا لَلْآخِرَةَ وَالْأُوْلٰی ۝ فَأَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰی ۚ لَا یَصْلٰهَاۤ إِلَّا الْأَشْقَی ۙ الَّذِیْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰی ۗ وَسَیُجَنَّبُهَا الْأَتْقَی ۙ الَّذِیْ یُؤْتِیْ مَالَهٗ یَتَزَكّٰی ۚ وَمَا لِأَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰۤی ۙ إِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْأَعْلٰی ۚ وَلَسَوْفَ یَرْضٰی ۝

(۳) سورۃ اخلاص سات مرتبہ (سات دفعہ) پارہ ۳۰

سورۃ الاخلاص یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ۚ اللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ یُوْلَدْ ۙ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا أَحَدٌ ۝

(۴) سورۃ التین سات مرتبہ (۷ دفعہ)

سورۃ التین یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالتِّیْنِ وَالزَّیْتُوْنِ ۙ وَطُوْرِ سِیْنِیْنَ ۙ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْأَمِیْنِ ۙ لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِیْۤ أَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ ۫ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ أَسْفَلَ سٰفِلِیْنَ ۙ إِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

فَلَهُمْ أَجْرٌ غَیْرُ مَمْنُوْنٍ ۗ فَمَا یُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّیْنِ ۗ أَلَیْسَ اللّٰهُ بِأَحْكَمِ الْحٰكِمِیْنَ ۝

مندرجہ بالا سب سورتیں پڑھنے کے بعد عاجزی سے کہے:

"اے میرے اللہ! مجھے میرے خواب میں وہ چیز دکھا دے اور میرے اس حال میں کشادگی فرما دے اور میں اپنی دعا قبول ہونے کا حال معلوم کرلوں اور اس کام کے سرانجام ہونے کی تدبیر میرے دل میں ڈال دے"

انشاء اللہ العزیز اسی رات کو معلوم ہوجائے گا ورنہ اسی طرح دوسری رات کو عمل کرکے سوئے اگر مطلب حاصل ہوجائے ٹھیک ہے ورنہ اسی طرح تیسری رات کو بھی کرے۔ ساتویں رات تک انشاء اللہ تعالیٰ حل کھل جائے گا اور ساتویں رات سے آگے نہ بڑھے گا۔

(۳)

سب سے آسان استخارہ یہ ہے کہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کی رات کو برابر عشاء کی نماز کے بعد سب کاموں سے فارغ ہوکر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ تین سو مرتبہ پڑھ کر سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ مع بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ (پوری سورت پارہ ۳۰) ستر مرتبہ پڑھے:

سورۃ الم نشرح یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۙ الَّذِیْۤ أَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۗ فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۙ إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۗ فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ وَإِلٰی رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

اور اپنے منہ اور سینہ پر دم کرے اور اللہ تعالےٰ سے دعا کرے کہ :

" فلاں کام میں جو ہونے والا ہے، وہ مجھ کو خواب میں یا غنودگی میں کسی آواز دینے والے کی آواز سے معلوم کرادے ۔"

اس کے بعد درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھے :

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمٍ لَّكَ ۔

انشاء اللہ تعالیٰ تینوں راتوں میں سے کسی ایک رات میں مقصد حاصل ہو جائے گا۔

(۴)

پاک کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر باوضو اس نقش کو لکھ کر (اگر لکھنا نہ جانتا ہو تو کسی پڑھے لکھے آدمی سے لکھوا لے نقش لکھنے والا باوضو ہو) سر کے نیچے رکھ کر سو رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں ہر بات کا جواب ملے گا۔

٧٨٦

١	٨٨٣	١١	٨
١٢	٧	٢	٨٨٢
٦	٩	٨٨٥	٣
٨٨٤	٤	٥	١٠

حصار کی ترکیب

بڑا اہم چلہ کرتے وقت یا جنات کے علاج کے وقت حصار کرنا ضروری ہے۔ حصار کی آسان ترکیب یہ ہے۔

مندرجہ ذیل سورتیں حسب ذیل ترتیب سے پڑھیں:

(۱) آیۃ الکرسی بسم اللہ کے ساتھ ایک دفعہ (پارہ ۳)

آیۃ الکرسی یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ

(۲) سورۃ کافرون (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ۔ (پارہ ۳۰)

سورۃ کافرون یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ

(۳) سورۃ اخلاص (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۃ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ

(۴) سورۃ فلق (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰) سورۃ فلق یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ

(۵) سورۃ الناس (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۃ ناس یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۧ

مندرجہ بالا سورتیں پڑھ کر اپنے چاروں طرف پھونکے اور جسم پر دم کرے اور چاقو پر دم کرکے چاقو سے اپنے چاروں طرف خط (لائن) کھینچے۔

وظائف و عملیات

حضرت علامہ سید شمس الحق افغانی رحمۃ اللہ علیہ

قرض سے نجات اور ہر مشکل کا حل

سُوْرَۃُ النَّصْر مندرجہ ذیل ترتیب کے ساتھ مسلسل بلا ناغہ اور تعداد کے مطابق پڑھے کم یا زیادہ نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قرض سے نجات اور ہر مشکل حل ہوگی۔ اس عمل پر مداومت کلیدِ کامیابی ہے

بعد از نماز فجر سورۃ نصر اکیس (۲۱) بار

بعد از نماز ظہر سورۃ نصر بائیس (۲۲) بار

بعد از نماز عصر سورۃ نصر تیئیس (۲۳) بار

بعد از نماز مغرب سورۃ نصر چوبیس (۲۴) بار

بعد از نماز عشاء سورہ نصر پچیس (۲۵) بار

سُوْرَۃُ النَّصْر یہ ہے۔

سُوْرَةُ النَّصْرِ مَدَنِيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۙ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۙ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۧ

دشمن سے نجات کے لئے

اوّل درود شریف پانچ بار پھر سُوْرَۃُ لِاِیْلٰفِ مکمل ایک سو ایک (۱۰۱) بار آخر میں درود شریف پانچ بار۔ روزانہ کسی ایک وقت مقرر کر کے پڑھے انشاء تعالیٰ دشمن ناکام ہوگا اور دشمن سے نجات حاصل ہوگی۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

سُوْرَۃُ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْقُرَیْشِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ۙ اٖلٰفِھِمْ رِحْلَۃَ الشِّتَآءِ وَ
الصَّیْفِ ۚ فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ ھٰذَا الْبَیْتِ ۙ
الَّذِیْٓ اَطْعَمَھُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَھُمْ
مِّنْ خَوْفٍ ۝

برائے دشمن کے دفع ہونے اور اس کے شر سے حفاظت

دشمن کو دفع کرنے اور اس کے شر سے حفاظت کے لئے مندرجہ ذیل عمل بہت مفید ہے۔

عشاء کی نماز کے وقت وتر اور نفل کے درمیان آنکھیں بند کر کے یہ تصور کرے کہ دشمن میرے سامنے کھڑا ہے۔ اور مندرجہ ذیل کلمات تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پڑھے اور اس کے بعد ایک ڈھیلا یا پتھر اسی دشمن کے تصور کے ساتھ دشمن کو مارے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوگا۔ اور دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ
مِنْ شُرُوْرِھِمْ

برائے حل ہر مشکل

اگر کوئی مشکل پیش آگئی ہو اور حل نہ ہوتی ہو تو اس کے حل کے لئے بعد نماز فجر اوّل تین (۳) مرتبہ درود شریف پڑھے پھر اکتالیس (۴۱) بار یہ کلمات پڑھے پھر آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل فوراً حل ہوگی کام بن جائے گا لیکن شرط یہ ہے کہ تعداد کے مطابق پڑھے اور جب تک کام نہ بنے برابر پڑھتا رہے۔ ناغہ نہ کرے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

يَاعَالِمَ الْغُيُوْبِ وَيَاغَافِرَ الذُّنُوْبِ وَيَا كَاشِفَ الْكُرُوْبِ عَنِ الْمُرْهِقِ الْكَظِيْمِ۔

افسر کو اپنی طرف مائل کرنے کے لئے

اگر کسی کا کوئی معاملہ سخت قسم کے افسر سے پڑ جائے اور اس سلسلے میں کسی رکاوٹ کا گمان ہو تو افسر کو اپنی طرف مائل و متوجہ کرنے کے لئے ہر نماز کے بعد ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ) پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ افسر یا حاکم مہربان ہوگا اور کسی قسم کی سختی نہ کرے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

يَالَطِيْفُ ۔ يَاوَدُوْدُ

کسی حاکم، افسر، جج کے غلط فیصلہ سے بچنے کے لئے

اگر کوئی حاکم، افسر، جج یا منصف یا قوم کا سربراہ خلاف ہو اور اس سے صحیح فیصلہ کی اُمید نہ ہو تو ایسی صورت میں اپنے مقصد کو دل میں رکھ کر مندرجہ ذیل کلمات سات (۷) مرتبہ پڑھ کر متعلقہ افسر پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فیصلہ صحیح ہوگا اور انصاف ملے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

كٓهٰيٰعٓصٓ كَفَيْتُ حٰمٓ عٓسٓقٓ حُمِيْتُ

اس کے بعد یہ کلمات سات مرتبہ باوضو پڑھے اور افسر پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم، جج رحم دل ہوگا اور جج صحیح فیصلہ کرے گا۔

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ

تسخیر اور قابو میں کرنے کے لئے

اگر کوئی دشمن ہو اور اس کو دوست بنانا ہو کہ نقصان نہ پہنچائے تو سُوْرَۃُ قُرَیْش کو باوضو تہجد کے وقت ایک سو بار پڑھے اور اگر تہجد کے وقت نہ ہو سکے تو فجر کی نماز کے بعد ایک سو بار پڑھے اگر اسقدر پڑھنا مشکل ہو تو ہر نماز کے بعد اکیس (۲۱) بار پابندی کے ساتھ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ محبت پیدا ہوگی۔ لیکن شرط یہ ہے کہ جائز مقصد کے لئے کرے ناجائز مقصد میں ناکام رہے گا اور نقصان اٹھائے گا لہذا سخت احتیاط کرے۔ سُوْرَۃُ قُرَیْش یہ ہے۔

سُوْرَۃُ قُرَیْشٍ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۙ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۚ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۙ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۚ

ملازمت حاصل ہونے اور قرض سے نجات کا وظیفہ

نماز عشاء کے بعد باوضو اول گیارہ بار درود شریف پھر

چودہ سو چودہ (۱۴۱۴) مرتبہ

یَاوَهَّابُ

پھر سو مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

یَاوَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ نِّعْمَةِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ
اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

پھر آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور دعا مانگ لے۔
اور صبح کو بعد نماز فجر باوضو چالیس بار سُوْرَةُ النَّصْر پڑھے۔
انشاء اللہ تعالیٰ ملازمت مل جائے گی اور اگر قرض ہے تو
وہ ادا ہو جائے گا۔

درود ابراہیمی یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ
اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔
اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ
اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

سُوْرَةُ النَّصْر یہ ہے۔

سُوْرَةُ النَّصْرِ مَدَنِیَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۙ وَرَاَیْتَ النَّاسَ
یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۙ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ

رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۔ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۔

امتحان میں کامیابی کا وظیفہ

جب سوالیہ پرچہ آئے تو اس کو پڑھنا نہیں بلکہ الٹا
کر کے رکھ دینا ہے۔ اول تین بار درود شریف پڑھے۔

درود ابراہیمی یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ
اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔
اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ
اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

پھر گیارہ مرتبہ یہ کلمات پڑھے۔

سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ۔ اِنَّكَ
اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ ۔

پھر گیارہ مرتبہ یہ پڑھے۔

یَا فَتَّاحُ

پھر سات مرتبہ یہ پڑھے۔

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ۔

پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد سوالیہ
پرچہ دیکھے اور پرچہ حل کرنا شروع کرے۔ انشاء اللہ

العزیز غیبی امداد ہوگی

ہر مقصد میں کامیابی کا عمل

اول و آخر درود شریف تین تین بار باوضو پڑھے۔ درمیان میں یہ کلمات بارہ سو (۱۲۰۰) بار پڑھے دل میں اپنا مقصد رکھے۔ جب تک مقصد پورا نہ ہو برابر پڑھتا رہے۔ ناغہ نہ کرے اور بد دل ہو کر نہ چھوڑے اور نہ تعداد میں کمی بیشی کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی اور جلد مقصد پورا ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ

رزق میں زیادتی کے لئے

ہر سال ایک چلہ کرے۔ اس طرح کہ ہر روز باوضو وقت مقررہ پر گیارہ بار درود شریف پڑھے پھر گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) بار

یَا مُغْنِیُ

پڑھے۔ پھر گیارہ بار سورۃ مُزَّمِّل (پ ۲۹) پڑھے پھر گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اسی طرح ایک چلہ (چالیس دن) پورا کرے۔ پھر روزانہ باوضو گیارہ بار سورۃ مُزَّمِّل (پ ۲۹) مکمل پڑھے۔ چاہے تو ہر نماز کے بعد دو مرتبہ پڑھے اور عشاء کے بعد تین بار پڑھ لے ورنہ ایک وقت میں گیارہ مرتبہ پڑھ لے۔ یہ بہت زبردست عمل ہے اس کی برکت سے

روزی میں ترقی ہوگی اور رزق فراخی سے ملے گا رزق میں تنگی ختم ہو جائے گی انشاء اللہ تعالیٰ جیب خالی نہ ہوگی۔

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے سورۂ فاتحہ کا عمل

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے نماز فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان باوضو بلاناغہ سورۂ فاتحہ اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھے اول اور آخر درود شریف سات سات مرتبہ پڑھے۔
اسی طرح پابندی کے ساتھ بلاناغہ چالیس دن پورے کرے۔ پھر جس کام کے لئے چند مرتبہ بمعہ درود شریف پڑھ کر یا ایک بار کاغذ پر باوضو لکھ کر تعویذ بنا کر دے تو انشاء اللہ تعالیٰ موم جامہ کر کے گلے میں باندھنے والا اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا۔
سُوْرَۂ فَاتِحَہ کو پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ رَحِیْم کے میم کو اَلْحَمْدُ کے لام سے ملا کر پڑھے۔ یعنی اس طرح۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ (آخر تک)

محبت اور تسخیر کا عمل

آیتِ ذیل باوضو قطب کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو کر اس طرح کہ سیدھا پاؤں بائیں پاؤں کی پشت پر رکھا ہو پڑھے۔ سفید موٹھ گیارہ عدد لے کر (سب موٹھ سفید اور

ایک ہی رنگ کے ہوں) ہر دانہ پر گیارہ بار یہ آیت پڑھ کر پھونک مارے (دم کرے)

اور ان کو مٹی کی ہنڈیا میں ڈال کر چینی سے ہنڈیا کا منہ بند کر کے اپنے مکان میں دفن کرے اور آیت ذیل کو سوا لاکھ بار پڑھ کر اس کا ثواب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پاک کو بخشے اور اس کے بعد روزانہ ایک مقررہ تعداد سے (یعنی ۲۱، ۱۱ یا ۷ بار) مطابق پڑھ لیا کرے۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۘ

یہ عمل تسخیر خلائق کے لئے ہے۔ لوگوں کی طرف سے کھانا، لباس یا کوئی تحفہ تحائف ملے تو اس کو جمع کر کے نہ رکھے بلکہ غرباء اور اہل حاجت میں تقسیم کر دے۔

اسی طرح اگر روزانہ اسم شریف

یَا مُغْنِیُ یَا بَاسِطُ

گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) بار یعنی ایک ہزار ایک سو گیارہ بار روزانہ پابندی کے ساتھ پڑھ لیا کرے تو بہتر ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عزت اور روزی میں ترقی ہوگی۔

برائے دمہ

تانبے کی تختی پر باوضو کندہ (کھدوا) کر کے مریض کے گلے

میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ دمہ کی تکلیف دور ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

یَا مُذِلَّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ بِقَهْرِ عَزِيْزِ سُلْطَانِهٖ يَا مُذِلَّ وَاللّٰهُ الْمُوَفِّقُ وَالْمُعِيْنُ يَا قَهَّارُ اَنْتَ الَّذِيْ لَا يُطَاقُ انْتِقَامُهٗ يَا قَهَّارُ

برائے دفع ہر مرض

(از قطب عالم حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ)

مندرجہ ذیل کلمات باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے مرض سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔

جادو، سحر سے نجات

جادو اور سحر سے نجات کے لئے باوضو اول تین بار درود شریف پڑھے پھر یہ دعا ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار پڑھے اور آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ اگر کوئی دوسرا پڑھنے والا نہ ہو تو مریض خود پڑھ کر دم کر لیا کرے اس طرح کہ سینے پر خود دم کر لے اور پھر دونوں ہاتھوں کی

ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیرلے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

وہ دعا یہ ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْقَادِرِ الْقَاھِرِ الْکَافِیْ اَعُوْذُ مِنْ شَرِّ عَدُوٍّ ھُوَ اَقْوٰی مِنِّیْ بِرَبٍّ ھُوَ اَقْوٰی مِنْہُ۔

ردِّ سحر جادو دور کرنے کے لئے

بعد نماز فجر معوذتین (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ) تین ۳ بار پڑھ کر مریض پر دم کرے یا مریض خود پڑھ کر دم کرلے۔ اسی طرح بعد نماز مغرب معوذتین تین ۳ تین بار پڑھ کر مریض پر دم کرے یا مریض خود پڑھ کر دم کرلے۔ معوذتین یہ ہیں۔

سُوْرَۃُ الْفَلَقِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۔

سُوْرَۃُ النَّاسِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِکِ النَّاسِ ۙ اِلٰہِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ۔

سحر اور جادو کا علاج

سات عدد سبز بیری کے پتے لے کر باوضو انہیں دو پتھروں میں پیس لیں یا سل بٹہ پر پیس لیں۔ ان پسے ہوئے پتوں کو ایک پاک و صاف بالٹی میں ڈال دیں اور گلاس یا مگھے سے بالٹی میں پانی ڈالتے جائیں اور آیۃ الکرسی پڑھتے جائیں۔ جب بالٹی پانی سے بھر جائے تو ان پسے ہوئے پتوں کو بالٹی میں اچھی طرح ملا کر حل کرلیں۔ اب مریض کو اس پانی میں سے تین ۳ گھونٹ پانی پلا کر باقی پانی سے اس کو نہلا دیں۔ یہ عمل تین دن مسلسل بلاناغہ کریں ان شاء اللہ تعالیٰ سحر اور جادو سے نجات حاصل ہوگی۔

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ

وَلَا نَوْمٌ ۚ لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ مَنْ ذَا الَّذِي يَشْفَعُ عِنْدَهُ إِلَّا بِإِذْنِهِ ۚ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۖ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ ۖ وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ

سحر اور جادو دور کرنے کے لئے

تین کھلے منہ والے مٹی کے کورے پیالے یا مٹی کی رکابی (پلیٹ) لے اور باوضو دیسی سیاہی (کچی کالی روشنائی) سے سرکنڈہ کے قلم سے اس پیالے یا پلیٹ میں سُورَةُ لَمْ يَكُنِ الَّذِينَ كَفَرُوا۔ پوری لکھیں۔ اور روزانہ ایک پیالہ پانی سے اس لکھی ہوئی سورت کو دھو کر پی لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر اور جادو کا اثر دور ہو جائے گا۔ سُورَةُ لَمْ يَكُنِ الَّذِينَ كَفَرُوا یہ ہے۔

سُورَةُ الْبَيِّنَةِ مَدَنِيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

لَمْ يَكُنِ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِينَ مُنْفَكِّينَ حَتّٰى تَأْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝ رَسُولٌ مِنَ اللّٰهِ يَتْلُوا صُحُفًا مُطَهَّرَةً ۝ فِيهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ۝ وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتٰبَ إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝ وَمَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ ۝

حُنَفَاءَ وَيُقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِينُ الْقَيِّمَةِ ۝ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِينَ فِي نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِينَ فِيهَا ۚ أُولٰئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ ۝ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ أُولٰئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۝ جَزَاؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ خٰلِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۚ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ۚ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهُ ۝

سحر اور جادو کا دفع کرنا

اگر کسی پر سحر یا جادو یا سفلی کر دیا گیا ہو جس کے سبب اس کی طبیعت آئے دن خراب رہتی ہو اور بدستور علاج کرانے کے باوجود تندرست نہیں ہوتا تو سحر اور جادو کے دفعیہ کے لئے باوضو مُعَوَّذَتَيْن لکھے اور موم جامہ کر کے کالے یا نیلے کپڑے میں سی کر اپنے گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر اور جادو دفع ہوگا۔
مُعَوَّذَتَيْن یہ ہیں۔

سُورَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي

الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

سُوْرَةُ النَّاسِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝
مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۝ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ
فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

اولادِ نرینہ کے لئے

اگر کسی کے یہاں لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں اور لڑکے کی خواہش ہو تو جب حمل کو دو ماہ ہو جائیں تو باوضو ہرن کی کھال پر عرق گلاب میں زعفران کو حل کر کے یہ تعویذ لکھیں اور موم جامہ کر کے نیلے یا کالے کپڑے میں سی کر عورت کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔
تعویذ کی عبارت یہ ہے۔

اَللّٰهُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِیْرُ الْمُتَعَالِ ۝

یٰزَكَرِیَّا اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ نِ اسْمُهٗ یَحْیٰى ۝ لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِیًّا ۝

بِحُرْمَةِ مَرْیَمَ وَعِیْسٰى اِبْنًا صَالِحًا طَوِیْلَ الْعُمْرِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ ۔

اولاد نہ ہونے پر یعنی بانجھ پن دور کرنے کے لئے بشرطیکہ حیض آتا ہو

قد کے برابر (پیشانی سے ناپے جہاں سے سر کے بال شروع ہوتے ہیں اور پاؤں کے انگوٹھے کے ناخن تک ناپے یہ قد ہے) نو تار (دھاگے) لے کر کسم کے دانوں کو جوش دے کر اس میں ڈالیں پھر ان نو دھاگوں پر ان آیات کو ایک بار پڑھ کر ایک گرہ لگائیں اور اسی طرح نو بار پڑھ کر نو گرہ لگائیں اور ہر بار پڑھ کر گرہ پر پھونکیں۔ وہ آیات یہ ہیں۔

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَیْهِمْ وَلَا تَكُ فِیْ ضَیْقٍ مِّمَّا یَمْكُرُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝

حُب کا تعویذ

مندرجہ ذیل تعویذ کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے یا دائیں بازو میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ محبت پیدا ہوگی۔ شرط یہ ہے کہ جائز مقصد کے لئے کرے ناجائز مقصد میں کامیاب نہ ہوگا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۝ وَلَوْ یَرَى الَّذِیْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ یَرَوْنَ الْعَذَابَ ۝ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِیْعًا ۝ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِیْدُ الْعَذَابِ ۝

بستم دل، بستم جان بستم زبان، بستم بند ہا و بستم ہوش، و بستم عقل و بستم شکل، و بستم وہم و بستم خیال و بستم خواب و بستم آرام و بستم شنوائی و بستم گویائی و بستم بینائی ہمہ را بند کردم فلاں بن فلاں علی حُبِّ فلاں بن فلاں

پہلے فلاں بن فلاں کی جگہ مطلوب کا نام اور اس کے والد کا نام لکھے اور دوسرے فلاں بن فلاں کی جگہ طالب اور اس کے والد کا نام لکھے۔

عملِ حُبّ

عروج ماہ (یعنی چاند دیکھنے کے بعد) میں اتوار کے دن بعد نماز فجر شروع کرے اور چاند کی چودہ تاریخ تک باوضو کل گیارہ دن پڑھے اور روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ اس کی ترکیب یہ ہے کہ بعد نماز فجر باوضو اوّل تین بار درود شریف پڑھے۔ پھر مندرجہ ذیل کالم ۱ اور کالم ۲ کو ملا کر پڑھے۔

(کالم ۱)	(کالم ۲)
بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔	
قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ	بِحَقِّ جِبۡرَائِيۡلَ
اَللّٰهُ الصَّمَدُ	بِحَقِّ اِسۡرَافِيۡلَ
لَمۡ يَلِدۡ	بِحَقِّ مِيۡكَائِيۡلَ
وَلَمۡ يُوۡلَدۡ	بِحَقِّ عِزۡرَائِيۡلَ

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيۡتَ عَلٰٓی اِبۡرَاهِيۡمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبۡرَاهِيۡمَ

اِنَّكَ حَمِيۡدٌ مَّجِيۡدٌ۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكۡ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكۡتَ عَلٰٓی اِبۡرَاهِيۡمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبۡرَاهِيۡمَ اِنَّكَ حَمِيۡدٌ مَّجِيۡدٌ۔

برائے حل مشکلات

ہر قسم کی مشکلات کے حل کے لئے روزانہ بعد از نماز فجر اوّل تین ۳ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر یہ کلمات تین سو ساٹھ (۳۶۰) بار پڑھے پھر آخر میں تین ۳ بار درود شریف پڑھے۔ ناغہ نہ کرے برابر پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی مشکل حل ہوگی۔ کالم ۱ اور کالم ۲ کو ملا کر پڑھے۔

کالم ۱	کالم ۲
بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔	
قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ	بِحَقِّ جِبۡرَائِيۡلَ
اَللّٰهُ الصَّمَدُ	بِحَقِّ اِسۡرَافِيۡلَ
لَمۡ يَلِدۡ	بِحَقِّ مِيۡكَائِيۡلَ
وَلَمۡ يُوۡلَدۡ	بِحَقِّ عِزۡرَائِيۡلَ

اَعمالِ اعتکاف

(۱)

صَلٰوۃِ ضُحٰی (چاشت کی نماز) کم از کم چار ۴ رکعت اور زیادہ سے زیادہ بارہ ۱۲ رکعات۔

(۲)

صلوٰۃِ تہجد (تہجد کی نماز) آٹھ رکعت یا زیادہ سے زیادہ بارہ رکعات۔ دو، دو رکعت کی نیت باندھ کر پڑھے۔

(۳)

مغرب کی نماز کے بعد اَوّابین یعنی کم از کم چھ رکعت نفل دو، دو رکعت کی نیت باندھ کر پڑھے۔

(۴)

اعتکاف میں کم از کم ایک بار اور اگر ہو سکے تو تین بار صلوٰۃُ التسبیح پڑھ لے۔

صلوٰۃُ التسبیح کا طریقہ

چار رکعت کی نیت کرے ایسے وقت میں کہ نفل پڑھنے درست ہوں (یعنی زوال کے وقت یا عصر کی نماز کے وقت یا سورج نکلتے اور غروب ہوتے وقت نہ پڑھے)

پہلی رکعت میں

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ۔

پڑھنے کے بعد پندرہ بار پڑھے

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ

الْعَظِيْمِ۔

اس کے بعد سورۂ فاتحہ پڑھے۔

سورۂ فاتحہ یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۗ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۗ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۧ

اس کے بعد اور کوئی سورۃ پڑھے۔ (سُوْرَةُ اللَّهَبِ پڑھ لے)

سُوْرَةُ اللَّهَبِ یہ ہے۔

سُوْرَةُ اللَّهَبِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۗ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۗ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۚ وَّامْرَاَتُهٗ ۭ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۚ فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۧ

سورہ کے بعد یہ تسبیح دس بار پڑھے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

پھر رکوع کرے اور رکوع کی تسبیح تین بار پڑھے۔

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ

اس کے بعد دس بار یہ تسبیح پڑھے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ
الْعَظِيْمِ ؕ

رکوع سے اٹھ کر قومہ میں دس بار یہ تسبیح پڑھے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ
الْعَظِيْمِ ؕ

پھر سجدے میں جائے اور سجدے کی تسبیح تین[۳] بار پڑھے۔

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى

اس کے بعد دس بار یہ تسبیح پڑھے

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ
الْعَظِيْمِ ؕ

اس کے بعد سجدے سے اٹھ کر جلسہ میں دس بار یہ تسبیح پڑھے

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ
الْعَظِيْمِ ؕ

پھر دوسرا سجدہ کرے اور سجدے کی تسبیح تین[۳] بار پڑھے

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى

اس کے بعد سجدے میں دس بار یہ تسبیح پڑھے

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ
الْعَظِيْمِ ؕ

اسی طرح ہر رکعت میں یہ تسبیح پچھتر[۷۵] بار ہوگی اور کل چار[۴] رکعت میں تین سو (۳۰۰) بار ہو جائے۔

(۵)

تلاوت قرآن مجید کم از کم تین[۳] پارے روزانہ

(۶)

روزانہ ایک سو بار یہ کلمات پڑھے۔ وہ کلمات یہ ہیں

حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّيْ

ایک سو بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰه پڑھے۔ استغفار یہ ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ

ایک سو بار درود شریف پڑھے۔ درود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا
صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ
حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا
بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ
حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذکر و اذکار کا خلاصہ

(۱) ایک سو بار یہ کلمات
سُبْحَانَ اللّٰہِ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ۔ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

(۲) سُوْرَۃُ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ مکمل دو سو (۲۰۰) بار۔ سُوْرَۃُ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ یہ ہے

سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ یُوْلَدْ ۙ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۠

(۳) حَسْبِیَ اللّٰہُ ایک سو بار

(۴) اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ۔ جس کی مختلف تعداد بیان ہوئی ہیں تین سو تیرہ (۳۱۳) بار بہتر ہے

(۵) درود شریف ایک سو بار۔ بہتر درود شریف وہ ہے جو صاحب درود نے خود بتلایا ہے۔ جو درود شریف نماز میں پڑھا جاتا ہے وہ افضل ہے۔ وہ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا

بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

(۶) اَللّٰہُ الصَّمَدُ۔ پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ

(۷) یَا حَیُّ۔ یَا قَیُّوْمُ۔ پانچ سو (۵۰۰) بار

آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ عمل روزانہ فرمایا کرتے تھے۔
حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ اس پر ہمیشہ عمل کرتے تھے۔

اکابر علماءِ کرامؒ کے عملیات

برائے غنائے ظاہری

(از حضرت شاہ عبدالرحیم دہلویؒ)

ہر روز سورۂ مزمل (پ۲۹) گیارہ مرتبہ اور یَا مُغْنِیُ گیارہ سو مرتبہ پڑھنے سے غنائے ظاہری حاصل ہوتا ہے۔

خفقان یا دل کی گھبراہٹ کے دفع کرنے کے لئے

(از حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ)

دل کی گھبراہٹ اور خفقان دور کرنے کے لئے روزانہ ایک ہزار مرتبہ

یَا حَمِیْدُ

پڑھے۔ خواہ پانچوں نمازوں کے بعد دو، دو سو مرتبہ پڑھے یا ایک ہی بیٹھک میں ایک ہزار مرتبہ پڑھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دل کی گھبراہٹ دور ہوگی۔

گمشدہ چیز، آدمی، جانور کی واپسی کے لئے

(از حضرت میاں سید اصغر حسین صاحب محدث دارالعلوم دیوبندؒ)

گمشدہ چیز کے ملنے اور آدمی، جانور یا کسی بھاگے ہوئے کی واپسی کے لئے چالیس روز تک روزانہ دو سو دفعہ

یَا مُعِیْدُ

پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ چیز مل جائے گی اور گمشدہ آدمی یا بھاگا ہوا واپس لوٹ آئے گا۔

سانپ کے ڈسے ہوئے کا عمل

سانپ کے ڈسے ہوئے کو یہ عمل کاغذ پر لکھ کر دھو کر پلانے سے انشاء اللہ سانپ کا زہر اس سے زائل ہو جائے گا نہایت مجرب ہے۔

سارا سارا الی سارا امالی یرن یرن الی
بامال واصال باطوطو کالعومار اساب یا
فارس اردو باب ھاکان ما ابین لھا
تارا انار کاس متمرنا کاطن صلوبیرص
صاروب اثاوین ودی۔

سانپ کے کاٹے کا اثر زائل کرنا

جس شخص کو سانپ نے کاٹ لیا ہو اگر وہ فوراً یہ دعا پڑھ لے تو انشاء اللہ سانپ کا زہر اثر نہیں کرے گا۔

نُوْدِیَ اَنْ بُوْرِکَ مَنْ فِی النَّارِ وَمَنْ
حَوْلَهَا وَسُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

زہریلے جانور کے زہر سے نجات کا عمل

اگر کسی زہریلے جانور مثلاً سانپ وغیرہ نے کاٹ لیا ہو تو جس جگہ پر کاٹا ہو اس کے ارد گرد گھماتے ہوئے سات مرتبہ یہ آیت ایک ہی سانس میں پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ اس کا زہر ختم ہو جائے گا۔ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ ۝

عملیات

حضرت مولانا حماد اللہ صاحب ہالیجوی رحمۃ اللہ علیہ

ہر تکلیف کا روحانی علاج

لاعلاج مرض سے شفاء کے لئے سورۃ فاتحہ صبح کی دو سنت پڑھنے کے بعد اور فرض نماز سے پہلے اکتالیس بار پڑھیے اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار انشاء اللہ تعالے لاعلاج مرض سے صحت حاصل ہوگی۔ نیز ظاہری اور باطنی تمام بیماریوں سے صحتیابی کے لئے اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائے یا مریض خود پڑھ کر پانی پر دم کرکے پی لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہوگی۔

دل کی کمزوری دور کرنے کے لئے

دل کی کمزوری دور کرنے کے لئے ہر فرض نماز کے بعد دل پر ہاتھ رکھ کر سات بار یہ کلمات پڑھے اور دل پر دم کرے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

يَا قَوِيُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِيْ وَقَلْبِيْ

رزق میں برکت کا عمل

رزق میں برکت کے لئے ہر نماز کے بعد سات مرتبہ اور جمعہ کی نماز کے بعد ستر مرتبہ یہ دعا پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت ہوگی اور رزق وافر ملے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

اغواء، جیل یا قید سے رہائی کے لئے

اغواء، جیل یا قید سے رہائی کے لئے آیت کریمہ سوا لاکھ (ایک لاکھ پچیس ہزار) مرتبہ پڑھی جائے، چند آدمی مل کر پڑھیں یا اکیلا آدمی چند دن میں ختم کرلے۔ لیکن باوضو پڑھی جائے یا عشاء کی نماز کے بعد اندھیرے کمرے میں باوضو بیٹھ کر تین سو مرتبہ آیت کریمہ پڑھی جائے اور اپنے پاس ایک بڑے برتن میں پانی بھر کر رکھا جائے اس برتن میں ہاتھ گیلے کرکے چہرے پر چھینٹے مارے جائیں آیت کریمہ یہ ہے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

جو آدمی جیل میں ہے وہ یہ وظیفہ ایک مجلس میں روزانہ دو ہزار مرتبہ پڑھے وہ وظیفہ یہ ہے۔

مَا شَآءَ اللّٰهُ كَانَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ، حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔

اور تین سو تیرہ ۳۱۳ مرتبہ یہ وظیفہ برابر روزانہ پڑھتے رہیں جب تک اغوا شدہ، یا جیل کا قیدی رہا ہو کر گھر نہیں آجاتا۔ انشاء اللہ تعالیٰ متعلقہ شخص رہا ہو کر گھر آجائے گا۔ وہ وظیفہ یہ ہے۔

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ۝

تمام بیماریوں اور بدن کے ہر قسم کے درد سے صحتیابی کے لئے

تمام بیماریوں اور بدن کے ہر قسم کے درد سے نجات کے لئے سورۂ فاتحہ کا وظیفہ اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ اس کی ترکیب یہ ہے کہ فجر کی سنّت اور فرض نماز کے درمیان پہلے درود شریف ایک مرتبہ پھر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پھر سورۂ فاتحہ اس کے بعد آمین پڑھے پھر آخر میں درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد بِسْمِ اللّٰهِ پھر سورۂ فاتحہ ایک بار پھر آمین پھر درود شریف ایک بار پڑھے۔ اس طرح سورۂ فاتحہ اکتالیس ۴۱ بار پڑھی جائے گی اور درود شریف بیالیس ۴۲ بار ہوگی۔ پڑھنے کے بعد پانی پر دم کرے (ایک بوتل میں پانی بھر لے اس پر دم کرے) اس میں ذرا سا پانی لے کر ہاتھ منہ اور بدن پر چھینٹے مارے اور باقی پانی پی لے۔ یہ عمل اکسیر ہے۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مریض صحتیاب ہوگا اور تمام بدن کا درد دور ہوگا۔

درود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

سورۂ فاتحہ یہ ہے

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ اٰمِيْن

رزق کی کشادگی کے لئے وظیفہ

چھوٹی انگلی کے برابر والی انگلی) کو کھول دے دوسرے مبین پر
پہنچے تو بائیں ہاتھ کی خِنْصَر (سب سے چھوٹی انگلی) کھول دے۔
تیسری مبین پر داہنے ہاتھ کے انگوٹھے کو کھولے۔ چوتھی مبین پر
شہادت کی انگلی (انگوٹھے کے برابر والی) اور پانچویں مبین پر
وُسْطیٰ (شہادت کی انگلی کے برابر والی انگلی) کو کھول دے۔
چھٹی مبین پر بِنْصَر (سب سے چھوٹی انگلی کے برابر والی انگلی)
کو کھول دے اور ساتویں مبین پر خِنْصَر (سب سے چھوٹی
انگلی کو کھول دے) اور سورۃ کو آخر تک پڑھ کر ختم کرلے۔
پھر ایک مرتبہ بلا بند کئے پوری سورۂ یٰسین پڑھے اور ہر مرتبہ
جب سورت شروع کرے اس طرح پڑھے۔

یٰسٓ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ

عمل برائے دست غیب

برائے دست غیب مندرجہ ذیل کلمات ہر روز دو سو مرتبہ
پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے روپیہ ملے گا۔

یَا دَائِمَ الْعِزِّ وَالْبَقَاءِ یَا وَاھِبَ الْجُوْدِ وَ

الْعَطَاءِ یَا وَدُوْدُ ذُوالْعَرْشِ الْمَجِیْدُ ۝ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ ۝ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنْکَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ۝ بِحُرْمَۃِ تَنْکَفِلُ بِحَقِّ یَا صَمَدُ الْغَفَّارُ ذَا الْمَنِّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِہٖ بِلُطْفِہٖ یَا صَمَدُ۔

عمل برائے فتوحات رزق

جمعہ کے دن فرضوں سے قبل چار سنّت پڑھ کر تین بار
درود شریف پڑھے پھر سات مرتبہ یہ دعا پڑھے اور پھر آخر میں
تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔ وہ دعا یہ ہے۔

یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا رَحِیْمُ یَا وَدُوْدُ اَغْنِنِیْ یَا وَدُوْدُ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَبِطَاعَتِکَ عَنْ مَعَاصِیْکَ وَبِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ

عمل برائے آمدنی و قرضہ کی ادائیگی کے لئے

سورۂ نصر یعنی اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ، پوری
سورت کو صبح صادق ہونے کے بعد چالیس مرتبہ پڑھے۔
انشاء اللہ تعالیٰ قرض ادا ہوجائے گا اور بہت آمدنی ہوگی۔
سورۃ النصر یہ ہے

سُوْرَۃُ النَّصْرِ مَدَنِیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ ۝ وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰہِ اَفْوَاجًا ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ وَاسْتَغْفِرْہُ ط اِنَّہٗ کَانَ تَوَّابًا ۝

تنبیہ: صبح صادق سحری شروع ہونے سے سحری ختم ہونے تک کا وقت ہے نقشوں میں بھی صبح صادق کا وقت درج ہوتا ہے جو مسجدوں میں لگے ہوتے ہیں وہاں دیکھ لیا جائے۔

عمل تنگی معاش (روزی) دور کرنے کا

کم سے کم ایک سو مرتبہ اور زیادہ سے زیادہ جتنا ہو سکے ایک وقت مقرر کر کے پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ مسلسل عمل کرنے کی برکت سے روزی کی تنگی دور ہوگی اور رزق زیادہ ملے گا۔

وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ تُبْ عَلَیْنَا قَبْلَ الْمَوْتِ وَھَوِّنْ عَلَیْنَا شِدَّۃَ الْمَوْتِ وَارْحَمْنَا عِنْدَ الْمَوْتِ وَلَا تُعَذِّبْنَا بَعْدَ الْمَوْتِ یَا خَالِقَ الْحَیٰوۃِ وَالْمَوْتِ تَوَفَّنَا مُسْلِمِیْنَ وَاَلْحِقْنَا بِالصّٰلِحِیْنَ۔

عمل معاش (روزی، رزق) کی تنگی دور کرنے کے لئے

ایک وقت مقرر کر کے کلمہ تمجید پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ

تعالیٰ روزی میں برکت اور فراخی ہوگی۔ کلمہ تمجید یہ ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

حاجت پورا ہونے کا عمل

سورۂ اخلاص سات ہزار (۷۰۰۰) مرتبہ پڑھے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ دعا ضرور قبول ہوگی۔ یہ عمل حاجت پورا ہونے کے لئے تیر بہدف ہے۔ سورۂ اخلاص یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ ۝ وَلَمْ یُوْلَدْ ۝ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝

عمل برائے کشایش (فراخی) رزق

اگر کوئی شخص چاہے کہ روزی فراخ ہو اور اس میں برکت ہو تو اول و آخر درود شریف تین تین بار اور درمیان میں یہ آیت پانچ سو (۵۰۰) بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ روزی میں برکت ہوگی اور خوب روزی ملے گی۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا

صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا
بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

وہ آیت یہ ہے۔

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ
الْعٰلَمِیْنَ ۝ وَلَهُ الْكِبْرِیَآءُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۪
وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝

برائے حصول غناء واطمینان قلب

غناء ظاہری وباطنی کے لئے اور اطمینان قلب کے لئے یہ عمل مجرب ہے۔

آیۃ الکرسی مکمل تین بار گھر سے باہر جاتے وقت (یعنی جب کام پر دوکان جانے لگے تو باوضو) پڑھے اور تین مرتبہ گھر میں آنے کے وقت پڑھے اور دوکان یا اپنے کام کی جگہ یا سفر کے دوران قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ، سُوْرَةُ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ ، سُوْرَةُ اِخْلَاص (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) سُوْرَةُ فَلَق (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ) سُوْرَةُ نَاس (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ)۔ ان تمام سورتوں کے شروع میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ضرور پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مال

ودولت میں اضافہ ہوگا اور دل کو سکون ہوگا۔

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ
سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ
مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ
اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ
عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ
وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ
الْعَظِیْمُ ۝

سورۃ قل یا ایہا الکفرون یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّیَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝
وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ
مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝
لَكُمْ دِیْنُكُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۝

سورۃ اذا جاء نصر اللہ یہ ہے۔

سُوْرَةُ النَّصْرِ مَدَنِیَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝ وَرَاَیْتَ النَّاسَ

يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۙ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ
وَاسْتَغْفِرْهُ ۚ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۚ

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ
وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۚ

سورۂ الفلق یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ
شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي
الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۚ

سورۂ الناس یہ ہے۔

سُوْرَةُ النَّاسِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ
النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ
الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ
وَالنَّاسِ ۚ

فراغت ظاہر و باطن کے لئے

ظاہری پریشانی ہو یا قلبی اور دلی بے چینی ہو اس کو دور کرنے کے لئے با وضو یہ دعا بعد نماز مغرب اکتالیس(41) بار پڑھے۔ ناغہ نہ کرے، نماز کی پابندی کرے انشاء اللہ تعالیٰ تمام رنج وغم اور پریشانی دور ہو کر اطمینان قلب حاصل ہوگا۔ وہ دعا یہ ہے۔ اول تین تین بار درود شریف پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ لِسَانًا ذَاكِرًا وَّقَلْبًا حَاضِرًا وَّ
شَاهِدًا شَائِقًا لِجَمَالِكَ وَرِزْقًا حَلَالًا طَيِّبًا
وَّاسِعًا بِغَيْرِ كَدٍّ وَّاسْتَجِبْ دُعَائِيْ بِغَيْرِ رَدٍّ
وَّادْفَعْ عَنِّي الْفَقْرَ وَالدَّيْنَ بِحُرْمَةِ الْحَسَنِ وَ
الْحُسَيْنِ وَاُمِّهِمَا وَجَدِّهِمَا عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَ
وَالسَّلَامُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۚ

برائے کشایش رزق (رزق میں برکت)

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا رزق با برکت ہو جائے اور رزق کی تنگی دور ہو تو اس کے لئے روزانہ گیارہ عدد نقش

يَا بَاسِطُ

کے با وضو لکھے اور جاری پانی (نہر، سمندر، دریا، ندی) میں ڈال دے۔ اگر قریب میں جاری پانی نہ ہو تو کنوئیں میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق وافر ملے گا اور رزق

میں برکت ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔ بہتر یہ ہے کہ کسی بھی نماز کے بعد لکھ لیا کرے۔

۷۸٦

٦	۴۸	۱۸
۳٦	۲۴	۱۲
۳۰	یَا بَاسِطُ	۴۲

قید سے رہائی کے لئے

اگر کوئی شخص قید سے رہائی چاہتا ہو تو وہ

یَا بَاسِطُ

کا نقش باوضو لکھے اور اپنی پشت (پیٹھ) پر داہنے مونڈھے کی جانب چپکا لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد رہا ہوگا۔ یَا بَاسِطُ کا نقش اوپر والے عمل میں لکھا ہے۔

ہر ضرورت کے لئے پندرہ کا نقش

ہر روز پندرہ کا نقش (اس نقش کا نام نقش حوا ہے) باوضو لکھے اور ایک ہفتے کے نقش جمع کر کے آٹے کی گولی میں بند کر کے سمندر، نہر، دریا یا کنویں میں ڈال دے۔ ایک سال میں اس نقش کا عامل بن جائے گا۔ جس ضرورت کے لئے نقش دے اس نقش کے پیچھے لکھ دے مثلاً ملازمت

کے لئے نقش دیتا ہے تو نقش کے پیچھے (پشت پر) ملازمت کا لفظ لکھ دے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸٦

۸	۱	٦
۳	۵	۷
۴	۹	۲

عمل برائے وسعت رزق

جو شخص چاہتا ہو کہ اسے رزق وافر مقدار میں ملے اور رزق میں خوب برکت ہو اسے چاہئے کہ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اوّل درود شریف پانچ بار پڑھے پھر یہ آیت [illegible]) بار پڑھے آخر میں پانچ بار درود شریف پڑھے۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ

باب سوم در حُبّ و تسخیر

کلام میں اثر پیدا کرنا

پیر کے دن چاند دکھائی دینے کے بعد شروع کی تاریخوں میں باوضو ہرن کی جھلی پر شہتوت کے قلم سے لکھے اور لپیٹ کر

موم جامد کرکے اپنے گلے یا بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے جو شخص اس سے ناراض ہوگیا ہو وہ پھر خوش ہوجائے گا اور جو اس کی بات سننے کا قبول کرے گا اگر واعظ یا دعوت و تبلیغ کا کام کرنے والا اس کو بازو پر باندھ لے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس کا کلام لوگوں کے دلوں پر خوب اثر کرے گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَاۗءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا وَكُنْتُمْ عَلٰي شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْھَا كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَھْتَدُوْنَ ۝ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاُولٰۗىِٕكَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

ف: ہرن کی جھلی چاندی کا ورق بنانے والوں کے پاس مل جاتی ہے ان سے خرید لی جائے۔

برائے تسخیر حکام و سلاطین

اگر کسی کا افسر یا حاکم سخت مزاج ہو یا کسی افسر کے پاس کام اٹک گیا ہو تو تین روز یہ عمل پڑھے۔ پڑھنے سے پہلے غسل کرے پاک کپڑے پہنے اور باوضو ہر روز پانچ سو (۵۰۰)

مرتبہ تین۳ روز تک پڑھے اور چوتھے دن ایک ہزار بار پڑھے اور ہتھیلی پر لکھ کر حاکم یا افسر کے سامنے جائے اور اس کے سامنے جاتے وقت پندرہ۱۵ بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاکم مہربان ہوگا اور محبت سے پیش آئے گا۔

برائے تسخیر

(از بیاض حضرت مولانا مفتی الٰہی بخش کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ)

مندرجہ ذیل آیت کو باوضو چھ سو اٹھہتر (۶۷۸) بار پڑھ کر اس کی زکوٰۃ ادا کرے پھر وقت ضرورت اکیس۲۱ بار باوضو پڑھ کر روغن چنبیلی خوشبو دار پر دم کرے اور مطلوب کو سنگھائے انشاء اللہ تعالیٰ مسخر ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰي كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۝

تنبیہ: صرف جائز مقصد کے لئے کرے گا تو کامیاب ہوگا۔ ناجائز مقصد میں کرے گا تو ناکام ہوگا اور نقصان اٹھائے گا۔

حکام و سلاطین کو راضی رکھنے کے لئے

حکام بالا اور افسران متعلقہ کو خوش رکھنے اور ان کے شر و فتنہ سے محفوظ رہنے کے لئے بعد از نماز عشاء باوضو اول گیارہ۱۱ بار درود شریف پڑھے پھر تین سو ساٹھ (۳۶۰) بار

یہ آیت پڑھے اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔
شرط یہ ہے کہ عشاء کی نماز کے بعد کسی سے کلام (بات) نہ کرے
اور اسی طرح عمل پڑھنے کے فوراً بعد کسی سے کلام نہ کرے
دعا مانگ لے پھر بات کر سکتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ
حاکم مہربان ہوگا اور اس کا مقصد پورا کرے گا۔ اس پر
ڈانٹ ڈپٹ بھی نہیں کرے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔
رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

دشمن کو دوست بنانا اور حاکم کی ناراضگی دور کرنا

اس عمل کی زکوٰۃ یہ ہے کہ تین روزے رکھے اور بغیر
روزہ کے بھی زکوٰۃ دے سکتا ہے۔ یہ عمل رمضان شریف
میں کرے تو زیادہ مؤثر ہوگا۔ جن دنوں میں روزے رکھے
تو صبح فجر کی نماز سے عشاء کی نماز تک کلمہ طیبہ اور آیت
کریمہ پڑھتا رہے۔ اس کی تعداد مقرر نہیں ہے بس جسقدر
کثرت سے پڑھ سکے پڑھ لے۔ جب زکوٰۃ پوری ہو جائے
وقت ضرورت اس آیت کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم
کرے اور دشمن کے مکان میں پوشیدہ طور پر (چھپا کر)
چھڑک دے۔ اگر مکان میں جانا مشکل ہو تو مکان کے
قریب چھڑک دے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن مہربان ہوگا۔
اگر حاکم یا افسر دور ہو اور وہاں تک پہنچنا مشکل ہو تو
پڑھ کر دم کئے پانی سے کپڑا گیلا کر لے (یعنی بھگو کر) اپنے

پاس رکھے۔ کلمہ طیبہ یہ ہے۔
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ
آیت کریمہ یہ ہے۔
قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰہِیْمَ

شوہر اور بیوی کے معاملات کا درست ہونا

اگر میاں بیوی میں باہمی لڑائی جھگڑا رہتا ہو اور روزانہ
کوئی نہ کوئی معرکہ ہوتا ہو تو ان کے سدھار اور درستگی کے
لئے یہ عمل کرے۔ وہ عمل یہ ہے۔
مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر پانی یا دودھ یا کسی کھانے
والی چیز پر دم کر کے میاں بیوی کو کھلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ
میاں بیوی میں موافقت ہوگی اور روز روز کا جھگڑا ختم
ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔
یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰکُمْ مِّنْ ذَکَرٍ وَّاُنْثٰی وَجَعَلْنٰکُمْ
شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ
اَتْقٰکُمْ اِنَّ اللّٰہَ عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ
اَللّٰھُمَّ اَلِّفْ بَیْنَ فُلَانِ بْنِ فُلَانَۃَ (یہاں شوہر
اور اس کی ماں کا نام لے) وَفُلَانَۃِ بِنْتِ فُلَانَۃَ (یہاں بیوی
اور اس کی ماں کا نام لے) کَمَآ اَلَّفْتَ بَیْنَ مُوْسٰی وَ
ھَارُوْنَ وَمَثَلُ کَلِمَۃٍ طَیِّبَۃٍ کَشَجَرَۃٍ طَیِّبَۃٍ اَصْلُھَا
ثَابِتٌ وَّفَرْعُھَا فِی السَّمَآءِ تُؤْتِیْٓ اُکُلَھَا کُلَّ حِیْنٍ

بِإِذْنِ رَبِّهَا ۗ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ
يَتَذَكَّرُوْنَ ○

برائے تسخیر حکام وافسران

جس شخص کو کرب وبے چینی اور سختی نے پریشان کیا ہو وہ مؤذن کی اذان کا اس طرح جواب دے کہ جو کلمات مؤذن کہے وہی کہتا رہے۔ پھر ختم اذان کے بعد

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَائِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ○

پڑھ کر تین بار یہ کلمات پڑھے

رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا وَّرَسُوْلًا وَّبِالْقُرْاٰنِ اِمَامًا ○

یہ سب کلمات پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ جس ظالم حاکم یا افسر کے پاس جائے گا وہ انشاء اللہ تعالیٰ مہربانی سے پیش آئے گا۔

اسی مقصد کے لئے اپنی پیشانی پر انگلی سے بغیر روشنائی کے لکھے

يَا مُتَكَبِّرُ

محبت ووجاہت کے لئے

محبت ووجاہت اور لوگوں کی توجہ اپنی طرف مبذول

کرانے کیلئے مندرجہ ذیل آیات کو باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پہ باندھ لے انشاء اللہ تعالےٰ کامیابی ہوگی۔ وہ آیات یہ ہیں۔

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ ۚ فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ ○

اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ○

وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ○

وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ○

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ○

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۗ

فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ ۔

يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ ۙ

لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ○

برائے دفع بغض

مندرجہ ذیل آیت کو باوضو بغیر سیاہی (روشنائی) کے

قلم سے اس کھانے پر جو ایک جماعت (زیادہ لوگوں) کے لئے پکا ہو لکھ دیں۔ اس کھانے کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ آپس کا بغض و ناراضگی دور ہو گی اور سب میں محبت قائم ہو گی اور باہمی دوست ہو جائیں گے۔ آیت یہ ہے۔

وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰی سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِیْنَ ۝

عشق کے زوال کے لئے

اگر کوئی شخص بغیر کسی قصد و ارادہ کے کسی کے عشق میں مبتلا ہو گیا ہو تو اس سے جان چھڑانے کے لئے اونٹ کی چیچڑی لے کر عاشق کی آستین میں باندھی جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عشق زائل ہو گا۔

برائے تسخیر

مندرجہ ذیل نقش گمنام شخص کو شہرت و عزت کے مقام پر پہنچا دیتا ہے۔ جس شخص کے پاس یہ نقش ہو گا ہر شخص اس کی عزت کرے گا۔ اور اس کے ساتھ احترام سے پیش آئے گا۔

اس نقش کو با وضو لکھ کر موم جامہ کر کے مرد دائیں بازو پر باندھے اور عورت گلے یا بائیں بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عزت و عظمت میں اضافہ ہو گا اور

ہر شخص محبت سے پیش آئے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

اللہ اللہ اللہ

۱۰۰۵	۱۰۱۰	۱۰۰۳
۱۰۰۴	۱۰۰۶	۱۰۰۸
۱۰۰۹	۱۰۰۲	۱۰۰۷

۱۲۳ ۱۲۳ ۱۲۳

برائے تسخیر حاکم و افسر

اگر کوئی شخص کسی سخت گیر حاکم کے پاس کام کرتا ہو اور اس کا ماتحت ہو اور وہ اسے بے جا تنگ کرتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیات گیارہ بار پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کرے اور تمام بدن پر ہاتھ پھیرے۔ اور حاکم کے پاس جائے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم یا افسر مہربان ہو گا اسی طرح اگر کسی کا کوئی کام حاکم یا افسر کے پاس اٹک گیا ہو تو اس کے لئے بھی یہی عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا کام بآسانی ہو جائے گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

فَلَمَّا رَاَیْنَهٗۤ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَیْدِیَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ؕ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا مَلَكٌ كَرِیْمٌ ۝

عمل برائے حب

ایک برتن میں پانی لے اور اس میں سے دو گھونٹ پانی پی لے اور اس پانی پر سات بار

یَا بُدُّوْحُ

پڑھ کر پانی برتن سے منہ میں لے کر اسی برتن میں کلی کر دے۔ جو شخص اس پانی کو پیئے گا۔ وہ محبت کرنے لگے گا۔

تنبیہ: صرف جائز مقصد کے لئے اجازت ہے۔ ناجائز مقصد میں کامیاب نہ ہوگا اور نقصان اٹھائے گا۔

برائے حب

محبوب کے جسم پر رہا ہوا کپڑا (یعنی ایسا کپڑا جو پہن کر اتارا ہو) لے اور اس پر یہ نقوش باوضو تحریر کرے اور پھر اس کپڑے (کرتے یا قمیض) کو گھی کے چراغ میں جلائے اور اس وقت گلاب کے پھول چراغ کے پاس رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ محبت پیدا ہوگی۔ وہ نقوش یہ ہیں۔

تنبیہ: صرف جائز مقصد کے لئے اجازت ہے۔ ناجائز کام کے لئے کرے گا نقصان اٹھائے گا۔

عمل حب

بکری کے داہنے ہاتھ کا شانہ (آگے کے پاؤں کے شانہ کی ہڈی) لے کر اس پر سورۂ یٰسٓ شریف باوضو بغیر اعراب کے لکھے۔ جتنی باآسانی لکھی جا سکے لکھے یہ عمل جمعہ کے دن نماز جمعہ پڑھنے کے بعد کرے اور طالب اور اسکی والدہ کا نام اور مطلوب اور اس کی والدہ کا نام لکھے۔ یہ عمل چاند کی شروع کی تاریخوں میں (یعنی چاند دکھائی دینے کے بعد) چودہ تاریخ تک کرے پھر شانہ کی ہڈی کو ایک مٹی کی ہانڈی میں رکھے اور اس پر مٹی کا ڈھکن ڈھک کر چولھے کے نیچے دفن کر دے۔ اس طرح کر چولھے کی آگ سے ہڈی جل نہ جائے اگر خدانخواستہ ہڈی جل گئی تو مطلوب کی موت کا خطرہ ہے لہذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔ اس عمل کی وجہ سے طالب بے قرار ہو کر مطلوب کی خدمت میں حاضر ہوگا۔ مجرب ہے۔

تنبیہ: یہ عمل صرف محتاط آدمی کرے اور جائز مقصد کے لئے کرے ناجائز مقصد یا کسی کو مارنے کے لئے کرے گا تو سخت گنہگار ہوگا اور قتل کا گناہ بھی ہوگا۔

حب کا مجرب عمل

جو عورت یا فرد اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے بازو یا گلے میں لٹکائے گا وہ سب کی نظروں میں عزت پائے گا۔ جو عورت باندھے گی اس کا شوہر اسے بہت عزیز رکھے گا۔ اور اس کی برکت سے دشمن دوست بن جائیں گے۔

۷۸۶

٦٠٠٩	٦٠١٣	٦٠١٦	٦٠٠٢
٦٠١٥	٦٠٠٣	٦٠٠٨	٦٠١٤
٦٠٠٤	٦٠١٨	٦٠١١	٦٠٠٧
٦٠١٢	٦٠٠٦	٦٠٠٥	٦٠١٧

حب کے لئے

جمعرات کے دن طالب و مطلوب دونوں کے سر کے بال لے کر باہم ملا کر سورۃ مزمل اکتالیس بار پڑھے اور ان بالوں پر دم کر کے کسی ڈبیہ میں بند کر کے گھر میں رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب محبت کرنے لگے گا۔ سورۃ مزمل پڑھتے وقت منہ میں مصری یا کوئی میٹھی چیز رکھے۔

تنبیہ: صرف جائز مقصد کے لئے کرے ناجائز مقصد میں کامیاب نہ ہوگا اور نقصان اٹھائے گا۔

عمل برائے حب

یہ عمل بہت مجرب ہے ان کلمات ذیل کو باوضو پڑھ کر گڑ، مٹھائی یا پان کسی بھی کھانے کی چیز پر تین بار باوضو پڑھ کر دم کرے اور محبوب کو کھلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ محبوب مسخر ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ يُحِبُّوْنَ كَحُبِّ اللّٰهِ لِقُلُوْبِهِمْ لَيْلٍ وَّنَهَارٍ وَفِيْ سَاعَةٍ وَّشَهْرٍ عَلٰى حُبِّهِمْ اَشَدُّ حُبًّا وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا فُلَانْ بِنْتِ فُلَانْ عَلٰى حُبِّ فُلَانْ بِنْ فُلَانَةَ

محبوب کے قلوب کو متوجہ کرنا

محبوب کے تصور کے ساتھ تین سو ساٹھ (۳۶۰) بار پڑھے اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے۔ وہ کلمات یہ ہیں خانہ ۱ اور ۲ کو ملا کر پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(۲)	(۱)
بِحُرْمَةِ جِبْرَئِيْل	قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ
بِحُرْمَةِ اِسْرَافِيْل	اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ
بِحُرْمَةِ مِيْكَائِيْل	لَمْ يَلِدْ ۙ

وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ⁽¹⁾ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۧ | بِحُرْمَةِ عِزْرَائِيْل⁽²⁾ بِحُرْمَةِ دَرْدَائِيْل وَمِهْرَائِيْل وَدِرْدَائِيْل۔

حب کے علاوہ اور کاموں کے لئے گیارہ روز تک ہر روز گیارہ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔ وظیفہ بعد طلوع صبح صادق عروج ماہ میں اتوار کے دن شروع کرے۔

برائے حب و تسخیر قلب

رات کو تہجد کے وقت قطب ستارہ کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو اور دائیں پاؤں کو بائیں پاؤں پر رکھ کر گیارہ بار یہ آیت پڑھے اور سفید موٹھ (مونٹھ) کے دانے پر دم کرے اسی طرح گیارہ دانوں پہ پڑھ کر دم کرے (سفید موٹھ پشاور کی طرف پیدا ہوتی ہے) شرط یہ ہے کہ تمام دانے ایک رنگ ہوں۔ ان دانوں کو ایک مٹی کی ہانڈی میں رکھ کر اوپر مٹی کا ڈھکن ڈھک دے اور اپنے مکان کے کسی کونے میں دفن کردے اور اسی آیت کو سوا لاکھ (ایک لاکھ پچیس ہزار) مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب سرکار دو عالم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک کو پہنچائے۔ پھر ایک مقدار (تعداد) مقرر کر کے روزانہ (مثلاً ایک سو ایک بار) پڑھا کرے۔ جب خلقت رجوع ہونے لگے خوش اخلاقی سے پیش آئے وسعت و حوصلہ اختیار کرے۔ مخلوق کو لباس و

طعام سے ہر قسم کا فائدہ پہنچائے اور مال جمع نہ کرے اور حرام مصرف میں خرچ نہ کرے۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۘ

باب چہارم

امراض جسمانی، سحر، آسیب وغیرہ کا علاج

شیاطین و جن کے دفع کے لئے

یہ نقش حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہ سے منقول ہے۔ اس کو باوضو لکھ کر لپیٹ کر فتیلہ بنا کر کورے چراغ (یعنی مٹی کا ایسا چراغ جس کو پانی نہ لگا ہو) میں تل کے تیل میں جلائے (یعنی کاغذ کو لپیٹ کر پھر اس کاغذ کو روئی میں لپیٹ کر بتی بنا لے اور چراغ میں جلائے) انشاء اللہ تعالیٰ جن و شیاطین دفع اور بلا حاضرات کئے جل جاتے ہیں۔

فتیلہ عدد نمبر ایک کی طرف سے جلایا جائے اگر ہندسہ چار کی طرف سے لپیٹنا شروع کرے گا تو ہندسہ ایک (۱) کی طرف سے نوک بن جائے گی اسی طرف سے جلانا شروع کرے۔

یہ فتیلہ روزانہ مقرر جگہ پر جلایا جائے اور مریض کو

باوضو مصلے پر بٹھادے اور مریض چراغ کی لو کی طرف دیکھتا رہے۔ وہ نقش یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَحْرِقِ الشَّیَاطِیْنَ

۱۳	۳	۲	۱۶
۸	۱۰	۱۱	۵
۱۲	۶	۷	۹
۱	۱۵	۱۴	۴

عمل برائے شفاء مریض

اول درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے پھر

یا سلام

ایک سو گیارہ مرتبہ وقت مقرر کر کے پڑھے آخر میں درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر مریض کی صحت اور شفاء کے لئے دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہوگا۔ یہ عمل کم از کم اکتالیس روز کرے۔

لاعلاج مریض کی صحتیابی کے لئے

جو شخص مریض ہو اور اس کا مرض بڑھتا چلا جائے اور

مرض کی تشخیص نہ ہو تو اس کو چاہئے کہ اول وضو کرے (اگر پہلے وضو ہو پھر بھی اس عمل کے لئے نیا وضو کرے) اور دو رکعت نماز نفل ادا کرے۔ اس طرح کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ (پوری سورت) گیارہ بار پڑھے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد اوّل ایک سو بار درود شریف پڑھے۔ پھر سُوْرَۂ قُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ (پوری سورت) ایک ہزار مرتبہ پڑھے اس کے بعد یہ آیت ایک ہزار بار پڑھے پھر آخر میں ایک سو مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہوگی۔ آیت یہ ہے۔

بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط وَاِذَا قَضٰٓی اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَهٗ کُنْ فَیَکُوْنُ ○

نفل میں پڑھی جانے والی سورتیں یہ ہیں۔

سورۂ فاتحہ یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ؕ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۙ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۧ

سورۃ الکوثر یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۚ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۚ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۚ

سورۃ الکفرون یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۗ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۚ

اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ

يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۔

اور آخر میں ایک سو (۱۰۰) مرتبہ درود شریف پڑھے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔

برائے چیچک کنٹھی

چیچک سے نجات کے لئے گیارہ تار کا (دھاگے کے گیارہ ڈورے لے) نیلا دھاگا لے۔ اور سورۃ فاتحہ باوضو ایک مرتبہ پڑھ کر ایک گرہ دے۔ اسی طرح ہر مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے اور اس دھاگے میں گرہ دے۔ کل گیارہ گرہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر لگائے۔ یہ گنڈہ تیار ہو گیا اس کو مریض کے دائیں بازو پہ بندھوا دے اور کچھ کھانا خیرات کروا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چیچک سے نجات حاصل ہوگی۔ یہ عمل مولانا حاجی محمد قلندر جلال آبادی قدس سرہ سے منقول ہے۔

سورۃ فاتحہ یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۗ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۗ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۚ

پیشاب کی بندش کھولنا

اگر کسی کا پیشاب بند ہو جائے اور بند لگ جائے اور کسی

طرح پیشاب نہ نکلے تو مندرجہ ذیل کلمات باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب جاری ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہ

لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ؕ بَلٰغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝

خلل ناف (ناف کا صحیح کرنا)

اگر کسی کی ناف جگہ سے ہٹ گئی ہو اور اس کے سبب پیٹ میں درد ہو یا پیچش ہو گئی ہو تو اس کے صحیح جگہ پر لانے کے لئے باوضو اس طلسم کو لکھے اور موم جامہ کرکے ناف پر باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ناف اپنی جگہ آ جائے گی۔ یہ عمل امام المسلمین حضرت مرشد نا سید نا مولانا سید احمد صاحب شہید بریلوی رحمۃ اللہ علیہ سے پہنچا ہے۔ وہ شکل طلسم یہ ہے

بچہ کی پیدائش، ہر قسم کے بخار، درد سر، آدھا سیسی خلل ناف کیلئے

اگر کسی شخص کو بخار آتا ہو، بخار سردی سے آئے یا روزانہ آئے،

درد سر یا آدھا سیسی کا درد ہو یا ناف جگہ سے ہٹ گئی ہو اس کے لئے باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے گلے میں باندھ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہو جائے گا۔

بچہ کی پیدائش کے لئے موم جامہ کرکے سفید کپڑے میں لپیٹ کر کسی ایک ران پر بندھوا دیں انشاء اللہ تعالیٰ جلد اور آسانی کے ساتھ بچہ پیدا ہو گا۔ بچہ پیدا ہوتے ہی اس تعویذ کو کھول دیں۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

اللھم محمد محمد محمد صل محمد محمد محمد علی محمد محمد محمد

چیچک، کنٹھی، خسرہ کے لئے

اگر کسی کو خطرہ ہو کر چیچک، کنٹھی یا خسرہ وغیرہ نکل آئے گی یا نکل آئی ہو تو مندرجہ ذیل نقش باوضو قبل طلوع آفتاب (سورج نکلنے سے پہلے) لکھا جائے اور موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں بندھوا دیا جائے۔ اول تو بالکل نہ نکلے گی اور اگر نکل آئے تو جلد شفا ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہ

الحمد لله	غیرالمغضوب	الصراط المستقیم	وایاک
صراط الذین	ایاک نعبد	رب العٰلمین	انعمت علیھم
یوم الدین	نستعین	ولاالضالین	الرحمٰن
علیھم	الرحیم	ملک	اھدنا

بانجھ پن کا علاج

ایسا انار جو کھل کر چار ٹکڑے ہو گیا ہو لیکن ٹکڑے ایک دوسرے سے جدا نہ ہوئے ہوں۔ اس انار کو لے کر باوضو سورۃ یٰسٓ شریف پڑھنا شروع کرے جب پہلا مبین کا لفظ آئے تو انار پر پھونک مارے۔ پھر شروع سے سورۃ یٰسٓ شریف پڑھے اور دوسرے مبین پر پہنچ کر انار پر دم کرے اسی طرح ہر مبین پر پہنچ کر انار پر دم کرتا جائے ساتویں مبین پر پہنچ کر دم کرے اور آگے بقیہ سورۃ پڑھ کر انار پر پھونک مارے۔

پھر پاؤ بھر کشمش اور پاؤ بھر بھنے ہوئے چنوں کی دال لے کر اس پر سات بادشاہوں کی روح کو ثواب کی نیت کر کے وہ کشمش اور دال خیرات کر دے (سات بادشاہ سے مراد ہیں وہ بادشاہ جنہوں نے بادشاہت سے فقیری لے لی تھی) ان کے نام یہ ہیں۔

(۱) سلطان ابو سعیدؒ (۲) سلطان بایزید بسطامیؒ
(۳) سلطان محمد صلابتؒ (۴) سلطان اسمٰعیل سامانیؒ
(۵) سلطان سنجر بلخیؒ (۶) سلطان ابراھیم ادھمؒ
(۷) سلطان محمود غزنویؒ۔

پھر حیض کے ختم ہونے کے بعد غسل کر کے وہ بانجھ عورت اس انار کو کھالے۔ اللہ تعالٰے فرزند عطا فرمائے گا۔

عمل برائے درد دندان

اوّل یہ شکل پاک زمین پر یا لکڑی کی تختی پر پاک ریت بچھا کر بنائے اور پھر چاقو، چھری یا نوکدار چیز سے اوّل گوشہ (اوّل کونہ) پر زور دے کر کہے۔

الٰہی بحرمتِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وہ شکل یہ ہے۔

دوم گوشہ — سوم گوشہ

اوّل گوشہ — چہارم گوشہ

اور درد والا درد والی داڑھ کو زور سے پکڑے رہے۔ اگر درد جاتا رہے تو ٹھیک ہے ورنہ دوسرے گوشہ پر زور دے کر اسی طرح کرے۔ اسی طرح چاروں گوشوں میں کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ درد جاتا رہے گا۔ اگر درد نہ جائے تو بار بار اسی طرح کرتا رہے انشاءاللہ تعالیٰ درد ضرور ختم ہوگا۔

بانجھ پن کا علاج

سوا پاؤ مرچ سیاہ اور سوا پاؤ اجوائن پر باوضو اوّل سات بار درود شریف پڑھے۔ پھر یہ آیت ایک بار پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً
فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا
ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ

الخٰلِقِیۡنَ ۝
پھر سات بار قُلۡ یٰۤاَیُّھَا الۡکٰفِرُوۡنَ آخر تک پڑھے۔
پھر سات بار سُوۡرَۃُ مُزَّمِّل (پ ۲۹) پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ بار سُوۡرَۃُ اَلَمۡ نَشۡرَحۡ پڑھے۔ پھر آخر میں سات بار درود شریف پڑھے۔

اس میں سے سات دانہ سیاہ مرچ اور تھوڑی سی اجوائن بانجھ عورت روز کھاتی رہے۔ اور یہ علاج اس کا ہے کہ جس کا حمل گر جاتا ہو۔ یہ عمل تیسرے مہینہ سے پہلے کرنے کا ہے۔

(یہ علاج منقول ہے حضرت مولانا استاذی محمد قلندر صاحب قدس سرہٗ جلال آبادی سے)

برائے استقرار (قیام) حمل

اگر کسی عورت کا حمل بار بار گر جاتا ہو اور قائم نہ رہتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل تعویذ باوضو گیارہ عدد لکھیں اور پانی میں گھول کر روزانہ ایک عدد پلا دیا کریں اس طرح گیارہ دن پلائیں۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَعُوۡذُ بِکَ اِنَّکَ اَنۡتَ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّاۤ اَنۡتَ الۡاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیۡ لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔
اِلٰھِیۡ بِحُرۡمَۃِ مُحَمَّدٍ وَّعَلِیٍّ وَّالۡحَسَنِ وَالۡحُسَیۡنِ۔

حمل کی حفاظت کے لئے

اگر کسی عورت کا حمل گر جاتا ہو تو اس کے قائم ہونے کے لئے باوضو مندرجہ ذیل نقش لکھے اور موم جامہ کر کے پیٹ پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل گرنے سے محفوظ رہے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

اللہ	۹۸	۹۸	اللہ
دوند			محمد
دوند			محمد
اللہ	ودود	ودود	اللہ

تسہیل ولادت (بچہ کی آسانی کے ساتھ پیدائش)

مٹی کی نئی ٹھیکری پر جس پر پانی نہ لگا ہو یہ طلسم باوضو اس ٹھیکری پر لکھے اور عورت کے بچہ ہونے کا وقت ہو اور درد شروع ہو چکے ہوں تو کپڑے اتار کر اس ٹھیکری کو پاؤں کے نیچے رکھ کر توڑ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً بچہ ہوگا۔ وہ طلسم یہ ہے۔

	ھی	
ھی	ھی	ھی
	ھی	

برائے اسقاط حمل

حمل کے محفوظ رہنے کے لئے باوضو ایک گوشہ میں بیٹھ کر یہ کلمات لکھے اور موم جامہ کرکے عورت کے پیٹ پر باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل گرنے سے محفوظ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ۔ اَللّٰهُمَّ احْفَظْ حَمْلَ هٰذِهِ الْمَرْاَةِ مِنْ جَمِيْعِ الْاٰفَاتِ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اٰمِيْنَ اٰمِيْنَ۔

آدھا سیسی کا درد

اگر کسی کو آدھا سیسی کا درد ہو (یہ درد سورج نکلنے کے بعد شروع ہوتا ہے جیسے جیسے سورج اوپر چڑھتا ہے درد بھی تیز اور ناقابل برداشت ہوجاتا ہے۔ جب سورج ڈھلنا شروع ہوتا ہے درد بھی کم ہونا شروع ہوجاتا ہے)

اس سے نجات کے لئے باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے سر پر بندھوائے اور کچھ شیرینی (مٹھائی) لے کر اولیاء کرام کے ایصال ثواب کی نیت سے تعویذ باندھنے سے پہلے تقسیم کردے (بچوں میں بانٹ دے) پھر تعویذ باندھ لے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔ (اگلے صفحہ پر)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ اَحَدًا اَللّٰهُمَّ اَسْكِنْ هٰذَا الْوَجَعَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

برائے بخار (بغیر سردی کا)

اگر کسی کو بخار آتا ہو جو بغیر سردی کے ہو اس کے لئے یہ آیت باوضو تین پیپل کے پتوں پر لکھ کر مریض کو دے دے اور مریض ایک پتہ روزانہ زبان سے چاٹ لے۔ وہ آیت یہ ہے۔

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ

بخار تیسرے دن آنے والا

مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر گرم پانی پر دم کرکے مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار سے نجات حاصل ہوگی۔ کلمات یہ ہیں۔

اَللّٰهُ شَافِيْ اَللّٰهُ كَافِيْ

گنڈہ برائے دفع گلہڑ (گلے کا ورم)

بدھ کے دن عروج ماہ (چاند دیکھنے کے بعد شروع کی تاریخوں میں یعنی چاند کی چودہ تاریخ سے پہلے) میں دھاگہ نابالغ لڑکی سے کتوا کر (چرخے میں روئی سے دھاگہ کات کر بنائے) تیار رکھے اور جمعرات کے دن فجر کی نماز کے بعد ساعت مشتری

میں نماز میں جس طرح بیٹھتا ہے اس نشست (بیٹھک) پر بیٹھے کسی سے کلام نہ کرے۔

باوضو اوّل تیس۳۰ مرتبہ درود شریف (نماز والا درود زیادہ افضل ہے) پڑھے اور گیارہ۱۱ بار سورۂ الحمد شریف مع بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر دھاگے میں ایک گرہ دے اور اسی طرح سات گرہ دے (یعنی سورۂ فاتحہ کل ستتر (۷۷) بار پڑھی جائے گی)

پھر آخر میں تیس۳۰ مرتبہ درود شریف پڑھ کر گنڈہ کا عمل ختم کر دے۔ پھر تھوڑی سی مٹھائی (سوا پاؤ) منگا کر خیرات کرے اور اس کا ثواب حضرت غوث اعظم شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی روح مبارک کو بخشے پھر گنڈہ مریض کے گلے میں اس طرح باندھے کہ گنڈہ گلے سے ملا رہے پھر جب ڈھیلا ہو جایا کرے تو کس دیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ یہ مرض جاتا رہے گا۔ اگر بیمار بارہ۱۲ سال سے کم عمر (چھوٹا) ہو تو سات سات بار سورۂ فاتحہ پڑھے اور گیارہ گرہ دے۔

برائے چیچک

نیلے دھاگے کے اکیس۲۱ تار کر کے نو گرہ دے اور ہر گرہ پر باوضو ایک مرتبہ الحمد شریف پڑھ کر دم کرے اور مریض کے گلے میں بندھوائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔
باندھنے سے قبل کسی مسکین کو کھانا کھلائے۔

عمل مسان (جس کا بچہ پیدا ہو کر مر جاتا ہو)

باوضو سورۂ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ (پ۳۰) آخر تک پوری سورت اکتالیس۴۱ بار پڑھ کر دھاگے میں اکتالیس گرہ دے اور عورت کے پیٹ پر باندھے۔ بچہ کی پیدائش کے بعد بچہ کو نہلا کر اس کے گلے میں باندھے۔ گنڈے میں اکتالیس۴۱ دھاگے ہوں گے۔

برائے کنٹھی و چیچک

گیارہ۱۱ دھاگے نیلے رنگ کے لے کر ایک گنڈہ بنائے سورۂ فاتحہ پڑھے اور اس میں ایک گرہ دے۔ اسی طرح گیارہ گرہ دے کر اس گنڈے کو مریض کے دائیں بازو پر بندھوائے اور باندھنے سے پہلے کسی مسکین کو کھانا کھلائے۔

عمل دفع مسان

مسان کے سبب کسی کے بچے مر جاتے ہوں تو روزانہ کاغذ کے اوپر کالی روشنائی یا زعفران سے باوضو لکھ کر بچے کو اور اس کی ماں کو پلائے۔ وہ طلسم یہ ہے۔

بحق باللہ العلی العظیم

برائے دفع مسان وامراض اطفال

دفع مسان کے لئے اس طلسم کو باوضو لکھ کر پانی میں گھول لے پھر خوب توا گرم کرکے اس پانی کو توے پر ڈالے اور جو ابخرات (بھاپ) توے سے اٹھیں مریض کے جسم پر پہنچائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔
بچوں کے امراض میں اس طلسم کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے بچے کے گلے میں بندھوائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ تندرست وتوانا ہوجائے گا۔ طلسم یہ ہے۔

ک ۱۱۱۵ ۸ ۱۱۱۱ ھ و

عمل برائے طحال

جب کسی کی تلی بڑھ جائے تو باوضو اس طلسم کو کاغذ پر لکھ کر نرسل میں رکھ لے پھر تلی پر چار تہہ کا موٹا رومال رکھ کر اور یہ نرسل رکھ کر اس میں آگ دے۔ وہ طلسم یہ ہے۔

ک ک
یاغفور

بواسیر کے لئے

طہارت کے بعد سات مرتبہ مسّوں پر پڑھ کر دم کرے وہ الفاظ یہ ہیں:
خواجہ عبداللہ ترکی تازی سوار دیوان بیابانی رحمۃ اللہ علیہ

برائے دفع وبا

باوضو کاغذ پر لکھ کر حویلی کے سب سے بڑے دروازے پر (دروازے کے اوپر درمیان میں) چپکا دے۔ وہ الفاظ یہ ہیں:
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ یٰۤاَھْلَ یَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَکُمْ فَارْجِعُوْا ۱ہ ایمنہ کا پوت عبداللہ تجایا بخاری و با محمد صلی اللہ علیہ وسلم آیا۔
ایمنہ لفظ صحیح نہیں آمنہ بہتر ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ طاعون ہیضہ وغیرہ سے مکان محفوظ رہے گا۔

دفع مسان کے لئے

ایک کوری نئی کلھیا (مٹی کی چھوٹی ہانڈی جس کو پانی نہ لگا ہو) لے اور اس میں تین مٹھی ثابت اڑد (ماش کالے) اور تین لوہے کی میخیں (وہ بڑی کیلیں جو لوہار آگ میں لوہے کے ٹکڑے کو سرخ کرکے بناتا ہے اور اس کے ایک سرے پر پتاشہ ہوتا ہے) ڈال کر باوضو دو تعویذ لکھے ایک لپیٹ کر ہنڈیا میں ڈال دے اور

دوسرا تعویذ موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں بندھوا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مسان دور ہوگا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔ سات بار اَلْحَفِیْظُ اور سات بار اَلرَّقِیْبُ لکھے۔ پھر نیچے والے کلمات لکھے۔

اَلْحَفِیْظُ اَلْحَفِیْظُ اَلْحَفِیْظُ اَلْحَفِیْظُ
اَلْحَفِیْظُ اَلْحَفِیْظُ اَلرَّقِیْبُ اَلرَّقِیْبُ
اَلرَّقِیْبُ اَلرَّقِیْبُ اَلرَّقِیْبُ

اَللّٰھُمَّ بِالْوَاحِدِ الصَّادِقِ مِنْ شَرِّ کُلِّ طَارِقٍ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔ اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ غَوْثِ الْاَعْظَمِ وَاِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ حَاجِیْ محمد شاکر قدس سرہٗ مسان فلان بن فلانۃ (یا فلانۃ بنت فلانۃ) رفع شود

اگر لڑکا ہو تو فلاں بن فلانۃ کی جگہ لڑکے کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھے اور اگر لڑکی ہو تو اس کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھے۔

ف: یہ عمل حضرت مفتی الٰہی بخش صاحب کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ کی بیاض سے لیا گیا ہے اور حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہٗ کے خاندانی عملیات میں سے ایک عمل ہے۔

برائے سردی کا بخار

ایسا بخار جو جاڑہ چڑھ کر آتا ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل

نقش بہت مجرب ہے اس تعویذ کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں بندھوا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار اتر جائے گا اور مریض صحتیاب ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

بچہ کے رونے، چیخنے چلانے کے لئے

اگر کوئی بچہ بہت ہی زیادہ روتا ہو اور کثرت سے چیختا چلاتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل طلسم باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں بندھوا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچے کا رونا چیخنا بند ہو جائے گا اور وہ خوش خرم رہے گا۔ وہ طلسم یہ ہے۔

ھی ھی ھی ھی ھی ھی ھی

مسان کا علاج جو پرانے بزرگوں کا عمل ہے

ایک کالی بکری ایک رنگ یا سفید مرغا جوان تاجدار اس وقت لے جبکہ حمل پر کم از کم چالیس دن اور زیادہ سے زیادہ ڈھائی ماہ گزریں اس سے زیادہ دن کا حمل قابل علاج نہیں (اس کا علاج دوسرے عمل کے ذریعے کرے) پھر یہ بکرا یا مرغا

حاملہ کے سراہنے باندھے اور یہیں اس کو دانہ پانی دے۔ اور دو
وقت صبح وشام حاملہ کا پیشاب اس بکری (یا مرغ) کے بدن
پر ملتا رہے۔ مسلسل نو دن تک درمیان میں ناغہ نہ کرے۔
دسویں دن عامل وضو اور غسل کرے یہ دسواں دن اتوار کا
ہو (اگر جمعہ کے دن صبح سے پیشاب ملنا شروع کرے گا تو
اگلا اتوار دسواں دن ہوگا) عامل غسل کرکے خوشبو لگائے
اور تین تعویذ باوضو لکھے۔ دو کے اوپر کلمہ طیبہ لکھے اور
ایک میں نہ لکھے۔ اسی دن چار گھڑی دن سے ایک تعویذ
کلمہ طیبہ والا حاملہ کے داہنے بازو پر باندھے اور دوسرا کلمہ
والا تعویذ روئی میں لپیٹ کر بکری کے حلق میں رکھ دے اور
کچے سوت سے بکری کا منہ مضبوط باندھے اور بغیر کلمہ والا
تعویذ بکری کے گلے میں سینہ کے قریب باندھے پھر بکری کو
قبلہ رو (قبلہ کی طرف منہ کرکے) گرا کر حاملہ کے ہاتھ میں چھری
دے اور اس کے ہاتھ سے ذبح کرائے اگر حاملہ کی ہمت ذبح
کرنے کی نہ ہو تو شوہر یا اور کوئی محرم اس کا ہاتھ پکڑ کر اسی
حاملہ سے ذبح کرائے کہ سر تن سے جدا ہو جائے پھر وہ خون
کورے پاک ٹھیکرے میں لے کر حاملہ کے سونے والے مکان
(کمرے) کی چاروں دیواروں میں چاروں طرف دو دو انگلیوں
سے خط (لکیر) کھینچ دے پھر بکری کا سر حاملہ کے مکان سے
باہر دروازہ کی چوکھٹ کے نیچے دفن کردے اور اور اس کا تمام
دھڑ مع تعویذ سینہ مکان کے اندر بائیں گوشہ (کونہ) میں

گاڑ دے اور جو تعویذ حاملہ کے بازو پر ہے اس کو پاک کنویں
میں ڈال دے اور جو تعویذ بکری کے منہ میں رکھا گیا تھا
اس کو تانبے کے تعویذ میں رکھ کر حاملہ کے گلے میں ڈال دے۔
جب بچہ پیدا ہو جائے تو وہ تعویذ حاملہ کے گلے سے کھول کر
بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مسان دفع ہوگا۔
تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَعُوْذُ بِالْوَاحِدِ
بِوَحْدَانِیَّۃِ الْوَاحِدِ الصَّادِقِ وَحَقِّ کُلِّ طَارِقٍ
مِّنْ شَرِّ کُلِّ طَارِقٍ بِسْمِ اللّٰہِ الشَّافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ الْکَافِیْ
بِسْمِ اللّٰہِ الْمُعَافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرَ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ
رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ
شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ
بِسْمِ اللّٰہِ یُؤْوِیْکَ وَاللّٰہُ یَشْفِیْکَ مِنْ کُلِّ دَآءٍ
یُؤْذِیْکَ وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَۃٌ
لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَلَا یَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا خَسَارًا۔ الٰہی فلانہ
بنت فلانہ را فرزند دراز عمر با صحت وخیریت بزاید واز جمیع
امراض وآفات وبلیات محفوظ بماند بحرمت کلمۂ پاک لَآ اِلٰہَ
اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَبِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ
عٓسٓقٓ وَبِحَقِّ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ
عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ
بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

دانتوں کے درد کا عمل

اس تعویذ کو باوضو لکھ کر پلاسٹک کے ٹکڑے میں لپیٹ کر درد والے دانت کے نیچے دبا کر رکھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد سے فوراً نجات حاصل ہو گی۔

اَیُّھَا الضِّرْسُ الْمَضْرُوْسُ اُسْکُنْ بِقُدْرَۃِ الْمَلِکِ الْقُدُّوْسِ۔

برائے بواسیر

اتوار کے دن صبح کے وقت باوضو یہ تعویذ لکھے اور زوال کے بعد موم جامہ کر کے مریض کی کمر میں بندھوا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہو گی۔

برائے دفع مسان

کوری چار ٹھیکری لے (ایسی ٹھیکری جس کو پانی نہ لگا ہو) اور

ہر ایک پر یہ نقش اصحاب کہف باوضو لکھے پھر چاروں میں سے ہر ایک کو کوئلوں سے پُر کرے (اوپر کوئلے ڈال کر ڈھک دے) پھر ان کو آگ سے روشن کرے جب خوب گرم ہو جائیں تو ہر ٹھیکری کو بچہ کی چار پائی کے ایک ایک پایہ (یعنی چاروں پایوں) کے نیچے رکھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مسان سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰۳۰	۱۰۲۴	۱۰۱۰	۱۰۳۶
۱۰۱۲	۱۰۳۴	۱۰۳۲	۱۰۲۲
۱۰۴۰	۱۰۱۴	۱۰۲۰	۱۰۲۶
۱۰۱۸	۱۰۲۸	۱۰۳۸	۱۰۱۶

برائے دفع طحال (تلی کے لئے)

پنڈول (سفید مٹی) کی ایک ڈلی لے اور اس پر باوضو قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ (پ۳۰) پوری سورت تین یا پانچ مرتبہ پڑھ کر تیار رکھے پھر نیچے لکھے ہوئے نقش کو باوضو لکھ کر مریض کی ہتھیلی پر رکھے اور اس پر پنڈول کی ڈلی رکھے اور اس پر لوبان جلائے اور دوسرا آدمی مریض کی تلی کی جگہ پکڑے رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہوگی۔

(نقش اگلے صفحہ پر)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یا اللہ

برائے آسیب

کپڑا جس قسم کا بھی ہو کپڑے کے ایک ٹکڑے کو ہلدی میں رنگ کر چالیس فتیلہ بنالے اور ایک فتیلہ کو ایک دن رات اس مکان میں روشن کرے جس میں آسیب زدہ سوتا ہو۔ اس کے بعد انتالیس (۳۹) دن تک ایک ایک فتیلہ کو ہر رات اس مکان میں روشن کرتا رہے آسیب دفع ہو گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

برائے دفع آسیب

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ (پ ۳۰) پوری سورت کو باوضو بغیر ناس کے س کے سات مرتبہ پڑھ کر کڑوے تیل (سرسوں کا خالص تیل) پر دم کرے اور وہ تیل آسیب زدہ کے دونوں کان، ناک اور دونوں ہاتھوں اور دونوں پاؤں

کے ناخن پر لگائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہو گا۔

مرض ہے یا آسیب یا سحر معلوم کرنے کا طریقہ

مریض کا ایسا کپڑا لے جس میں اس نے رات گذاری ہو پہلے اس کو گز سے ناپ لے (اگر گز نہ ہو بالشت سے ناپ کر نشان لگادے) اور پیمائش ذہن میں محفوظ رکھے۔ پھر باوضو کپڑے پر سُوْرَۃ فاتحہ تین مرتبہ اور سُوْرَۃ وَالصّٰٓفّٰتِ کو "لَازِبٍ" تک اور سُوْرَۃ جن کو "شَطَطًا" تک اور مُعَوِّذَتَیْن کو ایک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرکے پھر کپڑے کو ناپے۔ اگر کپڑا بڑھ جائے بیماری شیاطین کے اثر سے ہے اگر کپڑا گھٹ جائے بیماری جن یا سحر کی وجہ سے ہے اگر برابر رہا مرض جسمانی ہے۔ سُوْرَۃُ الفاتحہ یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۗ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۗ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۙ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۧ

سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰتِ کی ابتدائی آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۙ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۙ فَالتّٰلِیٰتِ

ذِكْرًا ۙ إِنَّ إِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۙ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ
وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۙ إِنَّا زَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا
بِزِينَةٍ الْكَوَاكِبِ ۙ وَحِفْظًا مِّن كُلِّ شَيْطَانٍ مَّارِدٍ ۙ
لَّا يَسَّمَّعُونَ إِلَى الْمَلَإِ الْأَعْلَىٰ وَيُقْذَفُونَ مِن كُلِّ
جَانِبٍ ۙ دُحُورًا ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ وَاصِبٌ ۙ إِلَّا مَنْ
خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۙ فَاسْتَفْتِهِمْ
أَهُمْ أَشَدُّ خَلْقًا أَم مَّنْ خَلَقْنَا ۚ إِنَّا خَلَقْنَاهُم مِّن
طِينٍ لَّازِبٍ ۙ

سورۂ جن کی ابتدائی آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوا
إِنَّا سَمِعْنَا قُرْآنًا عَجَبًا ۙ يَهْدِي إِلَى الرُّشْدِ فَآمَنَّا
بِهِ ۖ وَلَن نُّشْرِكَ بِرَبِّنَا أَحَدًا ۙ وَأَنَّهُ تَعَالَىٰ
جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَلَا وَلَدًا ۙ وَأَنَّهُ
كَانَ يَقُولُ سَفِيهُنَا عَلَى اللَّهِ شَطَطًا ۙ

معوذتین یہ ہیں۔

سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَدَنِيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِن شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِن
شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ ۙ وَمِن شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِي
الْعُقَدِ ۙ وَمِن شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ۙ

سُوْرَةُ النَّاسِ مَدَنِيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ إِلٰهِ
النَّاسِ ۙ مِن شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِي
يُوَسْوِسُ فِي صُدُورِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۙ

برائے ام الصبیان یعنی کمیرہ

سُوْرَةُ إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ۔ پوری سورت باوضو اکیس[21]
بار پڑھ کر اجوائن پر دم کرے اور اس اجوائن کو زچہ کی
چارپائی کے پایہ کے نیچے کی طرف باندھنا مفید ہے۔
سورۂ اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ یہ ہے۔

سُوْرَةُ النَّصْرِ مَدَنِيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۙ وَرَأَيْتَ النَّاسَ
يَدْخُلُونَ فِي دِينِ اللّٰهِ أَفْوَاجًا ۙ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ
رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۚ إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا ۙ

برائے ام الصبیان

کاغذ کا بڑا گتہ یا بکس بورڈ کا بڑا ٹکڑا یا کاغذ کا بڑا تختہ
لے اور اس کے گرد چاروں کونوں پر سورۂ یٰسین شریف (پ۲۲)
پوری سورت لکھے اور کاغذ کے پیندے کو بیچ سے کاٹ کر

دور کردے۔ پھر ایک ایسا چاقو (یا چھری) مہیا کرے
(لائے) جس کا دستہ اور پھلکا دونوں لوہے کے ہوں
اور اس عمل سے پہلے اس چاقو سے کوئی چیز کاٹی بھی نہ گئی ہو۔
اس چاقو پر سات مرتبہ سورۂ یٰسین شریف دم کرے۔ جب
بچہ پیدا ہو اس بچہ کو یا اس کی آون نال کو سات مرتبہ کاغذ
کے حلقہ (کٹے ہوئے حصہ) میں سے گذارے پھر اس پڑھے
ہوئے چاقو سے آون نال کاٹ دے اور پانچ روپیہ
بچہ کی ماں سے لے اور پانچ روپیہ بچہ کے والد سے لے۔ یہ
لینا اس عمل کی شرط ہے اگر یہ نہ لے گا یا والدین نہ دیں گے تو
عمل کامیاب نہ ہوگا۔

برائے دفع وسوسہ شیاطین

آیۃ الکرسی کو ہر نماز کے بعد پڑھنا شیاطین کے
وساوس سے نجات دیتا ہے اور آیۃ الکرسی پڑھنے والے
کی روزی میں برکت ہوتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا
هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ
لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ
يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ
اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ
بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ
وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۣ
قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ
بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ
الْوُثْقٰى ۤ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝
اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى
النُّوْرِ ڛ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰۗــــُٔــھُمُ الطَّاغُوْتُ
يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ
اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

پیشاب کی بندش کھولنا اور مثانہ کی پتھری کا علاج

اگر کسی کے پیشاب میں بندش لگ گئی ہو اور پیشاب بند
ہو گیا ہو یا پیشاب کرنے میں تنگی محسوس کرتا ہو یا پیشاب
میں ریت آتی ہو یا مثانہ میں پتھری ہو۔ اس کے لئے باوضو
ان مندرجہ ذیل آیات کو کسی کاغذ پر لکھے اور مریض کو پانی
میں گھول کر وہ پانی مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب
جاری ہوگا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَاِذِ اسْتَسْقٰى
مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۭ
فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۭ قَدْ عَلِمَ
كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ۭ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ

وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝
قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا ۝ اَوْ خَلْقًا
مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ صُدُوْرِكُمْ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ
يُّعِيْدُنَا ۝ قُلِ الَّذِيْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ
فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى
هُوَ ۝ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ۝
وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۝ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ۝
وَّكُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ۝
وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۝

پیشاب اور پاخانہ کی بندش کھولنے کے لئے

اگر کسی کا پیشاب یا پاخانہ بند ہو گیا ہو اور بندش سخت ہو نہ کھلتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیات باوضو کاغذ پر لکھے اور پانی میں گھول کر مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب یا پاخانہ کی بندش کھل جائے گی۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا ۝ اَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ صُدُوْرِكُمْ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا ۝ قُلِ الَّذِيْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ ۝ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ۝

يَوْمَ يَدْعُوْكُمْ فَتَسْتَجِيْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَتَظُنُّوْنَ
اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا ۝

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝
اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝
وَاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ۝
لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ۝ وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ۝

(اور یہ کہے) یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ — اپنے فلاں بندہ (اس جگہ مریض اور اس کی ماں کا نام لے) کی مصیبت کو دور کر دے بلاشبہ تو ہر شئے پر قادر ہے۔

پیشاب کی بندش کے لئے

اگر کسی کے پیشاب میں بند لگ گیا ہو اور پیشاب بند ہو گیا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیات باوضو ایک کاغذ پر لکھے اور اس کو پانی میں گھول کر مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب کا بند کھل جائے گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ ۔ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ

يَأْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ۝

براۓ دفع خفقان

خفقان سے نجات کے لئے سورۃ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ باوضو چینی کی تشتری (پلیٹ) پر لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلاۓ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کا خفقان دور ہوگا۔ سُوْرَۃ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ یہ ہے۔

سُوْرَۃُ قُرَیْشٍ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ۝ اِلٰفِھِمْ رِحْلَۃَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ ۝ فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ ھٰذَا الْبَیْتِ ۝ الَّذِیْٓ اَطْعَمَھُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَھُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

براۓ عرق النساء

نابالغ لڑکی کے ایک ہاتھ سے ایک جینچلی کتوا کر اس کو دھو ڈالیں پھر گنڈہ بنا کر آیت ذیل کو باوضو ایک مرتبہ پڑھ کر ایک گرہ دے اور اسی طرح سات مرتبہ آیت کو پڑھے اور سات گرہ دے کر گنڈہ تیار کر کے مریض کے بائیں بازو (بائیں ہاتھ پر کہنی سے اوپر) پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ شفاء حاصل ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَاِذْ قَتَلْتُمْ

نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِیْھَا ۭ وَاللّٰہُ مُخْرِجٌ مَّا کُنْتُمْ تَکْتُمُوْنَ ۝ فَقُلْنَا اضْرِبُوْہُ بِبَعْضِھَا ۭ کَذٰلِکَ یُحْیِ اللّٰہُ الْمَوْتٰی ۙ وَیُرِیْکُمْ اٰیٰتِہٖ لَعَلَّکُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝

عرق النساء کے درد کے لئے

مندرجہ ذیل کلمات باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے مریض کے درد کی جگہ پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد سے نجات حاصل ہوگی۔

اَیَّتُھَا الْعِرْقُ الثَّابِتُ فِی الْجِسْمِ الَّذِیْ یَمُوْتُ مُتْ مُتْ مُتْ بِاِذْنِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ۔

بچوں کے رونے کی بیماری

بعض بچوں کو بلاوجہ رونے کی عادت پڑ جاتی ہے اور وہ وجہ بلاوجہ روتے رہتے ہیں ان کے رونے کو ختم کرنے کے لئے مندرجہ ذیل آیات باوضو لکھے اور اس بچہ کی والدہ کے دودھ میں گھول کر بچہ کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ کا رونا بند ہو جائے گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وُجُوْہٌ یَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَۃٌ ۝ ضَاحِکَۃٌ مُّسْتَبْشِرَۃٌ ۝

اَفَمِنْ ھٰذَا الْحَدِیْثِ تَعْجَبُوْنَ ۝ وَتَضْحَکُوْنَ وَلَا تَبْکُوْنَ ۝ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ۝

پھوڑے پھنسی، دنبل اور دیگر زخموں وغیرہ کے لئے

سُوْرَۃُ مُرْسَلَات باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے مریض کے
گلے میں لٹکا دے اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ مریض
ہر قسم کے جلدی امراض، خارش، پھوڑے، پھنسی اور دیگر
زخموں سے جلد صحتیاب ہو جائے گا۔

تنبیہ: سورۃ مُرسلات پارہ ۲۹ رکوع ۲۱ پر ہے وہاں
دیکھ کر لکھ لیں۔

کسی دوسری جگہ یا گھر میں دفن شدہ سحر کو نکالنا

اگر کسی نے جادو کرکے زمین میں دفن کردیا ہو یا گھر
میں دفن ہو تو اس کو نکالنے کے لئے سُوْرَۃُ کُوِّرَتْ (یا تکویر)
پ۳۰ رکوع ۶ کو مسلسل بلا ناغہ باوضو روزانہ ایک بار
پڑھے اور جب تک دفن کئے ہوئے جادو کا پتہ نہ چلے
برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اگر گھر میں جادو گڑا
ہوا (دفن کیا ہوا) ہے اور اس کی جگہ معلوم نہ ہو تو اس
سورۃ پاک کے پڑھنے سے جگہ معلوم ہو جائے گی،
اور آیۃ الکرسی اور چاروں قُل تین تین بار پڑھ کر
نکالے انشاء اللہ تعالیٰ کسی قسم کا نقصان
نہ ہو گا۔

دنبل (بغیر منہ کا پھوڑا) وغیرہ کے لئے

تین روز تک باوضو سُوْرَۃ فاتحہ اور آیت وَتَرَی الْجِبَالَ
سے مَرَّ السَّحَابِ تک پڑھ کر دم کرنا مفید ہے۔ انشاء اللہ
تعالیٰ پھوڑے پر دم کرنے سے اس کی سختی ختم ہوگی اور تکلیف
میں بھی کافی فرق پڑ جائے گا۔

سورۃ فاتحہ یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ
مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ؕ
اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِیْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۙ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ
وَلَا الضَّآلِّیْنَ ؑ

وَتَرَی الْجِبَالَ تَحْسَبُھَا جَامِدَۃً وَّھِیَ تَمُرُّ
مَرَّ السَّحَابِ ط

برائے ورم عانہ (یعنی پیڑو کا ورم)

پیڑو کا ورم جس کو وایدہ کہتے ہیں ورم کے مقام پر یہ
نقشہ بنائیں اور چالیس مرتبہ باوضو سُوْرَۃ فاتحہ پڑھیں۔
جس وقت پڑھنا شروع کریں تو جب دس مرتبہ پڑھ لیں اس

نقشہ پہ ورم کی جگہ دم کریں پھر دوبارہ پڑھنا شروع
کریں جب دس مرتبہ پڑھ لیں تو پھر ورم کی جگہ دم کریں
اسی طرح ہر مرتبہ دس بار پڑھنے کے بعد دم کرے کل چار
مرتبہ دم کرنا ہے۔ تین یوم کی جھاڑ سے شفاء ہو جائے گی۔
انشاء اللہ تعالیٰ۔ وہ نقش دیہ ہے۔

11

برائے دفع چیچک

اگر کسی کو چیچک کا خطرہ ہو یا نکل آئی ہو تو مندرجہ
ذیل آیت کا تعویذ با وضو لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں
ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ چیچک سے محفوظ رہے گا اور
اگر چیچک نکل آئی ہو تو اسی آیت کو با وضو لکھ کر روزانہ
پانی میں گھول کر مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالےٰ
چیچک سے جلد صحت حاصل ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ بَلْ اِیَّاہُ تَدْعُوْنَ
فَیَکْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَیْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ
مَا تُشْرِکُوْنَ ؏

باب پنجم

در عملیات متفرقہ۔ قضائے حاجات
دفع اعداء، چور کی شناخت وغیرہ

برائے رہائی از جیل خانہ

قیدی جس جگہ سوتے ہیں اس جگہ کی مٹی لے اور جیل
خانہ کی رسّی لے اور دونوں کو ملا کر بہت ساری ٹکیہ (چھوٹی
روٹی کی طرح) بنالے۔ ان ٹکیوں پر پیر کے دن بحساب ابجد
فجر (صبح) کی نماز کے بعد "الف" سے "طا"

ا ب ج د ھ و ز ح ط

تک لکھے اور قیدی اس ٹکیہ کو کپڑے میں سی کر یا باندھ
کر اپنے بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد رہائی
پائے گا۔

عمل چور معلوم کرنے کا

جن لوگوں پر چوری کا شبہ ہو ان کے نام علیحدہ علیحدہ
کاغذ پر لکھ کر گیہوں کے آٹے میں لپیٹ کر گولے بنالے۔
اور ایک طشت (تھال یا پرات) میں پانی اوپر تک بھر لے
اور اس کے بعد آیۃ الکرسی اور چاروں قل ایک ایک

مرتبہ پڑھ کر ان گولوں پر دم کرے اور پانی میں ڈال دے۔ چور کے نام کا گولہ اوپر آجائے گا باقی گولے پانی کی تہہ میں بیٹھ جائیں گے۔

تنبیہ: حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے "اَلْقَوْلُ الْجَمِیْلُ" میں فرمایا ہے کہ اس قسم کے اعمال پر یقین کا درجہ نہ رکھے اور خواہ مخواہ متہم شخص سے نہ الجھے اگرچہ اس کا نام بھی عمل میں نکل آئے اس لئے کہ معاملہ حقوق العباد کا ہے اور یہ اعمال ظنی ہیں قطعی اور یقینی نہیں ہیں۔

برائے نیش تتیا (تتیے کے ڈنک کا علاج)

اگر کسی کو تتیا ڈنک مار دے اور شدید تکلیف ہو تو نو (۹) بار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھے پھر دسویں بار پڑھ کر زمین پر تھوک دے اور اس تھوک کے لعاب میں مٹی ملا کر جس جگہ تتیے نے ڈنک مارا ہے اس مٹی کو ملے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد سے جلد نجات حاصل ہوگی۔

برائے خلاصی از قرض

اگر کوئی شخص قرض میں پھنس گیا ہو اور قرض سے نجات مشکل ہو گئی ہو تو اس کے لئے بعد نماز فجر باوضو چالیس

بار سُوْرَۃ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ آخر تک پابندی کے ساتھ روزانہ بلا ناغہ پڑھتا رہے۔ جب تک قرض نہ اترے برابر پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ تمام قرض ادا ہو جائے گا۔

سُوْرَۃ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ یہ ہے۔

سُوْرَۃُ النَّصْرِ مَدَنِيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۙ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۙ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۧ

دشمن یا حاکم (افسر) کا خوف

اگر کسی شخص کو کسی غنڈے، بدمعاش، دشمن، مخالف یا حاکم سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو یا تکلیف پہنچاتا ہو تو یہ عمل حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ سے بطریق حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ منقول ہے۔ اس کو کرے۔ وہ عمل یہ ہے۔

بعد نماز تہجد گیارہ سو بار آیۃ کریمہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۚ

پڑھے۔ اول گیارہ مرتبہ درود شریف درمیان میں یہ عمل اور آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور دعا کرے۔ وضو، طہارت، پاک جگہ، پاک مکان اور وقت سعید

شرط ہے۔ زوال اور سورج نکلنے اور غروب ہوتے وقت نہ پڑھے۔ اگر تہجد میں ممکن نہ ہو تو بعد نماز عشاء پڑھے۔ جب تک دشمن کا خطرہ ہو برابر پڑھتا رہے۔ ناغہ نہ کرے۔ کم از کم چالیس روز ضرور کرے۔

عمل برائے دفع دشمنان

دشمنوں کے دفع کرنے اور انہیں دور بھگانے کے لئے بعد نماز عشاء دو رکعت پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ فیل سات مرتبہ پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد چالیس بار ذیل کی آیت پڑھے۔ انشاء اللہ تعالےٰ دشمن وہاں سے چلا جائے گا۔

سورۂ فیل یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْفِيْلِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ ۝ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۝ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۝

وہ آیت یہ ہے

وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ۭ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ۝

تنبیہ: صرف جائز حالت میں کرے ناجائز کسی کو ستانے کے لئے کرے گا خود برباد ہوگا۔

سانپ کو ایک جگہ روک دینا

سانپ کو کیل دینا کہ حرکت نہ کر سکے۔ اس کی ترکیب یہ ہے کہ پتھر کی ایسی کنکریاں لے جن پر پانی نہ لگا ہو، ان پر سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کرے (ان کنکریوں پر پھونک مارے) اور سانپ پر مارے۔ جب سانپ کو کنکری (چھوٹا پتھر) لگے گی تو وہ اپنی جگہ سے حرکت نہ کر سکے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝

دشمن کی تباہی کے لئے

اگر کوئی شخص جان و مال کا دشمن بن گیا ہو۔ اور ہر وقت نقصان پہنچانے کی فکر میں رہتا ہو تو اس کے لئے چاند کے مہینے کی آخری تاریخوں میں (یعنی بیس تاریخ کے بعد) جمعہ کے دن پچاس تنکے مسجد کی جھاڑو یا کوڑے سے لے اور کچھ مٹی اجاڑ جگہ کی اور کچھ مٹی کسی اجاڑ مسجد کی اور کچھ مٹی کسی اجاڑ مکان کی لاکر ہر تنکے پر پچاس پچاس بار الم ترکیف (سورۂ فیل پ۳۰) پڑھ کر دم کرے اور ان سب کو جلادے اور راکھ دشمن کے مکان میں ڈال دے۔ دشمن برباد ہو جائے گا۔

سورۂ فیل یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْفِیْلِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَمْ تَرَ کَیْفَ فَعَلَ رَبُّکَ بِاَصْحٰبِ الْفِیْلِ ۝ اَلَمْ یَجْعَلْ کَیْدَھُمْ فِیْ تَضْلِیْلٍ ۝ وَّاَرْسَلَ عَلَیْھِمْ طَیْرًا اَبَابِیْلَ ۝ تَرْمِیْھِمْ بِحِجَارَۃٍ مِّنْ سِجِّیْلٍ ۝ فَجَعَلَھُمْ کَعَصْفٍ مَّاْکُوْلٍ ۝

تنبیہ: یہ عمل کرنے سے پہلے کسی شریعت کے پابند عالم دین سے مشورہ کرلے اگر ناحق کسی کو ستانے اور برباد کرنے کے لئے کرے گا تو ڈر ہے کہ خود برباد نہ ہو جائے اس لئے بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔ محض جذبات سے مغلوب ہو کر ایسا قدم اٹھانا درست نہیں ہے ورنہ خود نقصان اٹھائے گا۔

نماز حاجت پوری ہونے کے لئے

اگر کوئی کام اٹک جائے یا ضرورت پیش آجائے یا کوئی مقصد حل نہ ہوتا ہو تو حل مشکلات کے لئے چار رکعت نماز آدھی رات گذرنے کے بعد اس طریقے سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ (الحمد شریف) کے بعد ایک سو بار یہ آیت پڑھے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝

اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک سو مرتبہ یہ آیت پڑھے۔

اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝

اور تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد اُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝

اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک سو بار

نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ۝

پڑھے۔ التحیات، درود شریف اور دعا کے بعد سلام پھیر دے اور تین قدم چلے پہلے داہنا قدم اٹھائے اور پھر سات بار کہے

رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

پھر واپس لوٹ کر اپنی جگہ واپس آجائے اور سجدہ کرے اور اس میں اپنی ضرورت حق تعالیٰ سے عرض حاجت کرے انشاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔

دفع دشمن کے لئے

اگر کسی شخص کا کوئی ایسا شخص ہو جس کا قتل شرعاً جائز ہو اس کے لئے یہ عمل کرے اور یہ عمل کسی نہر، دریا، سمندر، چشمے یا کنویں کے پاس بیٹھ کر کرے۔ باوضو پاک جگہ بیٹھ کر سورہ یٰسین شریف کو اکتالیس (۴۱) بار پڑھے اور ایک کچی مٹی کی اینٹ اپنے سامنے رکھ لے جب ایک مرتبہ سورۂ

یٰسین شریف پڑھ لے تو اس اینٹ پر ایک لکیر چاقو کی نوک سے کھینچ دے۔ اسی طرح اکتالیس (۴۱) بار سورۂ یٰسین شریف پڑھ کر اکتالیس (۴۱) لکیریں کھینچ دے۔ پھر قبلہ کی طرف منہ کرکے دشمن کی ہلاکت اور تباہی کی نیت سے وہ اینٹ پانی میں پھینک دے۔ دشمن ہلاک ہوگا۔ یا برباد ہوگا یا عہدہ سے معزول ہوجائے گا

برائے حل مشکلات

کوئی ایسی مشکل پیش آگئی ہو جو حل نہ ہوتی ہو یا کوئی ایسا مقصد ہو جو پورا نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے باوضو روزانہ ستر (۷۰) بار سورۂ قریش پابندی کے ساتھ پڑھے جب تک کام نہ بن جائے برابر پڑھتا رہے ناغہ نہ کرے اور نہ تنگ ہوکر چھوڑ دے بلکہ جب تک مشکل حل نہ ہو برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور بضرور مشکل حل ہوگی۔ قریش یہ ہے۔

سُوْرَۃُ قُرَیْشٍ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ۙ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ ۚ فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَیْتِ ۙ الَّذِیْۤ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۠

ہر قسم کی مشکلات کے حل کے لئے

حل مشکلات کے لئے بعد نماز عشاء باوضو روزانہ اسم ذات "اللہ" کو چار ہزار پانچ سو (۴۵۰۰) مرتبہ پڑھنا اکسیر ہے۔ اس کی برکت سے ہر مشکل حل ہوگی اور ہر کام کی رکاوٹ ختم ہوگی۔ شرط یہ ہے کہ ناغہ نہ کرے اور نہ عمل کو درمیان میں چھوڑ دے بلکہ جب تک مشکل حل نہ ہو برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

برائے حصول حاجت

ہر قسم کی حاجت پوری ہونے کے لئے روزانہ ایک وقت مقررہ پر باوضو یہ دعا ایک سو مرتبہ پڑھے۔ پابندی سے پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ یَا رَبَّ الْاَرْبَابِ وَ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَمُسَهِّلَ الْاَصْعَابِ وَیَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ وَیَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ وَیَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ تَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ یَا رَبِّ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَیْکَ یَا رَبِّ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

کسی نئے شہر میں داخلہ کے وقت

اگر کوئی شخص کسی نئے شہر میں داخل ہو اور یہ دعا داخلے کے وقت ایک بار پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس کا سفر کامیاب کرے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

رَبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ

برائے حصول جمیع حاجات

ہر مشکل اور ہر مہم کے لئے الحمد شریف باوضو چالیس بار روزانہ پڑھنا مجرب عمل ہے لیکن فجر کی نماز کی دو سنت پڑھ کر چالیس بار الحمد شریف آخر تک پڑھے اور پھر فرض نماز ادا کرے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ فجر کی اذان سے دس منٹ قبل مسجد میں چلا جائے اور اطمینان سے وضو کرے اور اذان ہوتے ہی فجر کی سنتیں پڑھے اور پھر سورۂ فاتحہ پڑھنا شروع کرے تاکہ جماعت کھڑی ہونے سے قبل یہ وظیفہ پورا کر لے تاکہ جماعت میں شریک ہو کر فرض نماز باجماعت ادا کرلے۔ اگر اس وظیفے کی وجہ سے جماعت کو ترک کرے گا تو بہت نقصان اٹھائے گا۔

ترکیب یہ ہے پہلے اعوذ اور بسم اللہ شریف اس طرح پڑھے

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ (الرحمن الرحیم کو دو مرتبہ کہے اور اس موقع پر مقصد کا خیال کرے)
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ (آمین، آمین، آمین) کو تین مرتبہ کہے۔ جس مقصد کے لئے بھی یہ عمل کرے گا ان شاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہوگا بشرطیکہ وہ مقصد جائز ہو۔

دشمن کی خرابی کے لیے

اگر کسی دشمن سے جان کا خطرہ ہے یا ہر وقت نقصان پہنچانے کے درپے رہتا ہے ایسے دشمن کی خرابی کے لئے ایک روٹی پر حروف تسعہ (نو حروف) حروف ابجد کے حروف سے الف سے لے کر ط تک باوضو لکھے اور اس روٹی کے پانچ ٹکڑے کرے اور پانچ کتوں کو کھلائے۔ کھلاتے وقت کہے فلاں ابن فلاں (یہاں دشمن اور اس کے باپ کا نام لے، دشمن اگر عورت ہو تو اس کا اور اس کی ماں کا نام لے) کا گوشت کھاؤ اور اس کو ٹکڑے ٹکڑے کر دو۔ اس عمل سے دشمن کا بدن پھوٹ نکلے گا۔ یہ عمل حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے۔
تنبیہ:۔ یہ عمل صرف جائز حالت میں کرنا ہے اگر ظلماً

کرے گا یا بلا وجہ کسی کو ستانے کے لئے کرے گا تو بہت سخت
گنہگار ہوگا اور نقصان اٹھائے گا۔

برائے قضائے حاجات (حاجات پوری ہونے کے لئے)

اپنی حاجات کے پورا ہونے کے لئے باوضو ظہر کے وقت یہ
کلمات تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ روزانہ بلاناغہ پڑھا کرے۔
انشاء اللہ تعالیٰ ضرورت ہوگی۔ وہ یہ کلمات یہ ہیں۔
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ه اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى
مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ حَبِيْبِكَ اِنِّىْ مُشْتَاقٌ
بِنُوْرِ جَمَالِكَ وَرَسُوْلِكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ

غیبت سے محفوظ رہنے کے لئے

جو شخص کسی مجلس میں بیٹھتے وقت اور مجلس سے اٹھتے
وقت یہ کلمات پڑھے گا وہ انشاء اللہ تعالیٰ اس مجلس
میں غیبت کرنے اور کئے جانے سے محفوظ رہے گا۔ اور اس
پر ایک فرشتہ غیبت سے حفاظت کرنے کے لئے منجانب اللہ
مامور (مقرر) ہوجاتے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ه وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ۔

چور کا پتہ لگانا

اگر کسی کے ہاں چوری ہوجائے اور چوری کرنے والا

چور معلوم نہ ہو تو عامل دس مرتبہ درود شریف شنگرف
پر پڑھ کر اپنی ران پر ملے اور چالیس بار ان اسماء کو استرہ
پر پڑھ کر اپنی ران کے بال مونڈ لے۔ چور کے سر کے بال
خود بخود اتر جائیں گے۔ عجیب ہے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔
بِسْمِ اللّٰهِ عَلِيْقَه۔ مَلِيْقَه۔ تَلِيْقَه۔ نَلِيْقَه۔
بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَعَلِيٌّ
وَّلِيُّ اللّٰهِ۔

برائے حل مشکلات

برائے حل مشکلات سورۃ فاتحہ اس طرح پڑھے کہ دنیاوی
مقاصد کے لئے جنوب کی طرف منہ کرکے پڑھے اور دینی
مقاصد کے لئے قبلہ کی طرف منہ کرکے پڑھے۔ باوضو سات
دن وقت مقررہ پر اس ترتیب سے پڑھے۔
اتوار کے دن۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ پانچ سو دو (۵۰۲)
مرتبہ اور آمین ایک سو (۱۰۰) مرتبہ
پیر کے دن۔ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ پانچ سو چھپن (۵۵۶) مرتبہ
اور آمین ایک سو (۱۰۰) مرتبہ
منگل کے دن۔ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۙ دو سو گیارہ (۲۱۱) مرتبہ
اور آمین ایک سو (۱۰۰) مرتبہ
بدھ کے دن۔ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۙ آٹھ سو
چھتیس (۸۳۶) مرتبہ اور آمین ایک سو (۱۰۰) مرتبہ

جمعرات کے دن۔ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ایک ہزار
چالیس۱۰۴۰ مرتبہ اور آمین ایک سو۱۰۰ مرتبہ
جمعہ کے دن۔ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ایک
ہزار ایک سو تیرہ۱۱۱۳ مرتبہ اور آمین ایک سو مرتبہ
ہفتہ کے دن۔ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ
چار ہزار ستر۴۰۷۰ مرتبہ اور آمین ایک سو۱۰۰ مرتبہ
اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ دینی و دنیاوی
مرادیں پوری ہوں گی۔

چور کا پتہ لگانا

ترنج (   ) کے پتے لاکر ہر ایک پتہ پر اس
آیت کریمہ کو باوضو لکھے اور جن افراد پر شبہ ہو۔ ان کے
نام اس آیت کے نیچے لکھے اور آگ میں جلائے چور کے
پیٹ میں درد ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے:
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ
فَاقْطَعُوْٓا اَیْدِیَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ۝

نماز برائے قضائے حاجات

ظالموں کے شر سے نجات پانے اور حاجات کے پورا
ہونے کے لئے بہت مؤثر اور پُر تاثیر ہے۔
چار رکعت نماز نفل اس طرح پڑھے۔ پہلی

رکعت میں الحمد شریف کے بعد یہ آیتیں پندرہ۱۵ بار پڑھے۔
وہ آیتیں یہ ہیں۔
قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ
تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۡ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ
وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِیَدِكَ الْخَیْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ
شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّهَارِ وَتُوْلِجُ
النَّهَارَ فِی الَّیْلِ ۡ وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَ
تُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ ۡ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ
حِسَابٍ ۝
دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد پندرہ۱۵ مرتبہ
سورۂ کوثر پڑھے۔ سورۂ کوثر یہ ہے۔
سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّیَّةٌ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اِنَّآ اَعْطَیْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝
اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝
تیسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد پندرہ۱۵ مرتبہ سورۃ
کافرون پڑھے۔ سورہ کافرون یہ ہے۔
سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّیَّةٌ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝
وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ

مَا عَبَدْتُّمْ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ؕ
لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

چوتھی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ اخلاص پندرہ مرتبہ پڑھے۔ سورہ اخلاص یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

اور نماز کے بعد دس مرتبہ یہ دعائیں پڑھے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۚ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ، رَبِّ اِنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ، وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ ۢ بِالْعِبَادِ ۔ يَا مَنْ ذِكْرُهٗ شَرَفٌ لِّلذَّاكِرِيْنَ وَيَا مَنْ طَاعَتُهٗ نَجَاةٌ لِّلْمُطِيْعِيْنَ ۔ وَيَا مَنْ رَاْفَتُهٗ مَلْجَاءٌ لِّلْعَالَمِيْنَ وَيَا مَنْ لَا تُحْصٰى عَلَيْهِ ثَنَآءُ الْمُحْتَاجِيْنَ اِغْفِرْ لِيْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

خاصیت اسمائے اصحاب کہف

اصحاب کہف کے اسمائے گرامی بہت متبرک اور بابرکت ہیں۔ ان کے بے شمار فوائد ہیں اگر ان اسماء کو

باوضو لکھ کر گھر کے صدر دروازے پر لگادیا جائے تو وہ گھر چوری، وبا اور ہر قسم کی پریشانی سے محفوظ ہوجائے گا۔

اگر کوئی آدمی زمین غصب کرنا چاہتا ہے یا مکان یا دوکان پر ناجائز قبضہ کرنا چاہتا ہے تو باوضو لکھ کر ان اسماء کو اس گھر، دوکان کے دروازے پر لگادیا جائے اور زمین کے اندر کسی ڈھکن والی ہانڈی میں رکھ دفن کردیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ دوکان، مکان اور زمین ہر قسم کے ناجائز قبضہ سے محفوظ ہوجائے گی۔

اگر کہیں آگ لگ گئی ہو تو ان اسماء کو باوضو کاغذ پر لکھ کر آگ میں ڈال دیں انشاء اللہ تعالیٰ آگ کی تیزی ختم ہوجائے گی۔

اگر کوئی عورت حاملہ ہو تو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے حاملہ کے باندھ دیا جائے تو اس کا حمل گرنے سے محفوظ رہے گا۔

اگر کسی عورت کے بچہ ہونے والا ہو تو اس کے لئے باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے بچہ کی پیدائش کے وقت بائیں ران میں باندھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ آسانی سے پیدا ہوگا۔

اگر زمین میں روپیہ دفن کیا ہوا اور چاہتے ہوں کہ لوگوں کی نگاہ سے محفوظ رہے تو اس کے لئے باوضو لکھ کر اس روپیہ کے اوپر رکھ دیا جائے انشاء اللہ تعالےٰ

روپیہ محفوظ رہے گا۔

اسماء اصحاب کہف یہ ہیں،

اِلٰهِیْ بِحُرْمَتِ يَمْلِيْخَا۔ مَكْسَلْمِيْنَا۔ كَشْفُوْطَطْ۔ كَشَافَطْيُوْنَسْ۔ تَبْيُوْنَسْ۔ آذَرْفَطْيُوْنَسْ۔ يُوَانِسْ۔ بُوْسْ۔ وَكَلْبُهُمْ قِطْمِيْرٌ وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ وَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ۔

برائے دفعیہ موش (چوہے بھگانے کا تعویذ)

کھیت سے چوہوں کو بھگانے کے لئے اس تعویذ کو باوضو لکھے اور ایک لمبے بانس کے کنارے باندھ کر اس بانس کو لے کر کھیت کے چاروں طرف چکر لگائے۔ پھر اس بانس کو کھیت کے ایک کونہ میں گاڑ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چوہے اس کھیت میں نہ آئیں گے۔ وہ تعویذ یہ ہے اس طرح لکھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِحُرْمَةِ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
الٰہی بحرمت حضرت بایزید عثمانی از شر موشہا نگہدار۔

اگر چوہوں نے کھیت میں سکونت اختیار کرلی ہو (کھیت میں بل بنا کر رہنا شروع کر دیا ہو) تو اس طرح نقش بنا کر لکھے

(نقش اگلے صفحے پر)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٰہی بحرمت بایزید عثمانی

از شر موشہا نگہدار

برائے قبولیت دعا و حاجات پورا ہونے اور جسم کی ہر مرض سے حفاظت

دعا کی قبولیت، مکاشفات و مناجات اور امور دنیاوی باآسانی انجام پانے کے لئے آدھی رات کے وقت یہ دس اسماء الٰہی جل شانہٗ پڑھے۔ وہ یہ ہیں۔

اَلْمُحِيْطُ۔ اَلْعَالِمُ۔ اَلرَّبُّ۔ اَلرَّشِيْدُ۔ اَلْحَسِيْبُ۔ اَلْفَعَّالُ۔ اَلْخَلَّاقُ۔ اَلْبَارِئُ۔ اَلْخَالِقُ۔ اَلْمُصَوِّرُ۔

حاجات پورا ہونے کے لئے

اپنی جائز حاجات اور جائز مقصد میں کامیابی کے لئے یہ طلسم روزانہ باوضو گیارہ عدد لکھے اور جاری پانی

(بہتے پانی) یعنی دریا، سمندر، نہر، جاری چشمہ میں روزانہ ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاجات پوری ہوں گی اور ہر مقصد میں کامیابی ہوگی۔ وہ طلسم یہ ہے۔

برائے قضائے حاجات

ہر قسم کی حاجات کے پورا ہونے کے لئے مندرجہ ذیل کلمات کا ورد (بار بار پڑھنا کم از کم اکتالیس ۴۱ بار یا ایک سو ایک بار پڑھے) انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی سختی دور ہوگی اور حاجت کے پورا ہونے کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ يَا مُؤْنِسَ كُلِّ وَحِيْدٍ وَيَا صَاحِبَ كُلِّ غَرِيْبٍ وَيَا ظَاهِرَ كُلِّ مَلَاءٍ وَيَا شَاهِدَ كُلِّ نَجْوٰى وَيَا مُنْجِيَ الْهَلْكٰى وَيَا مُنْقِذَ الْغَرْقٰى وَيَا صَاحِبِيْ فِيْ شِدَّتِيْ وَيَا وَلِيِّيْ فِيْ نِعْمَتِيْ وَيَا غِيَاثِيْ فِيْ كُرْبَتِيْ وَيَا مُؤْنِسِيْ فِيْ وَحْشَتِيْ اِبْعَثْ اِلَيَّ مُؤْنِسًا يُؤْنِسُنِيْ وَاكْسُ عَوْرَتِيْ وَاٰمِنْ رَوْعَتِيْ يَا كَرِيْمُ۔

چور کی گرفتاری کے لئے

نابالغ لڑکے یا نابالغ لڑکی کی دونوں ہتھیلیوں پر تیل میں سیاہی ملا کر مل دیں (یعنی تیل میں سیاہی لگا کر بچے کے ہاتھ پر مل دے (اس کی دونوں ہتھیلیاں کالی ہو جائیں گی) پھر یہ عزیمت جو یا ماش (کالا اڑد) کے نو (۹) دانوں پر علیحدہ علیحدہ پڑھ کر ایک ایک دانہ اس بچے یا بچی کے مارے اور بچہ سے کہے کہ وہ سیاہ ہتھیلی پر نظر جما کر دیکھتا رہے۔ تھوڑی دیر کے بعد ہتھیلی میں چور کی صورت صاف دکھائی دے گی۔ یہ عزیمت باوضو پڑھ کر ایک دانہ پر دم کر دے اسی طرح بار بار پڑھ کر ہر دانہ پر الگ الگ دم کرے۔ وہ عزیمت یہ ہے۔

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ فَتَحُوْنَ فَتَحُوْنَ فَتَحُوْنَ حَبِيْكَ حَبِيْكَ حَبِيْكَ شَفِيْعًا شَفِيْعًا عَطِيْشًا عَطِيْشًا عَطِيْشًا سَرُوْرًا سَرُوْرًا سَرُوْرًا قَدُوْرًا قَدُوْرًا قَدُوْرًا۔ سَهْلًا سَهْلًا سَهْلًا۔ نَهْلًا نَهْلًا نَهْلًا اُحْضُرُوْا مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ بِحَقِّ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ۔

برائے حفظ قرآن

اگر کوئی بچہ حفظ قرآن کر رہا ہو اور دماغ نہ چلتا ہو یا

حافظہ کمزور ہو تو مندرجہ ذیل آیات باوضو ایک چینی کی طشتری (پلیٹ) پر لکھے اور زمزم کے پانی سے دھو کر بچہ کو پلائے اگر آب زمزم نہ ہو تو عرق گلاب سے دھو کر پلا دے۔ انشاء تعالیٰ حافظہ قوی ہوگا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلرَّحْمٰنُ ۙ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ؕ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۙ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ۔ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۙ وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ ۔

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ؕ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۚ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ۚ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ؕ

بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۙ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۔

سمندر میں تلاطم (طوفان اور تیز ہواؤں) کے وقت

سُوْرَةُ الْعَلَق پوری پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ طوفان ختم ہوجائے گا۔ سورۃ العلق یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْعَلَقِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۚ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۚ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۙ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۙ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ؕ كَلَّاۤ اِنَّ

الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰۤى ۙ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ؕ اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ؕ اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يَنْهٰى ۙ عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ؕ اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ عَلَى الْهُدٰۤى ۙ اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰى ؕ اَرَءَيْتَ اِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ؕ اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ؕ كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ ۙ لَنَسْفَعًۢا بِالنَّاصِيَةِ ۙ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ۚ فَلْيَدْعُ نَادِيَهٗ ۙ سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ۙ كَلَّا ؕ لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ السجدۃ

دشمن کے شر سے حفاظت

ظالم پڑوسی بلا وجہ ستاتا ہے یا دشمن ہر وقت نقصان پہنچانے کی فکر میں رہتا ہے تو اس طرح کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے روزانہ باوضو ایک ہزار بار پڑھا کرے۔ اپنے بچوں اور اہل خانہ کو بھی پڑھنے کی ہدایت کرے۔ ان کلمات کے پڑھنے کی برکت سے ظالم کے ظلم اور اس کے شر سے نجات مل جائے گی۔ یا تو دشمن دفع ہوجائے گا یا پھر بے بس ہو کر خاموش بیٹھ جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۔

قوت مردمی کی بندش کھولنا

جو شخص بندش کے سبب عورت سے مجامعت پر قادر

نہ ہو اس کے لئے ایک پاک وصاف برتن پر سورۃ بینہ (یعنی لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا) پوری سورت باوضو اس طرح لکھے کہ کوئی حرف مٹنے نہ پائے پھر اس کو پانی سے دھو کر پی لے۔ تین دن متواتر ایسا کرنے سے پورا فائدہ ہوگا۔ سورۃ بینہ یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْبَيِّنَةِ مَدَنِيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنْفَكِّيْنَ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ۙ رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ۙ فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ۗ وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ۗ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۙ حُنَفَآءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ۗ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ اُولٰٓئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ ۗ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۗ جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۭ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ۧ

موذی جانوروں سے گھر کی حفاظت

تکلیف دینے والے جانوروں کو گھر سے بھگانے اور گھر کو محفوظ بنانے کے لئے ایک بڑے تھال میں سورۃ العلق (یعنی اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ) آخر تک باوضو لکھے اور اس تھال کو کنویں کے پانی سے دھو کر وہ پانی گھر کے تمام کونوں میں چھڑکے تو گھر سے تمام موذی جانور سانپ بچھو وغیرہ وہاں سے بھاگ جائیں گے۔
سورۃ العلق یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْعَلَقِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۚ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۚ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۙ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۙ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۭ كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ۙ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ۭ اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ۭ اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يَنْهٰى ۙ عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ۭ اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ عَلَى الْهُدٰٓى ۙ اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰى ۭ اَرَءَيْتَ اِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۭ اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ۭ كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ ڏ لَنَسْفَعًۢا بِالنَّاصِيَةِ ۙ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ۚ فَلْيَدْعُ نَادِيَهٗ ۙ سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ۙ كَلَّا ۭ لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ

وَاقۡتَرِبۡ السّجدۃ

دشمنوں کے شر سے حفاظت

ان ذیل کی پانچ آیتوں کا مجموعہ اعداد دس ہزار چار سو ستتر (۱۰۴۷۷) ہے ان کا نقش بنا کر دشمن کو کھلا دے۔ اس کے شر سے محفوظ ہو جائے گا۔

لَا تَخَفۡ اِنَّكَ مِنَ الۡاٰمِنِيۡنَ ۝

لَا تَخَفۡ نَجَوۡتَ مِنَ الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ ۝

لَا تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخۡشٰى

لَا تَخَفۡ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡاَعۡلٰى ۝

لَا تَخَافَاۤ اِنَّنِىۡ مَعَكُمَاۤ اَسۡمَعُ وَاَرٰى ۝

دشمن کو دفع کرنے کے لئے

اگر کوئی دشمن نقصان پہنچانے والا ہو اس کو دفع کرنے کے لئے آیت مبارک كُلَّمَاۤ اَوۡقَدُوۡا نَارًا لِّلۡحَرۡبِ اَطۡفَاَهَا اللّٰهُ ۙ وَيَسۡعَوۡنَ فِى الۡاَرۡضِ فَسَادًا ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الۡمُفۡسِدِيۡنَ ۝ کے اعداد بحساب ابجد نکال کر ان اعداد کے مطابق اس آیت کو مسلسل پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا اور دشمن دفع ہو گا۔ اس آیت کے اعداد بحساب ابجد (۸۹۴) آٹھ سو چورانوے ہیں۔

دشمن کی زبان بندی کے لئے

اگر کوئی دشمن چرب زبان ہو اور اپنی زبان زوری سے ہر وقت پریشان کرتا ہو یا عدالت میں جھوٹی شہادت دیتا ہو تو ایسے آدمی کی زبان بندی کے لئے یہ آیت مسلسل بلا ناغہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مخالفت کے معاملے میں دشمن کی زبان بندھ جائے گی اور وہ مخالفت میں کبھی کچھ نہ کہہ سکے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيۡنَ يَخَافُوۡنَ اَنۡعَمَ اللّٰهُ عَلَيۡهِمَا ادۡخُلُوۡا عَلَيۡهِمُ الۡبَابَ ۚ فَاِذَا دَخَلۡتُمُوۡهُ فَاِنَّكُمۡ غٰلِبُوۡنَ ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوۡۤا اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ ۝

دشمن سے حفاظت کے لئے

دشمن سے حفاظت کے لئے باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے یا جیب میں رکھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر غالب رہے گا اور جھگڑے میں دشمن سے زیر نہ ہو گا۔ اگر کسی منصب یا عہدہ سے برطرف یا معزول ہو گیا ہو تو ان آیات کا ورد جاری رکھے یعنی اس آیت کو مسلسل پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد اپنے عہدہ پر بحال ہو گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

(اگلے صفحہ پر)

وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرَاهِيْمَ عَلٰى قَوْمِهٖ ۭ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَاۗءُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ۝ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوْحًا هَدَيْنَا مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ وَاَيُّوْبَ وَيُوْسُفَ وَمُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَزَكَرِيَّا وَيَحْيٰى وَعِيْسٰى وَاِلْيَاسَ ۭ كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَاِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَيُوْنُسَ وَلُوْطًا ۭ وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَي الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَمِنْ اٰبَاۗىِٕهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ ۚ وَاجْتَبَيْنٰهُمْ وَهَدَيْنٰهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ

حاجات پورا ہونے کے لئے اور مشکلات کے حل کے لئے

ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی کا وظیفہ اس طرح پڑھے کہ اس میں دس جملے ہیں اور ہر جملہ پر ہاتھوں کی انگلیاں اس طرح بند کرے۔ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ پہلے وقف پر دائیں ہاتھ کی خنصر (سب سے چھوٹی انگلی) بند کرے اور دوسرے وقف پر اس کے برابر والی انگلی بنصر بند کرے اور تیسرے وقف پر

بیچ والی انگلی کو بند کرے اور چوتھے وقف پر شہادت کی انگلی کو بند کرے اور پانچویں وقف پر انگوٹھے کو بند کرے۔ اسی طرح چھٹے وقف پر بائیں ہاتھ کی خنصر (سب سے چھوٹی انگلی) بند کرے۔ ساتویں وقف پر بنصر بند کرے، آٹھویں وقف پر درمیان والی انگلی بند کرے اور نویں وقف پر شہادت کی انگلی بند کرے اور دسویں وقف پر انگوٹھا بند کرے۔

اور جب کلمہ یَشْفَعُ عِنْدَہٗ پر پہنچے تو دونوں عین (یَشْفَعُ اور عِنْدَہٗ کی عین) کے درمیان اپنے درجات کی ترقی اور وسعت رزق کی دعا کرے اور بائیں ہاتھ کی خنصر (سب سے چھوٹی انگلی) بند کرتے وقت یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ کی دو میم کے درمیان دشمنوں کی مقہوریت کا خیال کرے اگر کسی کے فرمانبردار کرنے کی نیت ہو تو انگوٹھے کے عقد (انگوٹھے کو بند کرتے وقت) کے وقت اس شخص کا تصور کرے۔ اسی طرح دسوں انگلیوں کے بند کرنے سے فارغ ہو کر تین مرتبہ سُوْرَۃ اَلَمْ نَشْرَحْ مکمل تین مرتبہ سورۃ اخلاص اور تین مرتبہ درود شریف اور دس مرتبہ سورۃ فاتحہ (الحمد شریف) پڑھے پھر ہاتھوں کی مٹھیاں کھول دے اور انگلیاں کھولتے وقت اپنے ہر مقصد کا نام لے۔

سُوْرَۃُ اَلَمْ نَشْرَحْ یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

سُوْرَۃُ الْاِنْشِرَاحِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْکَ وِزْرَکَ ۝ الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَھْرَکَ ۝ وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ ۝ع

سُوْرَۃ اِخلاص یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ ۝ وَلَمْ یُوْلَدْ ۝ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝ع

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

سُوْرَۃ فاتحہ یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۝ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝ع

ہر حاجت کے لئے مجرّب اور آزمودہ

یہ نقش حزب البحر کا ہے۔ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے یا دائیں بازو پر باندھ لے۔ عورت اپنے بائیں بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر حاجت پوری ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۶۱۵۷۱	۲۶۱۵۷۴	۲۶۱۵۷۷	۲۶۱۵۶۴
۲۶۱۵۷۶	۲۶۱۵۶۵	۲۶۱۵۷۰	۲۶۱۵۷۵
۲۶۱۵۶۶	۲۶۱۵۷۹	۲۶۱۵۷۲	۲۶۱۵۶۹
۲۶۱۵۷۳	۲۶۱۵۶۸	۲۶۱۵۶۷	۲۶۱۵۷۸

ہر قسم کی ضرورت کے لئے اکسیر

یہ نقش اسم ذات "اللّٰہ" کا ہے۔ ہر قسم کی ضرورت کے لئے بہت مجرّب ہے۔ روزانہ چھیاسٹھ (۶۶) دن تک

وقت مقررہ پر چھ ہزار چھ سو چھ (۶۶۰۶) مرتبہ اسم ذات "اللہ" جل شانہ پڑھا کرے اور نیچے دیا ہوا نقش چھیاسٹھ (۶۶) عدد پُر کیا کرے اور جب کوئی ضرورت پیش آئے لکھ کر دریا میں ڈالے اور اس نقش کی پشت (پیچھے) پر وہ مقصد لکھدے اور دشمنوں کی بربادی کے لئے اس نقش کو لکھ کر چراغ کی لَو میں جلائے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳	۲۴	۱۹
۱۸	۲۲	۲۶
۲۵	۲۰	۲۱

دولت کی زیادتی، مرتبہ کی ترقی اور دشمنوں سے حفاظت کے لئے

ہر فرض نماز کے بعد باوضو عمل اس طرح پابندی کے ساتھ کرے ناغہ نہ کرے۔ آیۃ الکرسی میں دس وقف ہیں۔ ہر وقف پر ایک انگلی بند کرے۔ لیکن داہنے ہاتھ کی خنصر (سب سے چھوٹی انگلی) سے شروع کرے اور انگوٹھے پر ختم کرکے بائیں ہاتھ کی خنصر سے بند کرنا شروع کرے اور بائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر ان عقود کو ختم کرے اور یشفعُ عندہٗ کی دو عین کے درمیان اپنی حاجت کا خیال کرے اور یَعلَمُ مَابَیۡنَ اَیۡدِیۡھِمۡ کی دو میم کے درمیان مقہوریت و

بربادی دشمنان کا خیال کرے۔ عقد پورا کرنے کے بعد (یعنی تمام انگلیوں اور انگوٹھوں کو بند کرنے یعنی ہتھیلی کی طرف موڑنے کے بعد) سورۂ الم نشرح دو۲ مرتبہ اور سورۂ اخلاص (قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ) دو۲ مرتبہ اور درود شریف (نماز والی درود شریف بہتر ہے) تین۳ مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک مارے پھر سورۃ فاتحہ انگلیوں کو کھولتے وقت اس طرح پڑھے کہ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۔ یعنی الرحیم کی میم کے زیر کو الحمد کی لام سے ملا کر (مِلۡ حَمۡدُ) مِلۡحَمۡدُ پڑھے۔ اور آمین کہتے وقت اسی ترتیب سے کھولے جس ترتیب سے بند کی تھیں۔ اس طرح دس۱۰ مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرکے سارے بدن پر پھیرے۔ یہ عمل حضرت شاہ ابو البرکات صاحبؒ کا مجرب اور معمول تھا۔

عملیات

حضرت علامہ مولانا سید محمد انور شاہ کاشمیریؒ

(۱) کیڑوں سے حفاظت

اگر سورہ "وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ" پوری سورت پڑھ کر غلہ وغیرہ پر دم کر دیا جائے تو وہ غلہ کیڑے سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

(۲)

"سورہ مجادلہ" اگر کسی کاغذ پر باوضو لکھ کر غلہ میں رکھ دیا جائے تو اس غلہ کو کیڑا وغیرہ نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

(۱) مچھروں سے حفاظت

اگر کہیں مچھروں کی کثرت ہو تو چار کاغذوں پر الگ الگ یہ عدد لکھ کر مکان یا باغ یا کمرہ کے چاروں کونوں میں چپکا دیں انشاء اللہ سب بھاگ جائیں گے۔ مجرب ہے۔

"۱۱ ۱۲ ۱۲"

(۲)

اگر مچھروں کی کثرت ہو تو سات مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کر کے چارپائی کے چاروں طرف چھڑک دے انشاء اللہ مچھر پریشان نہیں کرے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔

وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰنَا سُبُلَنَا ۚ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۚ

اور پانی چھڑکنے کے وقت یہ پڑھتا رہے۔

اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ اَيَّتُهَا الْبَرَاغِيْثُ فَكُفُّوْا عَنَّا شَرَّكُمْ وَاَذَاكُمْ۔

چیونٹیوں سے حفاظت

اگر کسی برتن میں میٹھی چیز رکھی ہوئی ہو اور اس میں چیونٹی کے گھسنے کا اندیشہ ہو تو اس برتن کے چاروں طرف ہاتھ پھیرتے ہوئے اس دعا کا پڑھنا مفید ہے انشاء اللہ چیونٹی اس برتن کے قریب بھی نہ جائے گی۔ وہ دعا یہ ہے:۔

هٰذَا لِوَكِيْلِ الْقَاضِيْ اَوْ هٰذَا لِرَسُوْلِ الْقَاضِيْ اَوْ هٰذَا لِخُدَّامِ الْقَاضِيْ۔

سہولت ولادت

دردزہ کے وقت عورت کے بائیں ران میں یہ لکھ کر باندھنے سے ولادت میں سہولت ہوتی ہے۔ وہ دعا یہ ہے:۔

یا خالق النفس من النفس و یا مخرج النفس من النفس خلّصها۔ ولادت کے فوراً بعد اس دعا کو کھول کر پاک جگہ دفن کر دیں۔

مال کا گم ہو جانا

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے تو یہ دعا پڑھ کر اپنی گمشدہ چیز کے مل

جانے کی دعا کرے انشاء اللہ بہت جلد وہ چیز مل جائے گی۔

یَا جَامِعَ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادِ اِجْمَعْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ كَذَا فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَجْمَعُ بَيْنَكَ وَبَيْنَ ذَالِكَ الشَّيْءُ۔ ذَالِكَ الشَّيْءُ کی جگہ اپنی گمشدہ چیز کا تذکرہ کرے۔ اسی طرح اگر کسی انسان کو اپنی طرف مائل کرنا چاہے تو "ذالك الشیٔ" کی جگہ اس شخص کا نام لیوے (ناجائز کام کے لئے نہ کرے ورنہ وبال ہوگا)۔

گمشدہ چیز ملجانے کے لئے

گمشدہ چیز ملجانے کے لئے اس دعا کی کثرت کرے۔

يَا جَامِعَ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ اِجْمَعْ عَلَيَّ ضَالَّتِيْ

انشاء اللہ اس دعا کی برکت سے وہ چیز مل جائے گی۔

مفرور کی واپسی کیلئے

دو رکعت نفل نماز پڑھ کر ایک سو انیس ۱۱۹ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دعا مانگے انشاء اللہ بھاگا ہوا شخص واپس آجائے گا۔ یہ عمل چالیس ۴۰ روز تک جاری رکھے۔ آیت یہ ہے:۔

اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ ؕ

زوجین کی محبّت

اگر شوہر و بیوی میں ناراضگی ہو تو اس نقش کو تعویذ بنا کر موم جامہ

کرکے زوجین میں سے جس کو ضرورت ہو اپنے داہنے بازو میں باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام اختلافات دور ہو جائیں گے۔

۷۸۶

۲۵۰د	۲۵۳و	۲۵۶د	۲۴۳و
۲۵۵و	۲۴۴د	۲۴۹و	۲۵۴د
۲۴۵و	۲۵۸د	۲۵۱و	۲۴۸د
۲۵۲د	۲۴۷و	۲۴۶د	۲۵۷و

یاودود الحی القیوم دارندہ ایں نقش معظم سورۂ اخلاص را قَلِّبْ قَلْبَ فلاں بن فلاں (فلانۃ بنت فلانۃ) علی حب فلانۃ بنت فلانۃ (فلاں بن فلاں) حبا شدیدا مطیعا عاشقا دائما ابدًا ابدًا ابدًا یامقلّب القلوب والابصار۔

نس بندی سے نجات کیلئے

اگر کسی نے جادو غیرہ کے ذریعہ نس بندی کر دی ہو جس کی وجہ سے وہ جماع پر قادر نہ ہو تو ایک تلوار (چھری) کے اوپر یہ عمل لکھ کر اس تلوار (چھری) سے سیاہ مرغی کا ایک انڈا ٹھیک درمیان سے کاٹ کر اس کے دو حصّے کرے۔ ایک حصّہ عورت کھالے اور دوسرا مرد کھلے انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے اُس کی نس بندی کھل جائے گی۔ مجرّب ہے۔

بکصمر لاولا دم ماما لالالا ہ ہ ہ ہ

نس بندی کھولنے کیلئے

نس بندی کھولنے کی غرض سے اس آیت کو لکھ کر تعویذ بنا کر مرد کے گلے میں لٹکایا جاوے انشاء اللہ فائدہ پہنچے گا۔
فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ تَجْرِيْ بِاَعْيُنِنَا جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ۔

اولاد نرینہ کیلئے

جس عورت کے یہاں لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں لڑکا نہ ہوتا ہو تو یہ دعا لکھ کر دھو کر حاملہ کو پلائے انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا۔
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ حٰمٓ لا ع لا الاوس واللہ من ورائهم محيط حيث يلون بالحق ده فا ه ح ص د ۔

چوپایہ کی سرکشی

اگر کوئی جانور سرکشی کرتا ہو تو یہ دعا پڑھ کر اس کے کان میں پھونکے انشاء اللہ وہ تابع ہو جائے گا۔ اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ۔

آسیب سے نجات کیلئے

آسیب زدہ پر یہ دعا پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ فوراً اچھا ہو جائے گا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ الٓمٓ الٓمٓصٓ طٰهٰ طٰسٓ طٰسٓمٓ كٓهٰيٰعٓصٓ يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ۔

خوف سے نجات کیلئے

اس دعا کو بکثرت پڑھنا خوف و ڈر کے واسطے نہایت مفید ہے
فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ۔

دشمنوں سے حفاظت کے لئے

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ یہ آیت دشمنوں سے حفاظت کے لئے اکسیر ہے۔
حٰمٓ عٓسٓقٓ كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔

نظر بد کے لئے

دو تین ہلدی کی گرہ پر تین تین مرتبہ یہ کلمہ پڑھ کر پھونکے اور پھر آگ میں ڈال کر اس کی دھونی اس شخص کو دے جسے نظر بد ہو گئی ہو انشاء اللہ اچھا ہو جائے گا۔ اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَّالْكُفْرُ بَاطِلٌ۔

بچھو کے کاٹے کا عمل

اگر کسی کو بچھو نے کاٹ لیا ہو تو یہ عمل پڑھ کر جھاڑنا مفید ہے۔
انشاء اللہ ضرور فائدہ ہوگا۔ عمل یہ ہے۔

شُجَّةٌ قَرِيْنَةٌ مِلْحَةٌ بَحْرٍ قَفْطَا

بچھو کے زہر سے نجات

جس شخص کو بچھو نے ڈنک مار لیا ہو اگر وہ فوراً یہ دُعا پڑھ لے تو زہر اثر نہیں کرے گا:۔

نُوْدِيَ اَنْ بُوْرِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ
حَوْلَهَا وَ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ٥

کتے کے کاٹنے سے حفاظت کے لئے

اگر کسی کے اُوپر کتا حملہ کرے تو گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ لے۔
انشاء اللہ اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

وَ كَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ ٥

کتے کے کاٹے کا زہر ختم کرنا

اگر کسی کو کتے نے کاٹ لیا ہو تو یہ عمل کسی نئے برتن پر لکھ کر روغن زیتون سے دھو کر اس شخص کو پلانے سے انشاء اللہ کتے کا زہر ختم ہو جائے گا مجرب ہے۔

اب ج   اع ۵ ۵ د باب اللہ

آپ نے الحمدللہ نویں جلد ملاحظہ فرمائی اب دسویں اور گیارھویں جلد ملاحظہ فرمائیں۔

آسان عملیات و تعویذات

یعنی

قرآنی علوم و معارف کا اعجاز

مرتبہ

عامل کامل اعجاز احمد خان سنگھانوی

جلد۔ ۱۰

مظہر بک ڈپو

دکان محبوب کتاب نمبر E/ III 2 ST 5 نزد گول مارکیٹ ناظم آباد ۲ کراچی

آسان عملیات و تعویذات

یعنی

قرآنی علوم و معارف کا اعجاز

مرتبہ

عامل کامل اعجاز احمد خان سنگھانوی

جلد-۱۰

مظہر بک ڈپو

دکان محبوب کتاب گھر 5/T/III نزد گول مارکیٹ ناظم آباد ۳ کراچی

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

اور اتارتے ہیں ہم قرآن میں سے وہ چیز کہ وہ شفا ہے اور رحمت واسطے ایمان والوں کے۔

آسان عملیات و تعویذات

خاندان شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علماء دیوبند و سہارنپور اور انکے منتسبین کے آسان اور فوراً اثر کرنے والے عملیات اور تعویذات کا بیش قیمت مجموعہ جس میں ایک سو سالہ پرانی اور نایاب بیاض بھی شامل ہے۔

جلد: ۱۰

مرتبہ

عامل کامل اعجاز احمد خان سنگھانوی

ایم۔اے

اسلامیات، تاریخ اسلام، عربی

ناشر

مظہر بکڈپو

دکان نمبر ۷ محبوب کارنر E III ST-2، نزد گول مارکیٹ ناظم آباد ۳ کراچی ۱۸

پوسٹ کوڈ نمبر: ۷۴۶۰۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ورفعنا لک ذکرک

نام کتاب : —— آسان عملیات وتعویذات (جلد دہم)
نام مرتب : —— اعجاز احمد خاں سنگھانوی (ایم اے)
نام کاتب : —— سیّد احمد شاہ، عبدالغفار رئیس
سائز : —— ۲۳ × ۱۸ / ۸
کُل صفحات : —— ۳۲۰
قیمت : —— [illegible]/- روپے
ناشر : —— شاہ محمد قمر عالم خاں
اشاعتِ اوّل : —— ذوالحجہ ۱۴۲۱ھ / مارچ ۲۰۰۱ء
مصحح : مولنا حافظ قاری محمد حیات صاحب شجاع آبادی دامت برکاتہم
فون : ۶۷۰۳۴۹۴ (6703494)

اجازت از طرف مؤلف

میں جملہ مرد عورت کو ان عملیات کی اجازت دیتا ہوں۔ البتہ ان شرائط کی پابندی کی جائے۔

(۱) نماز باجماعت۔ عورتیں اپنے گھر پر پابندی کے ساتھ اوّل وقت نماز ادا کریں۔
(۲) حلال روزی کماتے اور کھانے کا اہتمام کریں۔
(۳) سچ بولیں، جھوٹ اور بیہودہ باتوں سے بچیں۔
(۴) تقویٰ اختیار کریں اور کسی اللہ والے کی صحبت اختیار کریں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو کبھی کبھی اللہ والوں کی خدمت میں حاضری دیا کریں۔
(۵) عورت اپنے شوہر کے ساتھ یا کسی محرم کیساتھ جائے اور پردے کی سختی سے پابندی کرے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

عملیات کرنے والے کے لئے ضروری ہدایات

۱- تعویذ لکھنے والے یا عمل کرنے والے کے لئے ضروری ہے کہ وہ نمازِ پنجگانہ مسجد میں باجماعت پابندیٔ وقت کے ساتھ ادا کرے، نوافل، اشراق، چاشت اوّابین اور سنّت تہجد کی ادائیگی میں حتی الامکان کوشش کرے۔ نیز مختلف اوقات میں تحیۃ الوضو، تحیۃ المسجد اور دیگر نوافل بھی ادا کرتا رہے۔

۲- کثرت سے درود شریف کا وِرد رکھے۔ ہر نماز کے بعد ۱۰۰ سو دفعہ درود شریف پڑھے۔ جو درود نماز میں پڑھا جاتا ہے وہ افضل ہے، ورنہ جو درود شریف یاد ہو پڑھے۔ ہر نماز کے بعد ایک ۱۰۰ سو مرتبہ استغفار پڑھے۔ نیز فارغ اوقات میں ذکرِ الٰہی میں زبان کو مصروف رکھے، بیہودہ اور فضول باتوں میں وقت ضائع کرنے سے بچے، اپنا قیمتی وقت محنت مزدوری اور یادِ الٰہی میں صرف کرے۔ اپنے بچوں کی دیکھ بھال میں وقت صرف کرنا بھی بہتر ہے۔ روزانہ گیارہ مرتبہ سورہ مزمل پڑھا کرے، اس طرح کہ فجر، ظہر، عصر، مغرب کی نماز کے بعد ۲ دو دو مرتبہ اور عشاء کے بعد ۳ تین مرتبہ، اگر ایسا نہ ہو سکے تو ایک ہی بیٹھک میں ۱۱ گیارہ مرتبہ پڑھ لے۔ اوّل و آخر ۳ تین ۳ تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔

۳- تعویذ اور نقش باوضو لکھے۔ بغیر وضو نہ کوئی عمل کرے اور نہ تعویذ وغیرہ لکھے ہمیشہ کوشش کر کے باوضو رہے۔

۴- نقش یا تعویذ لکھنے سے پہلے زبان سے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ضرور پڑھے۔

۵- تعویذ لکھتے وقت اُس آیت، دعا، کلمات یا الفاظ کو زبان سے ضرور پڑھے اگر آیت یا دعا کے الفاظ پر اعراب نہ ہوں تو کسی عالمِ دین سے اعراب لگوالے لکھی جانے والی آیت، دعا یا کلمات کو لکھنے سے پہلے ایک دفعہ پڑھ لینے سے

اس تعویذ کی قوتِ تاثیر میں زبردست اضافہ ہو جاتا ہے۔

٦۔ نقش یا تعویذ کو ہمیشہ موم جامہ کر کے باندھے تاکہ ہر قسم کی بے حرمتی کے گناہ سے محفوظ رہے۔ بغیر موم جامہ کئے کوئی نقش یا تعویذ نہ باندھے۔

٧۔ تعویذ یا نقش بوسیدہ ہو جائے تو اسے کسی پاک وصاف کپڑے میں لپیٹ کر کسی پاک جگہ دفن کر دے یا پتھر کے ساتھ باندھ کر سمندر یا کنویں میں ٹھنڈا کر دے (یعنی آہستہ سے اس میں چھوڑ دے پتھر پھینکنے کی طرح نہ پھینکے)۔

٨۔ نقش یا تعویذ موم جامہ کر کے مرد اپنے دائیں (سیدھے) بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈال لے اس طرح کہ نقش دل پر ہو۔ اگر عورت ہو تو بائیں بازو میں موم جامہ کر کے نقش باندھے یا گلے میں ڈالے۔

٩۔ نقش یا تعویذ کو موم جامہ کر کے چاندی کے تعویذ میں بند کر لے یا پھر گہرے نیلے یا کالے کپڑے میں بند کرے یا پاک چمڑے میں سلوالے۔ بغیر موم جامہ کوئی تعویذ یا نقش نہ باندھے۔

١٠۔ اگر ہرن کی کھال پر تعویذ لکھنا ہو تو چاندی کا ورق بنانے والوں کے پاس سے ہرن کی کھال بآسانی مل جاتی ہے۔ ان سے خرید لے۔

١١۔ نقش پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے سب سے چھوٹا عدد لکھا جائے پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خانہ پُر کیا جائے۔ پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خالی خانہ پر کیا جائے۔ سب سے بڑا عدد سب سے آخر میں لکھا جائے یعنی اعداد کی ترتیب سے خالی خانے پُر کئے جائیں۔

١٢۔ تعویذ ہمیشہ پکی کالی روشنائی سے لکھے۔ اگر پکی کالی روشنائی میسر نہ ہو تو زعفران کو پانی میں حل کر کے اس سے تعویذ یا نقش لکھے۔ کچے رنگ یا کچی روشنائی (مثلاً ڈالر انک وغیرہ کی طرح کی کچی روشنائی) سے تعویذ یا نقش نہ لکھے کہ اس میں اسپرٹ استعمال کی جاتی ہے جو شراب سے بنتی ہے۔ لہٰذا احتیاط لازم ہے۔

١٣۔ خون وغیرہ سے کوئی نقش یا تعویذ نہ لکھے۔ جن نقوش یا تعویذات میں مرغ کے خون سے تعویذ لکھنے کو کہا گیا ہے یا کسی اور جانور کے خون سے تعویذ یا نقش لکھنے کی بابت درج ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ عامل جس وقت کالی روشنائی سے یا زعفران سے تعویذ لکھنے لگے اسی وقت مرغ یا اس جانور کو بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر دوسرا شخص ذبح کر دے۔ دراصل یہ رمز واشارہ ہے۔

١٤۔ تعویذ یا نقش لکھتے وقت یا عمل پڑھتے وقت ان شرائط کو ملحوظ رکھے جو تعویذ یا نقش یا عمل کے لئے ضروری ہیں۔

١٥۔ بغض وحب کے اعمال میں کسی پرہیزگار عالم دین سے ضرور مشورہ کر کے عمل کرے۔ ورنہ دنیا وآخرت کی تباہی کا اندیشہ ہے۔

١٦۔ تعویذ اور نقش کی بابت یہ گمان کرے کہ ہر کام اللہ تعالیٰ کے فضل واحسان سے ہوتا ہے اس کی مرضی یا مصلحت ہوگی تو کام ہو جائے گا۔ تعویذ یا نقش بذاتِ خود کچھ تاثیر نہیں رکھتے البتہ ان کی وجہ سے رحمتِ حق متوجہ ہو جاتی ہے۔
ہمیشہ دل میں یہ خیال رکھے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کام ہوتا ہے اگر اللہ تعالےٰ کا حکم ہوا تو کام ہو جائے گا اور اگر اللہ تعالےٰ کا حکم نہ ہوا تو کام نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا عامل ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے کام کرے گناہ اور معصیت سے بچے اور اس کے فضل واحسان کا طالب رہے۔ سب سے اچھا یہ ہے کہ ہر عمل میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نمونہ سامنے رکھے اور سنت پر عمل کرے۔

١٧۔ عامل پر لازم ہے کہ وہ عاجزی، انکساری اور فروتنی کو اپنا شعار بنائے اور ہر قسم کے دعویٰ سے خود کو بچائے کہ تکبر ہمیشہ ذلت وخواری کا سبب ہے اور اللہ تعالےٰ سے دوری پیدا کرتا ہے۔

١٨۔ انبیائے کرامؑ، مقرب فرشتوںؑ اور اولیائے کرامؒ کے اسمائے گرامی جن نقوش

یاد عاؤں میں استعمال ہوتے ہیں وہ محض برکت اور توسّل کے لیے ہیں۔ اصل کام بنانے والا اللہ تعالیٰ رب العالمین ہے لہٰذا اسی کے کرم وفضل پر نظر رکھی جائے۔

۱۹۔ سورج، چاند، ستارے عملیات میں کچھ مددگار ثابت نہیں ہوتے اور نہ اوقات کی پابندی ضروری ہے۔ جب دل متوجہ ہو عمل کرے یا نقش وتعویذ لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پورا پورا فائدہ حاصل ہوگا۔

۲۰۔ شریعتِ اسلامیہ کے خلاف کوئی کام نہ کرے۔ اگر کرے گا تو دنیا میں ذلیل اور آخرت میں تباہ و برباد ہوگا۔

۲۱۔ تعویذ یا نقش کا معاوضہ لینا جائز ہے۔ لیکن متعلقہ شخص کی آمدنی کا لحاظ کرکے لے تو بہتر ہے۔

۲۲۔ حلال روزی کمائے اور حلال روزی کھائے، حرام اور مشتبہ کھانے سے دل کا نور اور زبان کی تاثیر ختم ہوجاتی ہے۔ لہٰذا اس معاملے میں سخت احتیاط ضروری ہے۔

۲۳۔ جھوٹ بولنے سے پرہیز کرے اس عظیم گناہ کے سبب زبان کا اثر جاتا رہتا ہے اور جھوٹا آدمی کسی پر کلام پڑھ کر دم کرے گا تو فائدہ حاصل نہ ہوگا۔

۲۴۔ جھوٹ، غیبت، حسد، بغض، چغلی، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی نافرمانی نیز دیگر قلبی، زبانی اور عملی گناہوں سے خود کو بچائے اور اگر گناہ ہوجائے تو فوراً توبہ کرلے۔

۲۵۔ بھاگنے اور فرار ہونے والے کے نقش یا تعویذات جو باندھے گئے ہوں یا دفن کئے گئے ہوں مفرور کے آتے ہی فوراً نکال لیں اور انھیں سمندر، دریا، نہر یا کنوئیں میں پتھر باندھ کر ڈال دیں ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔

۲۶۔ فقہاء نے فرمایا ہے کہ خاوند کے لئے تسخیر کا تعویذ کرانا حرام ہے گو اس فتوے

کی عبارت مطلق ہے مگر قواعد سے اس کی شرح یہ ہے کہ حقوق دو طرح کے ہیں۔ ایک تو وہ حقوق جو شرعاً شوہر پر واجب ہیں اور دوسرے وہ ہیں جو شرعاً واجب نہیں۔ سو جو حقوق واجب نہیں ان میں کسی تعویذ وعمل کے ذریعہ سے اس کو مجبور کرنا یعنی تسخیر کی ایسی تدبیر جس سے وہ مغلوب اور پاگل ہوجائے اور اپنے مصالح کی کچھ خبر نہ رہے یہ غیر واجب پر مجبور کرنا ہے یہ حرام ہے۔ ہاں اگر حقوق واجبہ میں کوتاہی کرتا ہے تو اس کے لئے مجبور کرنا بھی جائز ہے اور چونکہ ان عملیات میں اثر تابع ہوتا ہے قصد کے اس لئے عمل کے وقت غیر واجبہ حقوق حاصل ہونے کا قصد کرنا بھی گناہ ہے اور اثر کا تابع قصد ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ عملیات بھی ایک قسم کا مسمریزم ہے جس سے کسی کے دل اور دماغ پر قابو حاصل کیا جاتا ہے۔ لہٰذا عامل کو اس قسم کے تعویذ دینے میں احتیاط کرنا ضروری ہے اور کسی متقی عالم دین سے مشورہ کرکے نقش یا تعویذ دے تو بہتر ہے۔

۲۷۔ مؤلف کتاب ھٰذا کے والدین مرحومین، جملہ بزرگانِ دین ومشائخ عظام جن کے عملیات وتعویذات اس کتاب میں درج ہیں ان سب کے لئے اول درود شریف تین مرتبہ الحمد شریف چودہ مرتبہ اور سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ احد آخر تک) تین مرتبہ پھر درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب مرحومین کو بخش دے اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کرے تاکہ پورا پورا فیض حاصل ہو۔

تنبیہ: جو شخص کسی کو کچھ ثواب ہبہ کرتا ہے تو حق تعالیٰ بمحض احسان مثل اُس ثواب کے اُس کو بھی جس کو اس نے بھیجا ہے عطا فرماتا ہے اور فرستندہ کا اصل ثواب فرستندہ کے واسطے رکھتا ہے

(مکتوب گرامی از حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ بنام مولانا ضیاء الحق
منقول در مکتوبات اکابرین دیوبند ص۵۸)

کاہنؔ، ساحرؔ، جادوؔگر، رمّالؔ اور نجومیؔ کا شرعی حکم

شیخ علی قاری شرح فقہ اکبر میں فرماتے ہیں:

ایک مسئلہ یہ ہے کہ کاہن جو غیب کی خبریں دیتا ہے، اس کی تصدیق کرنا کفر ہے۔ کیونکہ ارشادِ خداوندی ہے:

"کہہ دیجئے کہ نہیں جانتے غیب جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں سوائے اللہ تعالیٰ کے۔"

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص کاہن کے پاس گیا پس اس کی بات کی تصدیق کی تو اس نے کفر کیا اس کے ساتھ جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل کیا گیا ہے۔"

اور کاہن وہ شخص ہے جو آئندہ آنے کے واقعات کی خبر دیتا ہے اور مکان کے اسرار کی معرفت کا مدعی ہو کہا گیا ہے کہ کاہن ساحر ہے اور نجومی جب آئندہ واقعات کے علم کا دعویٰ کرے تو وہ بھی کاہن کے مثل ہے اور اسی حکم میں رمّال داخل ہے۔"

قونوی کہتے ہیں کہ حدیث کاہن، قیافہ شناس اور نجومی سب کو شامل ہے۔ اس لئے نجومی، رمّال اور اس نوعیت کے دوسرے لوگ مثلاً کنکریاں پھینک کر حساب لگانے والے کی پیروی جائز نہیں۔ ان لوگوں کو جو اجرت دی جاتی ہے وہ بالاجماع حرام ہے جیسا کہ بغوی اور قاری عیاض وغیرہ نے نقل کیا ہے اور انبیاء علیہم السلام کے بعد اس شخص کی پیروی بھی جائز نہیں جو مدعی الہام بن کر الہامات کے ذریعہ خبریں دیتا ہو اور نہ اس شخص کی پیروی جائز ہے جو حروف ابجد کے علم کا مدعی ہو۔ کیونکہ یہ بھی کاہن کے حکم میں ہے۔ (شرح فقہ اکبر ص۱۸۲، ص۱۸۳)

۱؎ جنوں سے دریافت کر کے غیب کی خبریں بتانے والا۔ ۲؎ جادوگر، جادو ٹونہ۔ افسوں اور طلسم کرنے والا ۳؎ جادو کرنے والا۔ ۴؎ علم رمل کا ماہر جوتشی، نجومی۔ ۵؎ علم نجوم کا ماہر جوتشی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فہرست مضامین

آسان عملیات و تعویذات جلد دہم

سفلی، سحر، جادو، ٹونا، جن، بھوت، چڑیل، پریت، ہر قسم کی بندش کا

آسان علاج

۱۔ جس آدمی پر سحر ہو، جادو، ٹونا، جن بھوت، چڑیل، پریت یا کسی قسم کی بندش کا اثر ہو تو اس کا آسان علاج یہ ہے کہ روزانہ ایک وقت مقرر پر سورۃ البقرۃ شروع سے آخر تک بلند آواز سے پڑھے اور پانی کے بڑے برتن یا کسی مٹکے وغیرہ پر دم کرے اور وہ پانی جب بھی پیاس لگے مریض کو پلائے اور مریض پر بھی دم کرے۔ بحکم خدا مریض صحتیاب ہوگا۔

اگر کسی عورت یا بچّے کو جن ستاتے ہوں تو سورۃ البقرۃ روزانہ ایک مرتبہ مقرّرہ وقت پر بلند آواز سے پڑھ کر مریض پر دم کریں اور پانی پر دم کرکے گھر کے کونوں میں چھڑکیں، بحکمِ خدا جن کا اثر ختم ہوگا۔ جب تک مریض تندرست نہ ہو، برابر پڑھتے رہیں

مزید معلومات کے لیے
آسان عملیات وتعویذات
(حصہ اوّل تا ہشتم دیکھیں)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

(۱) برائے شناخت (پہچان) مرض

یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَّ مُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ وَّ مُوْنِسِیْ عِنْدَ کُلِّ وَحْشَۃٍ وَّمَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَّ رَجَائِیْ حِیْنَ تَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ ۝

مقدمہ میں فتح و کامیابی کے لئے

ہر قسم کے مقدمہ میں کامیابی کے لئے یا کسی بھی معاملے میں دشمن سے مقابلہ ہو اس میں فتح کے لئے مندرجہ ذیل تعویذ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے رکھ لیں۔ لیکن اس تعویذ کو اپنے گھر میں نہیں لانا ہے بلکہ کسی محفوظ جگہ رکھ دینا ہے۔ جب پیشی کے لئے عدالت میں جائیں تو اس کو دائیں بازو پر (عورت ہے تو بائیں بازو پر) باندھ لے۔ جب پیشی سے واپس گھر

آئیں تو گھر سے باہر کسی محفوظ جگہ پر اس تعویذ کو رکھ دیں گھر میں تعویذ نہ لائیں۔ جب بھی مقدمہ کی پیشی ہو یا کسی دشمن سے مقابلہ ہو تو اس تعویذ کو بازو پر باندھ کر جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مقدمہ اور مقابلہ میں کامیابی حاصل ہوگی۔ اس تعویذ کا ھدیہ ایک سو اکیس روپے (-/۱۲۱) ضروری ہے عامل ہدیہ لے کر تعویذ دے ورنہ کامیابی نہ ہوگی۔

اس تعویذ میں خالی جگہ پر جج، وکیلِ مخالف، مدعی مخالف اور گواہِ مخالف کا نام ان کی والدہ کے نام کے ساتھ لکھیں۔ اگر ان کی والدہ کا نام معلوم نہ ہو تو ان کے اور ان کے والد کا نام لکھ دیں۔ ان کے نام بھی معلوم نہ ہو سکیں تو صرف ان لوگوں کے نام لکھ دیں۔

وہ تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ
بستم دست و قلم و عقل جملہ اعداء و حکام (یہاں پر سب مخالفین اور جج کا نام لکھیں ---------------)
وَغَیْرِھِمْ بِقَوْلِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ عَلٰی سَیِّدِنَا خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ یَا رَبَّنَا کَرِیْمُ رَحِیْمُ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

جب تک مقدمہ رہے باوضو بلا ناغہ پانچ سو پچھتر بار روزانہ یہ کلمات پڑھیں درمیان میں کسی سے بات نہ کریں۔ وہ

کلمات یہ ہیں۔

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

مقہوریت اعداء کے لئے

اگر کوئی دشمن ایسا ہو جو ظلم سے باز نہ آتا ہو اور طرح طرح سے ظلم کرتا ہو تو اس کی مقہوریت کے لئے بعد نماز مغرب تین سو بائیس (۳۲۲) بار یہ کلمات پڑھیں۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف باوضو پڑھیں ناغہ نہ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن قہر خداوندی میں گرفتار ہوگا اور کسی مصیبت میں گرفتار ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

دشمنوں کے مقابل فتح حاصل کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص دشمنوں میں گھرا ہوا ہو اور دشمن مضبوط اور طاقتور ہوں تو ان پر غلبہ اور فتح حاصل کرنے کے لئے مندرجہ ذیل کلمات ہر وقت پڑھتا رہے یا ہر نماز کے بعد ایک سو بار پڑھ لیا کرے اول و آخر درود شریف تین تین بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں پر غلبہ اور فتح حاصل ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اَللّٰھُمَّ مُنْزِلَ الْکِتَابِ مُجْرِیَ السَّحَابِ سَرِیْعَ

الْحِسَابِ ھَازِمَ الْاَحْزَابِ اِھْزِمْھُمْ۔

برائے حب

اگر کسی شخص کی بیوی یا اولاد محبت سے پیش نہ آتی ہو یا کسی کا شوہر ظلم کرتا ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل تعویذ باوضو تین عدد لکھے اور ایک تعویذ تین دن متواتر پانی میں گھول کر پلائے۔ (یعنی ایک تعویذ کو پانی میں گھول کر رکھ لے اور اس پانی کو تین دن پلا دے) پھر تین دن بعد دوسرا تعویذ گھول کر تین دن متواتر پلائے انشاء اللہ تعالیٰ محبت پیدا ہو جائے گی۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

برائے حفاظت اطفال

(نظر بد اور ڈرنے سے حفاظت کے لئے)

اگر کسی بچہ کو بہت زیادہ نظر لگتی ہو یا وہ سوتے میں بار بار چونکتا ہو یا روتا رہتا ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اس کے گلے میں ڈال دیں۔

وہ کلمات یہ ہیں۔

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّ ھَامَّۃٍ وَعَیْنٍ لَامَّۃٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفَ اَلْفَ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

خونی دست روکنے کے لئے

اگر کسی کو خونی دست کی شکایت ہو گئی ہو تو اس سے صحتیابی کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو پاک کاغذ پر اکیس (۲۱) مرتبہ لکھے اور روزانہ ایک آیت قینچی سے کاٹ کر باوضو پانی میں گھول کر مریض کو پلاتے۔ اکیس (۲۱) دن تک برابر پلاتا رہے ناغہ نہ کرے نیز یہی آیت باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں باندھ دے اور تین سو (۳۰۰) بار

یَا حَفِیْظُ

باوضو پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد صحتیاب ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے۔

یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْکُمْ مَّوْعِظَۃٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ۙ وَھُدًی وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ۝

ناف ٹل جانا

اگر کسی کی ناف جگہ چھوڑ دے اور اپنی جگہ نہ رہے تو اس کے سبب کمر میں اکثر درد رہتا ہے بعض مرتبہ پیٹ میں مروڑ اور

دست یا پیچش شروع ہو جاتی ہے اس کے لئے مندرجہ ذیل دو آیتیں باوضو کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے ناف کے اوپر باندھ دیں۔ تعویذ ناف سے ہٹنے نہ پائے ورنہ جدھر تعویذ ہوگا ادھر ہی ناف بھی سرک جائے گی لہٰذا اس بات کا خاص دھیان رکھا جائے ورنہ فائدہ نہ ہوگا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

ذٰلِکَ تَخْفِیْفٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَرَحْمَۃٌ ط

اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَکَھُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِہٖ ط اِنَّہٗ کَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا ۝

درد دل کے لئے

اگر کسی کے دل میں درد ہو تو مندرجہ ذیل آیت باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے اور تعویذ کو دھاگے وغیرہ سے اس طرح باندھے کہ تعویذ دل کے اوپر رہے۔ وہ آیت یہ ہے

اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝

اگر سحر کی وجہ سے دوکان کی بندش ہو اور دوکان کی آمدنی نہ ہو

اگر کسی دشمن نے سفلی جادو کے ذریعہ دوکان کی بندش کرادی ہو اور دوکان پر بکری نہ ہوتی ہو یا رقم کا پتہ نہ چلتا ہو

یا دوکان پر دل نہ لگتا ہو یا گاہک چیز خرید کر واپس کر دیتے ہوں یا بات بات پر بحث کرتے ہوں تو اس کے لئے مندرجہ ذیل عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دوکان کی بندش کھلے گی اور کاروبار خوب چلے گا۔

۱۔ دوکان کا دروازہ کھولنے سے قبل سورۂ اخلاص تین[۳] بار پڑھیں پھر دروازہ کھولیں۔ سورۂ اخلاص یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۧ

۔ دوکان کا دروازہ کھولنے کے بعد دوکان کے اندر داخل ہو کر اکتالیس[۴۱] بار۔

اَللّٰهُ الصَّمَدُ۔ پڑھیں

"اَللّٰهُ الصَّمَدُ" پڑھنے سے پہلے تین بار درود شریف پڑھیں پھر اکتالیس بار "اَللّٰهُ الصَّمَدُ" پھر تین بار درود شریف پڑھیں۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔

مندرجہ ذیل تعویذ جمعرات کے دن سورج نکلنے کے بعد ایک گھنٹہ کے اندر اندر باوضو لکھیں اور فریم کرا کے دوکان میں اس طرح لگائیں کہ دوکان کے دروازے کے مقابل فریم رہے اور دوکان کے دروازے سے تعویذ سامنے نظر آئے۔ وہ تعویذ یہ ہے

۷۸۶

یَا اَللّٰہُ	یَارَحْمٰنُ	یَارَحِیْمُ
یَا مَالِکُ	یَارَزَّاقُ	یَاقَادِرُ
یَا رَزَّاقُ	قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ	یَارَزَّاقُ
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ	یَارَزَّاقُ	اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ
یَا رَزَّاقُ	اَللّٰہُ الصَّمَدُ	یَارَزَّاقُ

مندرجہ ذیل دوسرا تعویذ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے رقم والے گلے میں رکھیں۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا فَتَّاحُ وَھُوَ الَّذِیْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِیْھَا رَوَاسِیَ وَاَنْھٰرًا ۭ وَمِنْ کُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِیْھَا زَوْجَیْنِ اثْنَیْنِ [illegible]

یَا اَللّٰہُ	یَارَحْمٰنُ	یَارَحِیْمُ
یَا مَالِکُ	یَارَزَّاقُ	یَاقَادِرُ
یَا رَزَّاقُ	قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ	یَارَزَّاقُ
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ	یَارَزَّاقُ	اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ
یَا رَزَّاقُ	اَللّٰہُ الصَّمَدُ	یَارَزَّاقُ

[illegible]

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۔

سحر جادو کا علاج

اگر کسی شخص پر سحر جادو سفلی کا اثر ہو تو اس کو دور کرنے کے لئے مندرجہ ذیل آیات کو باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے روزانہ مریض کو وہ پانی صبح، دوپہر، بعد نماز عصر اور بعد نماز عشاء پلائیں۔ کم از کم چالیس دن پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر، جادو، سفلی کا اثر ختم ہوگا۔ اگر گھر میں سحر کا اثر ہو تو انہی آیات کو باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے صبح و شام دو بار مکان کے کونوں میں چھڑکیں۔ اکتالیس دن تک یہ عمل کریں۔

وہ آیات یہ ہیں۔

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۝ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۝ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝

اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۭ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ۝

بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ۭ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ ۝

آسیب سے نجات کے لئے

آسیب کے دفعیہ کے لئے مندرجہ ذیل آیات باوضو پانچ کاغذوں پر لکھیں ایک تعویذ موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے اور چاروں تعویذ مکان (کمرے) کے چاروں کونوں میں لٹکا دیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ آسیب دفع ہوگا۔

وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝

وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ۝

سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ۝

سَلٰمٌ ۣ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝

اُخْرُجْ اَيُّهَا الْجَانُّ الْمَارِدُ عَنَّا فَاِنْ لَّمْ تَخْرُجْ فَاْذَنْ بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

بھاگے ہوئے کی واپسی کے لئے

اگر کوئی شخص، بچہ، جانور گھر سے بھاگ گیا ہو تو جب تک
واپس نہ آئے مسلسل بلا ناغہ سات بار باوضو سورۃ الضحیٰ
پڑھیں اور اپنے سر کے اوپر انگشت شہادت پھرائیں پھر
سات مرتبہ یہ کلمات پڑھیں پھر دستک دیں۔ صبح و شام
روزانہ یہ عمل کریں۔ سورۃ والضحیٰ یہ ہے

سُوْرَةُ الضُّحٰى مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالضُّحٰى ۙ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۙ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا
قَلٰى ۙ وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ۙ وَلَسَوْفَ
يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۙ اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا
فَاٰوٰى ۪ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ۪ وَوَجَدَكَ
عَآئِلًا فَاَغْنٰى ۙ فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۙ وَاَمَّا
السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۙ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۚ

وہ کلمات یہ ہیں۔

اَصْبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰهِ وَاَمْسَیْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰهِ۔
اَمْسَیْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰهِ وَاَصْبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰهِ۔

دہی سے زیادہ مکھن نکالنا

اگر کوئی چاہے کہ دہی سے زیادہ مکھن نکالا جائے تو

مندرجہ ذیل آیت کو ایک بار باوضو پڑھ کر نمک پر دم کرے اور
وہ نمک دودھ میں ڈال کر دہی جمائے۔ جب دہی بلوئی
جائے گی تو اس میں سے انشاء اللہ تعالیٰ زیادہ مکھن نکلے گا۔
وہ آیت یہ ہے۔

اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ اَوْدِيَةٌۢ بِقَدَرِهَا
فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا ۭ وَمِمَّا يُوْقِدُوْنَ
عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَآءَ حِلْيَةٍ اَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهٗ ۭ

ناگوار آدمی کو مجلس سے اٹھانے کے لئے

اگر کوئی ایسا شخص مجلس میں آ گیا ہو جس کا آنا اور بیٹھنا
ناگوار ہو تو اس کے اٹھانے اور مجلس سے بآسانی رخصت کرنے
کے لئے یہ آیت دل میں چند بار پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ شخص
از خود اٹھ کر چلا جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ۝

سانپ کے ڈسنے، بچھو کے ڈنک مارنے اور کتے کے کاٹے کا علاج

لاہوری نمک کی سالم ڈلی ایک پاؤ وزن کی ہو اس پر
اول پانچ بار درود شریف پڑھیں۔ پھر سورۃ فاتحہ اکتالیس (۴۱) بار
(بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ)
رَحِيْمِ کے میم کو الحمد کی لام سے ملا کر پڑھیں۔ پھر آخری چار

قل پڑھیں پھر آخر میں درود شریف پانچ بار پڑھ کر اس نمک کی ڈلی
پر دم کریں۔ دم اس طرح کریں کہ تھوڑی تھوڑی تھوک بھی اس نمک
کی ڈلی پر پڑے۔ یہ نمک محفوظ رکھیں جس کو سانپ ڈسے، یا بچھو
ڈنک مارے یا کتا کاٹ لے اس کو اس ڈلی کی ایک طرف سے
چٹائیں اور دوسری طرف سے زخم پر ملیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء
ہوگی۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

برائے آسیب

جن کو حاضر کر کے یہ معلوم کرنا کہ وہ مریض کو کیوں ستا رہا ہے
اور اس کو کس غلطی کی سزا دے رہا ہے۔ اس کے بعد اس سے کہا جائے
کہ وہ اس مریض کا پیچھا چھوڑ دے اور چلا جائے اگر نہیں چھوڑتا ہے
تو روزانہ سورۃ بقرہ ایک بار باوضو بلند آواز سے پڑھ کر ایک مٹکا
پانی پر دم کرے اور گھر کے تمام کونوں میں (غسلخانے اور پاخانے
میں نہ چھڑکے) اس پانی کو چھڑکے۔ اور مریض کو صبح، دوپہر بعد

عصر اور بعد نماز عشاء یہ پانی پلائے۔

جن کو حاضر کرنے کا طریقہ یہ ہے۔

عامل پہلے سورۃ فاتحہ، آیۃ الکرسی، قل ھو اللہ احد، قل اعوذ
برب الفلق، قل اعوذ برب الناس، آخر تک تین تین بار باوضو
پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے اپنے تمام جسم پر پھیر لے اور اپنے
سینے پر پھونک مارے۔ اس کے بعد نیچے لکھا ہوا نقش مریض کو دکھائے
اور مریض اس کو اپنے ہاتھ میں لے کر (نقش) دیکھے اور عامل باوضو
سورۃ فاتحہ، آیۃ الکرسی، سورۃ الناس، سورۃ الفلق، سورۃ
اخلاص اور سورۃ کافرون تحریر کردہ ترتیب کے ساتھ پڑھ کر
مریض پر دم کرتا جائے۔ اس وقت یا چند بار پڑھنے کے بعد
جن حاضر ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

سورۃ فاتحہ یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۚ

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِـيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۣ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۤ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ڛ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰۗــــــُٔــھُمُ الطَّاغُوْتُ يُخْرِجُوْنَھُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ ھُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۧ

سورۃ الناس یہ ہے۔

سُوْرَةُ النَّاسِ مَدَنِيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ڏ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۧ

سورۃ الفلق یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَدَنِيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۧ

سورۃ الاخلاص یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ڏ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۧ

سورۃ الکافرون یہ ہے

سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۭ

لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۟

ہر قسم کی حاجت پورا ہونے کے لئے

ہر قسم کی حاجت پورا ہونے کے لئے، ہر مقصد میں کامیابی کے لئے۔ ہر دشوار کام کے آسان ہونے کے لئے سورۃ یٰسین شریف کا خصوصی ورد کا طریقہ۔ نماز جمعہ کے بعد قبلہ رو ہو کر تین بار سورۃ یٰسین شریف پڑھیں۔ پہلی مبین پر سورۃ اخلاص (قل ھو اللہ احد مکمل) تین بار۔ دوسری مبین پر سورۃ کوثر (انا اعطینٰك الکوثر مکمل) تین بار تیسری مبین پر سورۃ الم نشرح مکمل تین بار چوتھی مبین پر سورۃ فاتحہ مکمل تین بار پانچویں مبین پر

اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ۔

تین بار چھٹی مبین پر

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ

تین بار ساتویں مبین پر

اَللّٰهُمَّ وَسِّعْ فِيْ رِزْقِيْ وُسْعَةً لَا اَحْتَاجُ اِلٰى اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ

تین بار پڑھیں پھر سورۃ مکمل کرکے دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

ترقی علم و حافظہ کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ تقریر و خطابت میں خوب آمد ہو اور قرآن و حدیث کا مفہوم بآسانی حل ہو اور علم و حافظ خوب ترقی ہو تو اس کے لئے روزانہ بعد نماز فجر باوضو اکتالیس ۴۱ بار یہ کلمات پڑھیں۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ

اگر تقریر کرنے سے قبل، قرآن و حدیث پر غور و فکر سے پہلے، سبق کا مطالعہ کرنے سے پہلے اکتالیس ۴۱ بار یہ کلمات پڑھ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ ذہن و دماغ کھل جائیں گے اور بات خوب سمجھ میں آئے گی۔

ہر مشکل کے حل کے لئے صلوٰۃ الحاجۃ

اگر کوئی سخت مشکل پیش آگئی ہو یا کوئی مسئلہ حل نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے تین دن یا پانچ دن یا سات دن مسلسل بلاناغہ بعد نماز عشاء وضو کرکے دو رکعت نماز نفل بہ نیت قضائے حاجت (ضرورت پورا ہونے کے لئے) پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحٰنَ اللّٰهِ

رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِیْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِیَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَیْتَهَا یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

اس کے بعد اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ چند دن یہ عمل کرنے سے ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

برائے تفریق

دو افراد میں ناجائز محبت کو ختم کرنے کے لئے مندرجہ ذیل تعویذ باوضو لکھیں اور فلاں بن فلانہ و فلانہ بنت فلانہ کی جگہ طالب اور اسکی والدہ کا نام اور دوسرے فلانہ کی جگہ مطلوب اور اس کی والدہ کا نام لکھیں۔ اس تعویذ کو پلاسٹک کی تھیلی میں لپیٹ کر یا کسی بوتل یا شیشی میں بند کرکے دو پرانی قبروں کے درمیان دفن کردیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ عداوت قائم ہوجائے گی۔

ف: صرف جائز مقصد کے لئے کرے۔ ناجائز مقصد میں کامیاب ہوگا اور نقصان اٹھائے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

اِنَّا اَعْطَیْنٰكَ	الْكَوْثَرَ	فَصَلِّ
لِرَبِّكَ	وَانْحَرْ	اِنَّ
شَانِئَكَ	هُوَ	الْاَبْتَرُ

اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ اَلْعَجَلْ اَلْعَجَلْ اَلْعَجَلْ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَللّٰهُمَّ خَالِفْ بَیْنَ فلاں بن فلانہ و فلانہ بنت فلانہ بِقَهْرِكَ

سحر و جادو سے نجات کے لئے

اگر کسی پر جادو یا سحر یا سفلی کردیا گیا ہو اور وہ شخص اس کے سبب بیمار رہتا ہو اور حکیم ڈاکٹر کو اس بیماری کا پتہ نہ چلتا ہو یا اس کا کاروبار نہ چلتا ہو اور روز بروز قرض میں جکڑتا چلا جاتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل کریں۔

سات عدد سبز بیری کے پتے لے کر ان کو دو پتھروں سے خوب رگڑ لیں پتھر نہ ملے تو کونڈی میں پیس لیں۔ پھر ان کو بالٹی میں ڈال دیں۔ پھر اوپر سے ڈونگے بھر بھر کر پانی ڈالتے جائیں اور آیۃ الکرسی پڑھتے جائیں۔ اور ان پتوں کو پانی میں خوب حل کرلیں (اچھی طرح ملالیں) پھر مریض کو اس پانی میں سے تین گھونٹ پانی پلائیں اور باقی پانی سے مریض کو نہلائیں یہ عمل تین دن کریں۔ یہ عمل گیارہ بجے سے پہلے پہلے کریں۔ اور وہ پانی گندی نالی یا گٹر میں نہ جائے اس لئے کھلی جگہ میں نہائیں تو بہتر ہے۔

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

لَآ اِكْرَاهَ فِی الدِّیْنِ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ مِنَ
الْغَیِّ فَمَنْ یَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَ یُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ
اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰی لَا انْفِصَامَ لَهَا
وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ○ اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا
یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ وَالَّذِیْنَ
كَفَرُوْا اَوْلِیٰٓـئُهُمُ الطَّاغُوْتُ یُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ
النُّوْرِ اِلَی الظُّلُمٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ
هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ○

تسخیر عوام کے لئے

جو شخص یہ چاہے کہ اسکی تقریر زیادہ سے زیادہ لوگ سنیں اور کثرت سے لوگ اس کی عزت کریں تو اسے چاہیئے کہ بعد نماز فجر باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف درمیان میں یہ آیات گیارہ بار پڑھے اسی طرح بعد نماز مغرب بھی ان آیات کو اسی طریقہ پر پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ان آیات کے مسلسل پڑھنے سے گھر میں عزت، باہر عزت، دوستوں میں عزت، محلہ میں عزت ہر شخص محبت کا برتاؤ کرے گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

۱ یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ
حُبًّا لِّلّٰهِ
۲ وَالْكٰظِمِیْنَ الْغَیْظَ وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ

وَاللّٰهُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ○
۳ اَوَمَنْ كَانَ مَیْتًا فَاَحْیَیْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا
یَّمْشِیْ بِهٖ فِی النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِی الظُّلُمٰتِ
لَیْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا كَذٰلِكَ زُیِّنَ لِلْكٰفِرِیْنَ
مَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ○
۴ فَلَمَّا رَاَیْنَهٗ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَیْدِیَهُنَّ
وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا اِنْ هٰذَا اِلَّا
مَلَكٌ كَرِیْمٌ ○
۵ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ
یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ
مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا ○
۶ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ اٰذَوْا
مُوْسٰی فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ
وَجِیْهًا ○

استخارہ کے لئے

اگر خواب میں کسی کام کی اچھائی یا برائی معلوم کرنا چاہتا ہے تو اس کے لئے بعد نماز عشاء باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد یہ آیت ایک سو ایک بار پڑھے اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دائیں کروٹ پاک بستر پر سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں اس کام کی

اچھائی یا برائی معلوم ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔
سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝

حکام کی تسخیر کے لئے

اگر کسی ظالم حاکم سے واسطہ پڑ جائے یا کسی سخت مزاج افسر کے پاس ڈیوٹی لگ جائے تو اس کو رحمدل بنانے اور نرم کرنے کے لئے ڈیوٹی پر پہنچنے کے بعد اول تین بار درود شریف پڑھیں پھر سات بار یہ کلمات پڑھیں۔
كٓهٰيٰعٓصٓ كُفِيْتُ حٰمٓ عٓسٓقٓ ، حُمِيْتُ
اس کے بعد سات بار یہ کلمات پڑھیں۔
وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ۝
آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر افسر کی طرف منہ کر کے پھونک مار دیں۔
تنبیہ: یہ ضروری نہیں کہ افسر کے سامنے یہ عمل کریں بلکہ اس کے کمرہ کے باہر بیٹھ کر بھی یہ عمل کیا جا سکتا ہے اور افسر کی نشست (بیٹھک) کی طرف منہ کر کے باہر ہی سے پھونک مار دے۔

ہر قسم کی ضرورت پورا ہونے کے لئے

اگر کوئی سخت کام اٹک گیا ہو یا کوئی سخت مشکل پیش آگئی ہو تو اس کے حل کے لئے بعد نماز عشاء پاک و صاف ہو کر

ایک ہی نشست میں سولہ ہزار چھ سو اکتالیس (١٦٦٤١) مرتبہ پڑھے۔

یَا لَطِیْفُ

پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ جب ایک سو انتیس بار پڑھ چکے تو یہ آیت ایک مرتبہ پڑھے
لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ۝
جب یہ عمل مکمل کر لے تو اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا کرے۔
تنبیہ: اس کی آسان ترکیب یہ ہے کہ ایک سو انتیس (١٢٩) دانوں کی تسبیح بنا لے جب ایک دفعہ تسبیح پڑھ لے تو اوپر والی آیت ایک مرتبہ پڑھ لے اور یہ تسبیح ایک سو انتیس (١٢٩) بار پڑھے۔ آسانی کے لئے ایک انتیس (١٢٩) چھوٹے پتھر دھو کر اپنے ساتھ رکھ لے جب ایک بار تسبیح پڑھے اور آیت بھی پڑھ لے تو ایک چھوٹا پتھر اٹھا کر دوسری طرف رکھ دے اس طرح تسبیح کا شمار کرنا آسان ہو گا اور بھول چوک نہ ہو گی۔

ادائے قرض کے لئے

اگر کوئی شخص قرض میں جکڑ گیا ہو اور قرض

اترنے کا نام ہی نہ لیتا ہو تو اس کے اتارنے اور اس کی ادائیگی کے لئے نماز فجر کی دو رکعت سنت پڑھ کر اوّل گیارہ بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد اکتالیس بار سورۃ فاتحہ بوصلِ میم رحیم و لام الحمد (بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ آخر تک) پڑھیں آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا کریں۔

اس کے بعد رات کو بعد نماز عشاء سوتے وقت باوضو پاک بستر پر بیٹھ کر اوّل تین مرتبہ درود شریف اس کے بعد یہ دعا تین مرتبہ پڑھیں آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِیْنَ وَرَبَّنَا وَرَبَّ کُلِّ شَیْءٍ خَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰی مُنَزِّلَ التَّوْرَاۃِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالْقُرْاٰنِ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ کُلِّ ذِیْ شَرٍّ اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَیْسَ قَبْلَکَ شَیْءٌ وَاَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَیْسَ بَعْدَکَ شَیْءٌ وَالظَّاھِرُ فَلَیْسَ فَوْقَکَ شَیْءٌ وَالْبَاطِنُ فَلَیْسَ دُوْنَکَ شَیْءٌ اِقْضِ عَنِّی الدَّیْنَ وَاَغْنِنِیْ مِنَ الْفَقْرِ۔

سحر، جادو اور سفلی کا علاج

جادو کے دفعیہ کے لئے

اگر کسی پر جادو کر دیا جائے تو اس کو دفع کرنے کے لئے باوضو سو مرتبہ روزانہ سورۂ فلق اور سو بار روزانہ سورہ ناس پڑھے۔ لگاتار چالیس دن تک یہ دونوں سورتیں قرآن حکیم کی آخری سورتیں ہیں اور یہ اس وقت نازل ہوئی تھیں جب ایک یہودی نے فخرِ دو عالم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو کر دیا تھا۔ اور آپؐ اس جادو کے اثر سے متأثر ہو کر بیمار ہو گئے تھے۔ اس وقت فرشتوں نے آ کر صحیح رہنمائی کی اور باذن اللہ اس جادو کا توڑ بتایا۔ اور بتایا کہ اس جادو کی چیزیں کس کنویں میں ڈالی گئی ہیں۔ اگر روز پڑھنا مشکل ہو تو پھر ان دونوں سورتوں کو باوضو تین سو تین مرتبہ پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کر کے رکھ لیا جائے اور چالیس دن تک یہ پانی صبح و شام جادو زدہ کو پلایا جائے۔ ان سورتوں کے نقش اکابرین سے دونوں طرح منقول ہوتے چلے آ رہے ہیں۔ لفظی بھی اور عددی بھی۔
لفظی نقش یہ ہیں۔ اس نقش کو لکھتے وقت زیر زبر لگانے کی ضرورت نہیں۔

نقش سورہ فلق

۷۸۶

قل اعوذ	برب الفلق	من شر ما خلق	ومن شر
غاسق	اذا	وقب	ومن
شر	النفثت	فی العقد	ومن
شر	حاسد	اذا	حسد

نقش سورۂ ناس

٧٨٦

قل اعوذ برب الناس	ملك الناس	الٰه الناس	من شر الوسواس الخناس
ملك الناس	الٰه الناس	من شر الوسواس الخناس	الذی یوسوس
الٰه الناس	من شر الوسواس الخناس	الذی یوسوس	فی صدور الناس
من شر الوسواس الخناس	الذی یوسوس	فی صدور الناس	من الجنة والناس

عددی نقش یہ ہیں

نقش سورۂ فلق

٧٨٦

٢١٦١	٢١٧٥	٢١٧٢	٢١٦٩
٢١٧٣	٢١٦٨	٢١٦٢	٢١٧٤
٢١٦٧	٢١٧٠	٢١٧٧	٢١٦٣
٢١٧٦	٢١٦٤	٢١٦٦	٢١٧١

نقش سورۃ الناس

٦٨٦

١٣١٦	١٣٣٠	١٣٢٧	١٣٢٣
١٣٢٨	١٣٢٢	١٣١٧	١٣٢٩
١٣٢١	١٣٢٥	١٣٣٢	١٣١٨
١٣٣١	١٣١٩	١٣٢٠	١٣٢٦

جادو زدہ انسان کے لئے ان میں سے کوئی بھی لفظی یا عددی

نقش باوضو بنا کر دائیں یا بائیں بازو پر باندھیں اور ان دونوں نقوش کا مجموعی نقش بنا کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ اور یہ تینوں نقش موم جامے کے بعد کالے کپڑے میں سی لیں۔ اور ڈورا بھی کالا ہی استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چالیس دن کے اندر اندر جادو کے اثرات سے نجات ملے گی۔

دونوں کا عددی نقش یہ ہے

٧٨٦

٣٤٨٥	٣٤٩٩	٣٤٩٦	٣٤٩٣
٣٤٩٧	٣٤٩٢	٣٤٨٦	٣٤٩٨
٣٤٩١	٣٤٩٤	٣٥٠١	٣٤٨٧
٣٥٠٠	٣٤٨٨	٣٤٩٠	٣٤٩٥

جادو کے اثرات سے نجات

قرآن حکیم کی آخری دونوں سورتیں گیارہ گیارہ مرتبہ باوضو پڑھ کر سرسوں کے تیل پر دم کر کے جادو زدہ انسان کی آنکھوں کانوں، ناک اور بیسوں ناخنوں پر لگائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ گیارہ ہی دن میں جادو کے اثرات سے نجات مل جائے گی۔

ان دونوں سورتوں کی زکوٰۃ ادا کر دی جائے تو اثر انگیزی میں زبردست اضافہ ہو جاتا ہے

طریقہ زکوٰۃ یہ ہے کہ دونوں ہی سورتوں کو چالیس مرتبہ روزانہ اکتالیس دن تک پڑھیں۔ پہلے دن اور اکتالیسویں

دن روزہ رکھیں اور اکتالیسویں[41] دن تین[3] غریبوں کو کھانا اپنے ساتھ افطار کے وقت کھلائیں۔ ان تینوں غریبوں سے اپنا خونی رشتہ نہیں ہونا چاہئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زکوٰۃ ادا ہوگی اور پھر حسب ضرورت یہ سورتیں برائے مسحور پڑھی جائیں گی تو فوراً ان کا اثر سامنے آئے گا۔

جادو اتارنے کا عمل

جادو اُتارنے کا یہ طریقہ شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ سے منقول ہے۔ اور بے حد مؤثر اور تیر بہدف ہے۔ ایک کورے گھڑے میں سات کنوؤں کا تازہ پانی بھر کر اس پر قرآن حکیم کی یہ آیت باوضو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے مریض کو اس سے گیارہ دن تک غسل کرائیں انشاء اللہ تعالیٰ سحر کا اثر زائل ہو جائے گا۔ بے حد مجرب ہے۔ اگر سات کنوؤں کا پانی دستیاب ہونا مشکل ہو تو سات مسجدوں کا پانی بشرطیکہ مسجدیں حوض والی ہوں یا برمے والی ہوں لے لیں۔ یہ بھی مشکل ہو تو چھ مسجدوں کا پانی لیکر اسمیں ایک کنویں کا پانی بھی شامل کرلیں تب بھی انشاء اللہ تعالیٰ مفید رہے گا۔

آیات قرآنی یہ ہیں۔

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ o وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ o (سورۃ یونس آیت ۸۱-۸۲ پارہ ۱۱)

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۚ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۚ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۙ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ o رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ o (سورۃ اعراف آیت ۱۱۸، ۱۱۹، ۱۲۰، ۱۲۱، ۱۲۲ پارہ ۹) اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى o (سورۃ طٰہٰ آیت ۶۹ پارہ ۱۶)

مریض کو غسل کراتے وقت اس بات کا خیال رکھیں کہ پانی نالی میں نہ جائے بہتر ہے کچی زمین میں گڑھا کھود کر اس میں غسل دیں۔ ورنہ ریت پھیلا کر اس پر غسل دیں اور پھر اس ریت کو سکھا کر کسی تالاب، نہر یا کنویں میں پھینک دیں۔ یا کہیں جنگل میں دبا دیں۔ (نہلانے کے معاملے میں ہمیشہ یہ اصول یاد رکھیں۔ کیوں کہ اس اصول کو ہم اس کتاب میں بار بار بیان نہیں کریں گے)

سحر باطل کرنے کے لئے

ان ہی آیات کے عمل کا ایک اور طریقہ اکابرین سے دوسرے انداز سے منقول ہے۔ وہ بھی اپنی جگہ بے حد مؤثر ثابت ہوتا ہے اس میں بجائے کنوؤں کے پانی کے مندرجہ ذیل تفصیل ذہن میں رکھیں۔

ایک گھڑا بارش کا پانی ایسی جگہ سے لیں جہاں بارش ہوتے ہوئے کسی کی نظر نہ پڑی ہو۔

ایک گھڑا پانی ایسے کنویں کا لیں جس کا پانی کوئی ڈول سے نہ نکالتا ہو۔

جمعہ کے دن ایسے درختوں کے پتے توڑ کر لائیں جن پر کھانے
والے پھل نہ آتے ہوں۔

دونوں پانی ایک جگہ کرکے ان میں یہ سب پتے ڈال دیں۔
اور اوپر والے عمل میں بیان کردہ تینوں آیاتِ قرآنی کو کسی کاغذ پر
باوضو کالی روشنائی سے لکھ کر اس میں گھول دیں۔ گھولتے وقت
تین تین مرتبہ ان آیات کو باوضو پڑھیں۔ ضرورت سمجھیں تو پانی
کو گرم کرلیں۔ ورنہ ٹھنڈے ہی پانی سے غسل دیں۔ اور اس
طریقے میں غسل کسی تالاب کے کنارے پر دیں۔ غسل دیتے
وقت تین آدمیوں سے زیادہ مریض کے پاس نہ ہو۔ غسل
کے وقت مریض کا ستر ڈھانپے رکھیں۔ اور مریض کو
دورانِ غسل کھڑا رکھیں۔ اس صورت میں صرف سات دن
تک غسل دیں۔ انشاء اللہ سحر باطل ہوگا۔

سحر سے شفا کے لئے

قرآن حکیم کی اس آیت کو اور عزیمت کو گلاب و زعفران
سے چینی کی پلیٹ پر باوضو لکھ کر لگاتار سات دن تک مریض
کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بحکم الٰہی سحر باطل ہوجائے گا۔
اور مریض کو شفا نصیب ہوگی۔ یہ عمل بھی مجرب اور
آزمودہ ہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ط
اِنَّ اللّٰهَ سَیُبْطِلُهٗ بَطَلَ السِّحْرُ بِاِذْنِ اللّٰهِ۔

عزیمت یہ ہے۔

✡ ۱۱۱م ✡

جادو، سفلی اتارنے کے لئے عمل

اگر کسی شخص پر جادو کرادیا گیا ہو تو ہفتے کے دن بعد
نمازِ عصر قرآن حکیم کی وہ تین سورتیں باوضو لکھ کر گلے میں ڈالیں
جن میں "ک" نہیں ہے۔ اور وہ سورتیں یہ ہیں۔ سورۂ
عصر، سورۂ قریش، سورۂ فلق (پارہ ۳۰) ان ہی سورتوں
کو سات دن تک اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر ایک کٹورا
پانی پر دم کرکے مریض کو پلاتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات
ہی روز میں کیسا بھی جادو ہوگا۔ خواہ وہ علوی ہو یا سفلی
اتر جائے اور بفضل رحمٰن و رحیم مریض رو بہ صحت ہوگا۔

جادو، ٹونا، بندش دور کرنا

اگر کسی مریض پر جادو ٹونا بندش اور ٹوٹکا وغیرہ ہو یا مریض
کو سفلی اور گندے علم کے ذریعے بے بس کردیا گیا ہو تو اس
مریض کو زمین پر چت لٹائیں۔ اور مریض مرد ہو تو تن کے کپڑوں
کے علاوہ کوئی اور کپڑا نیچے اوپر نہ ڈالیں۔ اگر مریض عورت ہو
تو اوپر موٹی سی چادر ڈال سکتے ہیں۔ لیکن کچھ نہ ڈالیں۔ جس
جگہ لٹائیں وہ جگہ پاک اور صاف ہونی ضروری ہے۔
اس کے بعد عامل ایک چاقو لے۔ چاقو پورا لوہے کا ہو۔

اس میں لکڑی وغیرہ کا دستہ نہ ہو۔ چاقو نہ ہو تو پوری لوہے کی چھری لے اور اس چھری پر باوضو سات مرتبہ قرآن حکیم کی آخری دونوں سورتیں پڑھ کر دم کرے اور مریض کے سر سے پیروں کی طرف چھری اتار کر بائیں سے دائیں لکیر کھینچ دے۔ سات لکیریں کھینچ جانے کے بعد مریض کو اُلٹا لٹا دے۔ اور اس کے بعد عمل مذکورہ کر کے ان ہی لکیروں کے اوپر۔ اوپر سے نیچے کی طرف کی لکیر کھینچے او کل تین لکیریں کھینچے۔ بائیں سے دائیں سے سات لکیریں کھینچنی ہیں اور اوپر سے نیچے ۳ لکیریں کھینچنی ہیں اور لکیر کھینچنے سے پہلے چاقو یا چھری پر سات سات مرتبہ دونوں سورتیں پڑھ کر دم کرنا ہے۔ اور دم کر کے چاقو یا چھری کو مریض کے سر سے پیروں کی طرف اُتارنا ہے اس کے بعد لکیر کھینچنی ہے۔ یہ ایک دن کی کاٹ ہوئی۔ اسی طرح لگاتار سات روز تک کاٹ کرنی ہے۔ اگر یہ کاٹ عصر اور مغرب کے درمیان کیجائے تو بہتر ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کاٹ سے کتنا بھی سفلی اور گندہ جادو ہو گا کٹ جائیگا اور مریض ایک ہی ہفتے میں بحکم الٰہی بھلا چنگا ہو جائے گا۔
لکیروں کی صورت یہ رہے گی۔

ختم — اوپر سے نیچے — شروع
شروع — بائیں سے دائیں — ختم

جادو کا اثر زائل کرنا

پاک و صاف مٹی سے ایک گولہ بنائے جو وزن میں ڈھائی سو گرام کا ہو۔ اس پر سات مرتبہ مندرجہ ذیل دعا پڑھ کر دم کریں۔ پھر اس کو کسی بھٹی میں ڈال دیں۔ جب یہ خوب تپ (سرخ ہو جائے) جائے اس وقت اس کو پانی میں ڈال دیں۔ اور صبح و شام اور دوپہر دن میں تین مرتبہ یہ پانی جادو زدہ کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جادو کا اثر زائل ہو جائے گا۔

دعا یہ ہے۔ آیت لکرسی دل قرآن آب چلے تو رحمان حلقہ حلقہ سات آسمان سات زمین سات گلی ایک دربان پاؤں رکھے۔ جبرئیل بحکم خدا اکرم کرے رحمان موجود اس کا کرم موجود بارگاہِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا در کھلا رہے۔ چلّہ وہ نہ کرے جو جادو کرے سو مرے۔ یہ عمل بھی بے حد مجرب ہے۔

گھر سے سحر، جادو، سفلی کے اثرات ختم کرنا

اگر کسی مکان پر سحر کا شبہ ہو۔ تو اُس مکان میں یہ نقش باوضو لکھ کر کسی فریم میں لگا کر دیوار پر آویزاں کر دیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ گھر سے سحر کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔ نقش یہ ہے

(اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۸	۱۱		۱۴	۱
۱۳	۲	۴	۷	۱۲
	۳		۹	
	۸	۵	۲	
	۱		۷	
۳	۱۶	۶	۹	۶
۱۰	۵		۴	۱۵

جادو، سفلی سے شفا کے لئے

جادو علوی ہو یا سفلی اس عزیمت کو باوضو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور کنویں کے پانی پر اکیس ۲۱ مرتبہ اسی عزیمت کو باوضو پڑھ کر دم کردیں۔ پھر اس پانی کو اکیس ۲۱ روز تک مریض کو صبح و شام پلاتے رہیں۔ اور اسی عزیمت کو اکیس ۲۱ مرتبہ سرسوں کے تیل پر باوضو دم کرکے رات کو مریض کے پورے بدن کی مالش کرتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو شفا ہوگی۔

عزیمت یہ ہے۔

موسیٰ و ہارون کی لاٹھی ٹوٹکا کرنے والے کی ٹوٹے پائی۔ ساحر پڑے موت کی کھائی۔ کعبہ کی نظر۔ بیکار ہوا جادو کا اثر بسم اللہ اللہ اکبر۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

سحر کے اثرات سے نجات کے لئے

اس نقش کو باوضو لکھ کر اگر کسی جادو زدہ کے جسم پر مل کر مندرجہ ذیل نقش کو آگ میں جلادیں اور لگاتار سات دن تک اسی طرح سات نقش جلائیں تو انشاء اللہ مریض سحر کے اثرات سے نجات پائے گا۔ نقش یہ ہے۔ اور یہ نقش "یا سلامُ" کا ہے۔

۷۸۶

۴۵	۳۹	۴۷
۴۶	۴۴	۴۱
۴۰	۴۸	۴۳

جادو کے اثر سے شفایابی

اگر کسی شخص پر کسی نے زبردست جادو کردیا ہو۔ یا سفلی عمل کے ذریعہ سے بالکل مفلوج کردیا ہو۔ یا ایسی جگہ دفن کردیا ہو کہ جس کی نشاندہی نہ ہو رہی ہو اور اس وجہ سے وہ شخص اپنی زندگی سے مایوس ہو گیا ہو تو اس کے لئے ایک بے حد مجرب عمل یہ ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کے ذریعہ اس پر کئے ہوئے جادو، گندے علم اور دفن شدہ وغیرہ کی مکمل کاٹ ہو جائے گی۔ اور چالیس دن میں مریض جادو کی لپیٹ سے انشاء اللہ تعالیٰ پوری

طرح نجات پالے گا۔

سب سے پہلے رائی اور اجوائن تقریباً ڈھائی سو گرام لیکر آئیں۔ اس میں دو سو گرام اجوائن ہو اور پچاس گرام رائی۔ پھر ان دونوں کو ملالیں۔ اور اس پر سات مرتبہ یہ عزیمت پڑھ کر دم کردیں۔

جَیْنُوْسَ، فَیْلُوْسَ، یَرْمُوْنَ، جَیْبُوْنَ، سَلْمُوْسَ، مَرْطُوْسَ، مَیْلُوْمَانَ، یَادَرْسَرْ فَرَوْدْ بِہَا حُوْنَ۔

اس کے بعد سفید کاغذ پہ چار نقش باوضو لکھیں۔ اور ان کے فتیلے بنائیں۔ پھر چار چراغوں میں جو اس سے پہلے استعمال نہ ہوئے ہوں، تلوں کا تیل ڈالیں اور ان میں ان فتیلوں کو روئی میں بتی بنا کر مریض کے دائیں بائیں آگے پیچھے جلائیں۔ جبتک ان کی بتیاں پوری طرح جل نہ جائیں۔ چراغ کو بجھنے نہ دیں۔ بجھ جائے تو فوراً ہی دوبارہ جلادیں۔ چراغوں کے جلنے کے دوران ایک انگیٹھی میں کوئلے دہکا کر مریض کے سامنے رکھ لیں۔ اور تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد اجوائن اور رائی اس میں ڈالتے رہیں۔ اگر اجوائن اور رائی چراغ بجھنے سے پہلے ختم ہوجائے تو انگیٹھی بجھادیں۔ ڈھائی سو گرام سے زیادہ رائی اور اجوائن کا استعمال نہ کریں۔

وہ چاروں نقش یہ ہیں۔ ان نقوش میں فلاں کی جگہ مریض اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔

(نقش اگلے صفحہ پر)

اس نقش کو مریض کے دائیں طرف جلائیں

۷۸۶

۱۱۱ ھے ھ [+] ۱۱ ۱۱ ھو		
۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴
فلاں ابن فلاں ہر قسم کے سحر سے محفوظ ہوجائے		

اس نقش کو مریض کے پشت پر جلائیں

۷۸۶

روس ح رع ل وی دس ف ل ی		
۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶
فلاں ابن فلاں ہر قسم کے سحر سے محفوظ ہوجائے		

اس نقش کو مریض کے بائیں طرف جلائیں

۷۸۶

۱۱۱ آ ح ھ [+] ۱۱ ۱۱ ھو		
۴	۳	۸
۹	۵	۱
۲	۷	۶
فلاں ابن فلاں آفات سے محفوظ ہوجائے		

اس نقش کو مریض کے سامنے جلائیں

۷۸۶

۱۱۱ آ ح ھ [+] ۱۱ ۱۱ ھو		
۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴
فلاں ابن فلاں آفات سے محفوظ ہوجائے		

یہ عمل صرف ایک دن کرنا ہے۔ اس کے بعد مندرجہ ذیل نقش باوضو چالیس عدد بنائے جائیں۔ اور اس نقش کو روزانہ فجر کی نماز کے بعد ایک گلاس پانی میں ڈال دیں۔ اگر نقش مٹی کے پیالے یا لوٹے میں گھول لیں تو زیادہ مؤثر ثابت ہوگا۔ اور اس پانی کو عصر اور مغرب کے درمیان مریض کو پلا دیں۔ نقش کا کاغذ کسی کیاری یا گملے میں یا کسی درخت کی جڑ میں دبادیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چالیس دن پورے ہونے سے پہلے ہی مریض کی حالت سدھرنی

شروع ہو جائے گی۔ اور ہر قسم کے علوی اور سفلی جادو سے نجات نصیب ہوگی۔ وہ نقش جو چالیس عدد لکھ کر چالیس دن پلانا ہے۔ وہ یہ ہے۔ نیچے کی سطر میں اگر مریض عورت ہو تو مرد کے بجائے عورت لکھیں۔ پلانے والے نقش میں نام کی ضرورت نہیں ہے۔

۷۸۶

۱۰۳۴	۱۰۳۹	۱۰۳۲
۱۰۳۳	۱۰۳۵	۱۰۳۷
۱۰۳۸	۱۰۳۱	۱۰۳۶
یاالٰہی اس مرد کو جادو سے نجات دے		

جادو کے اثرات سے نجات

سات نمازیوں کے وضو کا پانی (جو پنج وقتہ نمازی ہوں) ایک بوتل میں جمع کریں اور اس پر دو سو مرتبہ باوضو سورۂ یٰسین کی آیت "سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ" پڑھ کر دم کر دیں۔ سات چھوارے لیں اور ان میں سے ہر چھوارے پر یہی آیت ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ مریض کو عصر اور مغرب کے درمیان ایک چھوارہ کھلا کر بوتل کا پانی پلائیں۔ صرف سات دن کا علاج ہے، سات دن پورے ہو جانے پر اسی آیت کا نقش مثلث مریض کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جادو کے اثرات سے

نجات ملے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۸۴	۲۷۹	۲۸۶
۲۸۵	۲۸۳	۲۸۱
۲۸۰	۲۸۷	۲۸۲

سحر زدہ کا علاج

سحر زدہ کے لئے یہ طریقۂ علاج بھی کافی سودمند ثابت ہوا ہے۔ طریقۂ علاج یہ ہے کہ ۲۱ درختوں کے پتے جو تعداد میں کل ۳۰۳ ہوں۔ توڑ کر لائیں۔ اور ہر ایک پتے پر سات مرتبہ باوضو لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ پڑھ کر دم کر دیں۔ کل تعداد پڑھائی کی اکیس سو اکیس (۲۱۲۱) مرتبہ ہو جائے گی۔ یہ تعداد زیادہ سے زیادہ تین نشستوں میں مکمل ہو جانی ضروری ہے۔ اس کے بعد ان پتوں کو پانی میں پکائیں اور سحر زدہ کو اس پانی سے غسل کرائیں۔ لگاتار سات دن تک اس عمل کو دہرائیں۔ اور روزانہ پتے توڑ کر لائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ سات دن میں مکمل کاٹ ہو جاتے گی۔ اور کتنا بھی سخت جادو ہو گا اتر جائے گا۔ اس کے بعد ایک نقش لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ کا مریض کے گلے میں ڈلوا دیں۔ اور ایک بوتل پانی پر اکیس مرتبہ لاحول پڑھ کر دم کر کے رکھ دیں۔

اوراس پانی کو اکیس ۲۱ روز تک صبح وشام پلائیں۔ اور سرسوں کے تیل پر بھی اکیس ۲۱ مرتبہ دم کر کے رکھ دیں۔ اور اکیس ۲۱ روز تک تیل کی مالش کرائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مکمل صحت نصیب ہوگی۔

نقش جو گلے میں ڈالا جائے گا وہ یہ ہے۔

۷۸۶

۳۷۸	۳۸۲	۳۸۵	۳۷۱
۳۸۴	۳۷۲	۳۷۷	۳۸۳
۳۷۳	۳۸۷	۳۸۰	۳۷۶
۳۸۱	۳۷۵	۳۷۴	۳۸۶

زبردست جادو کے اثرات دور کرنا

اگر کسی انسان پر زبردست جادو ہو اور کسی بھی طرح جادو کے اثرات سے نجات نہ ملتی ہو تو "ہفت سلام" کے نقوش کے ذریعہ روحانی علاج کرنے سے جادو کے اثرات سے نجات مل جاتی ہے۔ اور انسان پوری طرح بحکم الٰہی اور بہ برکتِ قرآن حکیم صحتیاب ہو جاتا ہے۔ جمعرات کے دن سے علاج شروع کرنا چاہیئے۔ اور درج ذیل تفصیل کے ساتھ نقوش پلانے چاہیئے۔ ۲۸ دن کا علاج ہے۔ ہر نقش چار مرتبہ پلانا ہے۔

وہ ساتوں نقش جو ہفتے کے سات دنوں میں پلانے

ہیں۔ وہ یہ ہیں۔

جمعرات کے دن پینے والا نقش

۷۸۶

سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ			
۳۲۲	۱۱۶	۱۱۰	۱۳۱
۱۰۹	۱۳۲	۳۲۱	۱۱۷
۱۳۳	۱۱۲	۱۱۴	۳۲۰
۱۱۵	۳۱۹	۱۳۴	۱۱۱

جمعہ کے دن پینے والا نقش

۷۸۶

سَلٰمٌ عَلٰی مُوْسٰی وَهٰرُوْنَ			
۲۶۸	۱۱۶	۱۱۰	۱۳۱
۱۰۹	۱۳۲	۲۶۷	۱۱۷
۱۳۳	۱۱۲	۱۱۴	۲۶۶
۱۱۵	۲۶۵	۱۳۴	۱۱۱

ہفتے کے دن پینے والا نقش

۷۸۶

سَلٰمٌ عَلٰی اِلْ یَاسِیْنَ			
۷۰	۳۱	۱۱۰	۱۳۱
۱۰۹	۱۳۲	۶۹	۳۲
۱۳۳	۱۱۲	۲۹	۶۸
۳۰	۶۷	۱۳۴	۱۱۱

اتوار کے دن پینے والا نقش۔

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ			
۱۳۱	۱۳۷	۲۹۲	۲۸۹
۲۹۳	۲۸۸	۱۳۲	۱۳۶
۲۸۷	۲۹۰	۱۳۹	۱۳۳
۱۳۸	۱۳۴	۲۸۶	۲۹۱

پیر کے دن پینے والا نقش۔

سَلٰمٌ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی			
۱۳۱	۱۱۰	۵۶۳	۵۰
۵۶۴	۴۹	۱۳۲	۱۰۹
۴۸	۵۶۱	۱۱۲	۱۳۳
۱۱۱	۱۳۴	۴۷	۵۶۲

منگل کے دن پینے والا نقش۔

سَلٰمٌ عَلَیْکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِیْنَ			
۱۳۱	۱۷۰	۴۵۱	۱۴۲۲
۴۵۲	۱۴۲۱	۱۳۲	۱۶۹
۱۴۲۰	۴۴۹	۱۷۲	۱۳۳
۱۷۱	۱۳۴	۱۴۱۹	۴۵۰

بدھ کے دن پینے والا نقش۔

سَلٰمٌ هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ			
۱۳۱	۴۳۳	۱۴۹	۳۱۴
۱۵۰	۳۱۳	۱۳۲	۴۳۲
۳۱۲	۱۴۷	۴۳۵	۱۳۳
۴۳۴	۱۳۴	۳۱۱	۱۴۸

"سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ" والا نقش گلے میں ڈال دینا چاہیئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کیسا بھی جادو ہوگا علوی یا سفلی پوری طرح اس سے نجات مل جائے گی۔ اور اٹھائیس ۲۸ دن میں مریض صحتیاب ہوجائے گا۔ قاعدہ یہ ہے کہ ہر نقش چار کی تعداد میں بنانے چاہیئے اور اوپر دی ہوئی ہدایت کے مطابق انہیں استعمال کرنا چاہیئے۔ پھر دیکھئے کہ ان "ہفت سلام" کا کرشمہ کیا ہے۔

سحر کے اثر سے نجات کے لئے

سحر کا اثر اگر معمولی اور بالخصوص میعاد کے دوران عامل کو خدمت کا موقعہ ملجائے تو عامل کو چاہیئے کہ وہ مندرجہ ذیل نقش کو باوضو کالی روشنائی سے لکھ کر موم جامہ کر کے اس کو کالے رنگ کے کپڑے اور کالے ہی رنگ کے ڈورے میں کر کے مریض کے گلے میں ڈلوادے۔ یہ نقش جمعرات کے

دن سورج نکلنے سے پہلے پہلے مریض کے گلے میں ڈالیں۔ تو افضل ہے۔ ورنہ جب بھی موقعہ ہو ڈالدیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ سحر کے اثرات سے پندرہ دن کے اندر نجات مل جائیگی۔ اور مریض بفضلِ ربّ العٰلمین رو بہ صحت ہوگا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

الٰہی بحرمۃ حضرت ابوبکر صدیق رضؓ

الٰہی بحرمۃ حضرت عمر فاروق رضؓ

الٰہی بحرمۃ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ

بحق جبرئیلؑ

بحق عزرائیلؑ

بحق

لآ الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

جادو اتارنے کا عمل

سخت سے سخت جادو کے لئے یہ طریقہ بھی مؤثر ثابت ہوا ہے اکثر اکابرین جادو اُتارنے کے لئے اس طریقے کو استعمال کرتے تھے۔ طریقہ یہ ہے کہ ایک بوتل پانی سامنے رکھ کر باوضو گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورۂ یٰسین کی تلاوت کریں۔ سورۂ یٰسین میں سات مبین ہیں۔ ہر مبین پر رُک کر سورۂ یٰسین کی آیت سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ ۱۴ چودہ مرتبہ پڑھیں اور

بوتل پر دم کردیں۔ اسیطرح ساتوں مبین پر رُک کر ۱۴ مرتبہ مذکورہ آیت پڑھیں اور ہر مرتبہ بوتل پر دم کرتے رہیں ختم سورۃ تک۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر بوتل پر دم کردیں۔ اور یہ پانی صبح و شام۔ صبح کو نہار منہ اور شام کو مغرب سے پہلے اور عصر کے بعد مریض کو پلائیں اور مندرجہ ذیل نقش کالے کپڑے میں موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں ڈلوادیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر سے نجات ملے گی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

٦٤٨	٦٥١	٦٥٤	٦٤٠
٦٥٣	٦٤١	٦٤٧	٦٥٢
٦٤٢	٦٥٦	٦٤٩	٦٤٦
٦٥٠	٦٤٥	٦٤٣	٦٥٥

جادو کا واپس لوٹانا

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس پر جو سحر کیا گیا ہے وہ سحر کرانے والے کی طرف لوٹ جائے تو سورۂ کوثر (پ ۳۰) روزانہ باوضو ۱۰۰ مرتبہ بلا درود شریف پڑھا کرے اور یہ نقش جو سورۂ کوثر کا نقش ہے کالے کپڑے میں موم جامہ کرکے اپنے گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۴۰ دن کے اندر اس پر چڑھا ہوا جادو کرانے والے کی طرف لوٹ جائے گا۔

(نقش اگلے صفحہ پر)

نقش یہ ہے۔

۷۸۶		
۹۱۹	۹۱۴	۹۲۱
۹۲۰	۹۱۸	۹۱۶
۹۱۵	۹۲۲	۹۱۷

سفلی جادو کے اثرات سے نجات اور بندش کا کھولنا

اگر کوئی شخص سفلی جادو کے اثرات میں مبتلا ہو اور اس کی وجہ سے جسم میں مختلف امراض پیدا ہو گئے ہوں۔ اور کاروبار وغیرہ کی بندش ہو کر رہ گئی ہو تو سورۃ فاتحہ کے اس نقش کے ذریعہ اس کا علاج کریں۔ اس نقش کو بادسو مربع آتشی چال سے لکھیں۔ اور کل چار عدد یہ نقش لکھیں۔ ۱ نقش کو مریض کے گلے میں موم جامہ کر کے ڈالیں ۲ نقش کو مریض جہاں سوتا ہو وہاں چھت میں لٹکائیں اس طرح کہ نقش مریض کے اوپر رہے ۳ نقش کو خاص طور سے گلاب و زعفران سے لکھیں اور بوتل میں ڈال کر پانی بھر دیں۔ پھر یہ پانی مریض کو صبح و شام اکیس ۲۱ روز تک پلائیں۔ اور ۴ نقش کو لکھ کر اس کے نیچے یہ عبارت بھی لکھیں۔

"یا اللہ بہ برکتِ این نقش فلاں ابن فلاں را از سحر نجات عطا کن"

فلاں ابن فلاں کی جگہ مریض اور اس کی والدہ کا نام

لکھیں۔ اور اس نقش کو کسی بیری کے درخت پر یا کسی ایسے درخت پر جس پر کھانے والے پھل آتے ہوں۔ اور وہ درخت کانٹے دار بھی ہو لٹکا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اکیس ۲۱ دن میں مریض پوری طرح صحتیاب ہو جائے گا۔ نقش لکھتے وقت زیر زبر لگانے کی ضرورت نہیں۔ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مالک یوم الدین ایاک نعبد وایاک نستعین	اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم	غیر المغضوب علیھم ولا الضالین	الحمد للہ رب العلمین الرحمٰن الرحیم
غیر المغضوب علیھم ولا الضالین	الحمد للہ رب العلمین الرحمٰن الرحیم	مالک یوم الدین ایاک نعبد وایاک نستعین	اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم
الحمد للہ رب العلمین الرحمٰن الرحیم	غیر المغضوب علیھم ولا الضالین	اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم	مالک یوم الدین ایاک نعبد وایاک نستعین
اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم	مالک یوم الدین ایاک نعبد وایاک نستعین	الحمد للہ رب العلمین الرحمٰن الرحیم	غیر المغضوب علیھم ولا الضالین

جس پر جادو کیا گیا ہو اس کا علاج

جادو زدہ انسان کے لئے چار سورتوں کا مجموعی نقش بھی بے حد مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ جب کسی جادو زدہ کا علاج کرنا ہو تو یہ مجموعی نقش تین ۳ عدد باوضو تیار کئے جائیں۔ ایک

نقش مریض کے پلنگ کے اوپر لٹکا دیا جائے دوسرا نقش مریض کے بستر کے نیچے رکھ دیا جائے اور تیسرا نقش موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈلوا دیں۔ مریض کے پاس چودہ۱۴ دن تک کوئی ایسی عورت نہ آئے جسے دمِ نفاس یا دمِ حیض آ رہا ہو۔ چودہ۱۴ دن کے بعد یہ پرہیز ختم ہو جائے گا۔ اگر چودہ دن کے اندر اندر ایسی کوئی عورت مریض کے قریب آ گئی تو تعویذوں کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔ اس لئے اس بارے میں شدید احتیاط کی ضرورت ہے۔ اس مجموعی نقش کو کامل احتیاط کے ساتھ لکھنا چاہئے۔ کیونکہ غلطی کا امکان رہتا ہے۔ (واضح رہے کہ یہ نقش سورۂ فاتحہ، سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اور سورۂ ناس کے نقوش کا مجموعہ ہے)۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳۶۵ / ۱۳۲۳ / ۲۱۶۹ / ۲۵۰	۲۳۶۸ / ۱۳۲۷ / ۲۱۷۲ / ۲۵۳	۲۳۷۱ / ۱۳۳۰ / ۲۱۷۵ / ۲۵۶	۲۳۵۷ / ۱۳۱۶ / ۲۱۶۱ / ۲۴۳
۲۳۷۰ / ۱۳۲۹ / ۲۱۷۴ / ۲۵۵	۲۳۵۸ / ۱۳۱۷ / ۲۱۶۲ / ۲۴۴	۲۳۶۴ / ۱۳۲۳ / ۲۱۶۸ / ۲۴۹	۲۳۶۹ / ۱۳۲۸ / ۲۱۷۳ / ۲۵۴
۲۳۵۹ / ۱۳۱۸ / ۲۱۶۳ / ۲۴۵	۲۳۷۳ / ۱۳۲۲ / ۲۱۷۷ / ۲۵۸	۲۳۶۶ / ۱۳۲۵ / ۲۱۷۰ / ۲۵۱	۲۳۶۳ / ۱۳۲۱ / ۲۱۶۷ / ۲۴۸
۲۳۶۷ / ۱۳۲۶ / ۲۱۷۱ / ۲۵۲	۲۳۶۲ / ۱۳۲۰ / ۲۱۶۶ / ۲۴۷	۲۳۶۰ / ۱۳۱۹ / ۲۱۶۴ / ۲۴۶	۲۳۷۲ / ۱۳۳۱ / ۲۱۷۶ / ۲۵۷

جادو کے اثرات ختم کرنا

یہ نقش بھی جادو کے اثرات ختم کرنے میں بے حد مؤثر ثابت ہوا ہے اور یہ نقش حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منسوب ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ باوضو آٹھ نقش تیار کئے جائیں۔ ایک نقش موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں اور سات نقش مریض کو روزانہ دودھ میں گھول کر پلائے جائیں۔ نقش ہمیشہ رات کو سوتے وقت پلایا جائے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶۵۱۸	۱۶۵۲۱	۱۶۵۲۵	۱۶۵۱۱
۱۶۵۲۴	۱۶۵۱۲	۱۶۵۱۷	۱۶۵۲۲
۱۶۵۱۳	۱۶۵۲۷	۱۶۵۱۹	۱۶۵۱۶
۱۶۵۲۰	۱۶۵۱۵	۱۶۵۱۴	۱۶۵۲۶

سحر سے مکمل نجات کے لئے

مندرجہ ذیل کلمات اور آیاتِ قرآنی اکیس۲۱ مرتبہ باوضو پانی پر دم کر کے روزانہ مغرب کے بعد اکیس۲۱ روز تک پلائیں۔ اگر روزانہ پڑھنا دشوار ہو تو ایک ہی دن اکیس۲۱ مرتبہ باوضو ان کلمات کو پڑھ کر کسی بوتل میں پانی بھر کر اسے دم کر کے رکھ لیں اور روزانہ مغرب کے بعد یہ پانی

تین گھونٹ اکیس۲۱ دن تک پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر سے پوری طرح نجات ملے گی اور اگر اس عمل کے بعد کوئی شخص پھر جادو کرائے گا۔ تو اسی کی طرف وہ جادو لوٹ جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ بجری بجری کواڑ بجری باندھوں دسوں دوار بجری آئے بجری جائے سب جگ سمائے ٹونا جادو سب رد ہو جائے جو ٹونا جادو پھر کرائے الٹ پلٹ وہاں کا وہیں پر جائے۔ جو کرے سو مرے۔ بحق لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَلَا یَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا خَسَارًا ۔ (سورۃ بنی اسرائیل آیت ع پارہ ۱۵)

جادو سے نجات کے لیۓ

اگر کوئی شخص جادو میں مبتلا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل صرف دو نقش گلاب و زعفران سے باوضو تیار کیے جائیں۔ موم جامہ کر کے ایک مریض کے گلے میں ڈال دیں اور ایک بوتل میں ڈال کر اس میں پانی بھر دیں۔ پھر صبح و شام یہ پانی مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو جادو سے نجات ملے گی۔ یہ نقش "اَلَیْسَ اللّٰهُ بِکَافٍ عَبْدَهٗ" قرآن حکیم کی ۲۴ ویں پارے کی آیت کا ہے۔

نقش یہ ہے۔ اس آیت کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ چالیس۴۰ دن تک گوشت سے پرہیز کے ساتھ روزانہ گیارہ سو۱۱۰۰ مرتبہ باوضو پڑھیں۔ بعدہٗ روزانہ صرف گیارہ۱۱ مرتبہ پڑھتے رہیں۔

۷۸۶

۸۸	۹۱	۹۵	۸۱
۹۴	۸۲	۸۷	۹۲
۸۳	۹۷	۸۹	۸۶
۹۰	۸۵	۸۴	۹۶

آسیب کے اثرات اور جناتی جادو کا علاج

اگر کوئی آسیبی اثرات کا شکار ہو یا جناتی جادو کا شکار ہو تو سرسوں کے تیل پر باوضو اوّل و آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھیں اور درمیان میں ایک بار سورۃ فاتحہ اور سات مرتبہ سورۃ ناس قرآن حکیم کی آخری سورۃ بغیر سین کے پڑھیں۔ مثلاً قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّا۔ مَلِكِ النَّا۔ اِلٰهِ النَّا وغیرہ۔ واضح رہے کہ یہ عمل قدیم عاملین سے نقل ہوتا چلا آ رہا ہے۔ پھر بھی بہتر یہ ہے کہ چونکہ قرآن حکیم کا معاملہ ہے اس لئے شرعی فتویٰ حاصل کر کے یہ عمل کیا جائے اور اس عمل کو اس وقت اختیار کریں جب دوسرے عملیات سے فائدہ نہ ہوا ہو۔

کھلائے پلائے جادو کے اثرات ختم کرنا

اگر یہ شبہ ہو کہ کسی شخص کو کسی نے کچھ کھلا پلا دیا ہے جس سے جسم کے اندر جادو کے اثرات پیدا ہو گئے ہیں۔ تو ایسے شخص کے علاج کے لئے اس نقش کو روزانہ چینی کی پلیٹ پر باوضو لکھ کر دن میں تین۳ مرتبہ پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جسم کے اندر سے جادو کے اثرات نکل جائیں گے اور اس شخص کو شفا حاصل ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۴۲۳۸	۳۴۲۳۳	۳۴۲۴۰
۳۴۲۳۹	۳۴۲۳۷	۳۴۲۳۵
۳۴۲۳۴	۳۴۲۴۱	۳۴۲۳۶

سفلی جادو اتارنے کے لئے

جس شخص پر سحر کا اثر ہو اس مریض پر مندرجہ ذیل سب سورتیں باوضو پڑھ کر دم کریں۔ اس کے بعد ایک بوتل میں پانی بھر کر اس پانی کو بھی اسی طرح دم کریں۔ اور دن کے بارہ۱۲ گھنٹوں میں ہر ایک گھنٹے میں ایک گھونٹ یہ پانی مریض کو پلائیں۔ اس طرح سات دن تک عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کیسا بھی مہلک سفلی جادو ہو گا اتر جائے گا۔ جو کچھ پڑھا جائے گا اس کی تفصیل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ایک بار، سُوْرَۃُ فَاتِحَہ سات بار، آیَۃُ الْکُرْسِی سات بار، سُوْرَۃُ کٰفِرُوْن سات بار، سُوْرَۃُ اِخْلَاص سات بار، سُوْرَۃُ فَلَق سات بار، سُوْرَۃُ نَاس سات بار۔ عمل کے شروع اور آخر میں تین۳ تین۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں۔

سحر کے اثرات سے نجات کے لئے

حروف مقطعات کے چاروں عناصر کا اجتماعی نقش باوضو دو۲ عدد بنائیں۔ ایک گلاب و زعفران سے بنا کر بوتل میں ڈالیں اور پھر اس میں پانی بھر دیں۔ اور اس پانی کو صبح دوپہر شام تین۳ تین۳ گھونٹ سحر زدہ کو پلائیں اور دوسرا نقش کالی روشنائی سے لکھ کر کالے کپڑے میں موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ گیارہ۱۱ دن میں سحر کے اثرات سے نجات مل جائے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۴۶ ۸۴۹　۸۳۸ ۸۵۲	۸۴۹ ۸۴۶　۸۵۲ ۸۳۸	۸۵۲ ۸۳۸　۸۴۹ ۸۴۶	۸۳۸ ۸۵۲　۸۴۶ ۸۴۹
۸۵۱ ۸۳۹　۸۵۰ ۸۴۵	۸۳۹ ۸۵۱　۸۴۵ ۸۵۰	۸۴۵ ۸۵۰　۸۳۹ ۸۵۱	۸۵۰ ۸۴۵　۸۵۱ ۸۳۹
۸۴۰ ۸۵۲　۸۴۴ ۸۴۹	۸۵۴ ۸۴۰　۸۴۷ ۸۴۴	۸۴۷ ۸۴۴　۸۵۳ ۸۴۰	۸۴۴ ۸۴۷　۸۴۰ ۸۵۴
۸۴۸ ۸۴۳　۸۵۳ ۸۴۱	۸۴۳ ۸۴۸　۸۴۱ ۸۵۴	۸۴۱ ۸۵۳　۸۴۳ ۸۴۸	۸۵۳ ۸۵۱　۸۳۸ ۸۴۳

سحر سے نجات حاصل کرنے کے لئے

جس پر جادو کر دیا گیا ہو اس پر روزانہ اکیس ۲۱ مرتبہ یہ کلمات باوضو پڑھ کر دم کریں سات دن تک اور ان ہی کلمات کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر سے نجات ملے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ عَلِیْقًا مَلِیْقًا تَلِیْقًا خَالِقًا مَخْلُوْقًا کَافِیًا شَافِیًا اِرْتَضٰی مُرْتَضٰی بِحَقِّ یَا بُدُّوْحُ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَلَا یَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا خَسَارًا۔ بِحَقِّ اَسَا لَا سَا سَالُوْسَا۔

سحر کو دفع کرنے کے لئے

سحر کو دفع کرنے کے لئے سورۂ یٰسین کی درج ذیل آیت روزانہ باوضو ۳۶۰ مرتبہ پڑھ کر سات روز تک دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر کے اثرات رفع ہوں گے۔ آیت یہ ہے۔

اِنَّا جَعَلْنَا فِیْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِیَ اِلَی الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ○ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰهُمْ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ○

اسی آیت کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کی کمر میں

باندھیں کہ تعویذ پشت پر رہے۔ اور گرہ آگے پیٹ پر۔

جادو کے دفعیہ کے لئے

سورۂ طٰہٰ (پارہ ۱۶) کی باوضو تلاوت بھی جادو کے دفعیہ کے لئے تیر بہدف ہے۔ روزانہ اس کی تلاوت مریض کے پاس بیٹھ کر کی جائے اور تلاوت کے بعد مریض پر دم کردیں اور سورۂ طٰہٰ کا نقش مریض کے گلے میں ڈالیں۔ تلاوت گیارہ روز تک لگاتار کریں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹۹۸۲۰	۹۹۸۲۳	۹۹۸۲۷	۹۹۸۱۳
۹۹۸۲۶	۹۹۸۱۴	۹۹۸۱۹	۹۹۸۲۴
۹۹۸۱۵	۹۹۸۲۹	۹۹۸۲۱	۹۹۸۱۸
۹۹۸۲۲	۹۹۸۱۷	۹۹۸۱۶	۹۹۸۲۸

سحر میں مبتلا شخص کا علاج

مندرجہ ذیل دونوں نقش چینی کی بڑی پلیٹ پر باوضو لکھ کر مسحور کو پلائے جائیں۔ نقش نمبر ایک صبح کو پلایا جائے۔ نقش نمبر دو شام کو پلایا جائے۔

نقش نمبر ایک یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

سحر سے نجات حاصل کرنے کے لئے

۳۵۶۵	۳۵۵۳	۳۵۵۸	۳۵۶۳
۳۵۵۴	۳۵۶۸	۳۵۶۰	۳۵۵۷
۳۵۶۱	۳۵۵۶	۳۵۵۵	۳۵۶۷

آسیب سے نجات کے لئے

آسیب زدہ کے لئے یہ فتیلہ کورے چراغ میں حسب قاعدہ روشن کریں۔ سات دن تک لگاتار روشن کریں اور ہر بار نیا چراغ لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب سے نجات ملے گی۔ فتیلہ کا طلسم یہ ہے۔

سلالالاہ

آسیب کو دفع کرنے کے لئے

اس طلسم کا باوضو فتیلہ بنا کر آسیب زدہ کے ناک میں جلا کر

دھواں پہنچادیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب بے دم ہو کر دفع ہوگا۔

طلسم یہ ہے۔

ے ص ۳۹۹۸۸۰۳۱ ے ص

آسیب کے دفعیہ کے لئے

اس فتیلے کو باوضو تیار کرکے مریض کے روبرو نئے چراغ میں جلائیں، تین دن تک انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہوگا۔

ج د اا د ج د اا د ج

بحق یا بدوح یا تنکھیل

آسیب کو بھگانے کے لئے مجرب عمل

اسمائے اصحاب کہف بعبارتِ ذیل کاغذ پر لکھ کر جس کمرے میں مریض رہتا ہو اس کی دیواروں پر چاروں طرف چپکا دیں اور مندرجہ ذیل نقش لکھ کر مریض کو دکھائیں وہ دیکھنے سے انکار کرے تو جبراً دکھائیں۔ اور پھر اسی نقش کو تعویذ بنا کر موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں ڈالدیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہوگا۔

اسماء اصحاب کہف اس طرح لکھیں۔

اِلٰہی بِحُرمَۃِ یَملِیخَا مَکسَلمِینَا کَشفُوطَط

اَذْ رُفَطْيُوْنَسْ كَشَا فَطْيُوْنَسْ يُوَانَسْ بُوْسْ وَكَلْبُهُمْ قِطْمِيْرٌ ۝ وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَائِرٌ ۝ وَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲	۴	۶	۸
۸	۶	۴	۲
۴	۲	۸	۶
۶	۸	۲	۴

آسیب کو دور کرنے کا عمل

اس نقش کو لکھ کر باوضو فتیلہ بناکر نئے چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر پاک جگہ جلادیں۔ آسیب زدہ کو تاکید کریں کہ چراغ کو دیکھتا رہے۔ چراغ کے اردگرد تازہ گلاب کے پھول رکھدیں۔

یہ عمل بھی بے حد سریع الاثر اور مجرب ہے۔

نقش یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

بحق عزرائیل

۱	۲		
۳	۴		
۱	۲	۳	۴
۳	۴	۴	۵
۴	۵	۶	۷
۵	۶	۷	۸
۶	۷	۸	۹

ات ححح

بحق عزرائیل

۱	۲		
۳	۴		
۵	۶	۷	۸
۶	۷	۸	۹
۷	۸	۹	۱۰
۸	۹	۱۰	۱۱
۹	۱۰	۱۱	۱۲

۱	۲
۳	۴

۱	۲
۳	۴

آسیب کو دفع کرنے کا فتیلہ

یہ نقش باوضو لکھ کر فتیلہ بناکر حسبِ قاعدہ نئے چراغ میں سرسوں کے تیل میں جلادیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ آسیب دفع ہوگا۔

بسوختم آسیب وجن وخبیث

۱	۵	۱۴	۴
۱۲	۶	۷	۹
۸	۱۰	۱۱	۱۵
۱۳	۳	۲	۱۶

انت تعلم ما فی قلوبہم علیقا ملیقا تلیقا

کردم وجود فلاں بن فلاں است اگر گریزد

آسیبی اثرات سے نجات کے لئے

اگر کسی مکان میں آسیب کے اثرات ہوگئے ہوں تو ان کو ختم کرنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر کالے کپڑے میں لپیٹ کر گھر کے جس کمرے میں اثرات محسوس ہوتے ہوں لٹکا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیبی اثرات ختم ہو جائیں گے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹۹۰۹	۹۹۲۲	۹۹۱۹	۹۹۱۶
۹۹۲۰	۹۹۱۵	۹۹۱۰	۹۹۲۱
۹۹۱۴	۹۹۱۷	۹۹۲۴	۹۹۱۱
۹۹۲۳	۹۹۱۲	۹۹۱۳	۹۹۱۸

آسیب سے نجات کا فتیلہ

اس نقش کو باوضو لکھ کر فتیلہ بنا کر حسبِ قاعدہ چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر جلا دیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ آسیب جل جائے گا یا نہ آنے کا اقرار کر کے بھاگ جائے گا۔
نقش یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

۲۱۸۲۳ ۷۸۶ ج۱۲۱۱ ۲۸ ۲۸۱ ۸۰۱۱

یاقاھرذا البطش الشدید انت الذی لا یطاق انتقامہ یاقاھر فھی فلک ذا الحبۃ۔

اجب بحق میکائیل	اجب بحق جبرائیل	اجب بحق جبرائیل	اجب بحق اسمٰعیل
اجب بحق اسرافیل	اجب بحق اسمٰعیل	اجب بحق لورائیل	اجب بحق لومائیل
اجب بحق تنکفیل	اجب بحق جبرائیل	اجب بحق کلکائیل	اجب بحق یوحمائیل
اجب بحق تنکفیل	اجب بحق عبائیل	اجب بحق عزرائیل	اجب بحق دردائیل

ابلیس، ھامان، ابلیس وفرعون، نمرود وشدّاد ماکان فی ھذا سید الجن یحرق فی ھذا المصباح ھھھھ ‖ ۶۶۶۶ ۶۶۶۶ ✳ ووم ص

آسیب کو بھگانے کا عمل

اس نقش کو باوضو لکھ کر فتیلہ بنائیں اور اس پر نیلے رنگ کا کپڑا لپیٹ کر اس کو جلائیں اور اس کا دھواں آسیب زدہ کی ناک میں پہنچائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی وقت جل جائے گا۔ یا بھاگ جائے گا۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

بحق جبرائیل بحق دردائیل بحق صبور

آسیب زدہ کی حفاظت کے لئے

سورۃ مزمل کا نقش بھی آسیب زدہ کے کیلئے بے حد مفید ثابت ہوتا ہے۔ باوضو لکھیں اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے

٣١٧٨٠٨	٣١٧٨١١	٣١٧٨١٤	٣١٧٨٠١
٣١٧٨١٣	٣١٧٨٠٢	٣١٧٨٠٧	٣١٧٨١٢
٣١٧٨٠٣	٣١٧٨١٦	٣١٧٨٠٩	٣١٧٨٠٦
٣١٧٨١٠	٣١٧٨٠٥	٣١٧٨٠٤	٣١٧٨١٥

آسیب کے دفع ہونے کے لئے

مندرجہ ذیل دو۲ نقش باوضو تیار کریں۔ ایک نقش آسیب زدہ کے گلے میں موم جامہ کر کے ڈال دیں اور ایک نقش زعفران و عرق گلاب سے لکھ کر کسی بوتل میں ڈال کر پانی بھر دیں۔ اور اس بوتل کا پانی گیارہ۱۱ دن تک مریض کو پلاتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

٣٢٤	٣٢٧	٣٣٠	٣١٧
٣٢٩	٣١٨	٣٢٣	٣٢٨
٣١٩	٣٣٢	٣٢٥	٣٢٢
٣٢٦	٣٢١	٣٢٠	٣٣١

سخت ترین آسیب سے نجات کے لئے

اگر کسی شخص پر سخت ترین آسیب چڑھا ہوا ہو تو اس کا علاج مندرجہ ذیل تین نقوش کے ذریعہ کیا جائے۔ نمبر ایک نقش باوضو لکھ کر اور اسے نیلے کپڑے میں لپیٹ کر فتیلے کی شکل میں آسیب زدہ کے پورے بدن کو دھواں دیں اور اس کی ناک میں بھی دھواں پہنچانے کی کوشش کریں۔

نمبر دو۲ نقش کو باوضو زعفران سے لکھیں اور اس کو پانی میں گھول کر آسیب زدہ کو پانی پلا دیں۔ اور یہی نقش موم جامہ کر کے آسیب زدہ کے گلے میں ڈال دیں۔

نمبر تین۳ نقش باوضو فتیلہ بنا کر کورے چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر روشن کریں اور مریض کو تاکید کریں کہ وہ چراغ کی طرف دیکھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہوگا ورنہ جل جائے گا۔

نقوش یہ ہیں۔

نقش نمبر ایک۱۔

٧٨٦

٣٥٤٧٤٩	٣٥٤٧٥٢	٣٥٤٧٥٦	٣٥٤٧٤٢
٣٥٤٧٥٥	٣٥٤٧٤٣	٣٥٤٧٤٨	٣٥٤٧٥٣
٣٥٤٧٤٤	٣٥٤٧٥٨	٣٥٤٧٥٠	٣٥٤٧٤٧
٣٥٤٧٥١	٣٥٤٧٤٦	٣٥٤٧٤٥	٣٥٤٧٥٧

نقش نمبر دو۲ (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۱۵۳۱۷	۱۵۳۳۰	۱۵۳۲۷	۱۵۳۲۴
۱۵۳۲۸	۱۵۳۲۳	۱۵۳۱۸	۱۵۳۲۹
۱۵۳۲۲	۱۵۳۲۵	۱۵۳۳۲	۱۵۳۱۹
۱۵۳۳۱	۱۵۳۲۰	۱۵۳۲۱	۱۵۳۲۶

نقش نمبر تین ۳۔

۷۸۶

۱۸۵۳۶	۱۸۵۵۰	۱۸۵۴۷	۱۸۵۴۴
۱۸۵۴۸	۱۸۵۴۳	۱۸۵۳۷	۱۸۵۴۹
۱۸۵۴۲	۱۸۵۴۵	۱۸۵۵۲	۱۸۵۳۸
۱۸۵۵۱	۱۸۵۳۹	۱۸۵۴۱	۱۸۵۴۶

دفع جن کا مجرّب عمل

دفع جن کے لئے یہ نقش بھی حد سے زیادہ مجرّب ہے۔ یہ نقش کالے دھتورے کے عرق سے باوضو لکھیں اور خالص ارنڈ کے تیل میں فتیلہ جلا دیں۔

فتیلہ جلانے سے پہلے جمّن جنّی کو ایصال ثواب کرنے کے لئے نابالغ بچوں کو کچھ شیرینی اسی وقت تقسیم کریں۔ یہ فتیلہ اگر چاند کی نئی جمعرات کو لکھ کر رکھ لیں تو زیادہ کارآمد ثابت ہو سکتا ہے۔

فتیلے والا نقش یہ ہے۔ فلاں ابن فلاں کی جگہ مریض

اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔ یہ بوقت ضرورت لکھیں۔

یامعشر الجن

بحق وردائیل

لا

لا الٰہ الا انت
سبحانک یاحاضر
یاحاضر بالقہار

ھا

ک

مجومجر مجومجر
فلاں
ابن فلاں

جن وآسیب کے اثرات دور کرنا

اگر کسی شخص کو جن وآسیب کے اثرات کی وجہ سے شدید بخار ہو یا خوف و دہشت کی وجہ سے کسی کا بدن کپکپاتا ہو تو یہ نقش باوضو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ چند گھنٹوں میں بخار اتر جائے گا اور خوف و دہشت سے بھی نجات مل جائے گی۔

نقش اس طرح بنیں گے۔ دونوں نقش ایک ہی کاغذ پر لکھ کر ایک تعویذ بنائیں اور موم جامے کے بعد کالے کپڑے میں موم جامہ کریں کسی اور رنگ کے کپڑے میں نہ کریں (نقش اگلے صفحہ پر)

یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح

یابدوح	یابدوح
یابدوح	یاپدوح
یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح

بخار، خوف، کپکپاہٹ ختم کرنے کا نقش

مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھیں۔ یہ نقش بخار خوف ووحشت اور کپکپاہٹ کے لئے انتہائی مفید ہے۔ موم جامہ کرکے مریض کے گلے ڈال دیں۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۳۰	۲۷	۸
۲۸	۷	۲	۲۹
۶	۲۵	۳۲	۳
۳۱	۴	۵	۲۶

جن، بھوت اور آسیب کو دفع کرنے کے لئے

آیت ذیل جن، بھوت، آسیب کے دفعیہ کے لئے بہت مجرب ہے۔

مندرجہ ذیل آیت کو مریض کے دائیں کان میں باوضو اکیس [۲۱] مرتبہ

اور بائیں کان میں انیس [۱۹] مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ انشاءاللہ آسیب دفع ہوگا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر اس آیت کی زکوٰۃ ادا کردی جائے تو عمل زیادہ کارگر ہوتا ہے۔ زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ اس آیت کو باوضو اکتالیس [۴۱] دن تک روزانہ ایک ہزار مرتبہ اور اول و آخر گیارہ [۱۱] گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اکتالیس [۴۱] دن پورے ہوجانے پر اسکا ایصالِ ثواب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل میں تمام عاملین واکابرین اور مؤمنین و مسلمین کو پہنچا دے۔ بعدہٗ اس آیت کو دس مرتبہ روزانہ ورد میں رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ باضابطہ اس عمل کا عامل ہوجائے گا۔ اور جب بھی بوقت ضرورت یہ عمل کرے گا تو فوراً فائدہ ہوگا۔ آیت یہ ہے۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۝ (پ۲۳ ع۱۲) وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ۝ (پ۶ ع۳)

آسیب کو قید کرنے کا عمل

اگر کسی شخص پر آسیب ہو اور سخت قسم کا آسیب ہو اور یہ چاہے کہ اس کو قید کرے تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ اوّل آسیب کو حاضر کرے۔ حاضر کرنیکے طریقے اس کتاب کے آخر میں نقل کئے جارہے ہیں۔ کسی بھی طریقے سے حاضر کرے۔ عامل کو اختیار ہے۔ اُسی وقت گوگل، لوبان، گیندے کے

پھول (سوکھے ہوئے) اسپند اور پیلی سرسوں لیکر سات مرتبہ مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر ان چیزوں پر دم کرے اور پھر ان چیزوں کو انگیٹھی وغیرہ میں کوئلوں کے ساتھ جلا کر مریض کے چاروں طرف دھونی دیتا رہے۔ یہانتک کہ آسیب کی طاقت ختم ہوجائے۔ اس وقت مریض کو تا آسمان آگ ہی آگ نظر آئے گی ہیبت بالکل نہ کھائے، کوری ہانڈی اس وقت اپنے پاس بمع ڈھکن رکھے اور آسیب بے بس ہوجائے تو اس سے عامل کہے کہ اس ہانڈی میں داخل ہوجاؤ۔ تھوڑی دیر کے بعد آسیب ہنڈیا میں داخل ہوجائے گا۔ اس کی علامت یہ ہے کہ مریض کے ہوش وحواس درست ہوجائیں گے۔ اسی وقت ہانڈی کا منہ بند کردے اور گیہوں کا آٹا ڈھکن کے چاروں طرف چڑھادے اور ہانڈی کا منہ بند کرتے وقت عامل یہ عزیمت پڑھے۔

عَقَدْتُمْ عَقَدْتُمْ عَقَدْتُمْ عَقْرُوْشٍ عَقْرُوْشٍ عَقْرُوْشٍ قَرْقَشٍ قَرْقَشٍ حَسِبْتَنَا حَسِبْتَنَا حَسِبْتَكَ لِقُيُوْدِ سُلَيْمَان ابن داود علیہ السلام بہ صد ہزار بند آهنی کردم تا من نکشایو ہیچ کس نکشاید بحق لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ و بحق این نقش خاتم سلیمان ابن داود علیہ السلام۔

ہنڈیا کے گلے پر مریض اور اس کی ماں کا نام لکھ کر یہ آیت لکھدے۔

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ وَعَلٰى

اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ۔ (سورۂ بقرہ وسورہ یٰسین)

پھر اس ہنڈیا کو کسی قبرستان یا جنگل میں گڑھا کھود کر ہنڈیا اسمیں رکھدیں اور گوگل اور پیلی سرسوں پر مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر دم کردیں اور اس کو ہنڈیا کے چاروں طرف ڈال کر ہنڈیا پر مٹی ڈال کر اسے دفن کردیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب اسی میں دفن ہوجائے گا۔

جو عزیمت گوگل اور پیلی سرسوں پر پڑھی جائے گی وہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ۔ بحق جبرائیل بحق میکائیل بحق اسرافیل بحق عزرائیل وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ۔ بحق انجیل عیسیٰ وتوریت موسیٰ و زبور داود وفرقان محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بحق لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وبحق این نقش خاتم سلیمان ابن داؤد علیہ السلام بحق مطلب لف بحق مَسِيْخَسَا مَاحِ بحق طهموشالیرمن تادها بحق معططورها بحق مُسَلْمَلِيَا بحق مُقَطَطلُون بحق قومُلُون بحق مَصْمَارَحَبَش

بحق سباسکح میس بحق مطط طفع بحق مُصطفیٰ بحق لمَرُشد شائیل
بحق ازحضور ائیل واو قیاتیل وھموزائیل بِرَحْمَتِكَ
يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ -

یہ عزیمت پڑھ کر پیلے رنگ کی سرسوں اور گوگل پر پڑھ کر دم کرکے ہنڈیا کے چاروں طرف بکھیر دیں اور پھر ہنڈیا کو دفن کردیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ آسیب مقید ہوجائیگا۔

آسیب دفع ہونے کا عمل

سورۂ مزمل (پارہ ۲۹) تین مرتبہ پڑھ کر سرسوں کے تیل پر دم کرکے مریض کو دیں اور تاکید کردیں کہ وہ پورے جسم کی مالش کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تین دن میں مکمل آرام ہوگا اور آسیب دفع ہوگا۔

مکان کو ہر قسم کے آسیب سے محفوظ کرنا

جس مکان میں آسیب کا اثر ہو اس مکان میں مندرجہ ذیل نقش فریم میں لگا کر دیوار میں لگادیں اس طرح کہ یہ نقش دروازہ کے بالکل سامنے ہو۔ دروازہ کھلتے ہی نقش پر نظر پڑے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مکان ہر قسم کی آفات سے محفوظ رہے گا۔ اور آسیب دفع ہوگا۔
نقش یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

		۴		
	۳		۹	
۸		۵		۲
	۱		۷	
		۶		

آسیب کے بھگانے کے لئے

یہ نقش باوضو لکھ کر آسیب زدہ کو کاغذ کی گولی بنا کر پانی سے نگلوادیں۔ انشاءاللہ آسیب فریادی ہوکر فرار ہوگا۔
نقش یہ ہے۔

آسیب وجن سے نجات کے لئے

جس کسی کو جن کا اثر ہو یا آسیب یا چڑیل وغیرہ کا اثر ہو تو اس کے لئے یہ عمل بھی مجرب ثابت ہوگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

مندرجہ ذیل عزیمت کو باوضو تین ۳ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر دیں۔ اور مریض کو پلا دیں۔ اگر وہ نہ پیئے تو پھر اس کے منہ پر چھینٹیں ماریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن و آسیب وغیرہ کے اثرات زائل ہو جائیں گے۔ یوں اگر زائل نہ ہوں تو اسی عزیمت کا فتیلہ بنا کر کورے چراغ میں روشن کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن و آسیب جل کر خاک ہو جائیں گے۔

عزیمت یہ ہے۔

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ بِرَبِّ جِبْرَئِيْلَ وَ مِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَعِزْرَائِيْلَ اَسْخَنَا الَّذِيْ جَعَلَ الْعَرْشَ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ بِالَّذِيْ اَجَابَنِيْ اَذْنَبَ لَهٗ عِيْسَى اِبْنَ مَرْيَمَ وَالسَّيِّدِ نَابِرُوْحِ الْقُدُسِ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ سُلَيْمَانَ اِبْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ الَّذِيْ سَخَّرَ لَهُ الرِّيَاحَ وَالْجِنَّ وَالشَّيَاطِيْنَ سَرِيْعًا۔

مریض کی صحتیابی کے لئے

مندرجہ ذیل قرآن حکیم کی آیت کو نو ۹ بار پڑھیں اس کے بعد اس آیت کا نقش باوضو تیار کریں اور اس نقش کے نیچے اس شخص کا اور اس کی ماں کا نام لکھ دیں جس پر جن کا اثر ہو۔ یہ نقش دو مٹھی بھر اڑد نئی ہنڈیا میں ڈال کر اس کو بند کر دیں پھر نو ۹ بار آیت الکرسی پڑھ کر اس ہنڈیا پر پھونک دیں۔ پھونکنے کے بعد ہی ہنڈیا کو بند کر کے اسکے چاروں طرف

آٹا گیلا کر کے لگا دیں۔ پھر تین ۳ روز تک اس ہنڈیا کو آدھے گھنٹے تک پکائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن جل کر خاک ہو جائے گا۔ اس عمل کے بعد اڑد کی دال پکائیں اور اس پر قرآن حکیم کی یہی آیت تین ۳ مرتبہ اور آیت الکرسی تین ۳ مرتبہ اور سورۃ جن ایک مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں اور یہ دال مریض کو کھلا دیں روٹی سے یا صرف دال پلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض پوری طرح صحتیاب ہو جائے گا۔

آیت یہ ہے۔

نِعْمَ الْمَوْلٰى وَ نِعْمَ النَّصِيْرُ ۝ (پ ع)

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

اس آیت کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۶۹	۲۷۲	۲۷۶	۲۶۲
۲۷۵	۲۶۳	۲۶۸	۲۷۳
۲۶۴	۲۷۸	۲۷۰	۲۶۷
۲۷۱	۲۶۶	۲۶۵	۲۷۷

جن، بھوت کا اثر ختم کرنا

اگر کسی شخص پر جن، بھوت یا آسیب وغیرہ کا اثر ہو تو اس کے گلے میں یہ کلمات باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے ڈال دیں اور ان کلمات کو بمع بسم اللہ سات ۷ مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کر دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ

فی الفور فائدہ محسوس ہو گا۔ بہت ہی مجرب ہے۔

کلمات یہ ہیں۔

اِنَّمَا صَنَعُوْا کَیْدُ سَاحِرٍ وَلَا یُفْلِحُ السَّاحِرُ حَیْثُ اَتٰی ۔ اِنِّیْ اَهُوْ سَانَا هُوَ مَا اَبْنُ مُوْمَا اِهْیًا اَشْرَاهِیًا۔

آسیب کو دفع کرنے کے لئے

آسیب زدہ مریض کو یہ نقش چینی کی پلیٹ پر باوضو لکھ کر باربار دکھائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے۔

ہ ۹۹۹ ۱۱۱۸۹ ۵

آسیب کو جلانے کا فتیلہ

آسیب کو جلانے کے لئے یہ نقش بھی بے حد مجرب ہے۔ باوضو لکھ کر کورے چراغ میں حسب قاعدہ فتیلہ بنا کر جلائیں۔

نقش اس طرح بنا کر فتیلہ بنالیں۔

۷۸۶

بحق ۱۱ اج ۱۱ ح ح

بحق یا بدوح بحق تنکفیل.

آسیبی اثرات سے نجات کے لئے

سورۂ جن کی آیات شروع سے شططا تک چھ ۶ مرتبہ باوضو پڑھ کر مریض پر دم کر دیں اور یہی آیات اتنی ہی تعداد میں پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی مریض کو پلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیبی اثرات سے نجات ملے گی۔

جن، آسیب کے اثرات کو ختم کرنا

اگر کسی مکان میں جن یا آسیب کے اثرات ہوں تو اس مکان کے چاروں کونوں میں اذان دینا مفید ہے۔ اذان دینے سے اثرات انشاء اللہ تعالیٰ زائل ہو جائیں گے۔

مکان سے جنات کو بھگانے کے لئے

اگر کسی مکان میں جنات کا اثر ہو تو بتاشے والی میخ چار عدد لیکر ہر ایک میخ پر اکیس ۲۱ مرتبہ سورۂ طارق (پارہ ۳۰) کی آخری دو آیتیں باوضو پڑھ کر دم کر دیں اور باوضو تعوذ و تسمیہ کے ساتھ مکان کے ہر گوشے میں ایک کیل گاڑ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جنات اس مکان سے رخصت ہو جائیں گے۔

جن، بھوت، آسیب سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص جن بھوت یا جادو کے اثر میں مبتلا ہو تو

اس نقش کو باوضو لکھ کر اس کی پشت پر یہ عبارت لکھیں۔
(ہر بلائے کہ در وجود فلاں ابن فلاں باشد گرفتہ بسوزند) فلاں ابن
فلاں کی مریض کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھدیں۔
نقش چودھویں خانے کی طرف سے موڑیں اور بارہویں خانے کی
طرف سے روشن کریں۔ حسبِ قاعدہ کورے چراغ میں اس وقت
فتیلہ جلائیں جب گھر کے سب افراد سو جائیں اور آمد و رفت
گھر میں بالکل بند ہو جائے۔ مریض عامل اور ایک دو تیمار دار
کے علاوہ کمرے میں کوئی موجود نہ ہو۔ مریض کا رخ قبلہ کیطرف
کریں۔ فتیلہ روشن کرتے وقت تازہ پھول خوشبودار چراغ کے
قریب ہی رکھیں۔ تھوڑی دیر میں مریض کو سکون ملے گا ـــــ صبح
مریض کے اٹھنے سے پہلے پہلے چراغ اور پھول وغیرہ سب کسی
دریا میں یا تالاب میں ڈلوا دیں۔ لگاتار تین روز تک ایسا
کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو مکمل فائدہ ہوگا۔ اور جن
بھوت یا اگر سحر و جادو کا شکار ہوگا تو اس کو بفضل ربّ
العالمین کلیتہً نجات ملے گی۔ نقش یہ ہے۔

[illegible] اقسمت علیکم بحق دردائیل

بحق اجهڑ

۱۴	۱۹	۱۲
۱۳	۱۵	۱۷
۱۸	۱۱	۱۶

بحق [illegible] اجهڑ

[illegible] اقسمت علیکم بحق رفتمائیل

آسیب کے اثر سے مریض کا صحتیاب ہونا

اس فتیلہ کو باوضو لکھ کر کچی گھانی کا تیل لیکر کورے چراغ
میں روشن کریں۔ آسیب زدہ کو تاکید کریں کہ وہ چراغ
کیطرف دیکھتا رہے۔ فتیلے پر نیلے رنگ کا سوت ضرور
لپیٹ دیں ـــــ مغرب یا عشاء کے بعد فتیلہ جلائیں اور
سات یا نو روز تک لگاتار جلائیں۔ انشاء اللہ پوری
طرح صحت حاصل ہوگی۔
عبارت یہ لکھیں۔ زیر زبر لگانے کی ضرورت نہیں۔
علیقا ملیقا انت تعلم ما فی قلوبھم تلیقا
فرعون ھامان شداد نمرود عوداد دقیانوس
جیحون سیحون لعین یا ملعون نتا فی نار جھنم
دفع ام الصبیان الخناس من جنود ابلیس۔

آسیب وغیرہ کا اثر ختم کرنا

اس نقش کو باوضو لکھ کر فتیلہ بنائیں اور تیرہ[۱۳] کے ہندسہ سے
موڑنا شروع کریں۔ سولہ[۱۶] کے ہندسہ سے روشن کریں۔ موڑنے کے بعد
سولہ[۱۶] کی طرف سیاہ نقطہ لگا دیں۔ تاکہ یاد رہے کہ ادھر
دیا سلائی لگانی ہے۔ فتیلے پر روئی چڑھا لیں اور کورے
چراغ میں تلوں کے تیل یا چنبیلی کے تیل میں یہ فتیلہ
روشن کریں۔ فتیلہ مغرب یا عشاء کے بعد روشن کریں۔

اور لگاتار نو۹ دن تک نئے چراغ میں روشن کریں اور روشنی پر غور کریں کہ کس رنگ کی ہے۔ اور اس کی لَو میں کوئی تصویر بھی نظر آرہی ہے یا نہیں؟ یہ بات مریض سے پوچھتے رہیں۔ واضح رہے کہ روشنی کا رنگ مریض کو بدلا ہوا نظر آئے گا اور اسی کو چراغ کی لَو میں کوئی تصویر نظر آئے گی۔ جس دن مریض کو چراغ کی لَو اصلی رنگ میں جو آگ کا رنگ ہوتا ہے نظر آجائے گی تو سمجھئے کہ اب وہ آسیب وغیرہ کے اثرات سے نکل آیا ہے۔ یہ بھی یاد رکھیں کہ پہلے دن چراغ ڈیڑھ گھنٹے تک جلے گا۔ اس کے بعد اس کی مدّت گھٹتی رہے گی اور نویں دن زیادہ سے زیادہ پندرہ۱۵ بیس۲۰ منٹ تک جل سکے گا۔ اور یہ صحت مند ہونے کی علامت ہوگی۔

نقش یہ ہے۔

اللّٰھم احرق الشیاطین

۱۶	۲	۳	۱۳
۵	۱۱	۱۰	۸
۹	۷	۶	۱۲
۴	۱۴	۱۵	۱

جن، آسیب کو دور کرنے کے لئے

اس فتیلے کو باوضو لکھ کر اس پر نیلا ڈورا لپیٹ کر کوئلوں کی آگ پر رکھے۔ اور آسیب زدہ کے نتھنوں میں دھواں دے۔ اور مریض کا نام مع اس کی ماں کے، نقش کی پشت پر لکھے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

فرعون	ابلیس	ھامان	۱۱۳
ابلیس	ھامان	۱۱۳	فرعون
ھامان	۱۱۳	فرعون	ابلیس
۱۱۳	فرعون	ابلیس	ھامان
فرعون وف العجل	ابلیس وف الساعه	ھامان وف الوحا الوحا	۱۱۳ وف الوحا

آسیب کے دفع ہونے کے لئے

اگر معوذتین کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے آسیب زدہ کے گلے میں ڈال دیں تو آسیب دفع ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۶۸۲	۳۶۹۵	۳۶۹۲	۳۶۸۹
۳۶۹۳	۳۶۸۸	۳۶۸۳	۳۶۹۴
۳۶۸۷	۳۶۹۰	۳۶۹۷	۳۶۸۴
۳۶۹۶	۳۶۸۵	۳۶۸۶	۳۶۹۱

بحق این نقش ہر قسم آسیب ونظر بد وہر مرض در وجود این است دفع شود دفع شود دفع شود۔

آسیبی اثرات سے نجات کے لئے

مندرجہ ذیل عزیمت کا فتیلہ باوضو بنا کر مغرب یا عشاء کے درمیان کورے چراغ میں حسب قاعدہ روشن کریں اور سات روز تک لگاتار چراغ بدل کر روشن کرتے رہیں کل سات فتیلے روشن ہوں گے۔ انشاء اللہ پانچویں روز ورنہ پھر ساتویں روز آسیبی اثرات سے پوری طرح نجات مل جائے گی۔

عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ عَلِيْقًا مَلِيْقًا تَلِيْقًا اَنْتَ تَعْلَمُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلسَّاعَةُ اَلسَّاعَةُ اَلسَّاعَةُ نَمْرُوْد هَامَان فِرْعَوْن شَدَّاد اَبُوْجَهْل مِنْ جُنُوْدِ اِبْلِيْس اَجْمَعُوْنَ بِحَقِّ خَاتَمِ سُلَيْمَان ابن دَاؤد عَلَيْهِ السَّلَام وهرچه دربدن آسیب زده باشد بند کرده موکلان فلیته دریں چراغ بسته بیارند وسوزانند خاکستر گردد دفع شود۔

آسیب دفع ہونے کے لئے

مندرجہ ذیل نقش خاص طور پر ان بچوں اور عورتوں کے لئے ہے جو آسیب کی لپیٹ میں ہوں۔ انشاء اللہ تعالیٰ باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے ڈال دینے ہی سے آسیب دفع ہوگا۔ اگر آسیب سخت ہو تو پھر ایک نقش پلا دیا جائے اور ایک گلے میں ڈال دیں۔ مجرب

ہے اور بارہا کا آزمودہ ہے۔

نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ابو بکر

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا

وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا وَمَوْلَانَا

مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ

آسیب کو جلانے کا عمل

مندرجہ ذیل فتیلے کو گیارہ نیلے دھاگوں سے باندھ کر تازہ گلاب کے تین پھولوں کے ساتھ، تینوں فتیلے تین روز تک سرسوں کے تیل میں جلا دیں۔ اگر گلاب کے پھول نہ ملیں تو کوئی بھی خوشبودار پھول سوکھے ہوئے یا تازہ لے لیں۔ چراغ بڑا لیں۔ اور مریض کو تاکید کریں کہ وہ چراغ کو دیکھتا رہے۔ جب تیل میں خون پیدا ہو جائے تو سمجھیں کہ آسیب جل گیا۔

فتیلے کا نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر۔)

فرعون لعین	ابلیس لعین مردود	ھامان لعین	ھو اا
دھنا ابلیس			عنت ھو اا
لعین مردود فرعون			جنرل ابلیس لعین
ھو اا	فرعون	ابلیس قارون	ھامان لعین
ھو اا	ابلیس لعین	ھامان	فرعون
ابلیس لعین	فرعون	ھو اا	ابلیس لعین
فرعون	لعین ھامان	ھو اا	ابلیس لعین
ھو اا	ابلیس لعین	فرعون لعین	ھامان لعین

آسیب کو جلانے کا فتیلہ

مندرجہ ذیل فتیلہ باوضو لکھ کر آسیب کو جلانے اور دفع کرنے میں تیر بہدف ثابت ہوتا ہے۔ حسبِ قاعدہ کورے چراغ میں جلائیں اور پھول خوشبودار چراغ کے پاس رکھیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ آسیب حاضر ہو کر جل جائے گا۔

فتیلہ اس طرح بنائیں۔

جن، آسیب کو جلانے کا فتیلہ

مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر فتیلہ بنا کر اتوار کی شب، پیر کی شب

یا بدھ کی شب میں جلائیں۔ چراغ نو میں حسب قاعدہ جلائیں انشاء اللہ تعالیٰ جو بھی آسیب ہوگا نقش کے مؤکلین اس کو چراغ کی لَو میں حاضر کریں گے۔ فتیلہ گائے کے گھی میں جلائیں۔ لوبان کی الگ سے دھونی دیتے رہیں اور گیارہ چھٹانک شیرینی اور کچھ تازہ پھول چراغ کے قریب رکھیں۔ پھر اس شیرینی اور پھولوں کو بھی چراغ کے ساتھ تالاب میں پھینک دیں۔ نقش کے پیچھے مریض اور اس کی ماں کا نام لکھ کر نیچے یہ عبارت لکھ دیں۔

جو کچھ اس مریض کے جسم میں ہے اور تکلیف دیتا ہے، اے مؤکلو اس کو حاضر کرو اور جلا دو۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷	۲	۴۸	۴۱
۴۴	۴۵	۳	۶
۱	۸	۴۲	۴۷
۴۶	۴۳	۵	۴

آسیب کو دفع کرنے کے لئے

اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے آسیب زدہ کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن میں آسیب دفع ہو جائے گا اور مریض کو آرام ملے گا۔ (نقش اگلے صفحہ پر۔)

۷۸۶

۸	۱۱	۴۹۱۲	۱
۴۹۱۱	۲	۷	۱۲
۳	۴۹۱۴	۹	۶
۱۰	۵	۴	۴۹۱۳

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

آسیبی اثرات سے نجات کے لئے

اگر کسی شخص کو جن یا آسیب ستاتا ہو یا جن و آسیب کا اثر محسوس ہوتا ہو تو صبح و شام یہ کلمات باوضو پڑھے۔ صرف ایک بار صبح ایک بار شام۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیٰطِیْنِ وَاَعُوْذُ بِکَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنَ ۝

اس کے بعد ایک ایک مرتبہ معوذتین پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن اس پر عمل کرنے کے بعد زبردست سکون اور آسیبی اثرات سے نجات محسوس کرے گا۔

آسیب دفع ہونے کے لئے

اگر کسی شخص پر آسیب کا اثر محسوس ہو تو یہ مندرجہ ذیل

نقش بڑے سے کاغذ پہ لکھ کر مریض جہاں لیٹا ہو اس کے سامنے دیوار پر چسپاں کر دیں۔ بڑے سے کاغذ پر بڑے بڑے حروف میں اس کو لکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہو جائیگا۔

نقش یہ ہے۔

ابابکرؓ عمرؓ

نَعْبُدُ اللّٰہ اَشْرَاھِیًا اِیَّاکَ نَعْبُدُ

مکان سے جنّات کا اثر ختم کرنا

اگر کسی مکان پہ زبردست اثر ہو تو عامل صاحبِ مکان یا کسی اور شخص کے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر باوضو یہ لکھ دے اور اس سے کہہ دے کہ جا کر باہر دروازہ پر دائیں ہاتھ سے دستک دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جنّات اسی وقت مکان خالی کر دیں گے۔

دستک کے لئے یہ طلسم لکھیں (اگلے صفحہ پر)

ہ ۷۱۷۵۵ م　　ہ ۷۱۷۵۵ م　　ہ ۷۱۷۵۵ م

آسیب و جن سے نجات کے لئے

اگر کسی کو آسیب پری یا جن کی شکایت ہو تو عامل کو چاہیئے کہ وہ چہل کاف کو سات مرتبہ سرسوں کے چھٹانک بھر تیل پر باوضو پڑھ کر دم کرے اور اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف بھی پڑھے اس کے بعد اس تیل کا ایک قطرہ کسی پچکاری وغیرہ سے یا ڈراپر وغیرہ سے مریض کے کان میں ٹپکائے پہلے دائیں کان میں پھر بائیں کان میں۔ اس بوند کو کان میں ٹپکانے کے بعد کان کو خوب ہلا کر تیل کو اندر تحلیل کر دیں۔ تیل کسی بھی صورت میں کان سے باہر نہ آئے۔ اس کے بعد سارے سرسوں کے تیل میں پڑھے ہوئے تیل کی تین بوندیں ڈراپر وغیرہ ہی سے ڈال دے اور مریض کے پورے جسم کی اس تیل سے مالش کرائے۔ سات دن تک یہ عمل برابر لگاتار کیا جاتا رہے۔ تیل ایک بار پڑھ کر رکھ لے۔ اگر مریض اُکتائے تو تیسرے دن یہ عمل کرے۔ لیکن تعداد سات کی پوری کرے اس صورت میں چودہ دن میں عمل کی تکمیل ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض بالکل صحتیاب ہو جائے گا۔ اگر گلے میں چہل کاف کا نقش بھی موم جامہ کرکے باندھ دیں تو اور

بھی جلدی آسیبی اثرات سے نجات مل جائے گی۔

چہل کاف یہ ہیں۔

كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةً كِفْكَا فُهَا كَكَمِيْنٍ كَانَ مِنْ كَلَكٍ تَكِرُّ كَرًّا كَكَرِّ الْكَرِّ فِيْ كَبَدٍ تَحْكِيْ مُشَكْشَكَةً كَلُكْلُكٍ كَلَكٌ كَفَاكَ مَا بِيْ كَفَاكَ الْكَافُ كُرُبَتَهُ يَا كَوْكَبًا كَانَ تَحْكِيْ كَوْكَبُ الْفَلَكِ -

چہل کاف کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶۵۸	۱۶۶۱	۱۶۶۴	۱۶۵۱
۱۶۶۳	۱۶۵۲	۱۶۵۷	۱۶۶۲
۱۶۵۳	۱۶۶۶	۱۶۵۹	۱۶۵۶
۱۶۶۰	۱۶۵۵	۱۵۴	۱۶۶۵

آسیب و جن کو بھگانے کے لئے

آسیب زدہ کے لئے مندرجہ ذیل نقش کو باوضو لکھ کر پہلے مریض کے داہنی ڈاڑھ کے نیچے رکھے۔ اسی وقت آسیب حاضر ہو کر بات کرے گا۔ اور اگر اس طرح حاضر نہ ہو تو پھر بائیں ڈاڑھ کے نیچے دبائے۔ انشاء اللہ اب ضرور حاضر ہوگا۔ اس سے قول و قسم لے پھر جانے کی اجازت دے اور اگر وہ آکر واپس نہ جانے کی بات کرے تو مندرجہ ذیل فتیلے کو روشن کر دے۔ انشاء اللہ جل جائے گا۔ (فتیلہ اگلے صفحہ پر)

جو نقش ڈاڑھ کے نیچے رکھا جائے گا وہ یہ ہے۔

		یابدوح	[illegible]	
یابدوح	یابدوح	یابدوح ۴	۷۸۶ یابدوح	یابدوح
			یابدوح ۸	
	یابدوح	یابدوح	۳۳ یابدوح	
		۹	یابدوح ۱۰	یابدوح
		یابدوح	۲ یابدوح	

جو فتیلہ روشن ہو گا وہ یہ ہے۔

ابلیس ابوجہل ہامان قارون ملعون

چند ضروری باتیں

عامل کو جن کے دفعیہ کی تدابیر اختیار کرنے سے پہلے مندرجہ ذیل امور کو ملحوظ رکھنا ضروری ہے۔

(۱) مقامِ عمل پاک ہو، عامل باوضو ہو، مریض کو بھی وضو کرا دے تو بہتر ہے
(۲) اس جگہ کوئی عورت حائضہ موجود نہ ہو۔
(۳) اس مجلس میں زیادہ بات چیت سے گریز کریں۔
(۴) عامل عزیمت باآواز بلند پڑھے، ورنہ کم سے کم درود شریف تو باآواز بلند پڑھے۔
(۵) عمل کے وقت متعلقہ دھونی دیتا رہے۔
(۶) عمل کے وقت مریض کے گلے میں کوئی بھی پرانا تعویذ موجود نہ ہو۔
(۷) عمل چھت دار مکان میں ہو، کھلے آسمان کے نیچے نہ ہو۔
(۸) مریض کو عامل کے رُوبرو ہونا چاہئے اگر مریض مرد ہو تو مَرد ہی مریض کو عامل کے سامنے بٹھائے اور اگر مریض عورت ہو تو عورت ہی مریض کو عامل کے سامنے بٹھائے۔
(۹) عمل کا بہتر وقت بعد نمازِ عصر یا بعد نمازِ مغرب ہے۔
(۱۰) آسیب زدہ شخص کو اگر غسل کرانا ہو تو چھت دار جگہ غسل کرائیں کھلے آسمان کے نیچے نہ کرائیں۔
(۱۱) عامل دورانِ عمل حصار کے ساتھ کوئی نقش

برائے حفاظت اپنے بازو پر ضرور باندھ لے۔

(۱۲) عمل شروع کرتے وقت عامل اپنے گناہوں کی معافی چاہے اور اپنے عاجز اور کمزور ہونے کا اعتراف کرے۔
(۱۳) عمل سے بیشتر کچھ نہ کچھ صدقہ کرے۔
(۱۴) عمل کے وقت عامل کا پیٹ کھانے سے پُر نہ ہو۔
(۱۵) عمل کے وقت عامل خوشبو وغیرہ کا استعمال کرے۔
(۱۶) جس عمل کی جو بھی تعداد ہو اس میں کمی بیشی نہ کرے۔
(۱۷) کسی وجہ سے ایک بار عمل کرنے سے کام نہ بنے تو اس عمل کو مکرّر کرے۔

جن بُھوت اور آسیب کو دفع کرنے کا مجرّب طریقہ

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا پوری اُمّت کیلئے ایک قابلِ قدر تحفہ حیٰوۃ الحیوان میں دلائل النبوّت امام بیہقیؒ سے منقول ہے ایک دن حضرت ابودجانہؓ نے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ رات کو میرے مکان میں چکی چلنے کی آواز آئی پھر یک بیک متواتر بجلی چمکتی نظر آئی۔ جب میں نے غور سے دیکھا تو پھر کالی گھٹا سی مجھے اپنے مکان کے صحن میں محسوس ہوئی اور اس کالی گھٹا میں سے انگارے اڑ کر میری طرف آتے ہوئے معلوم ہوئے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سنکر فرمایا کہ تیرے گھر میں جن ہے۔ اور اس کے بعد حضرت علیؓ سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ اے علی! تم قلم دوات اور کاغذ لاؤ۔ میں اس جن کے

نام ایک خط لکھتا ہوں۔ حضرت علی قلم دوات اور کاغذ لے آئے تو آپ ﷺ نے جنات کے نام اپنا فرمان جاری فرمایا۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خط روئے زمین کے تمام جنّات کے نام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هٰذَا كِتَابٌ مِّنْ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ إِلٰى مَنْ يَّطْرُقُ مِنَ الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ وَالسَّائِحِيْنَ إِلَّا طَارِقٍ يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ، أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِي الْحَقِّ سَعَةً فَإِنْ تَكُ عَاشِقًا مُّوْلِعًا أَوْ فَاجِرًا مُّقْتَحِمًا أَوْ دَاعِيًا حَقًّا أَوْ مُبْطِلًا فَهٰذَا كِتَابُ اللّٰهِ يَنْطِقُ عَلَيْنَا وَعَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ إِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ وَرُسُلُنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِيْ هٰذَا وَانْطَلِقُوْا إِلٰى عَبَدَةِ الْأَصْنَامِ وَإِلٰى مَنْ يَّزْعُمُ أَنَّ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا اٰخَرَ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ تُغْلَبُوْنَ حٰمٓ لَا يُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَ أَعْدَاءُ اللّٰهِ وَبَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ، فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نامۂ مبارک کو حضرت

علیؓ سے لکھوا کر حضرت ابو دجانہؓ کو عطا فرمایا۔ حضرت ابو دجانہؓ نے رات کو اسے اپنے تکیہ میں رکھ لیا۔ تھوڑی دیر کے بعد رونے اور فریاد کرنے کی آواز آئی۔ ہائے مر گیا ہائے جل گیا۔ اے دُجانہؓ اب میں تیرے گھر میں کبھی نہ آؤں گا۔ نہ تیرے قرب وجوار میں رہوں گا۔ مجھے معاف کر دے۔ مجھے چھوڑ دے۔ مجھے جانے دے۔ حضرت ابو دجانہؓ نے کہا کہ میں جب تک رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے مشورہ نہیں کر لوں گا ہرگز تجھے نہیں چھوڑوں گا۔ حضرت ابو دُجانہؓ نے فجر کی نماز آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں ادا کی اور رات کا سارا واقعہ عرض کیا، آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے! ابو دُجانہؓ جنات کی قوم پر رحم کر اور میرا نام وہاں سے ہٹا لے، ورنہ قیامت تک یہ جنات اسی عذاب میں مبتلا رہیں گے۔ حضرت ابو دُجانہؓ نے وہ نامۂ مبارک اپنے تکیہ کے نیچے سے ہٹا دیا۔ تمام جِن ان کے گھر سے فرار ہو گئے اور اس کے بعد پھر کبھی ان کے مکان میں نہیں آئے۔

بھائیو! یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نامۂ مبارک سارے جہان کے جنات کے نام لکھا ہوا ہے۔ جس کسی کے مکان میں جن بھوت یا آسیب کا اثر ہو تو اس نامۂ مبارک کو کسی عامل سے لکھوا کر اپنے مکان میں لٹکا لے یا چسپاں کر دے، انشاء اللہ تعالیٰ اس نامۂ مبارک کی برکت سے اثرات بد دفع ہوں گے، جس شخص کو جن بھوت کا اثر ہو اس کے گلے میں اگر یہ نامۂ مبارک لکھ کر تعویذ بنا کر موم جامہ

کر کے ڈال دیا جائے تو جن، بھوت کی مجال نہیں کہ پھر ٹھہر سکے انشاء اللہ تعالیٰ ان کا اثر فوراً رفع ہو گا۔

لیکن اس نامۂ مبارک سے بھرپور فائدہ اٹھانے کیلئے اس کی زکوٰۃ ادا کرنی ضروری ہے۔ زکوٰۃ کی ترکیب یہ ہے کہ نصف رات کو غسل کرے اس کے بعد بارہ ۱۲ رکعات بہ نیت تہجد پڑھے اس کے بعد ایک ہزار ۱۰۰۰ مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْمَبْعُوْثِ اِلَی الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَالْاَسْوَدِ وَالْاَحْمَرِ وَالْاَصْغَرِ وَالْاَکْبَرِ صَاحِبِ الْکَوْثَرِ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ پڑھے اس کے بعد ایکسو اکتیس ۱۳۱ مرتبہ نامہ شریف کی تلاوت کرے اس کے بعد جب بھی یہ نامۂ مبارک کسی کو لکھ کر دے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ جن، بھوت اور آسیب فوراً دفع ہوں گے۔

اس عمل کی تاثیر کو ثابت کرنے کیلئے لفاظی اور لسانی کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ یہ پیغمبر آخر الزّمان کا عملِ مبارک ہے اس کی تاثیر کے بارے میں ادنیٰ درجہ کا شبہ بھی ایمان کے کمزور ہونے کی دلیل ہے۔

عملیاتِ حاضراتِ آسیب و جنّات

اکثر اوقات یہ ہوتا ہے کہ جب آسیب زدہ کو کسی عامل کے پاس لے جاتے ہیں تو اس وقت آسیب رفو چکر ہو جاتا ہے اسلئے ہمارے بزرگوں نے آسیب کو مریض پر حاضر کرنیکے بیشمار طریقے تجویز کئے ہیں۔ ان طریقوں میں سے چند طریقے یہاں درج کئے جاتے ہیں۔ امید ہے کہ باصلاحیت لوگ ان طریقوں سے فائدہ اٹھائیں گے اور خدمتِ خلق کے دوران خادم کو دعاءِ خیر میں یاد رکھیں گے۔

جن، آسیب کو حاضر کرنا

اکیس ۲۱ عدد شہد کی مکّھیاں پکڑلی جائیں۔ جب یہ مرجائیں تو ان میں سے ہر ایک مکھی پر باوضو گیارہ مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر بمع بسم اللہ دم کر دیا جائے۔ پھر ان سب کو نئی روئی میں لپیٹ کر فتیلہ بنالیا جائے اور نئے چراغ میں سرسوں کے تیل میں چراغ روشن کر کے حسب دستور کاجل بنالیا جائے (کاجل بنانے کا طریقہ بالعموم سب ہی کو معلوم ہوتا ہے) جب کاجل تیار ہو جائے تو سمجھیں کہ بفضلِ خدا آپ کو ایک نعمت مل گئی ہے۔ اب جب کسی بھی آسیب زدہ

کی آنکھوں میں آپ اس کاجل کی تین ۳ تین ۳ سلائیاں ڈالیں گے تو انشاء اللہ تعالیٰ آسیب فوراً حاضر ہو کر ہمکلام ہوگا۔ مجرّب اور آزمودہ طریقہ ہے۔

آسیب کو حاضر کرنے کا نقش

مندرجہ ذیل نقش عروج ماہ میں جمعرات کے دن صبح سورج نکلنے کے فوراً بعد باوضو تیار کر کے رکھ لیں اور بوقت ضرورت آسیب زدہ شخص کو ایک نقش پانی میں گھول کر پلائیں۔ انشاء اللہ آسیب فوراً حاضر ہو کر ہمکلام ہو گا۔

نقش یہ ہے۔

عجھ	عجھ	عجھ
۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

ہرچہ بلا بر این مریض است حاضر شو

مریض پر جنّ و آسیب کو حاضر کرنا

جب کسی مریض پر آسیب یا جن وغیرہ کو حاضر کرنا ہو تو تین گلاب یا چمبیلی کے پھولوں پر تین ۳ تین ۳ مرتبہ عزیمت باوضو نمبر ایک ۱ پڑھ کر دم کر کے مریض کو ایک ساتھ تینوں پھول

سنگھادے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب یا جن جو بھی مریض کو پریشان کرتا ہوگا فوراً حاضر ہو کر بولے گا۔ اگر بالاتفاق وہ حاضر نہ ہو تو ان ہی پھولوں پر تین ۳ تین ۳ مرتبہ عزیمت نمبر دو ۲ پڑھ کر دم کر کے مریض کو سنگھائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اب ضرور حاضر ہوگا۔ مجرب عمل ہے۔

عزیمت نمبر ایک ۱ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَللّٰھُمَّ یَاذِی الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ وَالْمُلْکِ الْقَدِیْمِ وَالصِّرَاطِ الْمُسْتَقِیْمِ ۔ اَرْسَلَ الرِّیَاحِ وَخَالِقَ الْاَصْبَاحِ وَبَاعِثُ الْاَرْوَاحِ وَیَاجُوْدَ الصَّبَاحِ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا فَرْدُ یَا وِتْرُ واگر ترسائی بحق توریت وموسیٰ واگر مغی بحق زبور وداؤد واگر گبروئی بحق انجیل وعیسیٰ واگر مسلمانی بحق فرقان حمید ومحمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم وبحق جبرائیل ومیکائیل واسرافیل وعزرائیل وبحق عزۃ جلال خدا حاضر شو حاضر شو حاضر شو۔

عزیمت نمبر دو ۲ یہ ہے۔

یَا جَبَّارُ بِجَبَرُوْتِ بِالْجَبَرُوْتِ وَالْجَبَرُوْتُ فِی الْجَبَرُوْتِ یَا جَبَرُوْتُ یَا جَبَّارُ۔

جن وآسیب کو حاضر کرنا

خوشبودار پھولوں پر مندرجہ ذیل عزیمت باوضو اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں۔ پھر مریض کو یہ پھول سنگھائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن وغیرہ جو بھی مریض کو ستاتا ہوگا فوراً حاضر ہوگا۔

عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاَرْوَاحِ یَا صَاحِبَ الشَّجَرِ وَالْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ مِنْ جُنُوْدِ اِبْلِیْسَ بِحَقِّ مَیْمُوْن زَنْگِی وَبِحَقِّ مَیْمُوْن حَبْشِی وَبِحَقِّ مَیْمُوْن لَوْنِی وَبِحَقِّ مَیْمُوْن اِبْنِ مَیْمُوْن مِنْ اَعْوَانِ الْھِنْدِی اُخْرُجْ مِنَ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَالْبِحَارِ وَاخْرُجْ مِنَ الشَّجَرِ وَالْاَشْجَارِ وَاخْرُجْ مِنَ الْکِنِّ وَالْاَکْنَانِ وَاخْرُجْ مِنَ الْبَارِیْ وَالْوَادِیْ وَاُخْرُجْ مِنَ الْمَاءِ وَالْعِفْرِیْتِ وَاُخْرُجْ مِنَ الْجِنِّ وَالْجِنِّیْنَ مِنْ کُلِّ مَکَانٍ بِحَقِّ خَاتَمِ سُلَیْمَانَ ابْنِ دَاوٗدَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِحَقِّ آصِفْ ابْنِ بَرْخِیَا وَبِحَقِّ رَبِّ تَقْطُوْشِ شَیْطَانٍ وَبِحُرْمَۃِ مُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا ھُوَ قُلْ یَا ھُوَ قُلَانِ یَا قَوْبَلُ یَا قَوْبَلَانِ یَا ھُرْ قُلْ یَا ھَرْ قُلَانِ یَا عَجُوْزُ اُمِّ الصِّبْیَانِ خُذْ

هٰذَا بِاَشَدِّ الْاَخْذِ بِحَقِّ تَوْرَيْتِ مُوْسٰى وَاِنْجِيْلِ عِيْسٰى وَزَبُوْرِ دَاؤُدَ وَفُرْقَانِ مُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحَقِّ جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ○ اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ○ ہر بلائے و آسیبے کہ در وجود فلاں ابن فلاں مستولی و مزاحم شدہ باشد حاضر شود حاضر شود حاضر شود

فلاں ابن فلاں کی جگہ مریض اور اس کی ماں کا نام لینا چاہیئے۔

آسیب و جن کو حاضر کرنے کی عزیمت

آسیب و جن کو حاضر کرنے کے لئے اس عزیمت کو پانسو گیارہ مرتبہ خوشبودار پھولوں پر دم کرکے مریض کو سنگھائیں انشاء اللہ تعالیٰ فوراً حاضر ہوگا — اس عزیمت کو عزیمت سلیمانی کہتے ہیں۔

عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ، عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ فَتْحُوْا لَكَ حَبِيْبِكَ حَبِيْبِكَ اَلَمْ صَفْكَا صَفْكًا اَلِيْسًا اَلِيْسًا جَلَسًّا طَلَسًّا بَلَسًا سُوْدًا كَهْلًا كَهْلًا جَلْعَلًا جَلْهَلًا مَهْلًا مَهْلًا سَنْجِيًا سَنْجِيًا مَنْسِيًا

مَنْسِيًا بِحَقِّ خَاتَمِ سُلَيْمَانَ ابْنِ دَاؤُدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ اُحْضُرُوْا مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ مِنْ جَانِبِ الْاَيْمَنِ وَمِنْ جَانِبِ الْاَيْسَرِ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَبِحَقِّ عَرْشِ اللّٰهِ وَكُرْسِيِّهٖ۔

آسیب کو حاضر کرکے گفتگو کرنا

آسیب کو حاضر کرنے کیلئے مندرجہ ذیل عزیمت کو باوضو تین خوشبودار پھولوں پر سات مرتبہ پڑھ کر مریض کے سر پر پھول رکھدے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً آسیب حاضر ہو کر گفت گو کرے گا۔

عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَالِكَ الْاَرْوَاحِ لَغْطُوْشٌ صَارِعًا اُحْضُرُوْا يَا اَصْحَابَ الْجِنِّ وَالشَّيَاطِيْنِ مِنْ جَانِبِ الْاَيْسَرِ وَالْاَيْمَنِ۔

آسیب کی حاضری کے لئے

آسیب کی حاضری کے لئے مندرجہ ذیل شکل باوضو بنائے اور اپنا حصار کرلے، جہاں کو توال جیتال لکھا ہے وہاں عطر لگا کر مریض کو یہ کاغذ دیدے جس میں شکل بنائی ہو

اور مریض سے کہے کہ عطر پر نظر جمائے رکھے خوشبودار پھول مریض کے پاس رکھدے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب حاضر ہوگا اور مریض اسے دیکھے گا اور بات کرے گا۔ مریض کی جن و آسیب سے قول و قرار کے بعد اسے جانے کی اجازت دے۔

شکل یہ ہے ←

ت

بحق کوتوال جبرائیل
حاضر شو حاضر شو
حاضر شو

بحق کہ باخد
خدو جود
فلاں ابن فلاں
از برائے

خدا و از برائے رسول خدا
حاضر شو

فلاں ابن فلاں کی جگہ مریض اور اس کی ماں کا نام لکھے۔

آسیب کو حاضر کرنے کا عمل

آسیب کو حاضر کرنے کے لئے مندرجہ ذیل عزیمت کو باوضو ۱۳ تیرہ مرتبہ ہلدی، لہسن اور کالے بکرے کے بالوں پر پڑھ کر دم کریں پھر اس سے مریض کو دھونی دیں۔ انشاء اللہ

فوراً حاضری ہوگی۔

عزیمت یہ ہے۔

اَبَنْ غُنُہٗ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ اِسْتَفْتَحْ فُهُوْشٍ قُرَہٗ قُرَہٗ شَتُّ هَدَ مَا هَدَ مَا بَرِ ئِیَا اُحْضُرُوْا یَا اَصْحَابَ الْجِنِّ وَالشَّیٰطِیْنِ مِنْ جَانِبِ الْاَیْمَنِ وَ الْاَیْسَرِ مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔

آسیب کو حاضر کرنیکے بعد عامل کو اختیار ہے کہ چاہے قول و قرار کے بعد آزاد کردے یا قید کردے یا جلا کر راکھ کردے۔

آسیب و جن کو بھگانے، حاضر کرنے اور شرارت سے روکنے کا عمل

اوّل سورۃ قریش کی زکوٰۃ ادا کرے۔ طریقہ یہ ہے کہ بروز جمعرات بعد نمازِ عشاء تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ باوضو سورۃ قریش (پارہ ۳۰) روزانہ چالیس روز تک پڑھے، ترکِ حیوانات اور پرہیز جلالی کرے۔ چالیسویں روز شیرینی تقسیم کرے اور ایصال ثواب کرے اس کے بعد یعنی چلّہ پورا ہونے کے بعد ۲۱ مرتبہ روزانہ مذکورہ سورت پڑھتا رہے۔

سورۃ قریش کے عامل میں مندرجہ ذیل خصوصیات انشاء اللہ تعالیٰ پیدا ہوں گی۔

(۱) اگر عامل کسی آسیب زدہ کو اپنا سلام کہلا کر بھیجے گا

تو آسیب فوراً بھاگ جائے گا۔

(۲) اگر سورۂ قریش عطر یا پھول پر سات مرتبہ دم کر کے مریض کو سنگھا دے گا تو آسیب فوراً حاضر ہو گا۔

(۳) اگر سات مرتبہ سورۂ قریش پانی پر دم کر کے آسیب زدہ کے اوپر چھینٹیں دے گا تو آسیب چیخے اور چلائے گا اور مثل آگ کے جلے گا۔

(۴) اگر عامل آسیب کو مریض ہی کے بدن میں قید کرنا چاہے تو تین گنڈے نیلے رنگ کے سات سات ڈورے کے سات گرہ کے ساتھ تیار کرے۔ اوّل گنڈا جو مریض کے گلے میں باندھا جائے گا اس میں درمیان کی تین گرہ تین پھندوں کی لگائے اور ہر گرہ پر گیارہ گیارہ مرتبہ مذکورہ سورت پڑھ کر دم کرے باقی چار گرہ پر سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اسی طرح دو گنڈے اور تیار کرے اور انہیں مریض کے دائیں بائیں بازو پر باندھے۔ جب تک یہ گنڈے نہیں کھولے جائیں گے۔ آسیب فرار نہیں ہو سکے گا۔

(۵) اگر آسیب دورانِ گفتگو پریشان کر رہا ہو تو ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ سورۂ قریش پڑھ کر عطر یا پھول پر دم کر کے مریض کو سنگھائے انشاء اللہ تعالیٰ وہ عاجز اور تنگ ہو کر اطاعت کی راہ اختیار کرے گا۔

(۶) اگر کسی بھی مریض کو سورۂ قریش پانی پر گیارہ مرتبہ دم کر کے پلائے تو انشاء اللہ مریض کو ہر مرض سے نجات ملے گی۔

بندشِ آسیب و جن

آسیب و جن کو قید کرنا

جب کسی مریض کے سر پر عامل نے کسی آسیب و جن کو حاضر کیا ہو یا بذات خود آسیب و جن حاضر ہوا اور اس کو قید کرنا ہو تو سُرخ ریشم کا دھاگہ لے اور پھر سات تار کا ایک گنڈا بنائے اس طرح سات سات تار کے پانچ گنڈے بنا لے اور ہر گنڈے پر سات گرہ لگائے۔ ہر گرہ پر مندرجہ ذیل آیت باوضو پڑھ کر دم کر کے پھر گرہ کو بند کرے۔ بوقتِ ضرورت ایک گنڈا مریض کے گلے میں باندھے، دوسرا داہنے بازو پر باندھے تیسرا بائیں بازو پر باندھے چوتھا گنڈا داہنے پیر میں اور پانچواں گنڈا بائیں پیر میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالےٰ آسیب و جن قید ہو گا اور راہِ فرار اختیار نہ کر سکے گا۔ جب تک بندھے رہیں گے۔ آیت یہ ہے۔

خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِھِمْ وَعَلٰی سَمْعِھِمْ وَعَلٰی اَبْصَارِھِمْ غِشَاوَۃٌ وَّلَھُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ؏

آسیب و جنّات کو قید کرنے کا عمل

آسیب و جنات کو قید کرنے کیلئے اس عزیمت کو باوضو

پڑھیں۔ انتہائی مفید اور مجرب ہے۔ اگر مریض عورت ہے دائیں ہاتھ کی بیچ کی انگلی، دونوں انگلیوں کو اپنے سیدھے ہاتھ میں پکڑے اور اگر مریض مرد ہے تو اس کے داہنے ہاتھ کی مٹھی بند کرا کر اپنے ہاتھ میں اس کا دایاں ہاتھ پکڑے اور مندرجہ ذیل عزیمت کو سات مرتبہ باوضو پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ آسیب و جن قید ہوگا اور راہِ فرار اختیار نہ کر سکے گا۔

عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذِكْرُ طَاهِرِيْنَ مِنْ كُلِّ اٰفَةٍ بِقُيُوْدِيْهِ يَا رُوْحُ يَا قُدُّوْسُ بِحَقِّ سُلَيْمَانَ اِبْنِ دَاؤُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ بند شو۔

حصار جس سے جن و آسیب بھاگ نہیں سکتا

اس حصار کو تین[۳] مرتبہ باوضو پڑھ کر چھری یا چاقو پر دم کرکے آسیب زدہ کے چاروں طرف حصار کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب بھاگنے نہ پائے گا۔ وہ حصار یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ گرد بگرد حصار در ہزار حصار باد مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ گرد آن حصار بستم قفل لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ

رَّسُوْلُ اللّٰهِ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۙ

آسیب و جن کو حاضر ہونے کے بعد قید کرنا

آسیب و جن کو حاضر ہونے کے بعد قید کرنے کیلئے مریض کے پیشانی کے بالوں پر (چند بالوں پر) تین[۳] گرہ لگائے۔ پہلی گرہ کو بند کرتے وقت عَلِيْقًا مَلِيْقًا اَنْتَ تَعْلَمُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ طَلِيْقًا پڑھ کر دم کرے۔ پھر گرہ کو بند کرے۔ دوسری گرہ پر سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ پڑھ کر دم کرکے گرہ لگائے۔ تیسری گرہ پر فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ ۙ وَجُنُوْدُ اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ ۝ عَقَدْ ثُمَّ عَقَدْ ثُمَّ عَقَدْ ثُمَّ عَقْرُوْشٍ عَقْرُوْشٍ عَقْرُوْشٍ قَرْقِيْشٍ قَرْقِيْشٍ قَرْقِيْشٍ حَسْبُنَا حَسْبُنَا بحق سلیمان ابن داؤد علیہما السلام بند شو بند شو بند شو تا من نکشا یم ہیچ نکشاید۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب و جن قید ہوں گے اور فرار نہ ہو سکیں گے۔

آسیب و جن کو حاضر کرنا اور وعدہ لینا کہ کسی کو نہ ستائے گا

اوّل باوضو چاروں قُل پڑھیں پھر سورۃ قریش (پارہ ۳۰) پڑھیں اور یہ دو آیتیں پڑھیں فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ ۙ

وَجُنُوْدُ اِبْلِیْسَ اَجْمَعُوْنَ ۝ پھر اس کے بعد آسیب زدہ کے بال اپنے ہاتھ میں لیکر اسی عمل کا پھر تکرار کریں اور آخر میں یہ آیت پڑھ کر بالوں میں گرہ لگا دیں۔ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْکٰفِرِیْنَ سَلٰسِلَاْ وَاَغْلٰلًا وَّسَعِیْرًا ۝

عامل کو چاہیئے کہ اس طرح کے عملیات کرتے وقت اپنا حصار کرنے اور ارنڈ کی لکڑی اپنے پاس رکھے۔ اگر آسیب زیادہ پریشان کرے تو ارنڈ کی لکڑی سے مریض کو آہستہ آہستہ مارے اگر اس پر بھی آسیب عاجز نہ ہوں تو ایک نیلے رنگ کا فتیلہ بنائے جس میں یہ اسماء لکھے۔

فرعون لَعین، شدّاد لَعین، قارون لَعین، نَمرود مَردود، ابلیس تبلیس۔

اس کاغذ کو جس پر یہ اسماء تحریر ہوں، نیلا کپڑا لپیٹ کر اس پر مندرجہ ذیل عزیمت تین بار پڑھ کر دم کر دیں پھر اس کو جلا کر اس کا دھواں مریض کی ناک میں پہنچائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً اثر ہو گا۔

عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عَلِیْقًا تَلِیْقًا خَالِقًا مَخْلُوْقًا اَنْتَ تَعْلَمُ مَا فِیْ قُلُوْبِھِمْ مَلِیْقًا مَا نُرْقَۃٌ مَالُوْقَ وَرَالُوْقَ فِرْعَوْنَ نَمْرُوْدَ شَدَّادَ وَعَدَّادَ۔

اس کے بعد آسیب بہت زیادہ گریہ وزاری کرے اور کہے مجھے چھوڑ دو دہائی سلیمان دہائی فیقطوش دہائی محمد رسول اللہ ﷺ کی دے اس سے شرط رکھیں اور عہد کرائیں کہ آئندہ وہ کسی انسان کو تکلیف نہیں دے گا۔ جب وہ عہد کرلے تو پھر بال مریض کے کھول دیں اگر گرہ نہ کھلے تو بال کاٹ دیں۔

جن کو بوتل میں بند کرنے کا عمل

سب سے پہلے مندرجہ ذیل عزیمت کی زکوٰۃ ادا کرے، اس کا طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں شروع کرے اور بعد نمازِ عشاء ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ روزانہ پڑھے، چالیسویں دن بزرگانِ دین کو ایصالِ ثواب کرے اور کچھ شیرینی بچوں میں تقسیم کرے، بہتر ہے کہ سفید زردہ پکا کر کمسن بچوں کو کھلائے خواہ وہ بچے اپنے ہی گھر کے ہوں۔ اس کے بعد تا عمر اس عزیمت کو گیارہ مرتبہ روزانہ عشاء کے بعد پڑھتا رہے۔

عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سِلْکُکَ سِلْکُکَ سِلْکُکَ یَلْکُکَ یَلْکُکَ یَلْکُکَ حَیْدَرُ حَیْدَرُ حَیْدَرُ جَنْکَسْ مَنْکَسْ جُلُوْ مِلُوْ بِکُوْ بِلُوْ یَکُوْ یَا قَھَّارُ تَقَھَّرْتَ بِالْقَھْرِ وَالْقَھْرُ فِی الْقَھْرِ قَھَّرْتَ یَا قَھَّارُ یَا جَنُوْکَ حَبِیْبَکَ

حاضر شو آوردیو حاضر شو وهی تخت سلیمان
ابن داؤد علیہ السلام۔
تخت سلیمان یہ ہے۔

تخت سلیمان علیہ السلام

۶۰
۵
۳۰
۳۰
۱۴
۱۴
۱۰
۷۰
۱۶
۱۲
۱۹۱
۱
۲۰
سلیمان
بہ
سلیمان
۶۰
۱۹۱
دروازہ

وقتِ ضرورت جب کسی جن کو قید کرنا ہو تو اس تخت سلیمان کو بدھ کے دن صبح چھ اور سات کے درمیان لکھیں پھر نیا چراغ جلائیں۔ تخت سلیمان والا نقش مریض کے دونوں ہاتھوں میں پکڑوادیں۔ اور مریض اس نقش کو دیکھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن تخت سلیمان کے دروازے کی طرف سے داخل ہوگا۔ اس وقت ایک بوتل مضبوط ڈاٹ والی تیار رکھیں۔ تخت سلیمان کا دوسرا کونہ بوتل کے منہ کے سامنے رکھیں اور عامل ہدایت کرے کہ بوتل میں داخل ہوجا۔ اسی وقت جن بوتل میں داخل ہوجائے گا۔ علامت یہ ہے کہ اسی وقت بوتل میں دھواں محسوس ہوگا۔ دھواں محسوس ہوتے ہی مذکورہ عزیمت ایک مرتبہ پڑھ کر بوتل پر ڈاٹ کس کر چڑھادیں۔ اور اس کے بعد اس بوتل کو کسی قبرستان میں گہرا گڑھا کھود کر دفن کردیں۔

آسیب کی گرفتاری کا عمل

گرفتاری آسیب کیلئے یہ عمل بھی مجرب ہے۔ پہلے اس عمل کی زکوٰۃ ادا کردینی چاہئے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں کسی بھی دن سے شروع کریں اور مندرجہ ذیل عزیمت کو باوضو چار سو مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھیں۔ بعد نماز عشاء پرہیز بھی ضروری ہے اور وہ یہ ہے کہ چالیس دن تک گائے اور مچھلی کے گوشت سے پرہیز کریں۔

عزیمت یہ ہے۔
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا مَعْشَرَ الْاِنْسِ رَبْطًا مَحْلَدًا مَحْلَدًا نَشْرًا نَشْرًا مَحْشَرًا مَحْشَرًا بِحَقِّ سُلَیْمَانَ ابْنِ دَاؤُدَ عَلَیْہِ السَّلَامُ حاضر شو حاضر شو حاضر شو۔

جب جن کو قید کرنا ہو تو جن زدہ آدمی کو ایک صاف سفید چادر پر بٹھا دیں۔ اس کے قریب خوشبودار پھول رکھ دیں اور یہ پھول ایک طشت میں پانی بھر کر اسمیں رکھ دیں۔ عود وغیرہ جلائیں اور مذکورہ عزیمت پڑھنی شروع کریں۔
عزیمت پڑھنے سے پہلے عامل کو چاہئے کہ اپنا حصار کرلے ابھی چند بار ہی وہ عزیمت پڑھے گا کہ وہ جن حاضر ہوگا جو مریض کو ستاتا ہے۔ اس وقت عامل کو ایک مضبوط قسم کی بوتل طشت کے برابر میں رکھ لینی چاہئے۔ اور وہ عزیمت

برابر پڑھتا رہے۔ تھوڑی دیر کے بعد جن بے دم ہو جائے گا اور فریاد و فغاں کرے گا۔ اس وقت عامل کو یہ حکم دینا چاہیئے کہ وہ بوتل میں داخل ہو جائے۔ انشاء اللہ تعالے جن فوراً بوتل میں داخل ہو جائے گا۔ اس کی علامت یہ ہوگی کہ بوتل میں دھواں بن کر وہ داخل ہوگا۔ صاف نظر آئیگا کہ بوتل کے اندر دھواں داخل ہو رہا ہے۔ دھواں جب داخل ہو جائے تو عامل کو فوراً مضبوط قسم کی کارک سے بوتل کو بند کر دینا چاہیئے اور پھر اس بوتل کو جنگل میں جاکر گڑھا کھود کر دفن کر دینا چاہیئے۔

جن کو حاضر کر کے قید کرنا

سب سے پہلے مندرجہ ذیل کلماتِ قرآن اور عزیمت کی زکوٰۃ ادا کرے اس کا طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں بروز پیر سے ابتداء کرے۔ اور باوضو ایکسو اکیس [۱۲۱] مرتبہ روزانہ کسی تنہائی کے مقام پر بیٹھ کر پڑھے۔ اوّل و آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اکیس [۲۱] روز تک پڑھتا رہے۔ اکیسویں روز ایصالِ ثواب تمام اوّلین و آخرین کو کر دے۔ اور کچھ مٹھائی بچوں میں تقسیم کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ اکیس [۲۱] روز کی تکمیل کے بعد روزانہ عشاء کی نماز کے بعد گیارہ [۱۱] مرتبہ پڑھ لیا کرے اور اوّل و آخر تین [۳] تین مرتبہ درود شریف بھی پڑھ لیا کرے۔

جب عامل کسی مریض کے سر پر کسی جن حاضر کرنا چاہیے تو مریض کو ایک پاک صاف جگہ پر بٹھائے اور اس کے برابر میں ایک بڑی سُرمہ دانی رکھدے، سُرمہ دانی کم سے کم چھ اِنچ کی ہونی چاہیئے۔ سُرمہ دانی میں ایک پرچے پر یہ کلمات لکھ کر بتی بنا کر سُرمہ دانی میں ڈالدے۔ یُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِیْمٰھُمْ فَیُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِیْ وَالْاَقْدَامِ ۝ اور سُرمہ دانی کے باہر یہ کلمات لکھ کر چپکا دے۔ وَقِفُوْھُمْ اِنَّھُمْ مَّسْئُوْلُوْنَ ۝

اس کے جس عزیمت کی زکوٰۃ ادا کی تھی اس کو پڑھنا شروع کرے، بلند آواز سے پڑھے۔ ایک ہی بار کے پڑھنے سے جن جو مریض کو ستاتا ہوگا، سُرمہ دانی میں خود بخود داخل ہو جائیگا۔ عزیمت ختم ہوتے ہی بسم اللہ پڑھ کر سُرمہ دانی کو بند کر دے۔ پھر اس کو جنگل میں لے جاکر دفن کر دے۔

وہ کلمات قرآن و عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ یُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِیْمٰھُمْ فَیُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِیْ وَالْاَقْدَامِ ۝ اِذِ الْاَغْلٰلُ فِیْٓ اَعْنَاقِھِمْ وَالسَّلٰسِلُ ۝ یُسْحَبُوْنَ ۝ خُذُوْہُ فَغُلُّوْہُ ۝ ثُمَّ الْجَحِیْمَ صَلُّوْہُ ۝ ثُمَّ فِیْ سِلْسِلَۃٍ ذَرْعُھَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُکُوْہُ ۝ اِنَّہٗ کَانَ لَا یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ ۝ اَجِبْ بِحَقِّ ھَبُوْہُ بِحَقِّ الَّذِیْ اَشْرَقَ بَدَتْ صَوَاعِقِ بِنُوْرِ وَجْھِہٖ

بِجَبَلِ طُوْرِ سِيْنَاء فَانْهَضْ وَ الْفَرْدُ وَجَرْجَرْيَانُهَا كَمَا يَجْرِى الْمَاءُ جَرْيًا وَتَعْظِيْمًا لِلّٰهِ تَعَالٰى اَلَّذِىْ قَالَ لِلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِلٰى طَائِعِيْنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ رَبُّ النَّارِ وَالْبَحْرِ الْاَسْوَدِ وَالْبُرْهَانِ وَكَفَّةِ الْمِيْزَانِ يَا شَمْخُ شَمَاخُ مِنْ كُلِّ بَرَاخٍ يَا شَنْطَخُ لَبَخًا وَ اِهْيًا وَ اَشْرَاهِيًا اُذْوُنِى اَمْبَاوُثَ وَالْاِشْدَاءُ اَهْيَجْلَه اَجِبْ بِحَقِّ تَكْفِيْلُ وَيَا صَمْدُوْشُ وَيَا دُهْنَشُ وَيَا اَيَامَرَّةُ يَا قَلِنْسُ وَيَا شَنْشَعُ الْمَشَاعِلِىْ اُدْخُلُوْا عَلَى الْمَعَاصِىْ بِالسِّجْنِ۔

جنّات تابع کرنے کے طریقے

جن کو تابع کرنا

بدھ سے سنیچر تک روزے رکھیں۔ روزانہ غسل کریں اور روزانہ پاک و صاف کپڑے بدلیں۔ ایک لباس چوبیس گھنٹے سے زیادہ بدن پر نہ رہے۔ ہر روز باوضو ایک ایک ہزار مرتبہ سورۂ اخلاص (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پارہ ۳۰) سورۂ دخان (سورۃ نمبر ۴۴ پارہ ۲۵) اور سورۂ حم السجدہ (سورہ نمبر ۳۲ پارہ ۲۱) اور سورۂ ملک (سورۃ نمبر ۶۷ پارہ ۲۹) اور سورۂ یٰسین (پارہ ۲۲) یہ تمام سورتیں روزانہ سو سو مرتبہ پڑھیں۔ پھر سنیچر کے دن سورج نکلنے کے آٹھ گھنٹے بعد لوگوں سے الگ تھلگ کسی تنہائی کے مقام میں بیٹھ کر کاغذ کے سات ٹکڑے لیکر ان پر یہ آیات لکھیں۔ اور اپنا حصار کرکے لکھنا شروع کریں۔

ایک ٹکڑے پر:

وَهُوَ الَّذِىْ يُحْىٖ وَيُمِيْتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ط

دوسرے ٹکڑے پر:

فَاِذَا قَضٰى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ع

تیسرے پر:

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝

چوتھے پر:

ثُمَّ إِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً ۖ مِنَ الْأَرْضِ إِذَا أَنْتُمْ تَخْرُجُونَ ۝

پانچویں پر:

فَإِذَا هُمْ مِنَ الْأَجْدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يَنْسِلُونَ ۝

چھٹے پر:

وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَإِذَا هُمْ مِنَ الْأَجْدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يَنْسِلُونَ ۝ قَالُوا يَا وَيْلَنَا مَنْ بَعَثَنَا مِنْ مَرْقَدِنَا ۜ هَٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمَٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُونَ ۝ إِنْ كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ جَمِيعٌ لَدَيْنَا مُحْضَرُونَ ۝

ان آیات کو لکھنے سے پہلے چار رکعات نفل ادا کریں پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ یٰسین دوسری میں سورۂ دخان تیسری میں سورۂ حٰمٓ السجدہ اور چوتھی میں سورۂ ملک پڑھے۔ اور ہر سجدے میں یہ دعا پڑھے۔

سُبْحَانَ مَنْ لَبِسَ الْعِزَّ وَقَالَ بِهٖ سُبْحَانَ مَنْ تَعَطَّفَ الْحَمْدَ وَتَكَرَّمَ بِهٖ سُبْحَانَ مَنْ أَحْصَىٰ كُلَّ شَيْءٍ بِعِلْمِهٖ سُبْحَانَ مَنْ لَا يَنْبَغِي التَّسْبِيحُ إِلَّا لَهٗ سُبْحَانَ مَنْ إِذَا أَرَادَ شَيْئًا أَنْ يَقُولَ لَهٗ كُنْ فَيَكُونُ

سُبْحَانَ ذِي الْمَنِّ وَالْفَضْلِ وَالنِّعَمِ سُبْحَانَ ذِي الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ سُبْحَانَ ذِي الطَّوْلِ وَالْفَضْلِ سُبْحَانَ ذِي الْعَرْشِ وَاللَّوْحِ وَالْقَلَمِ وَالنُّوْرِ نماز سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَمُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَأَسْأَلُكَ الْعَظِيمَ الْأَعْظَمَ وَبِوَجْهِكَ الْكَرِيمِ الْأَكْرَمِ وَبِكَلِمَاتِكَ التَّامَّةِ أَنْ تُسَخِّرَ لِي عَوْنًا مِنْ صُلَحَاءِ الْجِنِّ عَلَىٰ مَا أُرِيدُ مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْيَا۔ انشاء اللہ اسی وقت سات جنات حاضر ہوں گے اور سلام عرض کریں گے۔

ہاں نماز سے پہلے یہ ضروری ہے کہ کاغذ کے ان ساتوں ٹکڑوں کو ایک دھاگے میں باندھ کر اپنے سر میں رکھ لو اسکے بعد نماز شروع کرو۔

جنات کی حاضری کے بعد اُن ساتوں کاغذوں میں سے ایک کاغذ نکال کر پڑھو اور جنات سے پوچھو کہ تم میں سے یہ کاغذ کس کا ہے؟ اُن میں سے ایک کہے گا کہ یہ کاغذ میرا ہے۔ تم اس سے نام پوچھو اور اس کے نام کو اس کاغذ کی پشت پر لکھ دو۔ اسی طرح ساتوں کاغذ کے بارے میں پوچھتے رہو کہ کس کا ہے اور جو بھی بولے میرا ہے اس سے نام پوچھو اور پھر اس کا نام اسی کاغذ کی پشت پر درج کر دو۔ جب ساتوں سے پوچھ چکو تو انہیں جانے کی اجازت دے دو اور ان ساتوں

تیسرے پر :

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

چوتھے پر :

ثُمَّ اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً ۖ مِّنَ الْاَرْضِ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ ۝

پانچویں پر :

فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ۝

چھٹے پر :

وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ۝ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ۝ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ۝

ان آیات کو لکھنے سے پہلے چار رکعات نفل ادا کریں پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ یٰسین دوسری میں سورۃ دخان تیسری میں سورۃ حٰم السجدہ اور چوتھی میں سورۃ ملک پڑھے۔ اور ہر سجدے میں یہ دعا پڑھے۔

سُبْحَانَ مَنْ لَبِسَ الْعِزَّ وَقَالَ بِهٖ سُبْحَانَ مَنْ تَعَطَّفَ الْحَمْدَ وَتَكَرَّمَ بِهٖ سُبْحَانَ مَنْ اَحْصٰى كُلَّ شَىْءٍ بِعِلْمِهٖ سُبْحَانَ مَنْ لَّا يَنْبَغِى التَّسْبِيْحُ اِلَّا لَهٗ سُبْحَانَ مَنْ اِذَآ اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ

سُبْحَانَ ذِى الْمَنِّ وَالْفَضْلِ وَالنِّعَمِ سُبْحَانَ ذِى الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ سُبْحَانَ ذِى الطَّوْلِ وَالْفَضْلِ سُبْحَانَ ذِى الْعَرْشِ وَاللَّوْحِ وَالْقَلَمِ وَالنُّوْرِ نماز سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ بِمَعَاقَةِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَمُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَاَسْئَلُكَ الْعَظِيْمُ الْاَعْظَمُ وَبِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ الْاَكْرَامِ وَبِكَلِمَاتِكَ التَّامَّةِ اَنْ تُسَخِّرَ لِىْ عَوْنًا مِنْ صُلَحَاءِ الْجِنِّ عَلٰى مَا اُرِيْدُ مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْيَا۔ انشاء اللہ اسی وقت سات جنات حاضر ہوں گے اور سلام عرض کریں گے۔

ہاں نماز سے پہلے یہ ضروری ہے کہ کاغذ کے ان ساتوں ٹکڑوں کو ایک دھاگے میں باندھ کر اپنے سر میں رکھ لو اس کے بعد نماز شروع کرو۔

جنات کی حاضری کے بعد اُن ساتوں کاغذوں میں سے ایک کاغذ نکال کر پڑھو اور جنات سے پوچھو کہ تم میں سے یہ کاغذ کس کا ہے؟ اُن میں سے ایک کہے گا کہ یہ کاغذ میرا ہے۔ تم اس سے نام پوچھو اور اس کے نام کو اس کاغذ کی پشت پر لکھ دو۔ اسی طرح ساتوں کاغذ کے بارے میں پوچھتے رہو کہ کس کا ہے اور جو بھی بولے میرا ہے اس سے نام پوچھو اور پھر اس کا نام اسی کاغذ کی پشت پر درج کردو۔ جب ساتوں سے پوچھ چکو تو انہیں جانے کی اجازت دے دو اور ان ساتوں

کاغذوں کو ایک چاندی کے ڈبے میں احتیاط سے رکھو۔
اس کے بعد جب بھی جنات کو بلانا ہو نماز کے بعد والی دعا
ایک بار پڑھو، فوراً حاضر ہوں گے۔ یہ جنات پھر جب بھی
بلاؤ گے جو کام کہو گے کریں گے، خزانے لاکر دیں گے۔ لیکن
اس کام کے لئے بہت مضبوط دل کی ضرورت ہے اگر دل کمزور
ہو تو ہارٹ فیل ہونے کا خطرہ رہے گا۔ اللہ کے وہ نیک
بندے جو اپنے مالک کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے اِن ہی
کیلئے اس طرح کے عملیات ہیں۔ جن تابع کرنا ہر کس وناکس
کی بات نہیں ہے۔ تاہم طریقہ تحریر کر دیا گیا ہے۔ صاحبِ
تقویٰ اور صاحبِ ہمت لوگ اللہ کے بھروسے پر تقدیر
آزما سکتے ہیں۔ عمل اپنی جگہ لیکن کامیابی اللہ کے فضل
ہی پر موقوف ہے۔

جن کو مطیع اور تابع فرمان کرنا

کسی پاک جگہ پر بالکل تنہائی میں اور بستی سے الگ
تھلگ ایک مصلے بچھائیں اور نیا لباس پہنیں، خوشبو سے کمرے کو
معطر رکھیں۔ عود وغیرہ کی دھونی لیں۔ اور حصار کھینچ کر باوضو عمل
شروع کریں۔ دورانِ عمل کامل یکسوئی کے ساتھ سورۃ مزمل
بعد نماز عشاء چالیس۴۰ مرتبہ پڑھیں۔ اس طرح چالیس۴۰
روز تک پڑھیں۔ یاد رہے کہ اس کمرے میں چالیس۴۰ دن
تک کوئی دوسرا آدمی داخل نہ ہو۔ عمل سے فارغ ہو کر

جب آئیں تو کمرہ مقفّل کر دیں اور دورانِ چلّہ ترکِ حیوانات
(یعنی گوشت، انڈہ، مچھلی، ماش کی دال کا پرہیز) کی
پابندی رکھیں۔ دورانِ عمل مختلف چیزیں عامل کو نظر آئیں گی۔
عامل ان سے خوف نہ کھائے۔ حصار کی وجہ سے کوئی چیز عامل کو
نقصان نہ پہنچا سکے گی۔ اگر عمل کے دوران عامل بوجہ خوف حصار
سے باہر نکل آیا تو بے شک عامل کیلئے خطرہ پیدا ہو جائے گا
اور اگر عامل کسی چیز سے نہ ڈرا اور ثابت قدم رہا تو پھر چالیس۴۰
دن پورے ہو جانے پر ایک جن آئے گا اور عامل کو بڑے
ادب سے سلام کریگا اور عامل کا مطیع ہو جائے گا۔ اور حکم
کی تعمیل کرے گا۔ لیکن اس سے ہمیشہ جائز کام میں مدد لینی چاہئے
ناجائز کام میں نہیں۔ آنے کا طریقہ اسی سے پوچھنا چاہئے کہ
جب ضرورت بلانے کی پڑے گی تو کیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ
وہ خود ہی طریقہ بتائے گا۔

جن کو تابع کرنا

عمل کا طریقہ یہ ہے کہ باہر کسی پاکیزہ مقام پر حصار کھینچ
کر خوشبو وغیرہ معطر کر کے پھر بعد نمازِ عشاء عمل شروع کرے اور
باوضو سورۃ جن سات مرتبہ اور سورۃ مزمل ایکسو ساٹھ۱۶۰ مرتبہ
پڑھے اوّل و آخر گیارہ۱۱ گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھے
اسی طرح چالیس۴۰ روز تک عمل کرے وقت اور جگہ کی پابندی
رکھے۔ ترکِ حیوانات اور پرہیز جلالی اور جمالی دونوں کا پابند رہے۔

آخری عشرے میں ڈراؤنی اور خوفناک چیزیں نظر آئیں گی۔ اور آخری رات مختلف قسم کے جانور اور وحشت ناک قسم کے انسان اور ننگی عورتیں نظر آئیں گی۔ اگر عامل بے خوف رہا اور حصار سے باہر نہ آیا اور عمل مکمل کر لیا تو صبح صادق کے وقت شاہِ جنات اپنے مصاحبین کے ساتھ حاضر ہوگا اور طلب کرنے کا سبب دریافت کرے گا اور ہمیشہ کے لئے انشاء اللہ تعالیٰ عامل کا مطیع ہو جائے گا بشرطیکہ عامل کی نیت صاف ہو اور دنیا کمانے کی نہ ہو۔ بلکہ خدمت خلق کی ہو۔ اور رزق حلال کا عادی ہو۔

سورۂ جن کا مؤکل حاضر کرنا

اس سلسلے میں سورۂ جن کی ریاضت بہت اہم ہے۔ جب سورۂ جن کی ریاضت کا ارادہ ہو تو تین روزے رکھے، منگل بدھ اور جمعرات کو اور اس دوران کوئی حیوانی چیز (گوشت مچھلی انڈہ) نہ کھائے نہ استعمال کرے۔ اور ہر وقت خوشبو میں بسا رہے اور صبح و شام دھوتی بھی لے اور ان تین دنوں میں ایک ہزار (۱۰۰۰) بار سورۂ جن باوضو پڑھے یعنی روزانہ تین سو تینتیس (۳۳۳) مرتبہ پڑھے اور عمل جمعرات کے دن اس طرح شروع کرے کہ تقریباً نصف شب کے وقت ختم ہو۔

عمل کے اختتام پر دو (۲) نفلیں پڑھے۔ نفلوں سے فارغ ہو کر گیارہ (۱۱) مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک بار سورۂ جن

پڑھے پھر گیارہ (۱۱) مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی وقت اس سورۃ کا ایک مؤکل حاضر ہوگا۔ اس کا قد کوتاہ اور ہاتھ لمبے لمبے ہوں گے۔ مؤکل عامل کے سامنے آکر بیٹھے گا۔ اور سلام کرے گا۔ اپنا دل مضبوط رکھنا چاہئے کیونکہ اس کی ہیئت بہت سخت ہے۔ یہ مسلمان جنات کا بادشاہ ہے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دستِ مبارک پر ایمان لایا ہے۔ تین (۳) آدمی اس کی پشت پر کھڑے ہوں گے۔ اگر عامل نے اپنے دل کو قابو میں رکھا تو کامیاب ہوگا۔ اور اگر خوف کھایا تو وہ سب واپس ہو جائیں گے اور عامل کا عمل برباد ہوگا۔ اس لئے لازم ہے کہ عامل اپنے دل کو مضبوط رکھے۔ اور خوف ہرگز نہ کھائے۔ اس مؤکل کا نام ابو یوسف ہے اس سے کہنا چاہئے کہ۔ ہمارا حق تم پر واجب ہے۔ ہماری مدد کرنا تمہارا فرض ہے وغیرہ۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ اپنے ساتھیوں کو حکم دے گا جو مثل بجلی کے لاکر عامل کے آگے ڈال دے گا۔ بس عامل کو اسی پر قناعت کرنی چاہئے۔ اور اس مؤکل کو بار بار طلب نہ کرنا چاہئے۔ بلکہ یہ عمل سال میں ایک بار کرنا چاہئے۔

جنات کو حاضر کرنے کا عمل

کامل تنہائی میں پاک جگہ پر مصلیٰ بچھا کر حصار کر کے عمل شروع کریں۔ صاف ستھرا لباس زیب تن کریں اور خوشبو

سے لباس کو معطر کریں عمل ہمیشہ بعد نماز عشاء پڑھیں۔ حصار
کرتے وقت باوضو تین بار سورۃ اخلاص پڑھیں۔ روزانہ کامل
یکسوئی کے ساتھ سورۃ مزمل چالیس مرتبہ پڑھنی چاہئے۔ عمل
کے دوران آس پاس کوئی انسان موجود نہیں ہونا چاہئے۔
عمل کے دوران نہایت بھیانک صورتیں نظر آئیں گی۔ لیکن
ان سے ہرگز ڈرنے کی ضرورت نہیں۔ وہ حصار کے اندر
داخل ہونے کی ہمت نہیں کر سکتے۔ البتہ اگر عامل ڈر گیا اور
حصار سے باہر آگیا تو پھر عامل کیلئے خطرہ ہے جان بھی جا سکتی
ہے اور دماغ بھی خراب ہو سکتا ہے۔

آخری عشرے میں عامل کو زیادہ ڈرانے کی کوشش
کی جاتی ہے۔ لیکن اگر عامل ثابت قدم رہ کر اپنا چلہ پورا
کر لیتا ہے تو پھر جنات حاضر ہو کر دوستی کا ہاتھ بڑھاتے
ہیں۔ دوستی ہونے کے بعد بھی جب سورۃ مزمل تنہائی میں پڑھ کر
حاضر ہونے کا حکم دے گا۔ جنات فوراً حاضر ہوں گے اور عامل
کی اطاعت کریں گے۔

جنات تابع کرنے کا عمل

یہ طریقہ وقت کے اعتبار سے بہت آسان ہے۔ لیکن
اس لحاظ سے بے حد مشکل ہے کہ ایک ہی نشست میں سوا
لاکھ مرتبہ پڑھنا ہوتا ہے اور انسانی تقاضے چھ گھنٹے سے
زیادہ قابل برداشت نہیں ہوتے۔ تاہم اگر کسی کو لمبی نشستوں

میں بیٹھنے اور وظائف پڑھنے کی مشق ہو تو ان کیلئے کوئی
دشواری نہیں ہوگی۔

اس عمل کی شرائط یہ ہیں۔ بالکل تنہائی کا مقام ہو۔
عود جلائے، نیا لباس پہنے، خوشبو لگائے، خوشبودار
پھول اپنے پاس رکھے بدبودار چیز پورے دن نہ کھائے۔ مثلاً
پیاز، لہسن وغیرہ۔

اس عمل کیلئے حصار اس طرح کرے، چاروں قل اور
آیت الکرسی ایک ایک مرتبہ پڑھ کر چھری پر دم کرے اور
اُس چھری سے اپنے اِردگرد گول دائرے کی صورت میں
حصار کھینچ دے، عمل شروع کرنے سے پہلے دو رکعت نماز
ادا کرے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ نصر (اِذَا جَآءَ
نَصْرُ اللّٰہِ) دس مرتبہ پڑھے۔

عمل صرف یہ ہے کہ سوا لاکھ مرتبہ یَا شَمْعَلُوْنِیْ پڑھے۔
عمل کے اختتام پر ایک جن عورت آ کر سلام کرے گی۔ اگر
عمل پورا ہو چکا ہے تو کسی قسم کا خوف نہ کھائے اور سلام کا
جواب دیکر اس سے یہ عہد کرے کہ میں جب کسی خدمتِ خلق
کیلئے تمہیں بلاؤں تو تمہیں حاضر ہونا پڑے گا۔ وہ وعدہ
کرے گی اور کوئی نشانی بھی دے گی۔ اور آنے کا طریقہ
بھی بتائیگی۔ نوے ہزار جنات اسکے تابع ہیں۔

جنات تابع کرنیکی خواہش رکھنے والے حضرات یہ بات
یاد رکھیں کہ یہ کام کمزور دل اور بدن والوں کے بس کی بات

نہیں۔ اس طرح کے عملیات کیلئے نڈر اور صحت مند ہونا بے حد ضروری ہے۔ بصورتِ دیگر نقصان کا احتمال ہے۔

بہرحال خادم نے یہ قیمتی طریقے اربابِ ذوق کے لئے نقل کر دیئے ہیں۔ دُعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان طریقوں سے اہل حضرات کو قسمت آزمائی کی توفیق دے اور اپنے فضل و کرم سے انہیں اپنے مقصد میں کامیاب کرے۔

آمین۔

تشخیصِ مرض

مرض کی دریافت

اس باب میں ایسے طریقے نقل کئے جا رہے ہیں۔ جن کے ذریعہ عاملین یہ اندازہ کر سکتے ہیں کہ مریض کس مرض کا شکار ہے اور کونسی چیز اس پر چڑھی ہوئی ہے۔ آیا اس پر آسیب وغیرہ کا اثر ہے یا اس پر جادو کرایا گیا ہے۔ یا پھر اسے جسمانی بیماری ہے۔ عاملین کو چاہیئے کہ وہ مرض کی تحقیق میں کامل سنجیدگی اور احتیاط سے کام لیں۔ کیونکہ تشخیص ہی میں صحیح علاج ممکن ہے۔ اگر تشخیص غلط ہوگی تو لامحالہ علاج بھی غلط ہوگا۔ اور بجائے فائدے کے مریض

کو نقصان پہنچے گا۔ اس لئے علاج سے زیادہ تشخیص پر توجہ دینی چاہیئے۔

شناخت آسیب کے لئے یہ نقش دیا جا رہا ہے۔

ابلیس لعین — قارون لعین

عج عج عج عج

شدّاد، نمرود ولعینان

ہامان ابوجہل دقیانوس

قَارُوْنَ مَلْعُوْنٌ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

جس وقت مریض پر آسیب ہو اس وقت یہ نقش لکھ کر دکھائیں۔ اگر اس کو دیکھ کر مریض رونے لگے تو سمجھیں کہ اس پر جن کا اثر ہے اگر ہنسنے لگے تو کوئی خبیث روح اس پر مسلط ہے۔ اور اگر خاموش رہے تو دماغی خلل ہے۔

مرض کی پہچان

مریض کا پہنا ہوا کپڑا ناپیں اور پھر اس پر باوضو بسم اللہ، سورۃ فاتحہ، آیت الکرسی، تین تین مرتبہ پڑھیں۔ سورۃ صافات (پارہ ۲۳) کی آیات لازب تک اور سورۃ جن (پارہ ۲۹) آیات شططا تک ایک ایک مرتبہ پڑھیں۔ آخر میں معوذتین قرآن حکیم کی آخری دونوں سورتیں ایک ایک مرتبہ پڑھ کر کپڑے پر دم کر دیں۔ پھر دوبارہ اسے ناپیں۔ اگر

کپڑا گھٹ جائے تو جادو ہے۔ اگر بڑھ جائے تو جن وغیرہ کا اثر ہے، اگر کچھ فرق نہ پڑے تو جسمانی بیماری ہے۔

مریض پر سحر، آسیب یا جسمانی امراض کا پتہ لگانا

مریض کے پاؤں کے ناخن سے لیکر سر تک ایک نیلے رنگ کا ڈورا ناپیں پھر سات مرتبہ اس پر سورۃ مزمل پڑھیں اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر دوبارہ اس ڈورے کو ناپیں۔ اگر کم ہو جائے تو سحر ہے۔ اگر بڑھ جائے تو اوپری اثرات ہیں اور اگر کچھ فرق نہ پڑے تو جسمانی مرض ہے۔

مریض کی بیماری کا پتہ لگانا

ایک کورا مٹی کا سکورا لیکر اس پر کالی روشنائی سے یہ عزیمت لکھے:

۳۴ ۱۱۲ح۴ح۴ح۹ع۵۱۸۳۱۱

اس سکورے پر عزیمت لکھنے کے بعد مریض کے چاروں طرف سات مرتبہ گردش دے پھر اس کو دہکتی ہوئی آگ میں رکھدے اور دیکھے۔ اگر حروف سفید ہو گئے تو سحر ہے اگر سرخ ہو گئے تو چڑیل کا اثر ہے اگر غائب ہو گئے تو جن کا اثر ہے اور اگر کالے ہی رہے تو جسمانی بیماری ہے۔

مریض کے بارے میں بیماری کا معلوم کرنا

مریض کے پہنے ہوئے کپڑے کو ناپیں پھر اس پر یہ عزیمت

تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔[۳]

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا جَمِیْعَ اُحْضُرُوْا الْغَنَّ اَمَا التَّوْرَاۃِ اَخْبِرُوْنِیْ وَالْاِنْجِیْلِ وَ الزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الْعَظِیْمِ وَصَفَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

اس کے بعد معوذتین پڑھے پھر آخر میں کہے صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

اس کے بعد کپڑا دوبارہ ناپیں اگر ایک انگلی کم ہو جائے تو جن کا اثر ہے اگر دو انگلی گھٹ جائے تو آسیب کا اثر ہے اگر تین انگلی گھٹ جائے تو سحر کا اثر ہے۔

مرض کی تشخیص کا آسان طریقہ

فجر کی نماز کے بعد بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اِنْتَحْ اِنْتَحْ اِنْتَحْ سو مرتبہ پڑھ کر آنکھیں بند کر لیں اور اللہ سے مدد طلب کریں۔ اس وقت جو بھی قلب پر وارد ہو وہی مرض سمجھیں۔ انشاءاللہ کبھی تشخیص غلط نہ ہوگی۔

انڈے کے ذریعہ مرض معلوم کرنا

کالی مرغی کا انڈا لیکر اس پر یہ عبارت لکھدیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا۔ اَھْلَکَعْ فَوْعَ۔

پھر اس انڈے کو مریض کے دائیں ہاتھ پر رکھ دیں۔ اور ہاتھ پوری طرح کھلوائے رکھیں۔ اب سورۂ اخلاص لاتعداد مرتبہ پڑھتے رہیں اس دوران دھنیے کی دھونی دیتے رہیں۔ پانچ دس منٹ کے بعد انڈا خود بخود کھڑا ہو جائے گا۔ اسی وقت اسے توڑ دیں اور دیکھیں اگر انڈے کی زردی میں کالا بال ہو تو سفلی سحر ہے۔ اگر زردی تمام کی تمام کالی ہو تو نظر بد ہے اور اگر سفیدی میں سُرخ بال ہو تو آسیب وجنات وغیرہ کی علامت ہے اور اگر صحیح سلامت نکلے تو پھر جسمانی مرض ہے۔

مرض، سحر، آسیب کا پتہ لگانا

سات نیلے رنگ کے ڈورے سر سے پاؤں تک مریض کے ناپے، بعدہ مندرجہ ذیل دعا سات مرتبہ پڑھ کر ڈورے پر دم کرے اس کے بعد پھر ڈوروں کو مریض کے بدن سے ناپیں۔ اگر ایک انگلی کے برابر ڈورے بڑھ جائیں تو آسیب وغیرہ کا اثر ہے اگر تین انگلی زیادہ ہو تو سحر علوی ہے اگر چار انگل بڑھ جائے تو نظر بد ہے۔ اگر ایک اُنگل کم ہو تو ہوا ہے اگر دو انگلی کم ہو تو عفریت کا اثر ہے اگر تین ۳ اُنگلی کم ہو تو سحر سفلی ہے۔ اگر برابر ہو تو جسمانی بیماری ہے۔ عزیمت یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ یَا ذِی الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ الْمَلِکُ الْقَدِیْمِ

وَالْعَطَآءِ الْعَظِیْمِ یَا ھَادِیَ الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمِ یَا مُرْسِلُ الرِّیَاحِ وَیَا خَالِقَ الْاَصْبَاحِ وَیَا ذِی الْعَرْشِ الْجُوْدِ وَالسَّیَّاحِ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ وَیَا اَرْحَمُ اِلَی الْفُؤَادِ وَاَخْذَ ھُمُ اللّٰہُ وَالشَّجَرُ کُلُّ نَاقَۃٍ وَّاٰفَۃٍ وَّشِدَّۃٍ وَّبَلَآءٍ وَّبَلِیَّۃٍ وَّکُلُّ ذِلَّۃٍ وَّعِلَّۃٍ وَّکُلُّ قِلَّۃٍ وَّمَرَضٍ وَّحَرَضٍ وَّقَرْضٍ وَّ فَقْرٍ وَّوَبَآءٍ کُلُّ سِحْرٍ وَّسَاحِرَۃٍ وَّعَدُوٍّ وَّصَغِیْرٍ وَّکَبِیْرٍ یَا سُبُّوْحُ یَا قُدُّوْسُ یَا رَبُّ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَالرُّوْحِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

کورے سکورے کے ذریعہ مرض معلوم کرنا

اس نقش کو کورے سکورے پر لکھ کر مریض کے جسم پر سے سر سے پاؤں تک سات مرتبہ اُتارے اور پھر آگ میں ڈالدے اگر حروف سُرخ ہو جائیں تو آسیب ہے اور اگر سفید ہو جائیں تو جادو ہے اگر سیاہ رہیں تو مرض جسمانی ہے اور اگر غائب ہو جائیں تو زبردست جن کا اثر ہے۔

نقش یہ ہے۔

للوطہ	عوطہ
عوطہ	للوطہ

ایک مسلمان جن کا تیار کردہ ایک عمل

انسان اس عمل کے ذریعہ جنات اور دنیاوی تمام آفات سے محفوظ رہتا ہے

حضرت سعید ابن مسیبؓ کی ملاقات ایک جن سے جو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں پر ایمان لایا تھا۔ اس جن نے اس سے کہا میں ایک عمل بتاتا ہوں جو شخص اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ جنات کی شرارتوں سے اور دنیا کی تمام بلاؤں اور آفتوں سے بفضل رب العلمین محفوظ رہے گا۔ اور اگر اس عمل کو لکھ کر جانور کے گلے میں ڈال دیا جائے تو وہ جانور چوری ہونے سے محفوظ رہے گا۔ اور اگر اس کو لکھ کر مال میں رکھ دیا جائے تو مال چوری اور نقصان سے محفوظ رہے گا اگر کوئی مسافر اس کو اپنے پاس رکھے تو بخیر و عافیت اپنے وطن واپس ہو۔

سعید ابن مسیبؓ نے کہا ضرور بتاؤ۔ اس جن نے کہا کہ قلم دوات لاؤ میں لکھواتا ہوں، چنانچہ حضرت سعید ابن مسیبؓ قلم دوات اور کاغذ اٹھا لائے۔ جن بولتا رہا اور آپ اس عمل کو لکھتے رہے۔

وہ عمل یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ كُلُّ ذِيْ مُلْكٍ

مَمْلُوْكٌ لِلّٰهِ وَكُلُّ ذِيْ قُوَّةٍ فَضَعِيْفٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَكُلُّ جَبَّارٍ وَصَغِيْرٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَكُلُّ ظَالِمٍ اِلَّا مَحِيْصَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ حَصَّنْتُ حَامِلَ كِتَابِيْ هٰذَا بِاَهْدِيَتِهٖ مِنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَالشَّيَاطِيْنِ وَالْعِفْرِيْتِ الْمُتَمَرِّدِيْنَ خَاتَمُ سُلَيْمَانَ ابْنِ دَاؤدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلٰى اَفْوَاهِكُمْ وَعَصَا مُوْسٰى عَلٰى اٰكْنَافِكُمْ وَخَيْرُكُمْ بَيْنَ اَعْيُنِكُمْ وَشَرُّكُمْ بَيْنَ اَرْجُلِكُمْ وَلَا غَالِبَ اِلَّا اللّٰهُ لَكُمْ وَحَامِلَ كِتَابِيْ هٰذَا فِيْ حِرْزِ اللّٰهِ الْمَانِعِ الَّذِيْ لَا يَذِلُّ مَنِ اعْتَزَّ بِهٖ وَلَا يَنْكَشِفُ مَنِ اسْتَتَرَ سُبْحَانَ مَنِ الْجَمَ الْبَحْرَ بِكَلِمَاتِهٖ سُبْحَانَ مَنْ اَطْفَا نَارًا عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ بِقُدْرَتِهٖ وَحِكْمَتِهٖ سُبْحَانَ مَنْ تَوَاضَعَ لَهٗ كُلُّ شَيْءٍ اَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ وَلَا تَخَافُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى لَا تَخَافَا اِنَّنِيْ مَعَكُمَا اَسْمَعُ وَاَرٰى اَللّٰهُمَّ احْفِظْ حَامِلَ كِتَابِيْ هٰذَا اَسْتَتَرَهٗ بِسِتْرِكَ الْوَاقِي الْحَصِيْنَ فِيْ لَيْلِهٖ وَنَهَارِهٖ وَظَعْنِهٖ وَقَرَارِهٖ الَّذِيْ تَسْتَتَرَ بِهٖ اَوْلِيَاءُ الْمُتَّقِيْنَ مِنْ اَعْدَائِكَ الظَّالِمِيْنَ الْكَافِرِيْنَ اَللّٰهُمَّ مَنْ عَادَاهُ فَعَادِهٖ وَمَنْ كَادَهٗ فَكِدْهُ وَمَنْ نَصَبَ لَهٗ فَخًّا فَخُذْهُ وَاطْفِ عَنْهُ نَارَ مَنْ اَرَادَ بِهٖ عَدَاوَةً وَشَرًّا وَفَرِّجْ عَنْهُ كُلَّ كُرْبَةٍ وَهَمٍّ وَضِيْقٍ وَلَا تُحَمِّلْهُ مَا يَقْوٰى وَيُطِيْقُ اِنَّكَ اَنْتَ الْحَقُّ الْحَقِيْقُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ۔

ہماری مقبولِ عام مطبوعات

مرتبہ: اعجاز احمد خان سنگھانوی

حکایات الصالحین

یعنی
اولیاءِ کرام کی ایمان پرور حکایات

اولیاء کرام، صوفیائے عظام، عُلماء حق، مشائخ طریقت اور حکام وقضاۃ کی ایمان افروز حکایات کا عظیم الشان مجموعہ۔
یہ حکایات شریعت وطریقت کا شاہکار، نیکی وتقویٰ کی مناد اور شرافت و انسانیت کا سبق سکھانے والی ہیں۔ اس کی بڑی جلد میں تین سو حکایات ہیں۔ قیمت: ۱۲۰/- روپے، چھوٹی کتاب میں صرف ایک سو حکایات ہیں۔
قیمت: ۳۰/- روپے

حکایات الاسلاف عن روایات الاخلاف

یعنی
عُلماء دیوبند کی دلچسپ اور سبق آموز حکایات

عُلماءِ دیوبند و سہارنپور کی حکایات کا دلچسپ اور بصیرت افروز مجموعہ۔
ان حکایات کا مُطالعہ انسانی زندگی میں انقلابی تبدیلی پیدا کرتا ہے۔
ان حکایات کا مُطالعہ اخلاق میں سنوار پیدا کرتا ہے، نیکی کا شعور پیدا کرتا ہے اور تقویٰ وطہارت کا احساس اُجاگر کرتا ہے۔
یہ حکایات انتہائی دلچسپ اور مؤثر ہیں۔ سفید کاغذ، کُل صفحات: ۳۲۰
قیمت۔ جلد اول: ۱۰۰/- روپے۔ جلد دوم: ۱۰۰/- روپے

مظہر بُک ڈپو
[illegible]

آسان عملیات و تعویذات

یعنی

قرآنی علوم و معارف کا اعجاز

مرتبہ

عامل کامل اعجاز احمد خان سنگھانوی

جلد-۱۱

مظہر بک ڈپو

دکان محبوب کالونی نمبر E III ST2 نزد گول مارکیٹ ناظم آباد نمبر ۳ کراچی

آسان عملیات و تعویذات

یعنی

قرآنی علوم و معارف کا اعجاز

مرتبہ
عاملِ کاملِ اعجاز احمد خان سنگھانوی

جلد-۱۱

مظہر بک ڈپو
دکان نمبر ۵ محمود کارنر ST2 III نزد گول مارکیٹ ناظم آباد نمبر ۳ کراچی ۱۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ

اور ہم اتارتے ہیں قرآن میں سے وہ چیز کہ وہ شفا ہے اور رحمت واسطے ایمان والوں کے

آسان عملیات و تعویذات

خاندان شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، علماء دیوبند و سہارنپور اور ان کے منتسبین کے آسان اور فوراً اثر کرنے والے عملیات اور تعویذات کا بیش قیمت مجموعہ جس میں ایک سو سالہ پرانی اور نایاب بیاض بھی شامل ہے۔

جلد: ۱۱

مرتبہ

عامل کامل اعجاز احمد خاں سنگھانوی

ایم۔اے

اسلامیات، تاریخ اسلام، عربی

ناشر

مظہر بکڈپو

دکان نمبر ۷ محبوب کارنر ST-2، III E

نزد گول مارکیٹ ناظم آباد ۳ کراچی ۱۸

پوسٹ کوڈ نمبر: ۷۴۶۰۰

نام کتاب : ——— آسان عملیات وتعویذات (جلد یازدہم)
نام مرتب : ——— اعجاز احمد خاں سنگھانوی (ایم اے)
نام کاتب : ——— سید احمد شاہ، عبدالغفار رئیس
سائز : ——— ۲۳ × ۱۸ / ۸
کل صفحات : ——— ۳۲۰
قیمت : ——— ۳۰/ روپے
ناشر : ——— شاہ محمد قمر عالم خاں
اشاعت اوّل : ——— شعبان ۱۴۲۳ھ / اکتوبر ۲۰۰۲ء
مصحح : مولانا حافظ قاری محمد حیات صاحب شجاع آبادی دامت برکاتہم
فون : ۶۷۰۳۴۹۴ (6703494)

اجازت از طرف مؤلف

میں جملہ مرد عورت کو ان عملیات کی اجازت دیتا ہوں۔
البتہ ان شرائط کی پابندی کی جائے۔

(۱) نماز با جماعت۔ عورتیں اپنے گھر پر پابندی کے ساتھ اوّل وقت نماز ادا کریں۔
(۲) حلال روزی کمانے اور کھانے کا اہتمام کریں۔
(۳) سچ بولیں، جھوٹ اور بیہودہ باتوں سے بچیں۔
(۴) تقویٰ اختیار کریں اور کسی اللہ والے کی صحبت اختیار کریں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو کبھی کبھی اللہ والوں کی خدمت میں حاضری دیا کریں۔
(۵) عورت اپنے شوہر کے ساتھ یا کسی محرم کے ساتھ جائے اور پردے کی سختی سے پابندی کرے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ورفعنا لک ذکرک

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللّٰھم صلِّ علیٰ محمدٍ وعلیٰ آلِ محمدٍ

کما صلیت علیٰ ابراہیم وعلیٰ آلِ ابراہیم

انک حمیدٌ مجید

اللّٰھم بارِک علیٰ محمدٍ وعلیٰ آلِ محمدٍ

کما بارکت علیٰ ابراہیم وعلیٰ آلِ ابراہیم

انک حمیدٌ مجید

عملیات کرنے والے کے لئے ضروری ہدایات

۱۔ تعویذ لکھنے والے کے لئے ضروری ہے کہ وہ نماز پنجگانہ مسجد میں باجماعت پابندیٔ وقت کے ساتھ ادا کرے، نوافل اشراق، چاشت، اوّابین اور سنّت تہجد کی ادائیگی میں حتی الامکان کوشش کرے۔ نیز مختلف اوقات میں تحیۃ الوضو، تحیۃ المسجد اور دیگر نوافل بھی ادا کرتا رہے۔

۲۔ کثرت سے درود شریف کا ورد رکھے۔ ہر نماز کے بعد سَو دفعہ درود شریف پڑھے۔ جو درود شریف نماز میں پڑھا جاتا ہے وہ افضل ہے۔ ورنہ جو درود شریف یاد ہو پڑھے۔ ہر نماز کے بعد ایک سَو مرتبہ استغفار پڑھے۔ نیز فارغ اوقات میں ذکر الٰہی میں زبان کو مصروف رکھے۔ بیہودہ اور فضول باتوں میں وقت ضائع کرنے سے بچے اپنا قیمتی وقت محنت مزدوری اور یاد الٰہی میں صرف کرے۔ اپنے بچوں کی دیکھ بھال میں وقت صرف کرنا بھی بہتر ہے۔ روزانہ گیارہ مرتبہ سورۂ مزمّل پڑھا کرے اس طرح فجر، ظہر، عصر اور مغرب کی نماز کے بعد دو دو مرتبہ اور عشاء کے بعد تین مرتبہ اگر ایسا نہ ہو سکے تو ایک ہی بیٹھک میں گیارہ مرتبہ پڑھ لے۔ اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔

۳۔ تعویذ اور نقش باوضو لکھے۔ بغیر وضو نہ کوئی عمل کرے اور نہ تعویذ وغیرہ لکھے۔ ہمیشہ کوشش کرکے باوضو رہے۔

۴۔ نقش یا تعویذ لکھنے سے پہلے زبان سے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط ضرور پڑھے۔

۵۔ تعویذ لکھتے وقت اُس آیت، دعا، کلمات یا الفاظ کو زبان سے ضرور پڑھے۔ اگر آیت یا دعا کے الفاظ پر اعراب نہ ہوں تو کسی عالم دین سے اعراب لگوالے۔ لکھی جانے والی آیت، دعا، کلمات کو لکھنے سے پہلے ایک دفعہ پڑھ لینے سے اس تعویذ کی قوت تاثیر میں زبردست اضافہ ہو جاتا ہے۔

۶۔ نقش یا تعویذ کو ہمیشہ موم جامہ کر کے باندھے تاکہ ہر قسم کی بے حرمتی کے گناہ سے محفوظ رہے۔ بغیر موم جامہ کئے کوئی نقش یا تعویذ نہ باندھے۔

۷۔ تعویذ یا نقش بوسیدہ ہو جائے تو اسے کسی پاک وصاف کپڑے میں لپیٹ کر کسی پاک جگہ دفن کر دے یا پتھر کے ساتھ باندھ کر سمندر یا کنویں میں ٹھنڈا کر دے (یعنی آہستہ سے اس میں چھوڑ دے پتھر پھینکنے کی طرح نہ پھینکے)

۸۔ نقش یا تعویذ موم جامہ کر کے مرد اپنے دائیں (سیدھے) بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈالے۔

۹۔ نقش یا تعویذ کو موم جامہ کر کے چاندی کے تعویذ میں بند کر لے یا پھر گہرے نیلے یا کالے کپڑے میں بند کر لے یا پاک چمڑے میں سلوالے۔ بغیر موم جامہ کے کوئی تعویذ یا نقش نہ باندھے۔

۱۰۔ اگر ہرن کی کھال پر تعویذ لکھنا ہو تو چاندی کا ورق بنانے والوں کے پاس سے ہرن کی کھال بآسانی مل جاتی ہے ان سے خرید لے۔

۱۱۔ نقش پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے سب سے چھوٹا عدد لکھا جائے پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خانہ پُر کیا جائے پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خالی خانہ پُر کیا جائے۔ سب سے بڑا عدد سب سے آخر میں لکھا جائے۔ یعنی اعداد کی ترتیب سے خالی خانے پُر کئے جائیں۔

۱۲۔ تعویذ ہمیشہ کچی کالی روشنائی سے لکھے۔ اگر کچی کالی روشنائی میسر نہ ہو تو زعفران کو پانی میں حل کر کے اس سے تعویذ یا نقش لکھے۔ پکے رنگ یا پکی روشنائی (مثلاً ڈالر انک وغیرہ کی طرح پکی روشنائی) سے تعویذ یا نقش نہ لکھے کہ اس میں اسپرٹ استعمال کی جاتی ہے جو شراب سے بنتی ہے۔ لہٰذا احتیاط لازم ہے۔

۱۳۔ خون وغیرہ سے کوئی نقش یا تعویذ نہ لکھے۔ جن نقوش یا تعویذات میں مرغ کے خون سے تعویذ لکھنے کو کہا گیا ہے یا کسی اور جانور کے خون سے تعویذ یا نقش لکھنے کی بابت درج ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ عامل جس وقت کالی روشنائی سے یا زعفران سے تعویذ لکھنے لگے اسی وقت مرغ یا اس جانور کو بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَر کہہ کر دوسرا شخص ذبح کر دے۔ دراصل یہ رمز اور اشارہ ہے۔

۱۴۔ تعویذ یا نقش لکھتے وقت یا عمل پڑھتے وقت ان شرائط کو ملحوظ رکھے جو تعویذ یا نقش یا عمل کے لئے ضروری ہیں۔

۱۵۔ بغض و حُب کے اعمال میں کسی پرہیزگار عالم دین سے ضرور مشورہ کر کے عمل کرے۔ ورنہ دنیا و آخرت کی تباہی کا اندیشہ ہے۔

۱۶۔ تعویذ اور نقش کی بابت یہ گمان کرے کہ ہر کام اللہ تعالیٰ کے

فضل واحسان سے ہوتا ہے اس کی مرضی یا مصلحت ہوگی تو کام ہو جائے گا۔ تعویذ یا نقش بذاتِ خود کچھ تاثیر نہیں رکھتے البتہ ان کی وجہ سے رحمتِ حق متوجہ ہو جاتی ہے۔

ہمیشہ دل میں یہ خیال رکھے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کام ہوتا ہے اگر اللہ تعالیٰ کا حکم ہوا تو کام ہو جائے گا اور اگر اللہ تعالیٰ کا حکم نہ ہوا تو کام نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا عامل ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے کام کرے گناہ اور معصیت سے بچے اور اس کے فضل واحسان کا طالب رہے۔ سب سے اچھا یہ ہے کہ ہر عمل میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نمونہ سامنے رکھے اور سنت پر عمل کرے۔

۱۷۔۔ عامل پر لازم ہے کہ وہ عاجزی، انکساری اور فروتنی کو اپنا شعار بنائے اور ہر قسم کے دعویٰ سے خود کو بچائے کہ تکبر ہمیشہ ذلت وخواری کا سبب ہے اور اللہ تعالیٰ سے دوری پیدا کرتا ہے۔

۱۸۔۔ انبیائے کرامؑ، مقرب فرشتوںؑ اور اولیائے کرامؒ کے اسمائے گرامی جن نقوش یا دعاؤں میں استعمال ہوئے ہیں وہ محض برکت اور توسل کے لئے ہیں۔ اصل کام بنانے والا اللہ تعالیٰ رب العالمین ہے لہٰذا اسی کے کرم وفضل پر نظر رکھی جائے۔

۱۹۔۔ سورج، چاند، ستارے عملیات میں کچھ مددگار ثابت نہیں ہوتے اور نہ اوقات کی پابندی ضروری ہے۔ جب دل متوجہ ہو عمل کرے یا نقش وتعویذ لکھے۔ انشاء تعالیٰ پورا

پورا فائدہ حاصل ہوگا۔

۲۰۔۔ شریعتِ اسلامیہ کے خلاف کوئی کام نہ کرے اگر کرے گا تو دنیا میں ذلیل اور آخرت میں تباہ وبرباد ہوگا۔

۲۱۔۔ تعویذ یا نقش کا معاوضہ لینا جائز ہے۔ لیکن متعلقہ شخص کی آمدنی کا لحاظ کر کے لے تو بہتر ہے۔

۲۲۔۔ حلال روزی کمائے اور حلال روزی کھائے، حرام اور مشتبہ مال کھانے سے دل کا نور اور زبان کی تاثیر ختم ہو جاتی ہے۔ لہٰذا اس معاملے میں سخت احتیاط کرے۔

۲۳۔۔ جھوٹ بولنے سے پرہیز کرے اس عظیم گناہ کے سبب زبان کا اثر جاتا رہتا ہے اور جھوٹا آدمی کسی پر کلام پڑھ کر دم کرے گا تو وہ فائدہ نہ ہوگا۔

جھوٹ، غیبت، حسد، بغض، چغلی۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی نیز دیگر قلبی، زبانی اور عملی گناہوں سے خود کو بچائے اور اگر گناہ ہو جائے تو فوراً توبہ کرے۔

۲۵۔۔ بھاگنے اور فرار ہونے والے کے نقش یا تعویذات جو باندھے گئے ہوں یا دفن کئے گئے ہوں مفرور کے آتے ہی فوراً نکال لیں اور انہیں سمندر، نہر یا کنویں میں پتھر باندھ کر ڈال دیں ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔

۲۶۔۔ فقہاء نے فرمایا ہے کہ خاوند کے لئے تسخیر کا تعویذ کرانا حرام ہے گو اس فتوے کی عبارت مطلق ہے مگر قواعد سے اس کی شرح

فضل واحسان سے ہوتا ہے اس کی مرضی یا مصلحت ہوگی تو کام ہو جائے گا۔ تعویذ یا نقش بذاتِ خود کچھ تاثیر نہیں رکھتے البتہ ان کی وجہ سے رحمتِ حق متوجہ ہو جاتی ہے۔

ہمیشہ دل میں یہ خیال رکھے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کام ہوتا ہے اگر اللہ تعالیٰ کا حکم ہوا تو کام ہو جائے گا اور اگر اللہ تعالیٰ کا حکم نہ ہوا تو کام نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا عامل ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے کام کرے گناہ اور معصیت سے بچے اور اس کے فضل واحسان کا طالب رہے۔ سب سے اچھا یہ ہے کہ ہر عمل میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نمونہ سامنے رکھے اور سنت پر عمل کرے۔

۱۷۔ عامل پر لازم ہے کہ وہ عاجزی، انکساری اور فروتنی کو اپنا شعار بنائے اور ہر قسم کے دعویٰ سے خود کو بچائے کہ تکبر ہمیشہ ذلت وخواری کا سبب ہے اور اللہ تعالیٰ سے دوری پیدا کرتا ہے۔

۱۸۔ انبیائے کرامؑ، مقرب فرشتوںؑ اور اولیائے کرامؒ کے اسمائے گرامی جن نقوش یا دعاؤں میں استعمال ہوئے ہیں وہ محض برکت اور توسل کے لئے ہیں۔ اصل کام بنانے والا اللہ تعالیٰ رب العالمین ہے لہٰذا اسی کے کرم وفضل پر نظر رکھی جائے۔

۱۹۔ سورج، چاند، ستارے عملیات میں کچھ مددگار ثابت نہیں ہوتے اور نہ اوقات کی پابندی ضروری ہے۔ جب دل متوجہ ہو عمل کرے یا نقش وتعویذ لکھے۔ انشاء تعالیٰ پورا

پورا فائدہ حاصل ہوگا۔

۲۰۔ شریعتِ اسلامیہ کے خلاف کوئی کام نہ کرے اگر کرے گا تو دنیا میں ذلیل اور آخرت میں تباہ وبرباد ہوگا۔

۲۱۔ تعویذ یا نقش کا معاوضہ لینا جائز ہے۔ لیکن متعلق شخص کی آمدنی کا لحاظ کر کے لے تو بہتر ہے۔

۲۲۔ حلال روزی کمائے اور حلال روزی کھائے، حرام اور مشتبہ مال کھانے سے دل کا نور اور زبان کی تاثیر ختم ہو جاتی ہے۔ لہٰذا اس معاملے میں سخت احتیاط کرے۔

۲۳۔ جھوٹ بولنے سے پرہیز کرے اس عظیم گناہ کے سبب زبان کا اثر جاتا رہتا ہے اور جھوٹا آدمی کسی پر کلام پڑھ کر دم کرے گا تو وہ فائدہ نہ ہوگا۔

جھوٹ، غیبت، حسد، بغض، چغلی۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی نیز دیگر قلبی، زبانی اور عملی گناہوں سے خود کو بچائے اور اگر گناہ ہو جائے تو فوراً توبہ کرے۔

۲۵۔ بھاگنے اور فرار ہونے والے کے نقش یا تعویذات جو باندھے گئے ہوں یا دفن کئے گئے ہوں مفرور کے آتے ہی فوراً نکال لیں اور انہیں سمندر، نہر یا کنوئیں میں پتھر باندھ کر ڈال دیں ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔

۲۶۔ فقہاء نے فرمایا ہے کہ خاوند کے لئے تسخیر کا تعویذ کرانا حرام ہے گو اس فتوے کی عبارت مطلق ہے مگر قواعد سے اس کی شرح

یہ ہے کہ حقوق دو طرح کے ہیں۔ ایک تو وہ حقوق جو شرعاً شوہر پر واجب ہیں اور دوسرے وہ ہیں جو شرعاً واجب نہیں۔ سو جو حقوق واجب نہیں ان میں کسی تعویذ و عمل کے ذریعہ سے اس کو مجبور کرنا یعنی تسخیر کی ایسی تدبیر جس سے وہ مغلوب اور پاگل ہو جائے اور اپنے مصالح کی کچھ خبر نہ رہے یہ غیر واجب پر مجبور کرنا ہے یہ حرام ہے۔ ہاں اگر حقوق واجبہ میں کوتاہی کرتا ہے تو اس کیلئے مجبور کرنا بھی جائز ہے اور چونکہ ان عملیات میں اثر تابع ہوتا ہے قصد کے اس لئے عمل کے وقت غیر واجبہ حقوق حاصل ہونے کا قصد کرنا بھی گناہ ہے اور اثر کا تابع قصد ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ عملیات بھی ایک قسم کا مسمریزم ہے جس سے کسی کے دل اور دماغ پر قابو حاصل کیا جاتا ہے۔ لہذا عامل کو اس قسم کے تعویذ دینے میں احتیاط کرنا ضروری ہے اور کسی متقی عالم دین سے مشورہ کر کے نقش یا تعویذ دے تو بہتر ہے

۲۷۔ مؤلف کتاب ھٰذا کے والدین مرحومین، جملہ بزرگان دین و مشائخ عظام، جن کے عملیات و تعویذات اس کتاب میں درج ہیں ان سب کے لئے اوّل درود شریف تین مرتبہ، الحمد شریف چودہ مرتبہ اور سورۃ اخلاص (قُلْ ہُوَ اللّٰہُ اَحَد، آخر تک) تین مرتبہ پھر درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب مرحومین کو بخش دے اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کرے تاکہ پورا پورا فیض حاصل ہو۔

تنبیہ:۔ جو شخص کسی کو کچھ ثواب ہبہ کرتا ہے تو حق تعالیٰ

بعض احسان مثل اُس ثواب کے اُس کو یعنی جس کو اُس نے بھیجا ہے۔ عطا فرماتا ہے اور فرستندہ کا اصل ثواب فرستندہ کے واسطے رکھتا ہے۔

مکتوب گرامی از حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ بنام مولانا محمد ضیاء الحق منقول در مکتوبات اکابر دیوبند ص ۵۸

کاہنؔ، ساحرؔ، جادوؔگر، رمّالؔ اور نجومیؔ کا شرعی حکم

شیخ علی قاریؒ شرح فقہ اکبر میں فرماتے ہیں :

ایک مسئلہ یہ ہے کہ کاہن جو غیب کی خبریں دیتا ہے۔ اس کی تصدیق کرنا کفر ہے۔ کیونکہ ارشادِ خداوندی ہے :

"کہہ دیجئے کہ نہیں جانتے غیب جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں سوائے اللہ تعالیٰ کے"

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص کاہن کے پاس گیا پس اس کی بات کی تصدیق کی تو اس نے کفر کیا اس کے ساتھ جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر نازل کیا گیا ہے"

اور کاہن وہ شخص ہے جو آئندہ آنے کے واقعات کی خبر دیتا ہے اور مکان کے اسرار کی معرفت کا مدعی ہو کہا گیا ہے کہ کاہن ساحر ہے اور نجومی جب آئندہ واقعات کے علم کا دعویٰ کرے تو وہ بھی کاہن کے مثل ہے اور اسی حکم میں رمّال داخل ہے"

قونوی کہتے ہیں کہ حدیث کاہن۔ قیافہ شناس اور نجومی سب کو شامل ہے۔ اس لئے نجومی، رمّال اور اس نوعیت کے دوسرے لوگ مثلاً کنکریاں پھینک کر حساب لگانے والے کی پیروی جائز نہیں۔ ان لوگوں کو جو اجرت دی جاتی ہے وہ بالاجماع حرام ہے جیسا کہ بغوی اور قاری عیاض وغیرہ نے نقل کیا ہے اور انبیاء علیہم السلام کے بعد اس شخص کی پیروی بھی جائز نہیں جو مدعی الہام بن کر الہامات کے ذریعہ خبریں دیتا ہو اور نہ اس شخص کی پیروی جائز ہے جو حروف ابجد کے علم کا مدعی ہو۔ کیونکہ یہ بھی کاہن کے حکم میں ہے۔ (شرح فقہ اکبر ص۱۸۲، ص۱۸۳)

۱؎ جنوں سے دریافت کرکے غیب کی خبریں بتانے والا۔ ۲؎ جادوگر، جادو ٹونہ۔ افسوں اور طلسم کرنے والا ۳؎ جادو کرنے والا۔ ۴؎ علم رمل کا ماہر جوتشی۔ نجومی۔ ۵؎ علم نجوم کا ماہر جوتشی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فہرست مضامین

آسان عملیات وتعویذات جلد یازدہم (گیارہویں جلد)

تمت بالخیر

الحمدللہ آسان عملیات و تعویذات کی جلد یازدہم (۱۱) ختم ہوئی اب جلد دوازدہم (۱۲) (بارہویں) جلد ملاحظہ فرمائیے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

(۱) برائے شناخت (پہچان) مرض

مرد یا عورت کا چوبیس گھنٹے پہنا ہوا کرتہ یا قمیض جس کے نیچے کوئی دوسرا کپڑا نہ پہنا ہو (عورت کرتہ کے نیچے شمیض، باڈی یا انگیہ نہ پہنے ہو) صرف کرتہ ہو، کرتہ کے اوپر جو چاہے پہنے اس کے نیچے نہ پہنے۔ اس کرتہ کو بالشت سے ناپ کر نشان لگائے۔ پھر اس کپڑے پر مندرجہ ذیل عزیمت (قرآنی آیات) پڑھ کر اس کرتہ پر دم کرے (یعنی ہر بار پڑھ کر کرتے پر پھونک مارے) پھر اس کرتے کو پندرہ بیس منٹ تک رکھا رہنے دے۔ اس کے بعد اس کو دوبارہ بالشت سے ناپے۔ اگر کپڑا ایک انگل گھٹے (چھوٹا ہو جائے) یا بڑھے (بڑا ہو جائے) تو جان لے کہ اس مریض پر اثر ہمزاد کا ہے اور اگر دو انگل گھٹے یا بڑھے تو اثر شیطان کا ہے تین یا چار انگل بڑھے یا گھٹے تو اثر سحر جادو کا ہے اسی کے مطابق علاج کرے۔ اگر کپڑا پہلے ناپ کے مطابق برابر ہے تو مرض بدن کا ہے اور علاج حکیم یا ڈاکٹر سے کرائے۔ کیونکہ مرض بدن کا علاج معالج جسمانی ہی کر سکتا ہے البتہ سورۃ فاتحہ پچیس ۲۵ بار اوّل و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے تو انشاءاللہ صحت ہوگی۔ عزیمت یہ ہے۔

۱۔ سورۃ فاتحہ تین بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ سورۃ فاتحہ یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۙ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۙ مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ؕ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ؕ اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِمۡ ۙ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ وَ لَا الضَّآلِّیۡنَ ٪

۲۔ آیۃ الکرسی تین بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ آیۃ الکرسی یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

۳۔ سورۃ الصّٰفّٰت شروع سے لے کر مِنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ۝ تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ سورۃ الصّٰفّٰت کی آیتیں یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۙ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۙ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۙ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ۨالْكَوَاكِبِ ۙ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۚ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۖ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۙ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ۝

۴۔ سورۃ جن شروع سے لے کر شَطَطًا تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ جن کی آیات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۝ يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۙ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۙ وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۙ

۵۔ سورۃ اخلاص آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ اخلاص یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

۶۔ سورۃ فلق۔ آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ فلق یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

۷۔ سورۃ الناس آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ الناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

۸ - سورۃ اعراف پارہ ۹ کی آیتِ ذیل ایک بار پڑھ کر دم کرے۔
سورۃ اعراف کی آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۛۚ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ۛۚ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۠

۲- مرض - آسیب - سحر - جن معلوم کرنیکا طریقہ

مریض کا ایسا کپڑا لے جس میں اس نے رات گذاری ہو۔ پہلے اس کپڑے کو گز یا بالشت سے ناپ لے اس کپڑے پر نشان لگا دے پھر مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر دم کر کے کپڑے کو رکھ دے۔ ذرا دیر کے بعد پھر کپڑے کو ناپے۔ اگر کپڑا بڑھ جائے تو بیماری شیاطین کے اثر سے ہے اور اگر کپڑا گھٹ جائے بیماری جن سحر یا جادو کے سبب سے ہے اور کپڑا سابقہ ناپ کے مطابق برابر رہا تو مرض جسمانی ہے۔ وہ عزیمت یہ ہے:

۱- سورۃ فاتحہ (الحمد شریف) آخر تک تین مرتبہ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ
۲- والصّٰفّٰت سے لے کر لفظ "لازب" تک (سورۃ الصّٰفّٰت) ایک بار۔
۳- سورۃ جنّ شروع سے لے کر لفظ "شططا" تک (سورۃ جنّ) ایک بار۔
۴- قل اعوذ برب الفلق آخر تک ایک بار۔
۵- قل اعوذ برب النّاس آخر تک ایک بار۔

(۳) مریض کا حال معلوم کرنا

اگر مریض کا حال معلوم کرنا چاہے تو مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر مریض پر دم کرے اگر مرض بڑھ جائے۔ آسیب ہے اگر کم ہو جائے تو جادو ہے اور اگر بدستور مرض رہے تو بیماری ہے۔

عزیمت یہ ہے:

① الحمد شریف (پوری سورۃ فاتحہ) (۷سات مرتبہ)
② آیۃ الکرسی (۷سات مرتبہ)
③ سورۃ کافرون (قل یاایّھا الکٰفرون) آخر تک (۷سات مرتبہ)
④ سورۃ اخلاص (قل ھو اللہ احد) آخر تک (۷سات مرتبہ)
⑤ سورۃ الفلق (قل اعوذ برب الفلق) آخر تک (۷سات مرتبہ)
⑥ سورۃ الناس (قل اعوذ برب النّاس) آخر تک (۷سات مرتبہ)

(۴) مرض معلوم کرنے کا طریقہ

مریض کے پاؤں کے ناخن سے سر کے بالوں تک ایک ڈورا (دھاگہ) ناپ لیں۔ پھر گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ درود شریف کے بعد سورۃ مزمّل سات بار پڑھیں۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ڈورے پر دم کریں پھر ڈورے کو ناپیں اگر ڈورا ناپ سے چھوٹا رہ جائے تو شیاطین کے اثر سے بیماری ہے اور اگر ڈورا ناپ سے بڑا (لمبا) ہو جائے تو سحر ہے یا جنّ کے اثر سے مرض ہے اور اگر ڈورا قد کے برابر ہے تو مرض جسمانی ہے۔ ڈاکٹر، حکیم سے علاج کرائے

استخارہ کی ترکیب

جب کوئی سخت مشکل پیش آئے یا شادی یا سفر یا کوئی کام کرے تو بغیر

استخارہ کئے نہ کرے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ
"اللہ تعالیٰ سے اپنے کاموں میں اصلاح نہ لینا کم بختی اور کم نصیبی
کی بات ہے۔"

جس کام کو استخارہ کرکے کیا جائے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ اس میں ضرور کامیابی ہوگی اور پریشانی نہ اٹھانی پڑے گی۔ استخارہ کی چند آسان اور زود اثر ترکیبیں لکھی جاتی ہیں جن پر آسانی سے عمل کرسکے کرے۔

(۱)

استخارہ کی نیت کرکے دو رکعت نمازِ نفل بعد نمازِ عشاء کے پڑھے اس کے بعد خوب دل لگاکر یہ دعا تین مرتبہ پڑھ لے (اگر زبانی یاد ہو تو بہتر ہے ورنہ دیکھ کر پڑھ لے) دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَآ اَقْدِرُ وَ تَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ، اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاقْدِرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ، وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَ عَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ ط۔

دعا پڑھتے وقت جب هٰذَا الْاَمْرَ کے الفاظ پر پہنچے تو اس کام کو دھیان میں (تصور میں سوچے) لائے جس کام کے لئے استخارہ کیا ہے۔

اس سے فارغ ہونے کے بعد پاک صاف اور ستھرے بستر پر قبلہ کی طرف منہ کرکے باوضو سو جائے (اس طرح کہ سر شمال کی طرف ہو اور پاؤں جنوب کی

کی طرف اور دائیں کروٹ قبلہ کی طرف منہ کرکے سو جائے) سونے کے بعد کروٹ بدل جائے تو حرج نہیں جب سوکر اٹھے اس وقت جو بات مضبوطی سے دل میں آئے وہی بہتر ہے اسی کام کو کرنا چاہیئے۔ اگر ایک دن میں کچھ معلوم نہ ہو اور دل میں خلجان اور تردد (شک وشبہ) باقی رہے تو پھر دوسری رات اسی طرح کرے انشاء اللہ العزیز سات روز کے اندر اندر اس کام کی بھلائی یا برائی (یعنی کام کرنے کا جذبہ یا نہ کرنے کی طرف طبیعت کا میلان ہوگا اگر کام کرنے کا جذبہ شدید ہے تو کام کرلے اور اگر شک وشبہ ہے تو نہ کرے) معلوم ہوجائے گی۔

ف: یہ دعا جس کا نام دعاء الاستخارہ ہے مختلف لفظوں کے ساتھ حدیث شریف میں آئی ہے۔ جس کو جو دعا یاد ہو پڑھے۔

(۲)

جب استخارہ کرنا ہو تو بعد نمازِ عشاء سب سے پہلے پاک کپڑے پہنے پھر وضو کرے اور قبلہ کی طرف منہ کرکے سیدھی (داہنی) کروٹ لیٹ جائے اور مندرجہ ذیل سورتیں حسبِ ترتیب ذیل پڑھے:

(۱) سورۃ الشمس سات مرتبہ پارہ ۳۰ سورۃ والشمس یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ۝ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا ۝ وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰهَا ۝ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا ۝ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰهَا ۝ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ۝ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَ تَقْوٰهَا ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا ۝ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا ۝ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰهَا ۝ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰهَا ۝ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْیٰهَا ۝ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۝ فَدَمْدَمَ عَلَیْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰهَا ۝ وَلَا یَخَافُ عُقْبٰهَا ۝

(۲) سورۃ الیل سات مرتبہ (۷ دفعہ)۔ سورۃ اللیل یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۙ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۙ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰٓى ۙ اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ۞ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ۙ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۙ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ۞ وَاَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ۙ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۙ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ۞ وَمَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗٓ اِذَا تَرَدّٰى ۞ اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ۖ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى ۞ فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى ۚ لَا يَصْلٰىهَآ اِلَّا الْاَشْقَى ۙ الَّذِيْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۞ وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ۙ الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى ۚ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰٓى ۙ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ۚ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ۞

(۳) سورۃ اخلاص سات مرتبہ (سات دفعہ) پارہ ۳۰

سورۃ الاخلاص یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۞ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۞

(۴) سورۃ التین سات مرتبہ (۷ دفعہ)

سورۃ التین یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۙ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۙ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۞ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۞ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۞ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۞ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۞

مندرجہ بالا سب سورتیں پڑھنے کے بعد عاجزی سے کہے:

"اے میرے اللہ! مجھے میرے خواب میں وہ چیز دکھا دے اور میرے اس حال میں کشادگی فرما دے اور میں اپنی دعا قبول ہونے کا حال معلوم کرلوں اور اس کام کے سرانجام ہونے کی تدبیر میرے دل میں ڈال دے۔"

انشاء اللہ العزیز اسی رات کو معلوم ہو جائے گا ورنہ اسی طرح دوسری رات کو عمل کرکے سوئے اگر مطلب حاصل ہو جائے ٹھیک ہے ورنہ اسی طرح تیسری رات کو بھی کرے۔ ساتویں رات تک انشاء اللہ تعالیٰ حل کھل جائے گا اور ساتویں رات سے آگے نہ بڑھے گا۔

(۳)

سب سے آسان استخارہ یہ ہے کہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کی رات کو برابر عشاء کی نماز کے بعد سب کاموں سے فارغ ہوکر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ تین سو مرتبہ پڑھ کر سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ معہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (پوری سورت پارہ ۳۰) ستر مرتبہ پڑھے:

سورۃ الم نشرح یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۙ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۞ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۙ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۞ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۞

اور اپنے منہ اور سینہ پر دم کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے کہ:

"فلاں کام میں جو ہونے والا ہے، وہ مجھ کو خواب میں یا غنودگی میں کسی آواز دینے والے کی آواز سے معلوم کرا دے۔"

اس کے بعد درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمٍ لَّکَ۔

انشاء اللہ تعالیٰ تینوں راتوں میں سے کسی ایک رات میں مقصد حاصل ہو جائے گا۔

(۴)

پاک کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر باوضو اس نقش کو لکھ کر (اگر لکھنا نہ جانتا ہو تو کسی پڑھے لکھے آدمی سے لکھوا لے۔ نقش لکھنے والا باوضو ہو) سر کے نیچے رکھ کر سو رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں ہر بات کا جواب ملے گا۔

۷۸۶

۱	۸۸۳	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۸۸۲
۶	۹	۸۸۵	۳
۸۸۴	۴	۵	۱۰

حصار کی ترکیب

بڑا اہم چلہ کرتے وقت یا جنات کے علاج کے وقت حصار کرنا ضروری ہے۔ حصار کی آسان ترکیب یہ ہے۔

مندرجہ ذیل سورتیں حسب ذیل ترتیب سے پڑھیں:

(۱) آیۃ الکرسی بسم اللہ کے ساتھ ایک دفعہ (پارہ ۳)

آیۃ الکرسی یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

(۲) سورۃ کافرون (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ۔ (پارہ ۳۰)

سورۃ کافرون یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

(۳) سورۃ اخلاص (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۃ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

(۴) سورۃ فلق (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰) سورۃ فلق یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

(۵) سورۃ الناس (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۃ ناس یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۙ الۡخَنَّاسِ ۙ الَّذِىۡ يُوَسۡوِسُ فِىۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ

مندرجہ بالا سورتیں پڑھ کر اپنے چاروں طرف پھونکے اور جسم پر دم کرے اور چاقو پر دم کرکے چاقو سے اپنے چاروں طرف خط (لائن) کھینچے۔

علماء کرام کے عملیات وتعویذات

ہر قسم کے غم اور ہر قسم کی مصیبت سے نجات

حضرت یونس علیہ السلام کی دعا ہر قسم کے غم اور ہر قسم کی مصیبت سے نجات کے لئے تیر بہدف ہے۔ اس کا ورد کرنے والا ہمیشہ کامیاب ہوتا ہے۔

پڑھنے کا طریقہ باوضو بعد نماز عشاء اندھیرے کمرے میں مصلّیٰ بچھا کر قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھ جائے اور اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ سب سے بہتر درود شریف نماز میں پڑھا جانے والا ہے۔ اس کو پڑھے اس کے بعد یہ دعا گیارہ سو بار پڑھے پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ پڑھنے سے قبل مٹی کا ایک بڑا پیالہ پانی بھر کر پاس رکھ لے اور بار بار ہاتھ اس پیالہ میں بھگو کر اپنے چہرے پر ملے اور دل میں حاجت پورا ہونے یا غم دور ہونے کی نیت ہو۔ اکتالیس دن پورے نہ ہونے پائیں گے کہ انشاء اللہ تعالیٰ مراد پوری ہوگی اور قرآن پڑھنے کا ثواب اس کے علاوہ ہوگا۔

حضرت یونس علیہ السلام کی دعا یہ ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ سُبۡحٰنَكَ اِنِّىۡ كُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِيۡنَ

نماز والا درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

رزق میں فراخی اور برکت کے لئے

بعد نماز فجر اوّل گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد یہ دعا تین سو بار پڑھے آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے اللہ تعالیٰ سے فراخی رزق اور رزق میں برکت کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ برکت ہوگی کہ تھوڑی رقم میں زیادہ کام انجام پائیں گے۔

وہ قرآنی دعا یہ ہے۔

وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّ یَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ۝

قرض سے نجات حاصل کرنا

اگر کوئی شخص قرض میں جکڑ گیا ہو اور رات دن ادائیگی کے لئے پریشان رہتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ اس دُعا کو پابندی کے ساتھ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ پہاڑ کے برابر بھی قرض ہوگا تو اس کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے شرط یہ ہے کہ پابندی سے عمل کرے ناغہ نہ کرے جب تک مکمل قرض ادا نہ ہو جائے برابر عمل کرتا رہے۔ اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز عشاء باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد پانچ سو بار یہ دعا پڑھے اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر قرض سے نجات کی دعا کرے۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ۔

جنگ کے دوران گھبراہٹ یا دشمن کے ڈر سے نجات

اگر جنگ جاری ہو اور راکٹ اور بم برس رہے ہوں اور دل ودماغ گھبراہٹ میں مبتلا ہوں۔ یا دشمن کے حملہ کرنے یا دشمن کی طرف سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو ایسی صورت میں ہر حال میں اس دعا کو چلتے، پھرتے

بیٹھے، لیٹے برابر پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن
ذلیل ہو کر ناکام چلا جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔
اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا

جسم کے درد سے نجات

اگر جسم کے کسی حصہ میں درد ہو تو جہاں درد ہو
وہاں اپنا دایاں ہاتھ رکھ کر تین (۳) بار
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
پڑھے۔ اور سات بار یہ دعا پڑھے۔ دعا یہ ہے۔
اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ
مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ۔
اس کے بعد سورۃ فلق اور سورۃ ناس ایک ایک بار پڑھ کر
اپنے اوپر دم کرے مجرب ہے۔ سورۃ فلق یہ ہے۔
سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ خَمْسُ آيَاتٍ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ
شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي
الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ؑ
سورۃ ناس یہ ہے۔
سُوْرَةُ النَّاسِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ سِتُّ آيَاتٍ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ
مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ
صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ؑ

ہر آفت سے بچنے کی دعا

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ موت کے
سوا اس (دعا) کا پڑھنے والا اپنے اہل و عیال میں کوئی
آفت نہ دیکھے گا۔ اس دعا کو ہر نماز کے بعد ایک سو (۱۰۰) بار
پڑھ لے یا کسی وقت روزانہ ایک سو (۱۰۰) بار پڑھ لیا کرے
انشاء اللہ تعالیٰ ہر بلا و آفت سے محفوظ رہے گا۔ وہ دعا
یہ ہے۔
مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ
یہ دعا بطور تعویذ کے نظر بد کے لئے لکھی جاتی ہے مگر شرط
یہ ہے کہ کوئی نقطہ نہ ہو اور نہ کوئی حرف دوسرے کو کاٹے
پھر دائیں طرف کو بائیں طرف پر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
پڑھ کر لپیٹ دے اور موم جامہ کر کے پاک (نیلے یا کالے)
کپڑے یا چمڑے میں لپیٹ کر گلے یا بازو (مرد دائیں بازو
پر اور عورت بائیں بازو) پر باندھے۔ لیکن باوضو لکھ کر
اس کو ایک سادہ کاغذ میں لپیٹ دے کہ بغیر وضو ہاتھ
نہ لگے اس لئے کہ یہ قرآن پاک کی آیت ہے۔ اس تعویذ
کے لکھنے کی ہر ایک کو عام اجازت ہے۔ لکھنے کا طریقہ

یہ ہے اس طرح لکھے۔

ما ساء الله لا فوه الا بالله

نظر بد سے حفاظت

اگر کسی کو نظر بد لگی ہو اور اس کا کھانا پینا کم ہو گیا ہو یا جسم میں درد اور بخار اور طرح طرح کے امراض جمع ہو گئے ہوں تو مندرجہ ذیل دعا کو تین، پانچ یا سات بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے اور اس کے منہ پر چھینٹے مارے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نظر بد سے چھٹکارہ حاصل ہوگا اور مریض جلد صحتیاب ہو جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

أُعِيْذُكَ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّةِ عَنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطٰنٍ وَّهَآمَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَّآمَّةٍ۔

نیند میں ڈرنے کی دعا

اگر کوئی بڑا آدمی یا بچہ نیند میں ڈر جاتا ہو یا بچہ چونکتا ہو تو یہ دعا تین بار، پانچ بار یا سات بار باوضو پڑھ کر بچے کے سینہ پر دم کر دے اگر بڑا آدمی ہے تو اپنے سینہ پر دم کر لے۔ یہ عمل تین دن تک متواتر صبح اور شام کے وقت کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نیند میں ڈرنا بند ہو جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَعَنْ هَمَزَاتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنَ۔

ہر حاجت پوری ہونے کی دعا

یہ دعا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم فرمودہ ہے یہ قبولیت میں بہت زیادہ کامیاب دعا ہے۔ اس کے پڑھنے سے پہلے وضو کر کے دو رکعت نفل ادا کرے۔ پھر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا اور اس کی تعریف کرے اور اس کے بعد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے اور اس کے بعد یہ دعا عاجزی کے ساتھ اور پورے یقین کے ساتھ ایک سو بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دعا ضرور قبول ہوگی۔ یقین رکھنا شرط ہے۔ وہ دعا یہ ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لَنَا ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

مصیبت، بیماری اور ہر بلا سے حفاظت کی دعا

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص ہر روز صبح اور شام کے وقت یہ دعا تین بار پڑھے اس کو (انشاء اللہ تعالیٰ) کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکے گی۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

کوئی چیز گم ہو جائے یا کوئی بھاگ جائے تو اس کی واپسی کے لئے

اگر کوئی چیز کھو جائے، گم ہو جائے یا کوئی انسان، ملازم یا جانور بھاگ جائے یا کوئی ڈاکو، اسکوٹر یا سامان چھین کر بھاگ جائے تو یہ دعا باوضو کثرت سے پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ مال، گاڑی، آدمی، جانور مل جائے گا۔ شرط کثرت سے پڑھنا اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ یہ گمان رکھنا کہ وہ ضرور میری چیز واپس دلائے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ رَادَّ الضَّآلَّۃِ وَھَادِیَ الضَّآلَّۃِ تَھْدِیْ مِنَ الضَّلَالَۃِ اُرْدُدْ عَلَیَّ ضَآلَّتِیْ بِقُدْرَتِکَ وَسُلْطَانِکَ فَاِنَّھَا مِنْ عَطَآئِکَ وَفَضْلِکَ

مال اور تجارت میں برکت کی دُعا

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اے جبیر! کیا تم چاہتے ہو کہ جب سفر پر نکلو تو اپنے ساتھیوں سے زیادہ خوشحال اور زیادہ فائدہ حاصل کرنے والے بنو۔ میں نے کہا، ہاں ضرور۔ میرے ماں باپ آپ پر قربان۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ تو پھر یہ پانچ سورتیں پڑھو۔ قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ۔ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ۔ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ۔ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔

ہر سورت کو بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سے شروع کرو اور اپنی قرأت کو بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یعنی شروع میں بسم اللہ شریف اور آخر میں بھی بسم اللہ شریف پڑھے۔

اسی طرح اگر دوکان ہے تو اس کو کھولنے سے پہلے ان پانچ سورتوں کی تلاوت کر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ روزی میں برکت ہوگی اور کاروبار خوب چلے گا۔

وہ پانچ سورتیں یہ ہیں۔

سُوْرَۃُ الْکٰفِرُوْنَ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ سِتُّ اٰیَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

سُوْرَةُ النَّصْرِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۝ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

سُوْرَةُ النَّاسِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ سِتُّ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۝ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

ناک سے نکسیر جاری ہو جائے اور خون بہنے لگے

اگر کسی شخص کو نکسیر پھوٹ پڑے اور ناک سے زیادہ مقدار میں خون بہہ رہا ہو تو باوضو اس کی پیشانی (ماتھے) پر یہ آیت شہادت کی انگلی سے لکھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نکسیر فوراً بند ہو جائے گی وہ آیت یہ ہے۔

وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ (سورۃ ھود آیت نمبر ۴۴)

اور کہا گیا اے زمین تو اپنا پانی نگل لے اور اے آسمان تو تھم جا اور پانی رک گیا اور معاملہ ختم ہو گیا۔

دشمن سے شدید خوف اور ڈر ہو

اگر کسی کا دشمن موذی اور ظالم ہے اور اس کے ظلم کا خوف ہر وقت دل و دماغ پر مسلّط رہتا ہے تو اس دشمن سے نجات اور خوف سے بچاؤ کے لئے یہ دعا کثرت سے پڑھے۔ پڑھنے میں وضو بھی شرط نہیں ہے صرف کثرت سے ہر وقت پڑھنا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے شر

سے نجات حاصل ہوگی ۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ۔

اگر کوئی مشکل پیش آئے تو اس کے حل کے لئے

اگر کوئی کام مشکل ہو یا اسمیں کوئی پیچیدگی پیدا ہوگئی ہو تو اس کے حل کے لئے یہ دعا بڑی پُر تاثیر ہے۔ اس دُعا کو کثرت سے پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل آسان ہوجائے گی اور مسئلہ از خود حل ہو جائے گا۔ شرط صرف کثرت سے پڑھنے کی ہے۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ لَا سَھْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهٗ سَھْلًا، وَاَنْتَ تَجْعَلُ الْحُزْنَ اِذَا شِئْتَ سَھْلًا۔

ہر قسم کی حاجت کے لئے یہ دعا مفید ہے۔

اگر کسی کو کوئی حاجت پیش آئے یا کسی انسان سے اس کا کام پڑ جائے تو وضو کرے اور دو رکعت نماز نفل پڑھ کر اوّل اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف بھیجے اور اس کے بعد یہ دعا پڑھے۔ اور یہ دعا کثرت سے پڑھے پانچ سّو بار، گیارہ سّو بار یا ایک سّو بار پڑھے۔ اور دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔ وہ دعا یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِیْمُ الْكَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ط اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِیْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِیَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَیْتَهَا یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط

دُعاء استخارہ

جب کسی کام کے کرنے کا ارادہ ہو تو کام شروع کرنے سے پہلے استخارہ (یعنی اپنے اللہ سے طلبِ خیر اور مشورہ) کرنے کی احادیث میں بڑی فضیلت آئی ہے۔ بہتر یہ ہے کہ بعد نماز عشاء سونے سے قبل وضو کر کے دو رکعت نماز نفل پڑھے اور پھر یہ دعا کرے۔ جب "ھٰذَا الْاَمْرَ" کے الفاظ آئیں تو اس جگہ ان الفاظ کی بجائے اس کام کا نام لے یا دل میں اس کام کا دھیان کرے۔ اس کے بعد قبلہ رو ہو کر دائیں کروٹ سو جائے۔ صبح اٹھ کر جو بات دل میں آئے تو اسی کو کرنا چاہیئے۔ یا خواب میں کوئی بتانے والا بتا دے تو اس کے مطابق عمل کرنا چاہیئے۔ اگر استخارہ جلدی کرنا ہو تو اول وضو کرے پھر دو رکعت نماز نفل پڑھ کر استخارہ کی دُعا

پڑھ لے اس کے بعد دل کی طرف دھیان دے کہ دل کا رجحان کس طرف ہے اگر کام کی طرف ہے تو کام کرلے اور کام سے دل پھر گیا ہے تو اس کام کو نہ کرے کہ نقصان کا اندیشہ ہے استخارے کی دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَاَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَآ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ، اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ فَاقْدِرْہُ لِیْ وَیَسِّرْہُ لِیْ ثُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْہِ وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْہُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ رَضِّنِیْ بِہٖ ۔

روزگار، روزی میں برکت کے لئے

آجکل بے روزگاری، روزی میں بے برکتی عام ہے۔ اس کا سب سے بڑا سبب گناہوں کی کثرت ہے۔ جو شخص بے روزگار ہے یا روزی اتنی کم ہے کہ سب گھر والوں کا گذارہ مشکل ہے۔ سب سے پہلے سب گھر والے نماز پڑھنا شروع کریں اور ہر نماز کے بعد ایک سَو بار اَسْتَغْفِرُ اللہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ اس کے بعد روزانہ درود شریف کی کثرت رکھیں۔ ہر نماز کے بعد ۱۰۰ سو مرتبہ پڑھ لیا کریں یا عشاء کے بعد پانچ ۵۰۰ سو بار پڑھ لیا کریں۔ روزی میں برکت یا ملازمت و روزگار کے لئے یہ عمل بہت بابرکت ہے۔ یہ عمل درویشوں فقیروں کا ہے اور بہت کامیاب عمل ہے۔ جس نے دل لگا کر پڑھا وہ برسرِ روزگار ہوگیا۔

عمل یہ ہے۔

بعد نماز عشاء باوضو اول گیارہ ۱۱ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد چودہ سو چودہ ۱۴۱۴ بار

یَا وَھَّابُ

پڑھے اس کے بعد ایک سو ۱۰۰ بار یہ دعا پڑھے۔

یَا وَھَّابُ ھَبْ لِیْ مِنْ نِّعْمَۃِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ۔

آخر میں گیارہ ۱۱ بار درود شریف پڑھ کر دعا کرلے۔ درود شریف جو نماز میں پڑھا جاتا ہے وہ بہتر ہے۔ یہ عمل ایک بیٹھک میں کرنا ہے۔ یہ نہ ہو کہ کچھ پڑھ لیا پھر کسی سے بات کرلی۔ اِدھر اُدھر متوجہ ہوگئے پھر پڑھنا شروع کردیا۔ یہ عمل کیمیائے درویشاں ہے۔ گھر بیٹھے ملازمت آئے گی۔ روزی میں خوب برکت ہوگی۔ آمدنی کے ذرائع غیب سے پیدا ہوں گے اور جیب پیسے سے کبھی خالی نہ ہوگی۔

عمل شرط ہے۔

اولاد کی شادی، ہر قسم کی رکاوٹ، پریشانی

جو شخص پریشان ہو کر خود کی یا اپنے بھائی بہن کی یا اولاد کی شادی میں طرح طرح کی رکاوٹیں پیدا ہو رہی ہیں۔ شادی کے رشتے اول تو آتے ہی نہیں یا آتے ہیں تو بہانے بہانے سے انکار کر دیتے ہیں۔ وہ عمل یہ ہے۔

اول درود شریف ایک سو ایک بار پڑھ کر یہ عمل شروع کریں۔ سوالاکھ (یعنی ایک لاکھ پچیس ہزار) بار آیت کریمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ پڑھیں۔ چاہے اکیلا شخص (مرد بھی پڑھ سکتا ہے۔ عورت بھی پڑھ سکتی ہے۔ جس کی شادی رکی ہوئی ہے وہ خود بھی پڑھ سکتا ہے) پڑھ لے یا گھر میں تمام اہل خانہ مل کر پڑھ لیں یا محلہ کی عورتیں لڑکیاں مل کر پڑھ لیں۔ اس میں دن کی قید نہیں ہے کہ اتنے دن میں لازمی طور پر پڑھی جاتے بلکہ سوالاکھ تعداد پوری کرنی ہے چاہے جتنے دنوں میں ہو۔ سوالاکھ کی تعداد پوری ہونے کے بعد ایک سو ایک بار درود شریف پڑھیں۔

آیت کریمہ کی تعداد سوالاکھ کرنے کے بعد

یَا لَطِیْفُ

سوالاکھ مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بھی اول و آخر میں درود شریف ایک سو ایک بار پڑھیں۔ یہ بھی اکیلے بھی

پڑھ سکتے ہیں کچھ لوگ جمع ہو کر بھی پڑھ سکتے ہیں۔ جب اس کی تعداد سوالاکھ پوری ہو جائے تو اب روزانہ کسی بھی وقت گیارہ سو بار یَا لَطِیْفُ پڑھنا شروع کر دیں اور گیارہ سو مرتبہ روزانہ اس وقت تک پڑھتے رہیں جب تک شادی ہو کر دلہن رخصت ہو جاتے درمیان میں ناغہ نہ کریں۔ بد دل ہو کر نہ چھوڑیں۔ اور اپنے گناہوں کی معافی مانگتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہو گی۔

یہی عمل ہر مشکل پیش آنے پر، دشمن کے شر کو ختم کرنے کے لئے اور دیگر لوگوں کے شر سے حفاظت کے لئے بھی بہت مفید ہے ہر قسم کی رکاوٹ دور کرنے کے لئے بھی یہ عمل بہت کارآمد ہے۔

نورانی دُعا جس کے پڑھنے سے ایمان مضبوط ہوتا ہے

یہ نورانی دُعا دل کو منور، قلب کو روشن اور ایمان کو مضبوط بناتی ہے۔ اس نورانی دُعا کو روزانہ ہر نماز کے بعد ایک بار پڑھ لینا چاہیئے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی سنتیں پڑھنے کے بعد یہ دعا پڑھا کرتے تھے۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَّفِیْ بَصَرِیْ نُوْرًا وَّفِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا وَّعَنْ یَّمِیْنِیْ نُوْرًا وَّعَنْ

يَسَارِي نُوْرًا وَّ اَمَامِي نُوْرًا وَّ خَلْفِي نُوْرًا
وَّاجْعَلْ لِّيْ نُوْرًا وَّ فِي لِسَانِي نُوْرًا وَّ عَصَبِي
نُوْرًا وَّ لَحْمِي نُوْرًا وَّ دَمِي نُوْرًا وَّ شَعْرِي
نُوْرًا وَّ بَشَرِي نُوْرًا وَّ اجْعَلْ فِي نَفْسِي نُوْرًا
وَّ اَعْظِمْ لِي نُوْرًا اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِي نُوْرًا (بخاری)

نیند میں ڈرنے یا بُرا خواب دیکھنے کے وقت

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم کوئی بُرا خواب دیکھو تو یہ دعا پڑھو پھر کچھ نہ ہوگا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ
وَسَيِّئَاتِ الْاَحْلَامِ

ایک اور روایت کے مطابق یہ دعا بھی پڑھے اور بائیں طرف تین مرتبہ تھتکار دے اور اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ تین بار پڑھے اور کروٹ بدل دے۔

بخاری شریف میں ہے یا اٹھ کر کھڑا ہو جائے اور وضو کر کے دو رکعت نفل پڑھے اور عافیت کی دُعا مانگے۔ اس کی برکت سے ضرر دفع ہو جاتا ہے، کروٹ بدلنے اور نماز نفل پڑھنے کو اس میں بڑا دخل ہے۔

دشمن کے شر سے حفاظت اور دشمن کو زیر کرنے کے لئے

ہر طرف حسد، بغض، دشمنی کا دور دورہ ہے۔ کوئی آدمی دوسرے کو خوشحال اور آرام سے کھاتا نہیں دیکھ سکتا اور طرح طرح سے دشمنی کرتا ہے اور نقصان پہنچانے کی کوشش کرتا ہے۔ ہر قسم کے دشمنوں کے شر سے حفاظت کے لئے اور دشمنوں کو زیر و ناکام کرنے کے لئے یہ دعا بڑی مجرب اور آزمودہ ہے۔ دشمن کتنا ہی طاقتور اور موذی ہو ہرگز کامیاب نہیں ہو سکتا ہمیشہ ناکام رہتا ہے۔ وہ دُعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِي نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ
مِنْ شُرُوْرِهِمْ۔

یہ دعا ہر نماز کے بعد ایک سو بار پڑھ لیا کرے۔ اور جب دشمن کا زیادہ ڈر خوف ہو تو اس دعا کو کثرت سے پڑھے۔ چلتے پھرتے، بیٹھے لیٹے۔ ہر حال میں پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ناکام ہوگا اور ذلیل و رسوا ہوگا۔

ہر مشکل کے حل کے لئے

اگر کوئی ایسی مشکل پیش آگئی ہو جو حل نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل طلسم با وضو لکھیں اور موم جامہ

کرکے مرد دائیں بازو پر باندھے اور عورت بائیں بازو پر (کہنی سے اوپر) باندھے۔ انشاء اللہ چند دن میں مشکل حل ہونا شروع ہوگی اور پریشانی سے نجات حاصل ہوگی وہ طلسم یہ ہے۔

حم حم حم حم حم حم اللہ حم الامر وجاء النصر
اللہ فعلینا لا ینصرون
صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ اللّٰہ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْن

ضرورت کے پورا ہونے کے لئے

اگر کوئی حاجت پیش آگئی ہو، کوئی کام اٹک گیا ہو، کسی کام میں رکاوٹ پیدا ہوگئی ہو یا کوئی کام بن کر بگڑ جاتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل عمل بہت مفید ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ۝

آیت بالا تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ باوضو پڑھے۔ پانی کا پیالہ اپنے پاس رکھے اور لمحہ لمحہ (تھوڑی تھوڑی دیر بعد) اس پیالہ میں اپنا ہاتھ ڈال کر اپنے منہ اور بدن پر پھیرتا رہے یہ عمل تین دن، سات دن، گیارہ دن، اکیس دن

یا اکتالیس دن کرے۔ اگر تین دن میں کامیابی ہو جائے تو عمل ختم کردے اگر تین دن میں کام نہ بنے تو سات دن عمل کرے۔ اسی طرح تعداد بڑھاتا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔

ہر قسم کے غم سے نجات اور ہر فکر سے سکون کے لئے

اگر کسی شخص کو کوئی ایسا صدمہ پہنچے کہ اس سے اس کا غم دور نہ ہوتا ہو اور دل ہر وقت بے چین رہتا ہو تو اس غم سے نجات اور صبر کے لئے باوضو صبح بعد نماز فجر اور شام کو بعد نماز مغرب تین تین بار یہ آیات پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کرکے (یعنی ہتھیلیوں پر پھونک مارے) دل کی جگہ پر دونوں ہاتھ پھیر لے (دل ہر انسان کے بائیں جانب ہوتا ہے) وہ آیات یہ ہیں۔

یُثَبِّتُ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَۃِ ۚ

اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝

اس کے بعد سورۂ الم نشرح مکمل پڑھیں۔ سورۂ الم نشرح یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْاِنْشِرَاحِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْکَ وِزْرَکَ ۝

اَلَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ؕ
فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۙ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ؕ
فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ؕ
آیات بالا مکمل تین بار پڑھ کر بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب دونوں ہاتھوں پر دم کر کے دل پر پھیریں انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے غم فکر سے نجات حاصل ہوگی۔

ہر قسم کے غم، پریشانی اور مشکل کے حل کے لئے

اگر کسی کو کوئی مہم پیش آگئی ہو، کوئی کام اٹک گیا ہو، کوئی مشکل سامنے آگئی ہو جس کا حل کرنا ضروری ہو۔ یا کسی قسم کا غم اور کسی قسم کی پریشانی پیدا ہو گئی ہو ان سب سے نجات اور مشکل کے حل کے لئے یہ دعا بہت مجرب اور آزمودہ ہے۔ اس کے پڑھنے کی ترکیب یہ ہے۔

بروز بدھ، جمعرات اور جمعہ کو مسلسل روزہ رکھے اور جمعہ کے دن غسل کر کے مسجد میں جائے۔ جمعہ کی نماز ادا کر کے اسی جگہ بیٹھ کر قبلہ رُخ یہ دعا کثرت سے پڑھے دو تین گھنٹہ پڑھنے کے بعد اپنا مطلب اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش کر کے دعا کرے کہ اے اللہ یہ مشکل کام اٹک گیا ہے اس کو حل کر دے جو مشکلات ہیں دور کر دے اور جو غم اور پریشانی ہے اس سے نجات عطا فرما دے۔ وہ دُعا یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ج وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَیِّ الْقَيُّوْمِ ؕ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ ؕ وَجِلَتِ الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْيَتِهٖ ؕ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ؕ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ؕ

ہر قسم کی مشکل کے حل کے لئے

اگر کسی کو مشکل پیش آگئی ہو اور حل ہوتی نظر نہ آتی ہو تو اس مبارک دعا کو کثرت سے پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ مشکل حل ہو جائے گی۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَیِّ الَّذِیْ لَا يَمُوْتُ ؕ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ

لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَکُنْ لَّہٗ شَرِیْکٌ فِی الْمُلْکِ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَکَبِّرْہُ تَکْبِیْرًا ہ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۔

ہر مشکل سے نجات کے لئے

ہر مشکل کو حل کرنے اور پریشانی سے نجات کے لئے یہ نقش بہت مجرب ہے ۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں کر کے مرد اپنے دائیں بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈال لے ۔ اور عورت اس نقش کو بائیں بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈال لے ۔ بعض لوگ تعویذ کو پرس یا جیب میں رکھ لیتے ہیں ۔ اس طرح نہ تعویذ کا مقصد پورا ہوتا ہے اور نہ تعویذ سے فائدہ حاصل ہوتا ہے ۔ وہ نقش یہ ہے ۔

۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶

۱۲۶۳۷۹	۱۲۶۳۸۲	۱۲۶۳۸۵	۱۲۶۳۷۱
۱۲۶۳۸۴	۱۲۶۳۷۲	۱۲۶۳۷۸	۱۲۶۳۸۳
۱۲۶۳۷۳	۱۲۶۳۸۷	۱۲۶۳۸۰	۱۲۶۳۷۷
۱۲۶۳۸۱	۱۲۶۳۷۶	۱۲۶۳۷۴	۱۲۶۳۸۶

اللہ   محمد

فلاں بنت فلاں   یا کافی یا شافی   فلاں بن فلاں

تنبیہ : جس شخص کے لئے تعویذ لکھا ہے اس کا اور اس کے والد کا نام لکھیں اور اگر عورت ہے تو اس کا اور اس کی ماں کا نام لکھیں ۔

سخت مرض اور درد سر سے نجات

اگر کسی کو کوئی موذی مرض ہو یا لاعلاج مرض ہو یا کسی شخص کے سر میں درد رہتا ہو یا اکثر درد سر کی شکایت پیدا ہو جاتی ہو تو اس کے لئے یہ دعا بلیس بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے ۔ اسی طرح جس جگہ درد ہو یا سر میں درد ہو تو اس دعا کو بار بار پڑھ کر درد والی جگہ پر دم کرتا رہے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد سر ختم ہو جائے گا ۔ وہ دُعا یہ ہے ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ بِحَقِّ یَا بُدُّوْحُ ۔

ہر مشکل اور اہم کام کے حل کے لئے

جس شخص کو کوئی مشکل پیش آگئی ہو یا اہم کام اٹک گیا ہو تو اس کے حل کے لئے یہ دعا بہت مجرب ہے ۔ لیکن بہتر یہ ہے کہ پہلے اس کی زکوٰۃ ادا کرے تا کہ جلد اثر کرے ۔ زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ سورج نکلنے سے قبل صبح صادق کے وقت غسل کرے ۔ پاک کپڑے پہنے اور

ترک جلالی یعنی گوشت، انڈہ، مچھلی کا پرہیز کرے۔ دودھ، گھی سے بھی پرہیز کرے اور سبزی کھائے۔ باوضو یہ دعا ہر روز تین ہزار تین سو پچیس (۳۳۲۵) بار پڑھے۔ خواہ رات کو خواہ دن کو مگر ایک وقت مقررہ اور جگہ مقررہ پر پڑھے۔

بعد ادائے زکوٰۃ ایک ہزار دو سو (۱۲۰۰) بار باوضو رات کو سوتے وقت پاک بستر پر بیٹھ کر صدق دل سے پڑھے اور اُسی جگہ سو رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جو مطلب ہو خواب میں اس کا حل بتا دیا جائے گا یا وہ مسئلہ از خود حل ہو جائے گا جب تک خواب نظر نہ آئے یا مسئلہ حل نہ ہو برابر پڑھتا رہے ناغہ نہ کرے۔ اور دائیں کروٹ قبلہ کی طرف منہ کر کے سوئے۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ بِحَقِّ یَا بُدُّوْحُ۔

معاش کی تنگی اور روزی میں بے برکتی

اگر کسی کی آمدنی تھوڑی ہو گزارہ مشکل سے ہوتا ہو تو روزی کی تنگی کو دفع کرنے کے لئے یہ دعائے معظم بہت مجرب ہے۔ ہر روز باوضو یہ دعا ایک سو بار پڑھ لیا کرے اگر وقت زیادہ ہو تو ایک ہزار بار نماز فجر کے بعد باوضو پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جلد ہی مالدار ہو جائے گا عمل

شرط ہے نیز روزی میں خوب برکت ہو گی۔ وہ دعائے معظم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ اَللّٰھُمَّ تُبْ عَلَیْنَا قَبْلَ الْمَوْتِ وَھَوِّنْ عَلَیْنَا شِدَّۃَ الْمَوْتِ وَارْحَمْنَا عِنْدَ الْمَوْتِ وَلَا تُعَذِّبْنَا بَعْدَ الْمَوْتِ یَا خَالِقَ الْحَیَاتِ وَالْمَمَاتِ تَوَفَّنَا مُسْلِمِیْنَ وَاَلْحِقْنَا بِالصَّالِحِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

قرض سے نجات کے لئے

ادائے قرض کے لئے یہ دعا بہت مجرب ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر کسی پر مثل احد پہاڑ کے قرض ہو تو اللہ تعالیٰ ادا کر دے گا۔ اس دعا کو ہر روز ایک سو بار باوضو پڑھ لیا کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ تمام قرض ادا ہو جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ اَللّٰھُمَّ یَا فَارِجَ الْھَمِّ کَاشِفَ الْغَمِّ مُجِیْبَ دَعْوَاتِ الْمُضْطَرِّیْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْیَا رَحِیْمَ الْاٰخِرَۃِ اَسْئَلُكَ اَنْ تَرْحَمَنِیْ بِرَحْمَتِكَ مِنْ عِنْدِكَ وَتُغْنِیَنِیْ بِھَا عَنْ رَّحْمَۃِ مَنْ سِوَاكَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ

الرَّاحِمِیْنَ ۝ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۝

نظر بد سے حفاظت

اگر کسی بچہ کو یا بڑے کو نظر بد لگنے کا خوف ہو تو یہ دعائے مکرم باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے چمڑے کے تعویذ میں سلوا کر بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نظر بد سے حفاظت رہے گی۔ وہ مجرب دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّۃِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّھَامَّۃٍ وَّعَیْنٍ لَّامَّۃٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۝

آسیب یا جن سے حفاظت

اگر کسی پر آسیب یا جن آتا ہو یا کسی کو آسیب ستاتا ہو اس کے لئے یہ تعویذ چہل کاف نہایت مفید ہے۔ اس نقش چہل کاف کو باوضو زعفران کو عرق گلاب میں حل کر کے لکھے اور موم جامہ کر کے کالے کپڑے یا نیلے کپڑے میں سی کر مریض کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا آسیب دفع ہو گا۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۱۶۵۸	۱۶۶۱	۱۶۶۴	۱۶۵۱
۱۶۶۳	۱۶۵۲	۱۶۵۷	۱۶۶۲
۱۶۵۳	۱۶۶۶	۱۶۵۹	۱۶۵۶
۱۶۶۰	۱۶۵۵	۱۶۵۴	۱۶۶۵

بحقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

شیاطین کے شر سے اور دشمن کے خوف سے نجات

اگر کسی کو شیاطین تنگ کرتے ہوں اور طرح طرح کے وسوسے ڈالتے ہوں یا سوتے میں وزن ڈالتے ہوں یا رات کو سونے نہ دیتے ہوں یا دشمنوں کا خوف ہر وقت دل و دماغ پر مسلط رہتا ہو اور ہر طرح سے پریشانی رہتی ہو تو اس کے لئے یہ نقش بہت مفید ہے۔ اس نقش کو جمعہ کے دن نماز فجر کے بعد سفید کاغذ پر وضو لکھے اور مکان کے دروازے پر چوکھٹ کے اوپر لگا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ مکان اور اس کے رہنے والے شیاطین کے شر سے محفوظ اور دشمنوں کے خوف سے آزاد رہیں گے اور نہایت اطمینان اور سکون سے زندگی بسر کریں گے۔

وہ نقش آیت الکرسی کا یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۱۵۴۳	۱۵۳۸	۱۵۴۵
۱۵۴۴	۱۵۴۲	۱۵۴۰
۱۵۳۹	۱۵۴۶	۱۵۴۱

ظاہری و باطنی غنا اور حاجات کے پورا ہونے کے لئے

اوّل اسم یَاوَھَّابُ کی زکوٰۃ ادا کریں۔ ترکیب اس کی یہ ہے کہ گوشت، مچھلی، انڈا اور جماع سے چالیس روز تک پرہیز کریں۔ چاند دیکھنے کے بعد جو جمعرات آئے وہ تو جیدی جمعرات کہلاتی ہے اسی جمعرات کی رات کو ٹھیک بارہ[۱۲] بجے شروع کرے اور چالیس[۴۰] روز تک بلا ناغہ ہر روز تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) بار پڑھیں۔ چلہ (چالیس[۴۰] دن) کے بعد ہر روز پابندی کے ساتھ بلا ناغہ ایک ہزار[۱۴۰۰] چار سو بار باوضو پڑھیں۔ انشاءاللہ تعالےٰ غریب مالدار ہو جائے گا اور خوب رزق ملے گا وہ اسم مبارک یہ ہے۔

یَاوَھَّابُ بِحَقِّ یَابُدُّوحُ

اس اسم مبارک کو پڑھتے وقت ہر سو عدد پڑھنے کے بعد یہ کلمات بھی پڑھے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِحَقِّ یَاھُوَ وَ یَارَزَّاقُ

یہ عمل مجرب اور آزمودہ ہے۔

بیماری سے شفاء کے لئے

ہر قسم کی بیماری سے نجات کے لئے یہ نقش پیپل کے سات پتوں پر باوضو لکھے اور پانی میں ان کو دھو کر وہ پانی مریض کو پلائے۔ جب پیاس لگے وہی پانی پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مریض کو جلد صحت ہوگی اور وہ بالکل تندرست ہو جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

یا غفور — ۷۸۶ — یا غفور

۵۰	۵۵	۴۸	۶	۱	۸
۴۹	۵۱	۵۳	۷	۵	۳
۵۴	۴۷	۵۲	۲	۹	۴

یا غفور — یا غفور

بِسْمِ اللّٰہِ شَافِیْ، بِسْمِ اللّٰہِ کَافِیْ، بِسْمِ اللّٰہِ مُعَافِیْ، بِسْمِ اللّٰہِ مُتَعَالِیْ، بِسْمِ اللّٰہِ شِفَائِیْ، بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

حاجات کے پورا ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کی سب حاجتیں پوری ہو جائیں تو روزانہ بلا ناغہ باوضو سات بار یہ آیت شریفہ پڑھا کرے۔ انشاءاللہ تعالےٰ

مقصد پورا ہوگا۔ یہ نہایت مجرب عمل ہے۔ وہ آیت شریفہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝

ہر قسم کی فتوحات، عزت اور رزق میں برکت

ہر قسم کی فتوحات، عزت اور رزق میں برکت کے لئے یہ دعا بہت مجرب ہے۔ بروز جمعرات باوضو ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق کی بندش کھل جائے گی اور مخلوق خدا اس طرف متوجہ ہوگی اور سب لوگوں میں اسکی عزت بڑھے گی۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا مِنْ فَضْلِكَ وَلَا تَحْرِمْنَا رِزْقَكَ وَبَارِكْ لَنَا فِيْمَا رَزَقْتَنَا وَاجْعَلْ غِنَانَا فِيْ اَنْفُسِنَا وَاجْعَلْ رَغْبَتَنَا فِيْمَا عِنْدَكَ ۔

ہر مہم اور مشکل کے حل کے لئے

جو شخص سخت مشکل میں پھنس گیا ہو اور اس کو اہم مہم پیش آگئی ہو تو اس سے نجات کے لئے یہ دعا بہت مجرب ہے۔ روزانہ باوضو رات دس بجے سے

شروع کرے اور ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک (یعنی آٹھ دن) مسلسل پڑھے ناغہ نہ کرے تعداد اس کی تین ہزار تین سو پچیس (۳۳۲۵) بار روزانہ ہے۔ پڑھتے وقت لوبان یا اگربتی جلائے۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ كُلَّ مُهِمٍّ مِّنْ حَيْثُ شِئْتَ وَمِنْ اَيْنَ شِئْتَ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِدِيْنِيْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَا اَهَمَّنِيْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ بَغٰى عَلَيَّ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ حَسَدَنِيْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ كَادَنِيْ بِسُوْٓءٍ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَوْتِ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَسْاَلَةِ فِي الْقَبْرِ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمِيْزَانِ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الصِّرَاطِ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۔

رزق کے دروازے کھلنے کے لئے

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ رزق کی بندش کھل جائے اور اسے رزق فراخ ملے اور روزی میں برکت ہو تو اس دعا کو روزانہ باوضو ایک وقت مقررہ پر ایک سو بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت ہوگی اور رزق کی بندش کھل جائے گی۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَوَسِّعْ لِيْ رِزْقِيْ وَطَيِّبْ لِيْ كَسْبِيْ وَ

قَنِّعْنِيْ بِمَا رَزَقْتَنِيْ وَلَا تَذْهَبْ طَلَبِيْ اِلٰى شَيْءٍ
صَرَفْتَهٗ عَنِّيْ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ
بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى نَفْسِيْ وَدِيْنِيْ بِسْمِ اللّٰهِ اَهْلِيْ
وَمَالِيْ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ اَعْطَانِيْ
رَبِّيْ بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ
الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ
اِسْمِهٖ شَيْءٌ دَآءٌ بِسْمِ اللّٰهِ فَتَحْتُ وَعَلَى اللّٰهِ
تَوَكَّلْتُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّيْ لَآ اُشْرِكُ بِهٖ اَحَدًا
اَسْئَلُكَ۔

نکسیر بند کرنے کا عمل

اگر کسی کی نکسیر جاری ہو جائے تو نکسیر والا خونِ نکسیر سے
اپنی پیشانی پر اسم مبارک مکہ معظمہ شریف لکھے۔
انشاء اللہ تعالیٰ پھر کبھی نکسیر نہ ہوگی۔ وہ اسم معظم
یہ ہے

مَكَّةُ وَسْطُ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ

نکسیر بند کرنا

اگر کسی کی ناک سے نکسیر کا خون جاری ہو جائے
تو نکسیر کے خون سے یہ طلسم مریض کی پیشانی پر لکھے۔
انشاء اللہ تعالیٰ اس طلسم کے لکھتے ہی خون

بند ہو جائے گا۔ وہ طلسم یہ ہے۔

ذ ا د م طلح طلح کلمو کلمو کلح کلح ط

بخار کے واسطے

اگر کسی کو بخار ہو اور بخار کی وجہ سے پریشان ہو
تو یہ نقش باوضو لکھ کر مریض کو پانی میں گھول کر
پلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار اتر جائے گا۔
وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۰	۸	۱	۲۳
۲	۲۲	۲۱	۷
۲۵	۳	۶	۱۸
۵	۱۹	۲۴	۴

حج کا انتظام چار ماہ میں

اگر کوئی چاہتا ہو کہ وہ حج بیت اللہ شریف کو جائے
لیکن حالات ایسے ہوں کہ حج کا انتظام مشکل نظر آتا ہو
اس کو چاہیے کہ مندرجہ ذیل آیت باوضو عشاء کی نماز
کے بعد قبلہ کی طرف منہ کرکے پہلے مہینے میں اکیس ۲۱ روز
کرکے چھوڑ دے پھر دوسرے مہینے میں چاند دیکھ کر

شروع کرے اور گیارہ دن کر کے چھوڑ دے نہ پڑھے اس کے بعد تیسرے مہینے میں چاند دیکھ کر شروع کرے اور صرف سات دن کرے چوتھے ماہ میں چاند دیکھ کر صرف پانچ دن پڑھے پھر چھوڑ دے۔ اس عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ ضرور بضرور حج بیت اللہ شریف کا سامان کر دے گا۔ مگر خلوص و محبت شرط ہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ؏ (العنکبوت ع ۷)

غیب سے حج و زیارت کا انتظام

جو شخص چاہے کہ اسے حج بیت اللہ شریف اور زیارت روضۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نصیب ہو جائے تو اسے چاہیئے کہ وہ آیت ذیل کو تین سو گیارہ (۳۱۱) بار باوضو بعد نماز عشاء چالیس روز تک مسلسل پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے حج و زیارت کا انتظام ہو جائے گا۔

وہ آیت یہ ہے۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ؏

(الفتح ع ۴)

سمندر یا دریا میں طوفان میں کشتی نہ ڈوبے دریا کی طغیانی سے آبادی نہ ڈوبے

جس وقت سمندر میں طوفان آنے کا خوف ہو یا دریا میں سیلاب آنے کا ڈر ہو یا کشتی، لانچ، پانی کا جہاز ڈوبنے کا اندیشہ ہو تو یہ چودہ۱۴ حروف نورانی لکھ کر دریا، سمندر میں ڈال دیں چاہے کنارے ہی پر ڈال دیں انشاء اللہ تعالیٰ طوفان ٹل جائے گا اور جہاز لانچ اور کشتی ڈوبنے سے محفوظ رہے گی۔ اسی طرح آبادی سیلاب سے ڈوبنے سے بچ جائے گی۔ وہ چودہ۱۴ نورانی حروف یہ ہیں۔ شرط یہ ہے کہ باوضو لکھے۔

كٓهٰيٰعٓصٓ۔ طٰسٓ۔ قٓ۔ الٓرٰ۔ حٰمٓ۔ نٓ

مال و اسباب کو جلنے، ڈوبنے، چوری سے بچانا

اگر کوئی مسافر اپنے مال و اسباب کو جلنے، ڈوبنے اور چوری ہونے سے بچانا چاہتا ہے تو مندرجہ ذیل چودہ۱۴ نورانی حروف کو باوضو لکھ کر اپنے مال (صندوق، تھیلے گٹھری یا سامان) میں رکھے تو انشاء اللہ سامان جلنے، ڈوبنے، چوری ہونے سے محفوظ رہے گا۔ وہ چودہ۱۴ نورانی حروف یہ ہیں۔ (اگلے صفحہ پر)

کھیعص۔ طس۔ ق۔ الرحیم۔ ن

سفر سے صحیح سلامت واپس آنا

اگر کوئی شخص حج کے سفر پر جارہا ہو یا اپنے تجارتی سفر یا سیر و تفریح کے سفر پر جارہا ہے تو مندرجہ ذیل تعویذ باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے مرد اپنے دائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ عورت اپنے بائیں بازو پہ باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سفر سے بحفاظت واپس گھر آجائے گا اور سفر میں ہر قسم کے حادثات، قتل و غارت گری، ڈوبنے، جلنے سے محفوظ رہے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قَالَ كَلَّا ۚ إِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ٥

إِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ٥

إِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ٥

إِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ٥

كٓهٰيٰعٓصٓ۔ طٰسٓ۔ قٓ۔ اَلرَّحِيْمُ۔ نٓ

يَا حَفِيْظُ۔ يَا حَفِيْظُ۔ يَا حَفِيْظُ۔ يَا حَفِيْظُ۔ يَا حَفِيْظُ۔ يَا حَفِيْظُ۔ يَا حَفِيْظُ۔

مکان، کھیت، سامان کی حفاظت کے لئے

مسافر کو چاہیئے کہ اپنا سامان اپنے ماں باپ،

بھائی بہن، بیٹا بیٹی، دوست ساتھی کے سپرد نہ کرے بلکہ اپنا سامان اپنے پاس رکھے۔ مندرجہ ذیل اسم مبارک سات مرتبہ پڑھ کر انگلی پر دم کرے اور اس انگلی کو سامان کے چاروں طرف گھمادے اسی طرح مکان یا کھیت یا دوکان کے چاروں طرف انگلی سے اشارہ کردے انشاء اللہ تعالیٰ مکان، کھیت، دوکان، مال و اسباب چور، ڈاکو، اٹھائی گیرے سے محفوظ رہے گا۔ اگر چور ڈاکو آیا بھی تو خالی ہاتھ جائے گا۔ وہ لفظ یہ ہے۔

یَا رَقِیْبُ

اسی طرح اگر زیادہ خطرہ محسوس کریں تو اس اسم کے ساتھ سات بار آیۃ الکرسی بھی پڑھ کر انگلی پر دم کرکے کھیت دوکان، مکان، مال و اسباب سب پر سات مرتبہ انگلی گھما کر اشارہ کردیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چور، ڈاکو، اٹھائی گیرہ، اس طرف نہیں آسکے گا اور تمام چیزیں محفوظ رہیں گی۔ اس طرح پڑھے۔

پہلی بار "یَا رَقِیْبُ" پڑھ کر انگلی پر دم کرکے انگلی گھمادے اسی طرح سات بار پڑھ کر سات بار انگلی پر دم کرکے انگلی گھمادے۔ اسی طرح اس کے بعد آیۃ الکرسی سات بار پڑھے اور ایک دفعہ پڑھ کر انگلی پر دم کرکے انگلی گھمادے اس کے بعد دوسری بار پڑھے اور انگلی پر دم کرکے انگلی گھمادے اسی طرح سات بار پڑھ کر

ساٹ بار انگلی گھمادے۔ آیۃ الکرسی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا
نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ
مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ
مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ
بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِـيُّهُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ
وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

بدامنی سے حفاظت اھل خانہ کی حفاظت کیلئے

اگر کوئی شخص سفر پہ گیا ہو اور اس کے گاؤں، شہر، بستی میں دشمن نے حملہ کر دیا ہو یا بدامنی پیدا ہو گئی ہو۔ لوٹ مار، غارت گری، قتل و خون ہو رہا ہو چار ٹھیکری کورے مٹکے کی جس کو پانی نہ لگا ہو لے اور ہر ٹھیکری پر یہ عبارت باوضو لکھے اور کھیت، باغ، دوکان، مکان، چھپر، یا جہاں ٹھہرے ہوتے ہیں جنگل وغیرہ میں چور ڈاکو کا ڈر ہے تو یہ چاروں ٹھیکریاں چاروں کونوں میں دفن کر دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ جگہ ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گی۔
وہ عبارت یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

یَا رَقِیْبُ یَا رَقِیْبُ یَا رَقِیْبُ یَا رَقِیْبُ
یَا رَقِیْبُ یَا رَقِیْبُ یَا رَقِیْبُ
اَللّٰہُ بَاقِیْ اَللّٰہُ بَاقِیْ اَللّٰہُ بَاقِیْ

بدامنی، چوری، ڈاکہ سے حفاظت کا عمل

اگر کوئی شخص حج پر جا رہا ہے یا کسی سفر تجارت کے لئے گھر سے رخصت ہو رہا ہے تو گھر والوں کی چوری، ڈاکہ، قتل، زنا، اغواء، بمباری، ہوائی حملے اور توپ بندوق، راکٹ، گولی، تلوار، چاقو، دشمن سے حفاظت کے لئے سب اھل خانہ کو جمع کرے اور ایک جگہ بٹھا کر باوضو یَا رَقِیْبُ ساٹ بار پڑھے اور سب گھر والوں کے اوپر دم کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جب واپس گھر آئے گا تو سب گھر والے زندہ سلامت ہوں گے یہ عمل بہت آسان اور بڑا مجرّب ہے۔

اھل خانہ کو چوری، بدامنی، قتل، فساد، زنا سے محفوظ کرنا

اگر کوئی شخص سفر پر جانے والا ہے۔ حج کے لئے جا رہا ہے یا عمرہ کے لئے جا رہا ہے یا سفر تجارت کے لئے یا بیرون ملک روزگار کے سلسلے میں جا رہا ہے اور چاہتا ہے کہ گھر ہر طرح کے شر و فساد سے محفوظ رہے تو یہ آیت باوضو لکھ کر مکان کے باہر کے دروازے پر لگا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گھر

ہر قسم کے شر و فساد اور چوری، بدامنی، قتل، زنا، ڈاکہ، ظلم اور آگ سے جلنے پانی میں ڈوبنے سے محفوظ رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ط

وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا ط

يَا وَكِيْلُ يَا وَكِيْلُ يَا وَكِيْلُ يَا وَكِيْلُ يَا وَكِيْلُ يَا وَكِيْلُ

نظر بد

اگر کسی مرد، عورت، بچہ، گائے، بھینس، بکری، گھوڑا بیل، باغ، مکان، کھیت کو نظر بد لگ گئی ہو تو مندرجہ ذیل آیت سات بار پڑھ کر دم کریں یا سات بار پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائیں اور چھڑکیں یہ عمل تین بار کرنے سے شفاء ہوگی۔

نظر بد سے حفاظت کے لئے یہ آیت سات بار کاغذ پر باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے گلے میں ڈالیں۔ اور باغ، کھیت مکان میں باوضو لکھ کر لگائیں۔ اور یہی آیت سات بار باوضو لکھ کر مال اسباب کے اندر رکھیں انشاء اللہ تعالیٰ نظر بد کا اثر ختم ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ

وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

پرانا زخم، ناسور، پھوڑا پھنسی کا علاج

اگر کوئی شخص پھوڑے پھنسی میں مبتلا ہو یا ناسور، پرانا زخم، بواسیر، نواسیر ہو اور ڈاکٹروں، حکیموں سے اچھا نہ ہوتا ہو اور عاجز اور لاچار ہو گئے ہوں تو اس آیت کو ایک ہزار گیارہ (۱۰۱۱) بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرے اور وہ پانی زخم پر لگائے اور اسی پانی کو پیئے اور دوائی پر دم کرکے وہ دوائی زخم پر لگائے۔ یہ عمل چالیس دن کرے اور روزانہ تازہ پانی لے۔ نل کا پانی لے، نہر، دریا، کنویں چشمے کا پانی لے۔ گھر میں رکھا ہوا پانی نہ لے۔ روزانہ ایک مٹکا بھر کر یا بالٹی بھر کر پانی لائے۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا ۝

سامان کی حفاظت کے لئے

اگر کوئی حاجی اپنا سامان جانے سے پہلے بھیجنا چاہتا ہے یا کوئی تاجر کہیں اپنا مال ہوائی جہاز، پانی کے جہاز، ریل، ٹرک یا سوزوکی کے ذریعہ بھیجنا چاہتا ہے اور اس میں سے مال چوری ہونے کا ڈر ہے تو ایک کاغذ پر تین مرتبہ یہ آیت باوضو لکھ کر مال واسباب میں رکھ دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ وہ سامان کبھی گم نہ ہوگا اور صحیح وسلامت منزلِ مقصود تک پہنچ جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝

جنگل بیابان میں سفر کرنا

اگر کوئی شخص جنگل بیابان میں سفر کر رہا ہو یا جنگل میں کام کرتا ہے وہاں موذی جانوروں سے خطرہ ہے تو جنگل میں داخل ہوتے وقت یہ آیت پڑھنا شروع کردے اور پڑھتا چلا جائے اور آگے بڑھتا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے موذی جانور سے محفوظ رہے گا۔ کوئی درندہ، سانپ، بچھو نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ یا یہ آیت کاغذ پر باوضو تین ۳ بار لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے یا دائیں بازو پر باندھ لے۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ، لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ

ہر قسم کے مال واسباب کی حفاظت

اگر کوئی شخص سفر کے وقت تانگے، موٹر، ریل، ہوائی جہاز، لانچ، پانی کے جہاز میں سوار ہوتے وقت

سات بار پڑھے۔

یَا هُوَ

اور تین ۳ بار یہ آیت پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے حادثے، چوٹ، زخم سے محفوظ رہے گا اور حادثاتی موت سے محفوظ رہے گا۔

مال واسباب اور روپیہ کی حفاظت کے لئے

ہر قسم کے مال واسباب، روپیہ، رقم اور سامان کی حفاظت کے لئے یہ آیت باوضو تین ۳ بار لکھ کر رکھ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مال واسباب اور روپیہ، ڈاکو، چور پولیس والے کی لوٹ مار سے محفوظ رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

كَلَّا بَلْ سکتہ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ ۝ ثُمَّ اِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيْمِ ۝

سفر میں تھکاوٹ سے حفاظت

اگر کوئی شخص سفر کر رہا ہو اور اسے دور تک پیدل چلنا ہے تو یہ نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے

دائیں بازو میں باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زیادہ قوت وطاقت پیدا ہوگی۔ اگر پیدل چلنے والے کو تھکان کا زیادہ ڈر ہو تو یہ نقش باوضو لکھ کر سر میں، بازو پر اور گلے میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ تھکان، بیماری اور کمزوری سے محفوظ رہے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

قادر	قائم	قوی	مقتدر
قوی	مقتدر	قادر	قائم
مقتدر	قوی	قائم	قادر
قائم	قادر	مقتدر	قوی

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

آسیب کا خلل دور کرنا

اگر کسی عورت، مرد، بچے، بچی پر آسیب کا خلل ہو اور وہ اسے ستاتا ہو اس آسیب کو دفع کرنے کے لئے مریض کے بائیں کان میں یہ آیت آواز کے ساتھ سات بار پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ

آسیب بھاگ جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَیْمٰنَ وَاَلْقَیْنَا عَلٰی کُرْسِیِّہٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ہ

آسیب کو دفع کرنا

جس شخص پر آسیب آتا ہو اور تکلیف اور رنج پہنچاتا ہو تو یہ آیات بار بار مسلسل پڑھ پڑھ کر آسیب زدہ شخص کے چہرے پر دم کرے اور یہی آیات باوضو اکیس ۲۱ بار پانی پر دم کرکے آسیب زدہ کو وہ پانی پلائے انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ اِذْ قَالَ یُوْسُفُ لِاَبِیْہِ یٰۤاَبَتِ اِنِّیْ رَاَیْتُ اَحَدَ عَشَرَ کَوْکَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَیْتُھُمْ لِیْ سٰجِدِیْنَ ہ

یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ہ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ہ

آسیب کو بھگانے کا فتیلہ

اس نقش کو باوضو لکھے اور گول لپیٹ کر فتیلہ بنالے اور جلائے اور دھواں اس کا آسیب زدہ کی ناک میں پہنچائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب

بھاگ جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۵۶	۵۵۱	۵۵۸
۵۵۷	۵۵۵	۵۵۳
۵۵۲	۵۵۹	۵۵۴

برائے دفع آسیب

اگر کسی کو آسیب ستاتا ہو یا بار بار حاضر ہو کر پریشان کرتا ہو تو اس فتیلہ کو باوضو لکھے اور اس کو لپیٹ کر اس پر روئی لپیٹ لے اور کورے مٹی کے چراغ میں جس پر پانی نہ لگا ہو۔ سرسوں کا تیل ڈال کر فتیلہ جلائے۔ مریض کو وضو کرا کے پاک چادر یا مصلے پر بٹھادے۔ مریض کا منہ قبلے کی طرف ہو اور چراغ کی طرف دیکھتا رہے اور ایک آدمی پاک صاف باوضو مریض کے پاس بیٹھا رہے کہیں جنات مریض کے کپڑوں میں آگ نہ لگادے۔ اسی لئے چراغ اونچی جگہ دور رکھنا چاہیئے۔ جب تک مکمل فائدہ نہ ہو چراغ جلاتا رہے۔ یہ عمل تیسرے دن یعنی ایک دن چھوڑ کر کرے روزانہ نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جنات بھاگ جائے گا ورنہ جل کر راکھ ہو جائے گا بہت مجرب عمل ہے۔

فتیلہ یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

۶	۱۱	۳
۴	۷	۹
۱۰	۲	۸

اگر ہو در بدن فلاں بن فلاں وفرزند اقسام آسیب اسیب دفع شود و حاضر شود آسیب لبیر جنت

بسوختم دیوان و پریان و جنیان وگفتاران بہران وکران از نظر بد جتاتان

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

۸	۱۰	۲
۹	۴	۷
۳	۶	۱۱

وقت بسطر یا ... بحرمت این عزیمت آسیبات بسوختم جلد اقسامات

[illegible]

[illegible]

قرض سے نجات کے لئے

اگر کسی شخص پر قرض کا بوجھ پڑ گیا ہو اور قرض نہیں اترتا طبیعت ہر وقت پریشان رہتی ہو تو مندرجہ ذیل دعا بعد نماز عشاء ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار پڑھے اول گیارہ بار درود شریف پڑھے پھر یہ دعا باوضو پڑھے پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی قرض ادا ہو جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ

بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

علم حاصل کرنے کے لئے

اگر کوئی بچہ بدشوق ہو یا پڑھنے سے جی چراتا ہو تو مندرجہ ذیل آیات باوضو اکتالیس بار پڑھ کر پانی پر دم کرکے بچہ کو پلائیں۔ وہ آیات یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ○ وَيَسِّرْ لِيْ أَمْرِيْ ○ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ○ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ○

اس کے بعد اکتالیس بار "اَلَمْ نَشْرَحْ" پوری سورت پڑھ کر بچے کے سینہ پر دم کریں۔ انشاء اللہ تعالےٰ پڑھنے کا شوق پیدا ہوگا۔ اور بچہ زیور علم سے آراستہ ہوگا۔

سورۃ "اَلَمْ نَشْرَحْ" یہ ہے۔

سُوْرَةُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ○ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ○ الَّذِيْ أَنْقَضَ ظَهْرَكَ ○ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ○ فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ○ إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ○ فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ○ وَإِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ○

درد سر کے لئے

اگر کسی کے سر میں درد رہتا ہو یا اکثر سر میں درد ہو جاتا ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے مریض کے سر میں باندھ دیں انشاء اللہ تعالیٰ درد سر سے آرام ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

یا حیّ	یا اللہ	یا وھاب
یا جامع	یا ھادی	یا معز
یا رافع	یا طاہر	یا بدوح

الٰہی سر درد کو شفا ہو بصنہ وکومہ

برائے چیچک

اگر کسی کو چیچک نکلنے کے آثار ہوں یا نکل آئی ہو تو باوضو یہ تعویذ لکھیں اور موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں ڈالنے سے قبل سوا پانچ روپے خیرات کریں پھر تعویذ گلے میں ڈالیں وہ تعویذ یہ ہے۔

یاحافظ ۷۸۶ یاحفیظ

محمد محمد محمد

اللہ شافی اللہ کافی

پھوڑے پھنسی منہ بند پھوڑے کا علاج

اگر کسی کو پھوڑے پھنسی نکل آئے ہوں یا ایسا پھوڑا ہو جس کا منہ بند ہو اس کے لئے باوضو پاک مٹی کا ایک ڈھیلا لیں اور اس پر سات بار یہ دعا پڑھ کر اس طرح پھونکیں کہ کچھ تھوک بھی مٹی میں شامل ہو جائے۔ وہ مٹی کوٹ پیس کر تھوڑا پانی ملا کر روزانہ پھوڑا پھنسی اور منہ بند پھوڑے پر لگائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی پھوڑے پھنسی سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا وَيَشْفِىْ سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا۔

خواب میں ڈرنا، جن، آسیب یا پری کا سایہ جادو، سفلی، ٹونا

اگر کسی پر جن کا اثر ہو گیا ہو یا پری کا سایہ ہو یا جادو اور سفلی ٹونے کا ڈر ہے یا رات میں خواب میں ڈرتا ہے اس کے لئے مندرجہ ذیل تعویذ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ تعویذ کو کالے یا نیلے کپڑے میں سی کر ڈالے یا موچی سے ہاتھ پاک کرا کے کالے چمڑے میں سلوالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن، پری کا سایہ دور ہوگا۔ جادو، سفلی، ٹونا یا خواب میں ڈرنا

ختم ہو جائے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ مِنْ شَرِّ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزٰتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنَ اِهْيًا اَشْرَاهِيًا۔ اَللّٰهُ حَافِظِىْ اَللّٰهُ نَاظِرِىْ اَللّٰهُ مَعِىْ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ حَسْبِىَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝

استخارہ یعنی ہر قسم کی بات معلوم کرنا

اگر کسی شخص کو کسی کام میں استخارہ منظور ہو تو وہ شخص جمعرات کا روزہ رکھے شام کو روزہ کھول کر اوّل وقت عشاء کی نماز پڑھ کر گیارہ بار یہ آیات پڑھے۔

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

اس آیت کے بعد گیارہ سو (۱۱۰۰) بار یہ کلمات پڑھے۔

يَا خَبِيْرُ اَخْبِرْنِىْ

اس کے بعد کسی سے بات نہ کرے اور دائیں کروٹ قبلہ کی طرف منہ کر کے سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی رات کو نیک یا بد، اچھا یا برا، صحیح یا غلط معلوم ہو جائے گا۔ یہ استخارہ مجرب ہے۔

استخارہ کے ذریعہ کسی بات کا معلوم کرنا

اگر کسی شخص کو استخارہ کے ذریعہ کوئی بات معلوم کرنی ہو تو جمعہ کی رات (جمعرات کے بعد اور جمعہ کے دن سے پہلے جو رات ہے وہ شب جمعہ یعنی جمعہ کی رات ہے) کو عشاء کی نماز کے بعد مسجد میں جا کر باوضو سو بار

یَا عَلِیْمُ

پڑھ کر سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پہلی ہی رات میں اچھا یا برا معلوم ہو جائے گا۔ اگر پہلی رات میں معلوم نہ ہو تو چند دن اور کر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد اچھائی، برائی معلوم ہو جائے گی۔

استخارہ برائے اچھائی برائی کام کی

اگر کسی کام کی اچھائی برائی معلوم کرنی ہو تو عشاء کی نماز کے بعد باوضو قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھ کر نہایت کثرت سے پڑھے۔

وہ کلمات یہ ہیں۔

بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا بَدِیْعُ

ان کلمات کو اس کثرت سے پڑھے کہ نیند آنے لگے اور پھر سو جائے۔ جو کچھ نیت کرے گا اس کا اچھا یا برا ہونا خواب میں نظر آئے گا۔

دشمن کی چغلی اور برائی سے حفاظت

دشمن بعض مرتبہ حسد کے سبب چغلی کر کے نقصان پہنچانا چاہتا ہے یا برائی کر کے خود کوئی فائدہ اٹھانا چاہتا ہے۔ اس کے شر و فتنہ سے حفاظت کے لئے ہر نماز کے بعد یہ آیت سات بار پڑھے۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے۔ وہ آیت یہ ہے۔

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰهِ ۚ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ۚۙ یَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ۝

اس عمل کی برکت سے کوئی حاسد اس کی برائی اور چغلی نہ کر سکے گا اگر کرے گا بھی تو ناکام رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

عام لوگوں کا شر و فساد بند کرنا اور خراب ٹولے کا منتشر کرنا

اگر شریر، بدمعاش، غنڈوں، شرابیوں، جوئے بازوں، زناکاروں، ناچ راگ کرنے والوں یا آوارہ لڑکوں نے پارٹیاں بنا رکھی ہوں اور لوگوں کا سکون برباد کر رکھا ہو اور اہل محلہ اور اہل بستی ان سے تنگ ہوں تو ایسی ٹولی کو پراگندہ، خراب اور منتشر کرنے کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو تین سو ستائیس (۳۲۷) بار پڑھ کر ایک سیر باجرے پر دم کر کے ویران جنگل میں جا کر زور سے پھینک دے۔ سات روز تک

مسلسل یہی عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بدمعاشوں کی ٹولیاں بکھر جائیں گے۔ درمیان میں ناغہ نہ کرے۔ وہ آیت یہ ہے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۔ وَقِیْلَ ادْعُوْا شُرَکَآءَکُمْ فَدَعَوْھُمْ فَلَمْ یَسْتَجِیْبُوْا لَھُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ ج

اگر کوئی مکان، دوکان یا جگہ، عہدہ، لوگوں کی ناجائز ٹولی کا قبضہ ہو تو اس سے ناجائز قبضہ ہٹانا

اگر کسی نے مکان یا دوکان پر ناجائز قبضہ کر رکھا ہے یا کوئی شخص عہدہ سے ناجائز ظلم کر رہا ہے اور لوگوں کو ستاتا ہے یا لوگوں کی ٹولی بے جا ظلم کرتی ہے یا عورت مرد میں ناجائز دوستی ہے اس کو ختم کرانا ہے تو مندرجہ ذیل آیات با وضو کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے ایک لمبا کالا دھاگہ یا کپڑے کا ٹکڑا تقریباً پانچ چھ انچ لمبا باندھے اور جنگل میں کیکر، نیم، بکائن یا ڈریک کے درخت میں اس طرح باندھے کہ پانچ چھ انچ درخت سے نیچے لٹکتا رہے۔ جوں جوں ہوا سے ہلے گا۔ ان کا دل اکھڑے گا اور چلا جائے گا پھر نہ آئے گا۔ اگر عہدہ دار ہے تو یا تو تبادلہ ہو جائے گا یا عہدہ سے معزول ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ وہ آیات یہ ہیں۔

یَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ۙ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ۗ قُلُوْبٌ یَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ۙ اَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ۘ یَقُوْلُوْنَ ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِی الْحَافِرَةِ ۗ ءَاِذَا كُنَّا

عِظَامًا نَّخِرَةً ۗ قَالُوْا تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ۘ فَاِنَّمَا هِیَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ۙ فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ ۗ

اس آیت کے نیچے ان لوگوں کا نام مع والد کے نام کے ساتھ اگر عورت ہے تو والدہ کے نام کے ساتھ لکھے۔ مثلاً اس طرح الٰہی فلاں بن فلاں کا دل فلاں (دوکان، جگہ، مکان، پارٹی، عورت) سے اکھڑ جائے اور بد دل ہو جائے۔ آمین۔

اسی طرح اگر تین روز مسلسل ان ہی آیتوں کو اکتالیس بار پڑھ کر کسی چیز پر یا پانی وغیرہ پر دم کر کے پلا یا جائے تب بھی یہ مقصد حاصل ہو جائے گا۔

تنبیہ: یہ عمل صرف انتہائی مجبوری اور جائز کام کے لئے کرنے کی اجازت ہے۔ بلکہ اس عمل کے کرنے سے قبل کسی نیک عالم دین سے مشورہ کر لے۔ ناجائز کام کے لئے یا کسی کو حسد کے سبب برباد کرنے کی کوشش کرے گا تو نقصان اٹھائے گا اور بالکل کامیاب نہ ہو گا۔

عیاش اور زنا کاروں میں جدائی اور دشمنوں میں پھوٹ، بگاڑ

اگر کوئی لڑکا، لڑکی زنا کاری میں مبتلا ہیں یا لڑکی زبان دراز ہے ماں باپ وغیرہ سے زبان چلاتی ہے، ان کو اس برے کام سے روکنے کے لئے آدھ کلو وزن کا لوہا صاف ستھرا لے اور اسے دھو کر پاک کر لے اور اس کو

آگ میں تپا کر سرخ کر لے۔ پھر لوہا پکڑ کر کہے اے اللہ
جس طرح پانی سے لوہا ٹھنڈا ہوتا ہے اسی طرح اس (فلاں
بن فلاں یا فلانۃ بنت فلانۃ) کا دل (فلانۃ بنت فلانۃ
یا فلاں بن فلاں) سے سرد ہو جائے اور محبت کی آگ
بالکل ٹھنڈی ہو جائے۔ اگر زبان بندی کرنی ہے تو کہے
فلانۃ بنت فلانۃ کی زبان بے جا بکواس سے بند ہو جائے
صرف جائز بات کے لئے کھلے یہ بات تین بار کہیں پھر وہ
سرخ لوہا پانچ کلو پاک صاف پانی میں ڈال کر ٹھنڈا
کر لے۔ اور سات سو چھیاسی (۷۸۶) بار بِسْمِ اللّٰهِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر اس پانی پر دم کریں اور وہ
پانی لڑکے یا لڑکی کو پلائیں۔ اور چہرے اور دل پر چھڑکیں
تین روز تک یہ عمل کریں۔ ناغہ نہ کریں۔ پانی صبح ناشتہ
سے قبل، دوپہر کو کھانے سے قبل اور رات کو سوتے
وقت پلائیں۔ اور چہرے اور دل پر بھی چھڑکیں انشاء اللہ
تعالیٰ اسے بھی توبہ کر کے والدین کی اطاعت و فرمانبرداری
کرنے لگے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

تنبیہ: یہ عمل صرف جائز مقصد کے لئے کرنا ہے۔
ناجائز یا کسی کو نقصان پہنچانے لئے کرے گا یا میاں بیوی
کی محبت ختم کرنے کے لئے کرے گا تو نقصان اٹھائے گا
اور اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہو گا۔ لہٰذا احتیاط
ضروری ہے۔

دو دشمنوں میں پھوٹ ڈالنا

اگر دو آدمی ایسے ہیں جو سب کو نقصان پہنچاتے ہیں۔
خاندان میں تفرقہ ڈلواتے ہیں ان کو لڑواتے ہیں اور طرح
طرح سے لوگوں کو نقصان پہنچاتے ہیں ایسے لوگوں میں
جدائی پیدا کرنے اور پھوٹ ڈالنے کے لئے یہ آیات باوضو
ایک کاغذ پر لکھ کر اور لپیٹ کر دونوں میں سے کسی ایک
کے تکیہ کے اندر رکھ دیں۔ اور اس کے نیچے لکھیں کہ فلاں بن
فلاں، فلاں بن فلاں سے جدا ہو جائے اور آپس میں
شدید رنجش ہو جائے۔ چند دن میں اللہ تعالیٰ کے حکم سے
شدید اختلاف پیدا ہو جائے گا اور وہ ایک دوسرے کی
شکل سے نفرت کرنے لگیں گے۔ وہ آیات یہ ہیں۔

يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ ۝ وَأُمِّهِ وَأَبِيهِ ۝
وَصَاحِبَتِهِ وَبَنِيهِ ۝ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ
شَأْنٌ يُغْنِيهِ ۝

تنبیہ: یہ عمل صرف جائز کام کے لئے ہے۔ اگر غلط طور پر استعمال کرے گا
نقصان اٹھائے گا اور کامیاب نہ ہو گا۔ لہٰذا مصیبت سے بچنے کا بہتر
طریقہ یہی ہے کہ جائز مقصد کے لئے کریں۔ ناجائز سے پرہیز کریں۔

دشمنوں میں پھوٹ ڈالنے کے لئے

اگر دو شخص یا چند اشخاص لوگوں کے لئے پریشانی کا

سبب ہوں اور لوگ ان کی غلط حرکتوں سے عاجز ہوں تو
اُن کے درمیان پھوٹ ڈالنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش
باوضو ہفتہ کے دن زوال کے وقت لکھ کر کوری ہانڈی
میں ڈال کر جلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں میں پھوٹ
پیدا ہو جائے گی اور وہ ایک دوسرے سے بیزار
ہو جائیں گے۔ وہ نقش یہ ہے۔

البغض والصرف محبتھم

۱۴۶۷	۱۴۷۱	۱۴۷۴	۱۴۶۰
۱۴۷۳	۱۴۶۱	۱۴۶۶	۱۴۷۲
۱۴۶۲	۱۴۷۶	۱۴۶۹	۱۴۶۵
۱۴۷۰	۱۴۶۴	۱۴۶۳	۱۴۷۵

فلاں بن فلاں البغض فلاں بن فلاں

تنبیہ: یہ عمل صرف جائز مقصد کے لئے کرنا ہے غلط
کام کے لئے کرے گا تو الٹنے کا خطرہ ہے لہٰذا احتیاط
سے عمل کریں اور صرف جائز جگہ استعمال کریں۔

جنگ وجہاد میں حفاظتی نقش

یہ نقش جنگ وجہاد کے لئے بہت حفاظت کا ہے۔
جہاد پر جانے والے جھنڈے پر باوضو سفید کاغذ پر لکھ کر
لگایا جائے۔ انشاء اللہ مسلمان اس جہاد میں کامیاب

ہوں گے اور اسلام کو فتح حاصل ہوگی اور کفر کو جانی
ومالی نقصان کے ساتھ شکست ہوگی۔ اس لئے ہر مجاہد،
رضا کار اپنے ہتھیار پر یہ تعویذ موم جامہ کر کے باندھے
اور جھنڈے پر اس کو دھاگے سے سی لے یا گوند سے چپکالے۔
انشاء اللہ تعالیٰ مجاہدین کا حوصلہ قائم رہے گا اور کفار کو
عبرتناک شکست ہوگی۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ
مِنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى ۘ اِذْ قَالُوْا
لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ
قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا
تُقَاتِلُوْا ۭ قَالُوْا وَمَا لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَاَبْنَآىِٕنَا ۭ فَلَمَّا كُتِبَ
عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ۭ وَاللّٰهُ
عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝

مجاہد کا زندہ سلامت واپس آنا

اگر کوئی شخص حاکم وقت کی طرف سے کسی لڑائی یا جنگ
میں بھیجا جائے اور وہ چاہتا ہو کہ باحفاظت گھر واپس
لوٹ آئے تو ہر وقت

یَا مُقَدِّمُ

پڑھتا رہے۔ اور باوضو ایک سو ایک بار اسی لفظ کو

لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھے تو اس جنگ یا جہاد میں اس کو کوئی رنج و غم ہر گز نہ پہنچے گا۔ وہ ہر قسم کی آفتوں سے صحیح و سلامت زندہ واپس آئے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

جنگ و جہاد میں ہر طرح محفوظ رہنا

جو شخص مکمل سورۂ ھود (پ۱۲ رکوع ۱۷) خوش خط تمام الگ الگ حرف میں باوضو لکھ کر اپنے پاس موم جامہ کر کے رکھے گا (گلے میں ڈالے یا دائیں بازو پہ باندھ لے) تو انشاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہے گا چاہے کتنے ہی گھمسان کی جنگ ہو رہی ہو اس کو کوئی رنج و غم ہر گز نہ پہنچے گا اور وہ زندہ سلامت ہر طرح صحیح و سالم واپس اپنے گھر آئے گا۔

برائے اٹھرا (سوکھا، بچے مرجاتے ہوں)

مندرجہ ذیل تعویذ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ سوکھے کے مرض سے محفوظ رہے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَکَفٰی بِاللّٰہِ۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ اِنَّہٗ مِنْ سُلَیْمٰنَ وَاِنَّہٗ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ ہ قَالَ عِفْرِیْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِیْکَ

بِہٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِکَ ج وَاِنِّیْ عَلَیْہِ لَقَوِیٌّ اَمِیْنٌ ہ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حٰفِظًا ص وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ہ

حفاظت حمل کے لئے

اگر کسی عورت کا حمل ضائع ہو جاتا ہو اور کسی طرح ٹھہرتا نہ ہو تو اس کے لئے باوضو مندرجہ ذیل نقش لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں ڈالے اور عورت بچہ ہونے تک گلے میں ڈالے رہے اس کے بعد یہ نقش گلے سے اتار کر بچہ کو غسل دے کر اس کے گلے میں ڈال دیا جائے اور یہ نقش اس کے گلے میں گیارہ سال کی عمر تک رہے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ
یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ
یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ
بحق جبریل	یَا قَیُّوْمُ	بحق میکائیل
یَا قَیُّوْمُ	یَا قَیُّوْمُ	یَا قَیُّوْمُ
بحق اسرافیل	یَا قَیُّوْمُ	بحق عزرائیل

حمل ساقط ہونا

اگر کسی عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو اور بار بار گر جاتا ہو تو اس کی حفاظت کے لئے مندرجہ ذیل نقش زعفران سے باوضو لکھے اور بکری کے دودھ میں گھول کر عورت کو پلاتے۔ یہ عمل اکتالیس دن کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ حمل گرنے سے محفوظ رہے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ
یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ
یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ	یَا اَللّٰہُ

دشمن کو ذلیل وخوار کرنا

اگر کوئی دشمن بہت زیادہ شر وفساد پھیلانے والا ہو تو اس کو ذلیل وخوار کرنے کے لئے یہ آیت روزانہ ایک سو بار پڑھے اور اگر فجر کی نماز کے بعد سے مسلسل پڑھنا شروع کردے تو انشاءاللہ تعالیٰ دشمن ذلیل وخوار ہوگا اور نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ وہ آیت ہے۔

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ج وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝

دشمن کو بھگانے کا عمل

جو شخص چاہے کہ اس کا دشمن دفع ہو جائے اور بھاگ جائے تو ہر نماز کے بعد

یَا قَہَّارُ

اکیس (۲۱) بار دشمن کا تصور کرکے پڑھے اور دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیاں الٹی کر لے یعنی ان کی پشت آسمان کی طرف کرلے اور ہاتھوں کے اوپر سے دشمن کے چہرے کا تصور کرکے پھونک مارے۔ دشمن ذلیل وخوار ہو کر بھاگ جائے گا یا معافی طلب کرے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

اگر کوئی چیز گم ہو جائے

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے یا چوری ہو جائے تو ایک سو انیس (۱۱۹) بار

یَا حَفِیْظُ

پڑھے روزانہ۔ انشاءاللہ تعالیٰ گم شدہ یا چوری کردہ چیز مل جائے گی۔

اسی طرح کثرت سے

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

پڑھیں انشاءاللہ تعالیٰ گم شدہ چیز مل جائے گی۔

دُشمن پر فتح، روزی میں برکت، قرضہ سے نجات

اگر کوئی شخص روزی کی کمی کے سبب پریشان ہو یا قرضہ کے بوجھ تلے دبا ہوا ہر وقت پریشان رہتا ہو یا دُشمن اسے تنگ کرتے ہوں تو اول درود شریف گیارہ بار پڑھے۔ اس کے بعد یہ کلمات پڑھے اور آخر میں پھر درود شریف گیارہ بار پڑھے۔ کلمات کی تعداد بارہ سو پڑھنا ہے اور پڑھنے کا وقت نماز فجر کے بعد کا ہے۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؀

وہ کلمات یہ ہیں۔

یَابَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ

آخر میں درود شریف پڑھنا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؀

پُرانے بخار سے نجات کے لئے

اگر کسی کو کافی دراز عرصہ سے بخار آرہا ہو اور بخار

جان نہ چھوڑتا ہو تو اس کے لئے یہ نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں باندھ دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہوگا اور بخار سے نجات حاصل ہوگی وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

یاکبیکج	یاکبیکج	یاکبیکج
یاکبیکج	یاکبیکج	یاکبیکج

چیچک سے حفاظت

یہ نقش سورۂ فاتحہ یعنی الحمد شریف کا ہے۔ جس بچے کو چیچک نکلنی شروع ہوئی ہو تو باوضو اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کرکے بچے کے گلے میں ڈال دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد شفا ہوگی اور چیچک سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

بسم اللہ الرحمٰن	الرحیم	الحمد للہ	رب العٰلمین
الرحمٰن الرحیم	ملک یوم الدین	ایاک نعبد	و ایاک نستعین
اھدنا الصراط	المستقیم	صراط	الذین
انعمت علیھم	غیر المغضوب	علیھم	ولا الضالین آمین

بدہضمی سے نجات کا عمل

اگر کسی شخص کو کھانا ہضم نہ ہوتا ہو تو چاہیئے کہ اسم الٰہی "یَابَاسِطُ" پڑھتے جائیں اور پیٹ پر ہاتھ پھیرتے جائیں۔ جب بدہضمی کا مرض ہو تو پھر یہ عمل کھانے کے بعد ہمیشہ کریں۔ انشاء اللہ تعالےٰ پیٹ کی تکلیف میں مبتلا نہ ہو گا۔ یہ نہایت مجرّب عمل ہے۔ ہمیشہ عمل میں رکھیں۔

نظر بد سے بچے کی حفاظت

اگر کوئی شخص اس نقش کو چاندی کی تختی پہ باوضو کندہ کرا کے (یعنی سونار کو وضو کرا کے یہ نقش کندہ کرائے) طفل نابالغ کے گلے میں باندھ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ نظر بد اور دیگر بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔ نہایت مجرّب نقش ہے۔

وہ نقش یہ ہے۔

ال	ع	ف	و
۸۱	۵	۳۲	۶۹
۴	۷۸	۷۲	۳۳
۷۱	۳۴	۳	۷۹

مرگی کے مرض سے نجات

اگر کسی شخص کو مرگی کا مرض ہو تو چاہیئے کہ سفید مرغ یا سفید کبوتر کو ایک شخص ذبح کرے اور اسی وقت دوسرا شخص باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر یہ نقش لکھے اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت کاملہ حاصل ہو گی۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

ععععحو	ععععحو	ععععحو
ععععحو	ععععحو	ععععحو
ععععحو	ععععحو	ععععحو

مرگی کا آسان علاج

جس کسی کو مرگی کا مرض ہو تو اس کے لئے صبح سویرے روزانہ باوضو یہ دعا پڑھ کر مریض پر دم کیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے مرض

جلد ہی دفع ہو جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

چور کو دریافت کرنے کا عمل

اوّل سوا لاکھ (ایک لاکھ پچیس ہزار) بار آیۃ الکرسی پڑھ کر زکوٰۃ ادا کرے یہ عمل جتنے دن میں بھی پورا ہو۔ بس سوا لاکھ کی تعداد پوری کرنی ہے۔ اس کے بعد روزانہ سات بار آیۃ الکرسی پڑھ لیا کرے۔ ناغہ نہ کرے۔ اگر مسلسل تین دن ناغہ کرے گا عمل ٹوٹ جائے گا، دوبارہ کرنا پڑے گا۔ جب زکوٰۃ ادا ہو جائے تو چور کو معلوم کرنے کے لئے صبح کے وقت ایک ٹوکری کے نیچے ایک جوان سفید مرغ یا سرخ مرغ رکھے اور باوضو سات بار آیۃ الکرسی پڑھ کر اس ٹوکری پر دم کرے اور جن جن لوگوں پر چوری کا گمان ہو ان میں ایک ایک آدمی کا ہاتھ الگ الگ باری باری اس ٹوکری پر رکھوا لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جو چور ہوگا اس کا ہاتھ ٹوکری کو لگتے ہی مرغ آواز دے گا۔ یہ عمل نہایت مجرب ہے اور صحیح چور کا پتہ لگ جاتا ہے۔

ف: یہ عمل محض اندازہ ہے۔ اس پر بالکل یقین

کر لینا متعلقہ شخص کو یقین کر کے چور سمجھ لینا شریعت کی رو سے منع ہے۔ لہٰذا احتیاط ضروری ہے۔

خلل آسیب دور کرنا

اگر کسی کو آسیب کا خلل ہو اور وہ چاہے کہ آسیب دفع ہو جائے تو چاہیئے کہ عامل آسیب زدہ مریض کے بائیں کان میں یہ آیت شریف باوضو پڑھ کر دم کرے (یعنی بائیں کان میں پھونک مار دے) انشاء اللہ تعالیٰ آسیب فوراً بھاگ جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَیْمٰنَ وَاَلْقَیْنَا عَلٰی کُرْسِیِّہٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ہ

آسیب کو بھگانے کا عمل

جس پر آسیب آتا ہو اور تکلیف پہنچاتا ہو۔ اس کے لئے یہ آیت شریف باوضو پڑھ پڑھ کر آسیب زدہ مریض کے چہرہ پر دم کرے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب بھاگ جائے گا۔ وہ آیت شریفہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ اِذْ قَالَ یُوْسُفُ لِاَبِیْہِ یٰٓاَبَتِ اِنِّیْ رَاَیْتُ اَحَدَ عَشَرَ کَوْکَبًا وَّ

وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَیْتُهُمْ لِیْ سٰجِدِیْنَ ۝
یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ
تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۝

برائے آسیب زدہ

آسیب کو بھگانے کے لئے باوضو یہ فتیلہ لکھے اور اس کو موڑ کر اس کا دھواں آسیب زدہ کی ناک میں پہنچائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب بھاگ جائے گا اور فریاد کرے گا۔ وہ نقش فتیلہ یہ ہے۔

۷۸۶

۵۵۳	۵۵۷	۵۵۵
۵۵۴	۵۵۲	۵۵۹
۵۵۸	۵۵۶	۵۵۱

بھوک نہ لگنا

اگر بچے کو بھوک نہ لگتی ہو اور کھانے سے جی چراتا ہو تو اس کے لئے اول بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے اس کے بعد بارہ بار "یَا رَحِیْمُ" پڑھ کر کھانے پر دم کریں اور بچہ کو کھانے کو دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ کو بھوک لگنے لگے گی اور چند دن یہ عمل کرنے سے

بچہ کھانا کھانے لگے گا۔

بچوں کے دانت آسانی سے نکلنا

بچوں کے دانت باآسانی نکلنے کے لئے۔ یہ آیت پڑھ کر بچے پر دم کریں اور باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسانی سے دانت نکل آئیں گے۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ الٓرٰ قف تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِیْنِ ۝

بھاگے ہوئے کا واپس آنا اور چوری گیا ہوا مال ملنا

اگر کوئی آدمی، جانور، نوکر، لڑکا، لڑکی، عورت گھر سے بھاگ گئے ہوں یا گھر میں چوری ہو گئی ہو تو مندرجہ ذیل آیت ایک گول کپڑے پر باوضو لکھ کر بھاگنے والے کا نام اور اس کی والدہ کا نام اس کے نیچے لکھ کر اس مکان میں کیل سے گاڑ دے جہاں سے مذکورہ شخص بھاگا ہے۔ اسی طرح جس مکان میں چوری ہوئی ہے اس آیت کے نیچے چور کا یا اگر چور کا نام معلوم نہیں ہے تو اس مال کا نام آیت کے نیچے لکھ دے اور اسی مکان میں لگا دے جہاں سے مال

چوری ہوا ہے انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا اور چوری شدہ مال واپس آجائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ وَلِکُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ ؕ اَيْنَ مَا تَكُونُوا يَأْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيعًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

ہر مقصد پورا ہونے کے لئے

اول گیارہ بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد ایک سو بار یہ کلمات پڑھیں اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مقصد میں کامیابی ہوگی اور ہر مقصد پورا ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

سانپ کو گھر سے نکالنا

اگر کسی گھر میں اکثر سانپ نظر آتے ہوں تو یہ آیت باوضو ایک سو بار پڑھے اور ریت پر دم کرکے وہ ریت گھر میں کونوں میں دبا دے یا کونوں میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام سانپ اس گھر سے چلے جائیں گے پھر نظر نہ آئیں گے۔ وہ آیت یہ ہے۔

سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ۝

پتہ کے امراض کا علاج

اگر کسی کے پتہ میں پتھری پیدا ہوگئی ہو یا زہر پیدا ہوگیا ہو تو اس کے لئے ایک سو بار یہ کلمات پڑھ کر پانی پر دم کرے اور وہ پانی مریض کو صبح کھانے سے قبل دوپہر کو کھانے سے قبل اور بعد نماز عصر اور بعد نماز عشاء کھانے کے بعد پلائیں۔ چالیس روز عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد صحتیاب ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

سر، پسلی، سینہ، کمر میں درد

اگر کسی کے سر، پسلی، سینہ، کمر میں درد ہو تو کوئی دوسرا شخص باوضو اپنی شہادت کی انگلی سے درد کی جگہ سات بار بغیر روشنائی کے اسم الٰہی لکھ دے۔

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ

پتی اچھلنا

اگر کسی کے بدن پر کسی وجہ سے پتی اچھل جائے تو اس کے دفعیہ کے لئے ایک گلاس پانی میں چینی گھول کر گیارہ مرتبہ باوضو

کُنْ فَیَکُوْنُ

پڑھ کر دم کرے اور مریض کو دن میں چار بار پلائیں۔
صبح، دوپہر، بعد عصر، سوتے وقت۔ اگر مرض میں
تیزی ہو تو گیارہ دن یہ عمل کریں ورنہ چند دن
میں مرض جاتا رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

بیت الخلاء میں حفاظت کے لئے

بیت الخلاء میں ہر قسم کے خبیث جنات، شیاطین
کا قبضہ ہوتا ہے اسی طرح موذی جانور بھی اندر چلے
جاتے ہیں۔ ان سب سے حفاظت کے لئے مندرجہ ذیل
دعا بہت مفید ہے۔ بیت الخلاء میں داخل ہونے سے
قبل جو شخص اس دعا کو ایک بار پڑھ لے گا وہ شخص
شیاطین کے اثرات بد سے بالکل محفوظ رہے گا نیز
سانپ کے کاٹنے اور بچھو کے ڈنک مارنے سے بچا
رہے گا اسی طرح دیگر تمام موذی جانوروں کے نقصان
پہنچانے سے حفاظت میں رہے گا چنانچہ ہر شخص کو
محفوظ رہنے کے لئے اس دعا کو ہمیشہ معمول میں رکھنا
چاہیئے۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

جب بیت الخلاء سے فارغ ہو کر نکلے تو یہ دعا پڑھے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَذْھَبَ عَنِّی الْاَذٰی
وَعَافَانِیْ

سوتے وقت کا عمل جس کی برکت سے انسان ہر بلا اور بیماری سے محفوظ رہتا ہے

رات کو شیطان، ڈاکو، چور، ہر قسم کی بیماریوں کا
حملہ ہوتا ہے۔ ان سب سے محفوظ رہنے کے لئے ضروری
ہے کہ انسان اپنی حفاظت کے لئے مندرجہ ذیل تین
سورتیں قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ
الْفَلَقِ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پوری پڑھ کر اپنے
دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کرے اور اپنے تمام
جسم پر پھیر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام رات حفاظتِ
الٰہی میں رہے گا۔

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ یہ ہے

سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ یَلِدْ ۙ
وَلَمْ یُوْلَدْ ۙ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۙ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْفَلَقِ مَدَنِیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ
وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ

النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ یہ ہے

سُوْرَۃُ النَّاسِ مَدَنِیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰـهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

چوری، قتل، ڈاکہ سے گھر اور اہل خانہ کی حفاظت

حضرت ابو ہریرہؓ صدقہ کی کھجوروں کا رات کو پہرہ دے رہے تھے ایک شخص آکر چوری کرنے لگا۔ آپؓ نے پکڑ لیا۔ اس نے منت سماجت کر کے جان چھڑائی۔ سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پوچھا کہ تم نے رات کو اپنے قیدی کے ساتھ کیا کیا۔ انہوں نے عرض کیا اس کی باتوں پر عاجزی اور ضرورت پر رحم کر کے چھوڑ دیا۔ جب تین رات ایسا ہی ہوا۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا تم کو میں اب حضور اکرمؐ کی خدمت میں پیش کروں گا۔ اس نے کہا میں تم کو چند کلمات بتاتا ہوں ان کے پڑھنے سے تم کو نفع ہوگا۔ اس نے

کہا تم سونے لگو تو آیۃ الکرسی پڑھ لیا کرو تو تم پر اللہ تعالےٰ کی طرف سے ایک محافظ مقرر ہو جائے گا اور صبح تک تمہارے قریب کوئی شیطان نہ آسکے گا۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں سارا قصہ سنایا۔ آپ نے فرمایا اس نے تم کو سچ بتایا مگر ہے وہ کذّاب (یہ جھوٹا شیطان تھا مگر جان چھڑانے کے لئے سچی بات بتلا گیا)

اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ آیۃ الکرسی کا رات کو پڑھ کر سونا گھر کی حصار کا کام دیتا ہے۔ اس کی بدولت، چوری، ڈاکہ اور شیطانی اثرات سے حفاظت رہتی ہے۔

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰہُ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

قتل سے محفوظ رہنے کی دُعا

علامہ ابن قیمؒ نے الجواب الکافی لمن سأل عن الدواء الشافی میں تحریر کیا ہے کہ ابو مغلق انصاریؓ جو متقی اور خدا تعالیٰ کی قدرت اور صفتوں پر کامل یقین رکھنے والے تھے ایک بار وہ مال تجارت لے کر سفر پر روانہ ہوئے راستہ میں ایک ڈاکو ملا اس نے ان سے سارا مال لے لیا پھر قتل کرنے پر آمادہ ہوا۔ حضرت انصاریؓ نے بہت کہا کہ مال لے لو مگر مجھے قتل نہ کرو۔ اس نے نہ مانا۔ پھر انہوں نے اس ڈاکو سے چار رکعت نماز نفل پڑھنے کی اجازت طلب کی جو اس نے منظور کرلی۔ انہوں نے بڑے خلوص اور عاجزی سے نماز پڑھی اور آخری سجدے میں یہ دعا کی۔ انہوں نے اس نماز کو زندگی کی آخری نماز سمجھ کر کس عاجزی اور خلوص سے پڑھی ہوگی۔ وہ دُعا یہ ہے۔

يَا وَدُودُ يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيدُ يَا فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ۔ أَسْئَلُكَ بِعِزَّتِكَ الَّذِي لَا يُرَامُ وَبِمُلْكِكَ الَّذِي لَا يُضَامُ وَبِنُورِكَ الَّذِي مَلَأَ أَرْكَانَ عَرْشِكَ أَنْ تَكْفِيَنِي شَرَّ هٰذَا اللِّصِّ يَا مُغِيثُ أَغِثْنِي يَا مُغِيثُ أَغِثْنِي يَا مُغِيثُ أَغِثْنِي۔

جب ابو مغلقؓ سجدے میں یہ دعا کر رہے تھے کہ اچانک ایک سوار آیا اور نیزے سے اس ڈاکو کا کام تمام کردیا۔ پھر ابو مغلقؓ کو کہا کہ سجدے سے سر اٹھالو۔ ابو مغلقؓ نے پوچھا کہ آپ کون ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں چوتھے آسمان کا فرشتہ ہوں۔ جب آپ نے دعا کی تو میں نے آسمان کے دروازے کھلنے کی آواز سنی۔ جب آپ نے دوسری بار یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ کہا فرشتوں میں ہل چل مچ گئی۔ جب آپ نے تیسری بار یہ کہا تو مجھے حکم ملا۔ میں نے فوراً پہنچ کر اس کا کام تمام کردیا۔

یہ دعا آج بھی وہی تاثیر رکھتی ہے شرط یہی ہے کہ سچے دل سے پوری توجہ کے ساتھ پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ بڑے سے بڑا دشمن بھی قتل نہیں کرسکے گا۔ اور ذلت وخواری کی موت خود ہی مرجائے گا۔

دُشمنوں اور آسیب سے حفاظت کی عجیب دُعا

حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ مولانا وارث حسن کوڑہ جہان آبادی رحمۃ اللہ علیہ کو یہ دعا "حزب الاکبر" "سیف قاطع" خاص طور سے سیدنا امام العارفین حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پہنچی ہے، اس دعا کو پڑھنے والا انشاء اللہ تعالیٰ کبھی نقصان نہ اٹھائے گا۔ چور،

ڈاکو، دشمن اور رہزن اور آسیبی خلل سے محفوظ رہے گا۔ دشمن مغلوب اور ذلیل ہوں گے اور خود غالب رہے گا۔ کوئی دشمن اسے کبھی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ یہ دعا روزانہ ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ اَصْبَحْتُ بِنُوْرِ وَجْهِ اللّٰهِ الْقَدِيْمِ الْكَامِلِ وَ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اللّٰهِ الْقَوِيِّ الشَّامِلِ وَرَمَيْتُ مَنْ بَغٰى وَضَلَّ بِسَهْمِ اللّٰهِ وَسَيْفِهِ الْقَاتِلِ۔ اَللّٰهُمَّ يَا غَالِبًا عَلٰى اَمْرِهٖ وَقَائِمًا فَوْقَ خَلْقِهٖ وَقَاهِرًا فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيَا حَائِلًا بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ حُلْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وَاَعْدَائِيْ وَبَيْنَ مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ مِنْ عِبَادِكَ كُفَّ عَنِّيْ اَلْسِنَتَهُمْ وَاغْلُلْ اَيْدِيَهُمْ وَاَرْجُلَهُمْ وَاجْعَلْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ۔ اَللّٰهُمَّ اَغْشِ عَنِّيْ اَبْصَارَ النَّاظِرِيْنَ حَتّٰى اَرِدَ الْمَوَارِدَ وَاغْشِ عَنِّيْ الْاَبْصَارَ حَتّٰى لَا اُبَالِيْ اَبْصَارَهُمْ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ۔ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيَاحُ۔ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ۔ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ۔ هُوَ الرَّحْمٰنُ

الرَّحِيْمُ۔ يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كَاظِمِيْنَ۔ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ۔ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّآ اَحْضَرَتْ۔ فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ وَالَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ۔ صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ۔ قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ۔ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ۔ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ۔ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا۔ وَعَمِيَتِ الْاَبْصَارُ وَخَرِسَتِ الْاَلْسُنُ وَتَبَّتِ الْاَيْدِيْ وَالْاَرْجُلُ مِنْ حَامِلِ كِتَابِيْ هٰذَا وَذَلَّتِ الْاَعْنَاقُ لِعَظَمَةِ الْخَلَّاقِ اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خَاضِعِيْنَ۔ خَيْرُهُمْ بَيْنَ اَعْيُنِهِمْ وَشَرُّهُمْ تَحْتَ اَقْدَامِهِمْ۔ وَلَا غَالِبَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ الْقَادِرِ الْمُقْتَدِرِ الْقَوِيِّ الْقَاهِرِ الْكَافِي الْوَكِيْلِ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

ہر قسم کے حادثات سے بچنے کا عمل

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص

صبح کے وقت یہ کلمات پڑھ لے تو شام تک اس کو کوئی
مصیبت نہیں پہنچے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔
اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ
وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ، مَا شَآءَ اللّٰهُ كَانَ
وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا
بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ، اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ
شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا،
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ
كُلِّ دَآبَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى
صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ،

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

جو شخص جس مقصد میں کامیابی کے لئے ایک ہزار (۱۰۰۰)
بار روزانہ اس درود شریف کو پڑھے گا اس طرح کہ
شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ،
پڑھے اگر زیادہ بار نہ پڑھ سکے تو ستر (۷۰) بار روزانہ
پڑھ کر دعا مانگ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مقصد
میں کامیابی حاصل ہوگی۔ اور ہر مصیبت و پریشانی
سے نجات حاصل ہوگی۔ اس درود شریف کا نام
صَلٰوةً تُنَجِّيْنَا ہے۔
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ
صَلٰوةً تُنَجِّيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ
وَتَقْضِيْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا
بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ
اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ
مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِي الْحَيٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ،
اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

اگر دشمن گھیر لیں

اگر کسی شخص کو دشمن گھیر لیں یا جہاد میں دشمن
چاروں طرف سے گھیراؤ کر لیں تو اس وقت کثرت سے
یہ دعا پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کا گھیراؤ ختم
ہو جائے گا اور وہ متفرق ہو کر بھاگ جائیں گے۔
وہ دعا یہ ہے۔
اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا
اس دعا کے ساتھ یہ دعا بھی کثرت سے پڑھے تو
انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کا خوف دل سے رخصت
ہو جائے گا اور دشمن ناکام و نامراد لوٹ جائے گا۔
وہ دعا یہ ہے۔
اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ
وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ۔

اگر جسم کا کوئی حصہ جل جائے

اگر جسم کا کوئی حصہ جل جائے یا جھلس جائے تو یہ دعا تین، پانچ یا سات مرتبہ پڑھ کر صبح بعد نماز فجر اور شام کو بعد نماز مغرب دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد صحتیاب ہو گا۔ وہ دعا یہ ہے۔
اَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَاشَافِيْ اِلَّا اَنْتَ۔

ف: دم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ دونوں ہونٹوں کو ملا کر ذرا قریب کر کے اس طرح پھونک مارے کہ تھوک کے کچھ ذرات نکل کر مریض کے مرض کی جگہ کریں۔

استخارہ برائے نکاح

اگر نکاح کے بارے میں استخارہ کرنا ہو تو جہاں پیغام دیا ہے اس کو پوشیدہ رکھے اور اچھی طرح وضو کر کے (دو رکعت یا چار رکعت) جو مقدر میں ہو نفل نماز پڑھے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی تعریف اور اس کی عظمت و بزرگی بیان کرے پھر اللہ پاک کی بارگاہ میں یوں عرض کرے۔
اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ فَاِنْ

رَاَيْتَ اَنَّ فِيْ فُلَانَةَ (فلانۃ کی جگہ اس عورت کا نام لے جس کو نکاح کا پیغام دیا ہو) خَيْرًا لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَايَ وَاٰخِرَتِيْ فَاقْدُرْهَا لِيْ وَاِنْ كَانَ غَيْرُهَا خَيْرًا مِّنْهَا لِيْ فِيْ دِيْنِيْ وَاٰخِرَتِيْ فَاقْدُرْهَا لِيْ۔

ف: یہ دعا پڑھ کر سو جائے۔ صبح کو جس طرف زیادہ دھیان ہو اسی پر عمل کرے۔ اگر اس کی طرف زیادہ توجہ ہو تو اسی سے شادی کا ارادہ کر لے۔ اگر اس عورت کی طرف سے دل میں نفرت پیدا ہو تو شادی سے صاف منع کر دے اور دوسری جگہ رشتہ ڈھونڈ لے۔

بچھو کا زہر اتارنے کے لئے

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو بحالت نماز ایک مرتبہ بچھو نے ڈنک مار دیا آپ نے نماز سے فارغ ہو کر فرمایا کہ۔
"بچھو پر اللہ کی لعنت ہو نہ نماز پڑھنے والے کو چھوڑتا ہے نہ کسی دوسرے کو"۔
اس کے بعد پانی اور نمک منگایا اور نمک کو پانی میں گھول کر ڈنک کی جگہ پر پھیرتے رہے اور سُوْرَۃ قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ، سُوْرَۃ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور سُوْرَۃ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ

پڑھتے رہے۔

ف: اس کی برکت سے بچھو کا زہر اُتر جاتا ہے اور آدمی تکلیف اور درد سے آزاد ہو جاتا ہے۔

سورۃ قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْکٰفِرُوْنَ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۝

سورۃ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ یہ ہے

سُوْرَۃُ الْفَلَقِ مَدَنِیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

سورۃ النَّاس یہ ہے۔

سُوْرَۃُ النَّاسِ مَدَنِیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِکِ النَّاسِ ۝ اِلٰہِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ

یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ۝

بچہ کو مرض یا اور کسی شر سے بچانے کے لئے

بچہ کی حفاظت کے لئے یہ دعا بہت مجرب ہے۔ اگر ڈر ہو کہ بچہ کسی مرض میں مبتلا ہو جائے گا یا کسی شر میں پھنس جائے گا تو اس کے لئے مندرجہ ذیل دعا ایک بار پڑھ کر بچہ پر دم کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ بخیر و عافیت گھر واپس آئے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اُعِیْذُکَ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّۃِ مِنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ وَّھَآمَّۃٍ وَّمِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَّآمَّۃٍ۔

آندھی اور اس کے نقصان سے حفاظت

جب آندھی آئے تو اس کی طرف منہ کرے اور دو زانو یعنی حالت تشہد کی طرح بیٹھ کر یہ دعا پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ آندھی کی تباہ کاریوں سے محفوظ رہے گا اور آندھی کی بلا ٹل جائے گی۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا رَحْمَۃً وَّلَا تَجْعَلْھَا عَذَابًا اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا رِیَاحًا وَّلَا تَجْعَلْھَا رِیْحًا ۝

ف: اگر آندھی کے ساتھ اندھیرا بھی ہو (جسے کالی آندھی کہتے ہیں) تو سورۃ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ مکمل اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ

مکمل پڑھے۔

سورۃ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْفَلَقِ مَدَنِیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

سُوْرَۃُ النَّاسِ یہ ہے۔

سُوْرَۃُ النَّاسِ مَدَنِیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِکِ النَّاسِ ۝ اِلٰہِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۝ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ۝

پریشانیوں سے نجات کے لئے

اگر کسی شخص کو مختلف پریشانیوں نے گھیر لیا ہو ان سے نجات کا راستہ دکھائی نہ دیتا ہو تو یہ دعائیں ہر قسم کی پریشانیوں سے نجات کے لئے بہت پر تاثیر ہیں ہر نماز کے بعد ایک سو بار پڑھ لیا کرے۔ اتنا وقت نہ ہو تو صرف عشاء کے بعد ایک سو بار پڑھ لیا کرے۔ اتنی بھی فرصت نہ ہو تو صرف ایک بار ان سب

دعاؤں کو پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی پریشانی سے نجات حاصل ہوگی اور دلی سکون حاصل ہوگا۔ وہ دعائیں یہ ہیں۔

(١)

اَللّٰھُمَّ رَحْمَتَکَ اَرْجُوْ فَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَۃَ عَیْنٍ وَّ اَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ کُلَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ۔

(٢)

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ

(٣)

اَللّٰہُ اَللّٰہُ لَا اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا

(٤)

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ ط

(٥)

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝

عملیات و تعویذات

حضرت مولٰینا شاہ احمد سعید صاحب نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ

حاجات کے پورا ہونے کے لئے سورۂ یٰسین شریف کا پڑھنا

ہر قسم کی حاجات کے پورا ہونے کے لئے سورۂ یٰسین شریف کا ختم اس طرح کرے۔ اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد لفظ یٰسٓ کو تین بار کہے اور جب بھی لفظ مبین پر پہنچے سورۂ فاتحہ (الحمد شریف) اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ؕ تک پڑھے۔ جب مَثَلاً پر پہنچے تین بار اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ۔ تین بار انگلی اٹھا کر پڑھے۔ اور جب آیت

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ؕ

پر پہنچے تو اس آیت کو سات بار پڑھے۔ اس کے بعد سات بار کہے یَا سَلَامُ یَا رَبُّ یَا رَحِیْمُ۔ جب ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ؕ پر پہنچے تو سات مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر یہ اسماء سات مرتبہ پڑھے وہ اسماء یہ ہیں۔

یَا قَدِیْرُ یَا عَزِیْزُ یَا عَلِیْمُ

اور مِثْلِہٖ پر پہنچے تو تین بار یہ کلمہ (لفظ) پڑھے پھر سورۂ یٰسین شریف کو پورا پڑھ کر سورۂ فاتحہ کو (نستعین) تک شہادت کی انگلی اٹھا کر پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ؕ

پھر سورۂ فاتحہ کو مکمل طور پر پڑھے (یعنی شروع سے آخر تک) اس کے بعد

درود شریف ایک سو بار

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

ایک سو بار

یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ایک سو بار

یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ایک سو بار

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

ایک سو بار پڑھے۔

آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی روح پُر فتوح کو پہنچائے (اس طرح کہے کہ اے اللہ اس پڑھنے کو قبول فرما اور اس کا ثواب حضور اکرم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کو پہنچے) اس کے بعد یہ دعا کرے کہ اے اللہ پاک اس سورۂ مبارکہ کی برکت سے کام بنا دے۔

اگر درمیان میں کام ہو جائے تو بہتر ہے ورنہ یہ عمل چالیس دن کرے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور حاجت پوری ہوگی۔

برائے حاجت روائی

ہر قسم کی حاجت روائی کے لئے یہ عمل نماز فجر کے بعد یا
عصر و مغرب کے درمیان یا مغرب و عشاء کے درمیان پڑھے۔
اول یَا اَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ پڑھے اس کے بعد اکتالیس بار یہ الفاظ
پڑھے

زَمِّلْنِیْ زَمِّلْنِیْ زَمِّلْنِیْ بِالْقُدْرَۃِ الْخَفِیِّ وَ
اَدْرِکْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ بِحَقِّ اَحْمَد

اس کے بعد پوری سورۃ چالیس بار پڑھے اور صرف اللہ تعالیٰ
سے اپنی حاجت طلب کرے اور کسی سے کچھ نہ مانگے۔
انشاء اللہ تعالیٰ حاجت ضرور پوری ہوگی۔ اگر چند دن میں
حاجت پوری ہو جائے بہتر ہے ورنہ یہ عمل چالیس دن کرے۔
اس کے اول و آخر میں درود شریف سینتالیس سینتالیس
بار پڑھے۔

درد سر کے لئے

یہ عمل بحمد اللہ بہت فائدہ مند ہے۔ عامل اپنا ہاتھ
درد کی جگہ پر رکھے اور تین بار یا سات بار باوضو پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ
الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ اسْمُہٗ بَرَکَۃٌ
وَّ شِفَآءٌ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ بِیَدِہِ الشِّفَآءُ بِسْمِ اللّٰہِ

اَلَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ
وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ہ
انشاء اللہ تعالیٰ درد سر سے آرام ہو گا۔

دفع جن کے لئے

باوضو مندرجہ ذیل حرز لکھ کر کالے کپڑے میں موم
جامہ کر کے آسیب زدہ کی گردن میں باندھ دے۔
انشاء اللہ تعالیٰ آسیب و جن دفع ہوگا۔ وہ حرز یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ ھٰذَا کِتَابٌ مِّنْ
مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ اِلٰی مَنْ طَرَقَ الدَّارَ
مِنَ الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ وَالسَّآئِحِیْنَ اِلَّا طَارِقًا یَّطْرُقُ
بِخَیْرٍ یَا رَحْمٰنُ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَکُمْ فِی الْحَقِّ
سَعَۃً فَاِنْ تَکُ عَاشِقًا مُّوْلِعًا اَوْ فَاجِرًا مُّقْتَحِمًا
اَوْ رَاعِیًا حَقًّا مُّبْطِلًا ھٰذَا کِتَابُ اللّٰہِ یَنْطِقُ
عَلَیْنَا وَعَلَیْکُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا کُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا کُنْتُمْ
تَعْمَلُوْنَ وَرُسُلُنَا یَکْتُبُوْنَ مَا تَمْکُرُوْنَ اُتْرُکُوْا
صَاحِبَ کِتَابِیْ ھٰذَا وَانْطَلِقُوْا اِلٰی عَبَدَۃِ
الْاَصْنَامِ وَاِلٰی مَنْ یَّزْعَمُ اَنَّ مَعَ اللّٰہِ اِلٰھًا اٰخَرَ
لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ کُلُّ شَیْءٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْھَہٗ لَہُ الْحُکْمُ
وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ تُغْلَبُوْنَ حٰمٓ لَا تُنْصَرُوْنَ
حٰمٓ عٓسٓقٓ ہ تَفَرَّقَ اَعْدَآءُ اللّٰہِ وَبَلَغَتْ حُجَّۃُ

اللّٰہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ
اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

گمشدہ یا بھاگے ہوئے کو واپس بلانا

اگر کوئی بچہ یا بڑا یا جانور گم ہو گیا۔ یا بھاگ گیا اس کی واپسی کے لئے باوضو اکیس۲۱ بار سورۃ فاتحہ پڑھ کر ایک لوہے کے تالے پر پھونکے اور اس بھاگے ہوئے کا نام اور اس کی والدہ کا نام لے کر اس تالے کو بند کرے اور مٹی کی نئی ہانڈی میں پانی بھر کر اس میں ڈال دے اور چولہے پر چڑھا کر آگ جلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا جلد حاضر ہو گا۔

سورۃ فاتحہ یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۭ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۭ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۙ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّاۗلِّیْنَ ۧ

برائے حاجت روائی

مندرجہ ذیل رباعی ہر نماز کے بعد ساٹھ بار پڑھا کرے

انشاء اللہ تعالیٰ جلد حاجت پوری ہو گی جب تک حاجت پوری نہ ہو برابر پڑھتا رہے۔ وہ رباعی یہ ہے۔

اے زلفِ سیاہ تو بلائے دل من
وے لعل لبت گرہ کشائے دلِ من
من دل ندہم بکس برائے دلِ تو
تو دل نہ دہی بکس برائے دلِ من

پیشاب، پاخانہ کی بندش کھولنا

اگر خدانخواستہ کسی کا پیشاب یا پاخانہ بند ہو گیا ہو تو اس کے لئے یہ آیت باوضو لکھ کر مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا پیشاب جاری ہو گا۔ یہ عمل پاخانہ کی بندش کے لئے بھی کار آمد ہے۔ نیز یہ عمل مثانہ کی کنکریوں کے لئے بھی مفید ہے شرط یہ ہے کہ جب تک مکمل شفاء نہ ہو باوضو لکھ کر پلاتا رہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۙ فَکَانَتْ ھَبَاۗءً مُّنْۢبَثًّا ۙ
وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُکَّتَا دَکَّۃً وَّاحِدَۃً ۙ

پیشاب پاخانہ کی بندش ختم کرنا

اگر خدانخواستہ کسی کا پیشاب یا پاخانہ بند ہو گیا ہو تو اس کے لئے باوضو یہ آیت لکھ کر دھو کر مریض کو پلائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس کا پیشاب جاری ہو جائے گا۔ یہ عمل پاخانہ کی بندش کے لئے بھی مفید ہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۭ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۭ

پیشاب یا پاخانہ کا بند کھولنا

اللہ نہ کرے کسی کا پیشاب یا پاخانہ بند ہو جائے اور ایسا بند لگے کہ مریض تڑپنے لگے۔ اس کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو لکھ کر پانی میں گھول کر مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب کی بندش کھل جائے گی اور پیشاب جاری ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا ۙ اَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ صُدُوْرِكُمْ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا ۭ قُلِ الَّذِيْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ ۭ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ۝

پیشاب، پاخانہ کا جاری ہونا

اگر پتھری کی وجہ سے پیشاب رک گیا ہو یا پاخانہ میں رکاوٹ پیدا ہو گئی ہو تو اس کے لئے یہ سورۃ تکاثر

لکھیں اور پانی میں گھول کر مریض کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب کی یا پاخانہ کی بندش کھل جائے گی۔ سورۃ تکاثر یہ ہے۔

سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْهٰىكُمُ التَّكَاثُرُ ۙ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۭ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۭ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ۭ لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ۙ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ۙ ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ يَوْمَىِٕذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ۝

پیشاب کی بندش دور کرنا

اگر خدانخواستہ کسی کا پیشاب بند ہو گیا ہو تو اس کے جاری کرنے کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ پتھری سے نجات حاصل ہوگی اور پیشاب جاری ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَاۗءِ بِمَاۗءٍ مُّنْهَمِرٍ ۡ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَاۗءُ عَلٰٓي اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ۝

پیشاب کی کثرت، حیض کی زیادتی، سینہ سے خون جانے اور نکسیر بند کرنے کے لئے

مندرجہ ذیل آیت باوضو لکھ کر مریض کو پلائے انشاءاللہ تعالیٰ پیشاب کی کثرت ختم ہو جائے گی۔ اسی طرح حیض کے خون کی زیادتی اور سینہ سے خون جاری ہونا یا نکسیر کو روکنے کے لئے بھی یہ عمل مفید ہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ

بچہ کی شرارت اور بری عادتوں سے نجات

اگر بچہ شرارت کرتا ہو اور بری عادتوں میں مبتلا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے یا چمڑے میں سی کر بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بچہ شرارت اور بے جا ضد اور بری عادتوں سے محفوظ رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ه يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ

لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ه

نظر بد دور کرنا

اگر بچہ یا بڑے کو نظر بد لگ جائے تو اس کے لئے تین ہلدی کی گرہ پر تین تین بار یہ کلمہ پڑھ کر پھونکے اور ہلدی کی ان گرہوں کو کوئلے کی آگ میں ڈال کر مریض کو اس کی دھونی دے۔ وہ کلمہ یہ ہے۔

اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَّالْكُفْرُ بَاطِلٌ

برائے چیچک و آکڑے کاکڑے و خسرہ

اگر کسی بچے کو چیچک، خسرہ کا خطرہ ہو تو سورۂ کوثر باوضو سات مرتبہ پڑھ کر سات چاول ثابت پر پڑھ کر دم کرے۔ سورۂ کوثر کے اول تین بار درود شریف پڑھے اور تین بار آخر میں درود شریف ضرور پڑھے۔ وہ چاول بچے کو کھلا دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بچہ چیچک و خسرہ سے محفوظ رہے گا۔

سورۂ کوثر یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ه فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ه اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ

بُرے ہمسایہ سے نجات کے لئے

اگر کسی کا پڑوسی شرارت کرتا ہو اور طرح طرح سے ستاتا ہو یا لڑکوں کی ایسی ٹولی ہو جو اہل محلہ کو پریشان کرتی ہو اور نقصان پہنچاتی ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مجرّب ہے۔

سات پُرانی قبروں کی مٹی الگ الگ کاغذ کی تھیلی میں لائے اور باوضو ہر لفافے پر سات بار سورۃ کوثر پڑھے اور دم کرے۔ پھر وہ مٹی یکجا کر کے ایک کپڑے میں باندھ کر ان کے گھر میں ایسی جگہ ڈال دے جہاں جھاڑو نہ دی جاتی ہو تاکہ چند دن پڑی رہے انشاء اللہ تعالیٰ وہ بُرا پڑوسی اور وہ شرارتی لڑکوں کی ٹولی وہاں سے دفع ہو جائے گی۔ یہ عمل منگل کے دن کرے۔ سورۃ کوثر یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْکَوْثَرِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ ۝
اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ ۝

ف: شرط یہ ہے کہ یہ عمل صرف جائز مقصد کے لئے کرے ورنہ خود نقصان اٹھائے گا بلا وجہ کسی کو ستانے یا اجاڑنے کے لئے کرے گا دنیا اور آخرت دونوں میں سخت مصیبت میں مبتلا ہو گا۔

درد سر سے نجات

اگر کسی کے سر میں درد ہو تو اس کے لئے باوضو سر پر انگلی سے یَا بَاسِطُ لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد دور ہو گا۔

باہم ناراض لوگوں میں دوستی کے لئے

اگر دو دوستوں یا بھائیوں میں آپس میں ناراضگی پیدا ہو گئی ہو یا اختلافات نے شدت اختیار کر لی ہو تو اس کے لئے روزانہ اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد ایک ہزار بار یَا وَدُوْدُ پڑھے۔ پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا کرے۔ جب تک تعلقات بحال نہ ہوں اور دوبارہ دوستی قائم نہ ہو جائے برابر یہ عمل کرتا رہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے باہم محبت پیدا ہو گی اور اختلافات و دشمنی ختم ہو جائے گی۔

ہر قسم کی حاجت پوری ہونے کے لئے اور غائب کے حاضر ہونے اور بیمار کے صحت یاب ہونے کے لئے

اگر کسی شخص کو کوئی حاجت پیش آجائے یا کوئی شخص گھر سے غائب ہو جائے یا کوئی شخص بیمار ہو جائے تو اس کے لئے بعد نماز سنت فجر سورۃ فاتحہ اکتالیس بار پڑھے

اس کے بعد فرض نماز پڑھے۔ جب تک حاجت پوری نہ ہو یہ
عمل کرتا رہے۔ اسی طرح جب تک غائب واپس نہ آجائے
یہ عمل جاری رکھے۔ اسی طرح بیمار کے شفایاب ہونے تک
برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔
سورۃ فاتحہ یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝
اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ
عَلَیْھِمْ ۝ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝

باؤلے کتے کے کاٹے کا علاج

اگر خدانخواستہ کسی کو باؤلا کتا (پاگل کتا) کاٹ لے
جس سے پاگل ہونے کا خطرہ ہو تو روٹی کے چالیس ۴۰ ٹکڑوں
پر یا چالیس ۴۰ عدد بسکٹ پر یہ آیت باوضو لکھے اور ہر روز
ایک ٹکڑا یا ایک بسکٹ مریض کو کھلایا جائے انشاء اللہ
تعالیٰ وہ شخص پاگل ہونے سے محفوظ رہے گا۔
وہ آیت یہ ہے۔

اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا ۝ وَّاَکِیْدُ کَیْدًا ۝ فَمَھِّلِ
الْکٰفِرِیْنَ اَمْھِلْھُمْ رُوَیْدًا ۝

بچوں کا ہر آفت سے محفوظ رہنا

بچوں کو ہر آفت سے محفوظ رکھنے کے لئے مندرجہ ذیل
کلمات کاغذ پر باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں
ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر قسم کی بلا و آفت سے محفوظ
رہے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّۃِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطٰنٍ
وَّھَآمَّۃٍ وَّعَیْنٍ لَّآمَّۃٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفَ اَلْفَ
لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

حاکم کا ڈر و خوف ختم کرنا

اگر کوئی حاکم ظالم ہو یا کسی شخص کو کمزور دل کی وجہ سے
بلاوجہ حاکم سے ڈر لگتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب
ہے اور ظالم حاکم کی زبان بندی کے لئے بڑا مؤثر ہے۔
جب حاکم کے سامنے جائے تو

کٓھٰیٰعٓصٓ کَفَیْتُ

پڑھنا شروع کرے اور ہر حرف پر دائیں ہاتھ کی انگلی بند
کرتا جائے (یعنی کٓ کہنے پر سب سے چھوٹی انگلی موڑ کر
ہتھیلی کی طرف کر لے پھر ھَا پڑھے تو اس کے برابر والی
انگلی موڑ لے جب یَا پڑھے تو اس کے برابر والی انگلی

موڑلے اور جب عٓ پڑھے تو کلمے والی انگلی موڑلے اور
جب صٓ پڑھے تو انگوٹھا موڑلے)
پھر حٰمٓ ۝ عٓسٓقٓ ۝ حُمِیْتُ
پڑھے اور ہر حرف (حا۔ میم۔ عین۔ سین۔ قاف)
پر بائیں ہاتھ کی سب سے چھوٹی پھر اس سے بڑی پھر اس کے
برابر والی پھر کلمے والی اس کے بعد جب قٓ کہے تو انگوٹھا
بند کرے۔

جب حاکم کے سامنے جائے تو سب انگلیاں کھول دے۔
انشاء اللہ تعالیٰ حاکم کے ظلم سے محفوظ رہے گا اور اس کے
دل سے حاکم کا ڈر خوف دور ہو جائے گا۔

تمام امراض سے شفاء کے لئے

یہ چھ۶ آیتیں ہیں جو آیاتِ شفاء کہلاتی ہیں ان کو باوضو
ایک چینی کی پیالی یا رکابی (پلیٹ) وغیرہ پر لکھ کر پانی سے
دھو کر تین۳ دن یا سات دن بیمار کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ
مریض جلد صحتیاب ہوگا۔ وہ آیات شفاء یہ ہیں۔

① وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۝
② وَشِفَآءٌ لِّمَا فِى الصُّدُوْرِ ۝
③ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ
فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۝
④ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ
لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ
⑤ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۝
⑥ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ۝

ڈوب جانے، آگ میں جلنے اور ڈاکہ چوری سے حفاظت

اصحاب کہف کے بابرکت نام ڈوبنے، جلنے اور ڈاکہ چوری
سے حفاظت کے لئے بہت مفید ہیں۔ باوضو لکھ کر مکان میں
دروازے کے بالکل سامنے چسپاں کر دے یا فریم کرا کر
لٹکا دے یا کشتی میں رکھ دے یا لگا دے یا سامان میں
رکھ دے۔ زیورات کے ڈبے میں رکھ دے یا الماری میں
رکھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حفاظت میں رہے گا اور محفوظ
رہے گا۔ وہ نام یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
يَمْلِيْخَا مَكْسَلْمِيْنَا كَشْفُوْطَطْ تَبْيُوْنَسْ اَذْرَفَطْيُوْنَسْ
كَشَافَطْيُوْنَسْ يَوَانِسْ بُوْس وَكَلْبُهُمْ قِطْمِيْرٌ
وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ۔

ہر قسم کی حاجت پورا ہونے کے لئے

ہر قسم کی حاجت پورا ہونے کے لئے بارہ۱۲ روز تک
باوضو بارہ۱۲۰۰ سو بار یہ کلمات پڑھے۔ اول و آخر گیارہ۱۱ گیارہ
بار درود شریف۔ وہ کلمات یہ ہیں (اگلے صفحہ پر)

یَا بَدِیۡعَ الۡعَجَآئِبِ بِالۡخَیۡرِ یَا بَدِیۡعُ

انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی حاجت جلد پوری ہو گی اور مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

بہت زبردست حاجت کے پورا ہونے کے لئے

اگر کوئی سخت مشکل پیش آگئی ہو یا کوئی سخت پریشانی پیدا ہو گئی ہو تو اس مشکل سے نجات اور حاجت کے پورا ہونے کے لئے **چار رکعت نفل** نماز پڑھے۔ اس طرح سے کرے:

پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ (الحمد شریف) کے بعد یہ آیت ایک سو بار پڑھے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ سُبۡحٰنَكَ ۖ اِنِّیۡ كُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ ۚ فَاسۡتَجَبۡنَا لَهٗ ۙ وَ نَجَّیۡنٰهُ مِنَ الۡغَمِّ ؕ وَ كَذٰلِكَ نُـنۡجِی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ۝

دوسری رکعت میں یہ آیت ایک سو بار پڑھے۔

رَبِّ اَنِّیۡ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنۡتَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ ۚ

اور تیسری رکعت میں یہ آیت ایک سو بار پڑھے۔

وَ اُفَوِّضُ اَمۡرِیۡۤ اِلَی اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیۡرٌۢ بِالۡعِبَادِ ۝

اور چوتھی رکعت میں یہ آیت ایک سو بار پڑھے۔

قَالُوۡا حَسۡبُنَا اللّٰهُ وَ نِعۡمَ الۡوَكِیۡلُ ۝

پھر سلام پھیر کر یہ آیت ایک سو بار پڑھے۔

رَبِّ اِنِّیۡ مَغۡلُوۡبٌ فَانۡتَصِرۡ ۝

اس کے بعد دعا کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی مشکل آسان ہوگی اور ہر حاجت ضرور پوری ہوگی۔ یہ عمل چند دن ضرور کرے۔

اگر شیاطین (جنات) گھر میں پتھر پھینکتے ہوں

اگر کسی گھر میں شیاطین پتھر پھینکتے ہوں اور کسی طرح باز نہ آتے ہوں تو ان کے شر کو روکنے کے لئے یہ آیت پچیس ۲۵ بار باوضو پڑھ کر ایک کیل پر دم کرے اسی طرح پچیس پچیس ۲۵ بار پڑھ کر چار کیلوں پر دم کر کے اور گھر کے چاروں کونوں میں گاڑ دے (ٹھوک دے) اس کے سبب سے انشاءاللہ تعالیٰ شیاطین پتھر پھینکنے سے باز آجائیں گے۔ وہ آیت یہ ہے۔

اِنَّهُمۡ یَكِیۡدُوۡنَ كَیۡدًا ۙ وَّ اَكِیۡدُ كَیۡدًا ۚ فَمَهِّلِ الۡكٰفِرِیۡنَ اَمۡهِلۡهُمۡ رُوَیۡدًا ۝

گھر سے شیاطین (جنات) کا اثر دور کرنا

اگر کسی گھر میں شیاطین (جنات کا دخل ہو اور وہاں جنات اہل خانہ کو نظر آتے ہوں تو ان کے اثر کو دور کرنے اور ان سے مکان خالی کرانے کے لئے اصحاب

کہف کے نام باوضو لکھ کر ہر کمرے کے چاروں کونوں میں چسپاں کردیں یا فریم کرا کے لٹکا دیں۔ اصحاب کہف کے نام یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِلٰہِیْ بِحُرْمَةِ یَمْلِیْخَا مَکْسَلْمِیْنَا کَشْفُوْطَطْ تَبْیُوْنُسْ اٰذَرْفَطْیُوْنُسْ کَشَا فَطْیُوْنُسْ یُوَانِسْ بُوْس وَ کَلْبُھُمْ قِطْمِیْرُ وَعَلَی اللّٰہِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَمِنْھَا جَآئِرٌ۔

بانجھ عورت کا حاملہ ہونا

بانجھ عورت کے حاملہ ہونے کے لئے یہ آیت باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر ہرن کی جھلی پہ لکھے اور موم جامہ کرکے عورت کی کمر میں باندھ دے۔ خدا کے فضل وکرم سے عورت حاملہ ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُیِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ کُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰی ؕ بَلْ لِّلّٰہِ الْاَمْرُ جَمِیْعًا ؕ

بانجھ عورت کے لئے

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور اس کے اولاد نہ ہوتی ہو تو چالیس ۴۰ عدد لونگ لے کر ہر لونگ پر یہ آیت سات مرتبہ

پڑھے اور عورت کو دے۔ وہ عورت ایک لونگ روزانہ کھائے اور یہ لونگ حیض کے ختم ہونے سے کھانا شروع کرے اس دوران اس کا شوہر بیوی سے ہمبستری کرے۔

وہ آیت یہ ہے۔

اَوْ کَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ لُّجِّیٍّ یَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُھَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَآ اَخْرَجَ یَدَهٗ لَمْ یَکَدْ یَرٰھَا ؕ وَمَنْ لَّمْ یَجْعَلِ اللّٰہُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۚ

حمل کی حفاظت کے لئے

جس عورت کا حمل گر جاتا ہو تو اس کے لئے چالیس ۴۰ تار (دھاگے) گلابی سوت کے حاملہ کے قد کے برابر لے کر یہ آیت اور سورۃ کافرون سات بار پڑھ کر سوت پر اس طرح دم کرے کہ آیت اور سورۃ کافرون ایک بار پڑھ کر اس دھاگے میں گرہ دے اسی طرح سات گرہ دے۔ پھر عورت کو دے وہ اپنی کمر میں باندھ لے۔

وہ آیت یہ ہے۔

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰہِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَیْھِمْ وَلَا تَكُ فِیْ ضَیْقٍ مِّمَّا یَمْکُرُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ ھُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝

سورۃ کافرون یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

سُوْرَۃُ الْکٰفِرُوْنَ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۚ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ؕ لَكُمْ دِیْنُكُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۠

عورت کے حاملہ ہونے کے لئے

جو عورت حاملہ نہ ہوتی ہو اس کے لئے تین کاغذوں پر یہ لفظ با وضو لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کی کمر میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عورت حاملہ ہوگی۔ وہ لفظ یہ ہے:

یَا مُبْدِیُٔ

جس عورت کا بچہ نہ جیتا ہو

جس عورت کے بچے پیدا ہو کر مرجاتے ہوں اس کے لئے تھوڑی سی کالی مرچ اور اجوائن لے کر اس پر پیر کے روز قریب ظہر کے سورۃ والشمس (پ۳۰) چالیس مرتبہ پڑھے مگر شروع کرنے سے پہلے تین بار درود شریف پڑھے۔ اسی طرح چالیس بار سورۃ "والشمس" پڑھنے کے بعد تین بار درود شریف پڑھے۔

وہ عورت تھوڑی اجوائن اور چند کالی مرچیں لے کر روزانہ

کھا لیا کرے اور عورت یہ دونوں چیزیں اس وقت تک کھاتی رہے جب تک بچہ دودھ پیتا رہے۔

جس عورت کے لڑکیاں ہوتی ہوں لڑکا نہ ہوتا ہو

اگر کسی عورت کے لڑکیاں ہی ہوتی ہوں لڑکا نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ جب حمل ٹھہر جائے تو عورت کے پیٹ پر ستر (۷۰) بار شہادت کی انگلی سے بغیر روشنائی کے گول دائرے کی شکل میں گھمائے اور "یَا مُبِیْنُ" کہتا جائے۔ ستر مرتبہ انگلی پیٹ پر دائرے کی شکل میں گھمائے گا اور ستر مرتبہ ہی یَا مُبِیْنُ کہے گا۔

جس مریض کا علاج مشکل ہو

بہت سے لوگ ایسے پیچیدہ امراض میں مبتلا ہو جاتے ہیں جن کا علاج حکیم ڈاکٹر بھی کرنے سے عاجز ہوتے ہیں ایسے لا علاج مریض کے علاج کے لئے ایک سفید چینی کی پلیٹ پر باوضو سورۃ فاتحہ کے ساتھ یہ کلمات لکھے اور پھر پانی سے دھو کر مریض کو چالیس روز تک پلائے یعنی روزانہ لکھے اور روزانہ پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے لاعلاج مرض سے صحت حاصل ہوگی۔ پلیٹ پر اس طرح لکھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَآئِهٖ
يَا حَيُّ

کوئی چیز چوری ہو جائے، گم ہو جائے یا کوئی آدمی یا جانور بھاگ جائے

اگر کسی کی کوئی چیز چوری ہو جائے یا ڈاکو چھین کر لے جائیں یا کوئی چیز گم ہو جائے یا کوئی آدمی۔ بچہ، لڑکی، عورت بھاگ جائے یا جانور گم ہو جائے تو اس کے لئے یہ عمل تجربہ شدہ ہے اور بحکم خدا وہ چیز فوراً مل جائے گی عمل شرط ہے۔

سب سے پہلے باوضو درود شریف تین بار پڑھے۔ اس کے بعد ایک سو انیس (۱۱۹) بار

"یَا حَفِیْظُ"

پڑھے۔ اس تعداد میں کمی یا زیادتی نہ کرے تعداد ایک سو انیس (۱۱۹) ہی ہو۔ اس کے بعد ایک سو انیس (۱۱۹) بار یہ آیت پڑھے۔ آخر میں تین بار درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ چیز، یا شخص فوراً مل جائے گا۔

وہ آیت یہ ہے۔

يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ
فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ
يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ۝ (لقمان ع ۲)

دردزہ (بچہ کی باآسانی پیدائش)

۱۵۔ بغض و حب کے اعمال میں کسی پرہیزگار عالم دین سے ضرور مشورہ کر کے عمل کرے۔ ورنہ دنیا و آخرت کی تباہی کا اندیشہ ہے۔

۱۶۔ تعویذ اور نقش کی بابت یہ گمان کرے کہ ہر کام اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان سے ہوتا ہے اس کی مرضی یا مصلحت ہوگی تو کام ہو جائے گا۔ تعویذ یا نقش بذاتِ خود کچھ تاثیر نہیں رکھتے البتہ ان کی وجہ سے رحمتِ حق متوجہ ہو جاتی ہے۔

ہمیشہ دل میں یہ خیال رکھے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کام ہوتا ہے اگر اللہ تعالیٰ کا حکم ہوا تو کام ہو جائے گا اور اگر اللہ تعالیٰ کا حکم نہ ہوا تو کام نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا عامل ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے کام کرے گناہ اور معصیت سے بچے اور اس کے فضل و احسان کا طالب رہے۔ سب سے اچھا یہ ہے کہ ہر عمل میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نمونہ سامنے رکھے اور سنت پر عمل کرے۔

۱۷۔ عامل پر لازم ہے کہ وہ عاجزی، انکساری اور فروتنی کو اپنا شعار بنائے اور ہر قسم کے دعویٰ سے خود کو بچائے کہ تکبر ہمیشہ ذلت و خواری کا سبب ہے اور اللہ تعالیٰ سے دوری پیدا کرتا ہے۔

۱۸۔ انبیائے کرامؑ، مقرب فرشتوںؑ اور اولیائے کرامؒ کے اسمائے گرامی جن نقوش

یاد عادوں میں استعمال ہوتے ہیں وہ محض برکت اور توسّل کے لئے ہیں۔ اصل کام بنانے والا اللہ تعالیٰ رب العالمین ہے لہٰذا اسی کے کرم وفضل پر نظر رکھی جائے۔

۱۹۔ سورج، چاند، ستارے عملیات میں کچھ مددگار ثابت نہیں ہوتے اور نہ اوقات کی پابندی ضروری ہے۔ جب دل متوجہ ہو عمل کرے یا نقش وتعویذ لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پورا پورا فائدہ حاصل ہوگا۔

۲۰۔ شریعتِ اسلامیہ کے خلاف کوئی کام نہ کرے۔ اگر کرے گا تو دنیا میں ذلیل اور آخرت میں تباہ و برباد ہوگا۔

۲۱۔ تعویذ یا نقش کا معاوضہ لینا جائز ہے۔ لیکن متعلقہ شخص کی آمدنی کا لحاظ کرکے لے تو بہتر ہے۔

۲۲۔ حلال روزی کمائے اور حلال روزی کھائے، حرام اور مشتبہ کھانے سے دل کا نور اور زبان کی تاثیر ختم ہوجاتی ہے۔ لہٰذا اس معاملے میں سخت احتیاط ضروری ہے۔

۲۳۔ جھوٹ بولنے سے پرہیز کرے اس عظیم گناہ کے سبب زبان کا اثر جاتا رہتا ہے اور جھوٹا آدمی کسی پر کلام پڑھ کر دم کرے گا تو فائدہ حاصل نہ ہوگا۔

۲۴۔ جھوٹ، غیبت، حسد، بغض، چغلی، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نافرمانی نیز دیگر قلبی، زبانی اور عملی گناہوں سے خود کو بچائے اور اگر گناہ ہوجائے تو فوراً توبہ کرے۔

۲۵۔ بھاگنے اور فرار ہونے والے کے نقش یا تعویذات جو باندھے گئے ہوں یا دفن کئے گئے ہوں مفرور کے آتے ہی فوراً نکال لیں اور انھیں سمندر، دریا، نہر یا کنوئیں میں پتھر باندھ کر ڈال دیں ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔

۲۶۔ فقہاء نے فرمایا ہے کہ خاوند کے لئے تسخیر کا تعویذ کرانا حرام ہے گو اس فتوے

کی عبارت مطلق ہے مگر قواعد سے اس کی شرح یہ ہے کہ حقوق دو طرح کے ہیں۔ ایک تو وہ حقوق جو شرعاً شوہر پر واجب ہیں اور دوسرے وہ ہیں جو شرعاً واجب نہیں۔ سو جو حقوق واجب نہیں ان میں کسی تعویذ و عمل کے ذریعہ سے اس کو مجبور کرنا یعنی تسخیر کی ایسی تدبیر جس سے وہ مغلوب اور پاگل ہوجائے اور اپنے مصالح کی کچھ خبر نہ رہے یہ غیر واجب پر مجبور کرنا ہے یہ حرام ہے۔ ہاں اگر حقوق واجبہ میں کوتاہی کرتا ہے تو اس کے لئے مجبور کرنا بھی جائز ہے اور چونکہ ان عملیات میں اثر تابع ہوتا ہے قصد کے اس لئے عمل کے وقت غیر واجبہ حقوق حاصل ہونے کا قصد کرنا بھی گناہ ہے اور اثر کا تابع قصد ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ عملیات بھی ایک قسم کا مسمریزم ہے جس سے کسی کے دل اور دماغ پر قابو حاصل کیا جاتا ہے۔ لہٰذا عامل کو اس قسم کے تعویذ دینے میں احتیاط کرنا ضروری ہے اور کسی متقی عالم دین سے مشورہ کرکے نقش یا تعویذ دے تو بہتر ہے۔

۲۷۔ مؤلف کتاب ھٰذا کے والدین مرحومین، اجلہ بزرگان دین و مشائخ عظام جن کے عملیات و تعویذات اس کتاب میں درج ہیں ان سب کے لئے اول درود شریف تین مرتبہ الحمد شریف چودہ مرتبہ اور سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ احد آخر تک) تین مرتبہ پھر درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب مرحومین کو بخش دے اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کرے تاکہ پورا پورا فیض حاصل ہو۔

تنبیہ: جو شخص کسی کو کچھ ثواب ہبہ کرتا ہے تو حق تعالیٰ بمحض احسان مثل اس ثواب کے اس کو یعنی جس کو اس نے بھیجا ہے عطا فرماتا ہے اور فرستندہ کا اصل ثواب فرستندہ کے واسطے رکھتا ہے

(مکتوب گرامی از حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ بنام مولانا ضیاء الحق
منقول در مکتوبات اکابرین دیوبند ص۵۸)

کاہن[1]، ساحر[2]، جادوگر[3]، رمّال[4] اور نجومی[5] کا شرعی حکم

شیخ علی قاری شرح فقہ اکبر میں فرماتے ہیں :

ایک مسئلہ یہ ہے کہ کاہن جو غیب کی خبریں دیتا ہے، اس کی تصدیق کرنا کفر ہے. کیونکہ ارشادِ خداوندی ہے :

" کہہ دیجئے کہ نہیں جانتے غیب جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں سوائے اللہ تعالیٰ کے "

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص کاہن کے پاس گیا پس اس کی بات کی تصدیق کی تو اس نے کُفر کیا اس کے ساتھ جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل کیا گیا ہے "

اور کاہن وہ شخص ہے جو آئندہ آنے کے واقعات کی خبر دیتا ہے اور مکان کے اسرار کی معرفت کا مدعی ہو کہا گیا ہے کہ کاہن ساحر ہے اور نجومی جب آئندہ واقعات کے علم کا دعویٰ کرے تو وہ بھی کاہن کے مثل ہے اور اسی حکم میں رمّال داخل ہے "

قونوی کہتے ہیں کہ حدیث کاہن، قیافہ شناس اور نجومی سب کو شامل ہے. اس لئے نجومی، رمّال اور اس نوعیت کے دوسرے لوگ مثلاً کنکریاں پھینک کر حساب لگانے والے کی پیروی جائز نہیں۔ ان لوگوں کو جو اجرت دی جاتی ہے وہ بالاجماع حرام ہے جیسا کہ بغوی اور قاری عیاض وغیرہ نے نقل کیا ہے اور انبیاء علیہم السلام کے بعد اس شخص کی پیروی بھی جائز نہیں جو مدعی الہام بن کر الہامات کے ذریعہ خبریں دیتا ہو اور نہ اس شخص کی پیروی جائز ہے جو حروف ابجد کے علم کا مدّعی ہو. کیونکہ یہ بھی کاہن کے حکم میں ہے۔ (شرح فقہ اکبر ص۱۸۲، ص۱۸۳)

---

[1] جنّوں سے دریافت کر کے غیب کی خبریں بتانے والا۔ [2] جادوگر، جادو ٹونہ. افسوں اور طلسم کرنے والا [3] جادو کرنے والا۔ [4] علم رمل کا ماہر جوتشی، نجومی۔ [5] علم نجوم کا ماہر جوتشی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

فہرست مضامین

آسان عملیات و تعویذات

(جلد دوازدہم) بارہویں جلد

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(۱) برائے شناخت (پہچان) مرض

مرد یا عورت کا چوبیس گھنٹے پہنا ہوا کرتہ یا قمیض جس کے نیچے کوئی دوسرا کپڑا نہ پہنا ہو (عورت کرتہ کے نیچے شمیض، باڈی یا انگیہ نہ پہنے ہو) صرف کرتہ ہو، کرتہ کے اوپر جو چاہے پہنے اس کے نیچے نہ پہنے۔ اس کرتہ کو بالشت سے ناپ کر نشان لگائے۔ پھر اس کپڑے پر مندرجہ ذیل عزیمت (قرآنی آیات) پڑھ کر اس کرتہ پر دم کرے (یعنی ہر بار پڑھ کر کرتے پر پھونک مارے) پھر اس کرتے کو پندرہ بیس منٹ تک رکھا رہنے دے۔ اس کے بعد اس کو دوبارہ بالشت سے ناپے۔ اگر کپڑا ایک انگل گھٹے (چھوٹا ہو جائے) یا بڑھے (بڑا ہو جائے) تو جان لے کہ اس مریض پر اثر ہمزاد کا ہے اور اگر دو انگل گھٹے یا بڑھے تو اثر شیطان کا ہے تین یا چار انگل بڑھے یا گھٹے تو اثر سحر جادو کا ہے اسی کے مطابق علاج کرے۔ اگر کپڑا پہلے ناپ کے مطابق برابر ہے تو مرض بدن کا ہے اور علاج حکیم یا ڈاکٹر سے کرائے۔ کیونکہ مرض بدن کا علاج معالج جسمانی ہی کر سکتا ہے البتہ سورۃ فاتحہ پچیس ۲۵ بار اوّل و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے مریض کو پلائے تو انشاءاللہ صحت ہوگی۔ عزیمت یہ ہے۔

۱- سورۃ فاتحہ تین بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ سورۃ فاتحہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ؕ

۲- آیۃ الکرسی تین بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ آیۃ الکرسی یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ

۳- سورۃ الصّٰفّٰت شروع سے لے کر مِنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ سورۃ الصّٰفّٰت کی آیتیں یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۙ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۙ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۙ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ؕ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ؕ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ۨالْكَوَاكِبِ ۙ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۚ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۖ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۙ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۔ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ

۴- سورۃ جن شروع سے لے کر شَطَطًا تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ جن کی آیات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۙ يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ۭ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۙ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۙ وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۙ

۵- سورۃ اخلاص آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ اخلاص یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۧ

۶- سورۃ فلق آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ فلق یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۧ

۷- سورۃ الناس آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ الناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ڏ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۧ

سورۃ اعراف پارہ ۹ کی آیتِ ذیل ایک بار پڑھ کر دم کرے۔

سورۃ اعراف کی آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۚ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْۗءُ ۚ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

۲- مرض- آسیب- سحر- جن معلوم کرنیکا طریقہ

مریض کا ایسا کپڑا لے جس میں اس نے رات گذاری ہو۔ پہلے اس کپڑے کو گز یا بالشت سے ناپ لے اس کپڑے پر نشان لگا دے پھر مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر دم کر کے کپڑے کو رکھ دے۔ ذرا دیر کے بعد پھر کپڑے کو ناپے۔ اگر کپڑا بڑھ جائے تو بیماری شیاطین کے اثر سے ہے اور اگر کپڑا گھٹ جائے بیماری جن سحر یا جادو کے سبب سے ہے اور کپڑا سابقہ ناپ کے مطابق برابر رہا تو مرض جسمانی ہے۔ وہ عزیمت یہ ہے:

۱- سورۃ فاتحہ (الحمد شریف) آخر تک تین مرتبہ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۲- والصّٰفّٰت سے لے کر لفظ "لازب" تک (سورۃ الصّٰفّٰت) ایک بار۔

۳- سورۃ جنّ شروع سے لے کر لفظ "شططا" تک (سورۃ جنّ) ایک بار۔

۴- قل اعوذ برب الفلق آخر تک ایک بار۔

۵- قل اعوذ برب النّاس آخر تک ایک بار۔

(۳) مریض کا حال معلوم کرنا

اگر مریض کا حال معلوم کرنا چاہے تو مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر مریض پر دم کرے اگر مرض بڑھ جائے۔ آسیب ہے اگر کم ہوجائے تو جادو ہے اور اگر بدستور مرض رہے تو بیماری ہے۔

عزیمت یہ ہے:

① الحمد شریف (پوری سورۃ فاتحہ) (سات مرتبہ)
② آیۃ الکرسی (سات مرتبہ)
③ سورۃ کافرون (قل یاایّھا الکٰفرون) آخر تک (سات مرتبہ)
④ سورۃ اخلاص (قل ھواللہ احد) آخر تک (سات مرتبہ)
⑤ سورۃ الفلق (قل اعوذ برب الفلق) آخر تک (سات مرتبہ)
⑥ سورۃ الناس (قل اعوذ برب النّاس) آخر تک (سات مرتبہ)

(۴) مرض معلوم کرنے کا طریقہ

مریض کے پاؤں کے ناخن سے سر کے بالوں تک ایک ڈورا (دھاگہ) ناپ لیں۔ پھر گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ درود شریف کے بعد سورہ مزمل سات بار پڑھیں۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ڈورے پر دم کریں پھر ڈورے کو ناپیں اگر ڈورا ناپ سے چھوٹا رہ جائے تو شیاطین کے اثر سے بیماری ہے اور اگر ڈورا ناپ سے بڑا (لمبا) ہوجائے تو سحر ہے یا جن کے اثر سے مرض ہے اور اگر ڈورا قد کے برابر ہے تو مرض جسمانی ہے۔ ڈاکٹر حکیم سے علاج کرائے

استخارہ کی ترکیب

جب کوئی سخت مشکل پیش آئے یا شادی یا سفر یا کوئی کام کرے تو بغیر

استخارہ کئے نہ کرے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ "اللہ تعالیٰ سے اپنے کاموں میں اصلاح نہ لینا کم بختی اور کم نصیبی کی بات ہے۔"

جس کام کو استخارہ کرکے کیا جائے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ اس میں ضرور کامیابی ہوگی اور پریشانی نہ اٹھانی پڑے گی۔ استخارہ کی چند آسان اور زود اثر ترکیبیں لکھی جاتی ہیں جن پر آسانی سے عمل کرسکے کرے۔

(۱)

استخارہ کی نیّت کرکے دو رکعت نماز نفل بعد نماز عشاء کے پڑھے اس کے بعد خوب دل لگاکر یہ دعا تین مرتبہ پڑھ لے۔ اگر زبانی یاد ہو تو بہتر ہے ورنہ دیکھ کر پڑھ لے) دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَاَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَآ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ، اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ فَاقْدُرْہُ لِیْ ثُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْہِ، وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْہُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِہٖ۔

دعا پڑھتے وقت جب ھٰذَا الْاَمْرَ کے الفاظ پر پہنچے تو اس کام کو دھیان میں (تصوّر میں سوچے) لائے جس کام کے لئے استخارہ کیا ہے۔

اس سے فارغ ہونے کے بعد پاک صاف اور ستھرے بستر پر قبلہ کی طرف منہ کرکے باوضو سوجائے (اس طرح کہ سر شمال کی طرف ہو اور پاؤں جنوب کی

کی طرف اور دائیں کروٹ قبلہ کی طرف منہ کرکے سوجائے) سونے کے بعد کروٹ
بدل جائے تو حرج نہیں جب سوکر اٹھے اس وقت جو بات مضبوطی سے دل میں
آئے وہی بہتر ہے اسی کام کو کرنا چاہیئے۔ اگر ایک دن میں کچھ معلوم نہ ہو اور دل
میں خلجان اور تردّد (شک وشبہ) باقی رہے تو پھر دوسری رات اسی طرح کرے
انشاء اللہ العزیز سات روز کے اندر اندر اس کام کی بھلائی یا بُرائی (یعنی کام
کرنے کا جذبہ یا نہ کرنے کی طرف طبیعت کا میلان ہوگا اگر کام کرنے کا جذبہ
شدید ہے تو کام کرلے اور اگر شک وشبہ ہے تو نہ کرے) معلوم ہوجائے گی۔

ف: یہ دُعا جس کا نام دعاء الاستخارہ ہے مختلف لفظوں کے ساتھ
حدیث شریف میں آئی ہے۔ جس کو جو دعا یاد ہو پڑھے۔

(۲)

جب استخارہ کرنا ہو تو بعدِ نمازِ عشاء سب سے پہلے پاک کپڑے پہنے
پھر وضو کرے اور قبلہ کی طرف منہ کرکے سیدھی (داہنی) کروٹ لیٹ جائے
اور مندرجہ ذیل سورتیں حسبِ ترتیب ذیل پڑھے:

(۱) سورۃ الشمس سات مرتبہ پارہ ۳۰ سورۃ والشمس یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ۝ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا
جَلّٰهَا ۝ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰهَا ۝ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا ۝ وَالْاَرْضِ
وَمَا طَحٰهَا ۝ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ۝ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَ
تَقْوٰهَا ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا ۝ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا ۝
كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰهَا ۝ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰهَا ۝ فَقَالَ لَهُمْ
رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ۝ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۝
فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰهَا ۝ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۝

(۲) سورۃ اللیل سات مرتبہ (۷ دفعہ۔ سورۃ اللیل یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۝ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰٓى ۝
اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ۝ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ۝ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۝
فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ۝ وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ۝ وَكَذَّبَ
بِالْحُسْنٰى ۝ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ۝ وَمَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗٓ اِذَا
تَرَدّٰى ۝ اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ۝ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى ۝
فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى ۝ لَا يَصْلٰىهَآ اِلَّا الْاَشْقَى ۝ الَّذِيْ
كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝ وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ۝ الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ
يَتَزَكّٰى ۝ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰٓى ۝ اِلَّا ابْتِغَآءَ
وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ۝ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ۝

(۳) سورۃ اخلاص سات مرتبہ (سات دفعہ) پارہ ۳۰
سورۃ الاخلاص یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝ وَلَمْ
يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

(۴) سورۃ التّین سات مرتبہ (۷ دفعہ)
سورۃ التّین یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۝ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۝ وَهٰذَا الْبَلَدِ
الْاَمِيْنِ ۝ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۝ ثُمَّ
رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۝
اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝

مندرجہ بالا سب سورتیں پڑھنے کے بعد عاجزی سے کہے:

"اے میرے اللہ! مجھے میرے خواب میں وہ چیز دکھا دے اور میرے اس حال میں کشادگی فرما دے اور میں اپنی دعا قبول ہونے کا حال معلوم کرلوں اور اس کام کے سرانجام ہونے کی تدبیر میرے دل میں ڈال دے:"

انشاء اللہ العزیز اسی رات کو معلوم ہو جائے گا ورنہ اسی طرح دوسری رات کو عمل کر کے سوئے اگر مطلب حاصل ہو جائے ٹھیک ہے ورنہ اسی طرح تیسری رات کو بھی کرے۔ ساتویں رات تک انشاء اللہ تعالے حل کھل جائے گا اور ساتویں رات سے آگے نہ بڑھے گا۔

(۳)

سب سے آسان استخارہ یہ ہے کہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کی رات کو برابر عشاء کی نماز کے بعد سب کاموں سے فارغ ہو کر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ تین سو مرتبہ پڑھ کر سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ معہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (پوری سورت پارہ ۳۰) ستر مرتبہ پڑھے:

سورۃ الم نشرح یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

اور اپنے منہ اور سینہ پر دم کرے اور اللہ تعالے سے دعا کرے کہ:

"فلاں کام میں جو ہونے والا ہے، وہ مجھ کو خواب میں یا غنودگی میں کسی آواز دینے والے کی آواز سے معلوم کرادے:"

اس کے بعد درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمٍ لَّكَ۔

انشاء اللہ تعالی تینوں راتوں میں سے کسی ایک رات میں مقصد حاصل ہو جائے گا۔

(۴)

پاک کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر باوضو اس نقش کو لکھ کر (اگر لکھنا نہ جانتا ہو تو کسی پڑھے لکھے آدمی سے لکھوا لے۔ نقش لکھنے والا باوضو ہو) سر کے نیچے رکھ کر سو رہے۔ انشاء اللہ تعالی خواب میں ہر بات کا جواب ملے گا۔

۷۸۶

۸	۱۱	۸۸۳	۱
۸۸۲	۲	۷	۱۲
۳	۸۸۵	۹	۶
۱۰	۵	۴	۸۸۴

حصار کی ترکیب

بڑا اہم چلہ کرتے وقت یا جنات کے علاج کے وقت حصار کرنا ضروری ہے۔ حصار کی آسان ترکیب یہ ہے۔

مندرجہ ذیل سورتیں حسب ذیل ترتیب سے پڑھیں:

(۱) آیۃ الکرسی بسم اللہ کے ساتھ ایک دفعہ (پارہ ۳)

آیۃ الکرسی یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۚ اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ۬ۚ لَا تَاۡخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّ لَا نَوۡمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ عِنۡدَہٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِہٖ ؕ یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡہِمۡ وَ مَا خَلۡفَہُمۡ ۚ وَ لَا یُحِیۡطُوۡنَ بِشَیۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِہٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرۡسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ ۚ وَ لَا یَـُٔوۡدُہٗ حِفۡظُہُمَا ۚ وَ ہُوَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ ﴿۲۵۵﴾

(۲) سورۃ کافرون (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ۔ (پارہ ۳۰)

سورۃ کافرون یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

قُلۡ یٰۤاَیُّہَا الۡکٰفِرُوۡنَ ۙ لَاۤ اَعۡبُدُ مَا تَعۡبُدُوۡنَ ۙ وَ لَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ۚ وَ لَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدۡتُّمۡ ۙ وَ لَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ؕ لَکُمۡ دِیۡنُکُمۡ وَلِیَ دِیۡنِ ٪

(۳) سورۃ اخلاص (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۃ اخلاص یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ لَمۡ یَلِدۡ ۬ۙ وَ لَمۡ یُوۡلَدۡ ۙ وَ لَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ٪

(۴) سورۃ فلق (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰) سورۃ فلق یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۙ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَ مِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَ مِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ ۙ وَ مِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ٪

(۵) سورۃ الناس (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۃ ناس یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِکِ النَّاسِ ۙ اِلٰہِ النَّاسِ ۙ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۬ۙ الۡخَنَّاسِ ۪ۙ الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الۡجِنَّۃِ وَ النَّاسِ ٪

مندرجہ بالا سورتیں پڑھ کر اپنے چاروں طرف پھونکے اور جسم پر دم کرے اور چاقو پر دم کر کے چاقو سے اپنے چاروں طرف خط (لائن) کھینچے۔

وھو السمیع العلیم فسیکفیکھم

عملیات

مولانا محمد مسعود صاحب
خطیب رحمانی مسجد و نائب مہتمم جامعہ قاسم العلوم ملتان

ہر حاجت پوری ہوگی۔

پہلے دو رکعت نماز پڑھے۔ اس کے بعد رو بقبلہ ہو کر سورۃ فاتحہ اور لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ سے سورۃ بقرہ آخر تک۔ آیۃ الکرسی۔ سورۃ اخلاص (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ پڑھے پھر کہے یَا قَدِیْرُ یَا دَائِمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا فَرْدُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ اس کو دس بار پڑھے اس کے بعد جو دعا چاہے مانگے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہر حاجت پوری ہوگی۔

برائے حافظہ

پہلے اتوار کو اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ دوسرے اتوار کو اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَیْثُ یَجْعَلُ رِسٰلَتَهٗ تیسرے اتوار کو اَللّٰهُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِهٖ چوتھے اتوار کو الٓمّٓصٓ کٓهٰیٰعٓصٓ پانچویں اتوار کو یٰسٓ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ چھٹے اتوار کو طٰسٓمٓ الٓمّٓرٰ اور ساتویں اتوار کو صٓ قٓ نٓ۔ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَیْـًٔا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ سات اتوار تک اس طریقہ سے پلیٹ پر لکھے اور چاٹ لیا کرے بفضلہ تعالیٰ حافظہ قوی ہو جائے گا۔

آسانی مطلب و شفاء مریض

جو شخص اسم اَللّٰهُ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کا مطلب آسان فرما دیں

گے۔ کیسا ہی مشکل ہو۔
اور جس مریض کے علاج سے ڈاکٹر حکیم عاجز آ چکے ہوں اس پر پڑھتا جاوے۔ اچھا ہو جائے گا۔ بشرطیکہ موت کا وقت نہ آ گیا ہو۔

قلب کی غفلت اور نسیان دور ہو

جو شخص اسم اَلرَّحْمٰنُ ہر نماز کے بعد سو بار پڑھے دل کی غفلت اور نسیان سے محفوظ رہے اور اگر اَلرَّحِیْمُ کو سو بار پڑھے قلب میں رقت اور شفقت پیدا ہو اور امر ناگوار کا اندیشہ نہ ہو۔

ہر بیماری کے لئے

آیاتِ شفا۔ زعفران گلاب سے پلیٹ پر لکھ کر مریض کو پلائے وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ ۙ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ۙ یَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ۔ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ ۙ قُلْ هُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هُدًی وَّشِفَآءٌ ؕ

گناہوں کی مغفرت کے لئے

نماز صبح کے بعد جب سورج نکل آئے، گوشہ تنہائی میں سر بسجود ہو کر ایک سو ایک بار پڑھے قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓی اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ؕ۔

ضعف دماغ

جس شخص کا دماغ کمزور ہو روزانہ بعد نماز فجر یہ آیت دس مرتبہ پڑھنا مفید ہے
فَفَهَّمْنٰهَا سُلَیْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَیْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا ۫ وَّسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ

الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ وَكُنَّا فَاعِلِيْنَ۔

دیگر: ہر فرض نماز کے بعد گیارہ مرتبہ اسمِ باری تعالیٰ یَا قَوِیُّ پڑھا کرے۔

نرینہ اولاد کے لئے

شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ فرماتے ہیں جس کی نرینہ اولاد نہ ہو وہ ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے یہ آیت لکھے اور حاملہ کو پہنائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ؕ يَا زَكَرِيَّا اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ اسْمُهٗ يَحْيٰى لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ؕ نیز حاملہ کے پیٹ پر انگلی سے گول لکیر کھینچے اور ہر بار انگلی پھیرنے کے ساتھ یَا مَتِیْنُ کہا جاوے ستر دفعہ ایسا کرے یا اپنے شوہر سے یہ عمل کرالے۔

برائے اولاد

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ (پارہ ۳)

جس کو اولاد سے مایوسی ہو وہ اس آیت کو کثرت سے پڑھا کرے۔ خداوندِ کریم اس دعا کی برکت سے فرزند صالح عطا فرمائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

اسقاطِ حمل کی حفاظت کے لئے

گیارہ تار نیلا یا سیاہ سوت ڈیڑھ گز لمبا لے کر سورۂ یٰسین شریف پڑھیں اور ہر مبین پر گرہ لگا کر دم کر دیں۔ اس کو حاملہ کے پیٹ پر باندھ دیں۔ اسقاطِ حمل سے محفوظ رہے گا بفضلہ تعالیٰ۔

دردِ زہ کے لئے

آیاتِ ذیل کو گڑ پر پڑھ کر کھلا دیں یا لکھ کر حاملہ کی بائیں ران میں باندھ دیں اور بعد فراغت فوراً کھول دیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ؕ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ۔ اَللّٰهُمَّ سَهِّلْ عَلَيْهَا الْوِلَادَةَ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ؕ

اولادِ نرینہ کے لئے

جس کی لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں تو یہ آیت ستر کاغذ پر لکھ کر روزانہ ایک کاغذ گولی بنا کر مٹھائی وغیرہ میں رکھ کر عورت کو کھلائیں اللہ تعالیٰ کے حکم سے لڑکا پیدا ہوگا۔

سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝

ایضاً: سورۂ یوسف لکھ کر کوئی حرف مٹا ہوا نہ ہو تعویذ بنا کر عورت کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔

حفاظتِ اطفال

سورۂ بلد لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔ ۲۔ اگر سورۂ جاثیہ لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دیں تو آسیب سے محفوظ رہے گا۔ نیز رونے ڈرنے اور بدخوابی سے حفاظت میں رہے گا۔

بچہ کا زندہ نہ رہنا

اگر بچہ زندہ نہ رہتا ہو تو ۴۱ تار نیلے سوت کے بچہ کی ماں کے قد کے برابر لے کر اس پر اکتالیس مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اور ہر مرتبہ گرہ دیتا جائے۔ اس کے بعد عورت کی کمر میں

باندھ دے۔ اور جب بچہ پیدا ہو جائے اس دھاگے کو موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں باندھ دے اس طرح گیارہ سال دھاگوں پر سورۃ مذکور پڑھ کر بچے کے گلے میں باندھا جاتا ہے۔ جب بچہ ۱۱ سال کا ہو جائے تو ان سب گنڈوں کو کسی پاک جگہ دفن کر دے۔ بچہ زندہ رہے گا۔

اولاد کا مطیع ہونا

اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو تو ہر نماز کے بعد اس آیتِ کریمہ کو پڑھا کرے اور ذُرِّیَّتِیْ کی جگہ اپنے لڑکے کا نام ذہن میں رکھے رَبِّ اَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْکَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۔

بچہ زیادہ روتا ہو

بچے کے گلے میں یہ آیت لکھ کر ڈال دیں۔ گریہ بسیار نہ کرے گا۔ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

برائے سلامتی اولاد

جس عورت کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو ایک نو تارہ بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لکھ کر اس کو اپنے پاس رکھے یا گلے میں ڈال دے۔ بفضلہ تعالیٰ اولاد زندہ رہے گی۔

دکھتی آنکھ کا علاج

قصیدہ بردہ کا یہ شعر روزانہ سات مرتبہ پڑھ کر آنکھوں پر دم کرے بفضلہ تعالیٰ آرام آجائے گا۔

كَمْ اَبْرَاَتْ وَصِبًا بِاللَّمْسِ رَاحَتُهٗ
وَاَطْلَقَتْ اَرِبًا مِّنْ رِّبْقَةِ اللَّمَمِ

ناف ٹل جائے

جس شخص کی ناف ٹل جائے تو یہ آیت مبارکہ لکھ کر موم جامہ کر کے ناف کی جگہ باندھ دے۔ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا

مسان کے لئے

جو بچہ سوکھتا جاوے موٹا نہ ہوتا ہو۔ اسی طرح بڑا آدمی سوکھتا جاوے مرض معلوم نہ ہو تو ایک ہزار تیرہ (۱۰۱۳) مرتبہ سرسوں کے تیل پر یہ آیت دم کر کے مالش کرے فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

دفع بلغم

جس شخص کو بلغمی مرض ہو سات کنکریاں لاہوری نمک کی لے ہر کنکری پر سات مرتبہ آیت الکرسی دم کرے اور ہر روز ایک کنکری نہار منہ کھائے۔ بفضلہ تعالیٰ کلی شفا پائے گا۔

ملازمت کے لئے

اگر ملازمت نہ لگتی ہو تو مشک و زعفران سے لکھ کر موم جامہ کر کے سیدھے بازو پر باندھے بفضلہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔ اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ

دوکان میں برکت کے لئے

بعد فراغت نماز جمعہ اس آیت کو لکھ کر دوکان میں رکھنے سے خیر و برکت ہوگی اور خوب بکری ہوگی۔ وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِى الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ

قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ ٥

تجارت میں برکت کے لئے

نمازِ چاشت کے بعد روزانہ ۱۰۰ مرتبہ یَا بَاسِطُ پڑھنے سے تجارت میں برکت ہوگی۔

رزق میں برکت کے لئے

بعد نمازِ عشاء چودہ سو چودہ ۱۴۱۴ دفعہ یَا وَهَّابُ پڑھے اول آخر چودہ چودہ دفعہ درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک سو ۱۰۰ دفعہ یَا وَهَّابُ هَبْ لِيْ مِنْ نِّعْمَةِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ پڑھے۔ اولیاء اللہ نے لکھا ہے رزق میں خوب برکت ہوگی۔ بلکہ اس کی نسلیں بھی رزق سے شاد کام رہیں گی۔

پیداوار میں برکت ہو

کسی کاغذ پر سورۂ فاتحہ لکھ کر اسے دھو کر وہ پانی کھیت یا باغ میں چھڑک دے جب مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ پر پہنچے تو اسے سات مرتبہ لکھے۔ انشاء اللہ العزیز پیداوار بہت اچھی ہوگی۔

کھیتی میں برکت کے لئے

جب زمین میں بیج ڈالنے لگے اَعُوْذُ ... بِسْمِ اللّٰهِ ... پڑھ کر یہ آیت پڑھے۔

اَفَرَاَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ

بَلِ اللّٰهُ الزَّارِعُ وَالْمُنْبِتُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّارْزُقْنَا ثَمَرَهٗ وَجَنِّبْنَا ضَرَرَهٗ وَاجْعَلْنَا مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ٥

باغ میں خوب پھل لگے

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ دو ہزار ایکسو بائیس ۲۱۲۲ مرتبہ سات روز متواتر پڑھے۔ ایک ہی مجلس میں باغ میں بیٹھ کر پڑھے خوب پھل لگیں گے۔

فتوحات کے لئے

یَا مُنْعِمُ کو ہر روز دو سو گیارہ ۲۱۱ بار پڑھے اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے جو کام شروع کرے گا غیب سے قدرتی اسباب پیدا ہوں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

ہر بخار کے لئے

تین کاغذوں پر یہ لکھ کر روزانہ ایک کاغذ گھول کر نہار منہ پلائے یا تعویذ بنا کر پہنائے

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا وَّسَلٰمًا وَّسَلٰمًا۔

یرقان کے لئے

ایک سو ایک ۱۰۱ دفعہ یہ آیت پانی پر دم کر کے پلانا یرقان کے لئے بہت مفید ہے۔

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

مرگی کے لئے

مرگی کے مریض کے سر میں یہ آیت تین بار پڑھ کر دم کرے۔ اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ

ہولِ دل کے لئے

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ہر نماز کے بعد ہولِ دل کے لئے گیارہ مرتبہ پڑھے۔

ہر درد کے لئے

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا۔ مقامِ درد پر ہاتھ رکھ کر اس آیت کو پڑھ کر تین مرتبہ دم کرے۔

نظرِ بد کے لئے

دو تین ہلدی کی گرہ پر تین تین مرتبہ کلمہ پڑھ کر پھونکے اور پھر آگ میں ڈال کر اس کی دھونی اس کو دے جس کو نظرِ بد لگ گئی ہو انشاء اللہ تعالیٰ اچھا ہو جائے گا۔
اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَّالْكُفْرُ بَاطِلٌ۔

میاں بیوی میں محبت ہو

چینی یا شہد پر ایک سَو ایک مرتبہ دم کر کے زوجین کو کھلائیں۔ نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ ۝ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ۝

برائے حاجاتِ مشکلہ

چار رکعت نفل نماز پڑھے اوّل رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ تک سَو بار۔ دوسری رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ سَو بار۔ تیسری رکعت میں بعد از سورۃ فاتحہ اُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝ چوتھی رکعت میں بعد از سورۃ فاتحہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝ سَو مرتبہ سلام پھیرنے کے بعد سَو مرتبہ رَبِّ اِنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پڑھے بفضلہ تعالیٰ مشکل سے مشکل حاجت جو بھی ہو پوری ہو گی۔

برائے طلب حاجت

چودہ آیاتِ سجدہ پڑھتا جاوے اور ہر آیت پر سجدہ کرتا جاوے جب ۱۴ سجدے پورے ہو جاویں تو پندرھواں سجدہ مطلب اور حاجت کے لئے کرے اور سجدہ کی حالت میں اللہ تعالیٰ سے اپنا مطلب طلب کرے فوراً پورا ہو گا۔ شرط یہ ہے کہ پہلے چاول شکر دودھ گھی تیار رکھے۔ شکرانہ بچوں کو کھلائے۔

شیطان کو بھگانے کے لئے

آیت الکرسی۔ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ آخر تک جو شخص ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ یہ پڑھ لے اس کے پاس شیطان نہیں آئے گا۔ اس نے اقرار کیا ہے جو آیت الکرسی پڑھتا ہے میں اس کے پاس نہیں جاتا۔

قوتِ حافظہ کے لئے

سورۃ فاتحہ اکتالیس بار مع بسم اللہ الخ روزانہ بعد نمازِ عصر پڑھ کر سینہ پر دم کرے۔

دفعِ نسیان کے واسطے

ہر فرض نماز کے بعد تیرہ مرتبہ رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا اور گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھے۔ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ اوّل آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔

دفعِ خوف کے لئے

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ جس کو دشمن سے خوف ہو یا کسی اور طرح کی بلا اور مصیبت کا خوف ہو اس آیت کو کثرت سے پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پریشانی دُور ہو جائے گی۔

دردِ گردہ

سورۂ لایلف کھانے پر دم کرکے کھلانا دردِ گردہ کو بہت مفید ہے۔ نیز اگر یہ آیت مشک وزعفران سے لکھ کر جس جگہ درد ہو وہاں باندھ دی جائے۔ دردِ گردہ جاتا رہے گا۔

وَاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا ۝

گردہ میں پتھری

اگر گردہ میں پتھری ہو تو یہ آیت بارش کے پانی پر اکیس دفعہ دم کرکے پلانے سے گردہ کی پتھری کو بہت مفید ہے۔ ۴۰ دن عمل کرے۔ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ سے عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ تک (پ ۲۷ سورۂ حدید) یہ ۶ آیات ہیں۔

بچہ کا بولنا

اگر بچہ کی زبان نہ چلتی ہو تو سورۂ بنی اسرائیل (پارہ ۱۵) زعفران سے لکھ کر پانی سے دھو کر پلایا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زبان چل پڑے گی۔

بواسیر کے لئے

پیر یا جمعہ کو یہ لکھ کر کمر کو باندھیں بفضلہ تعالیٰ بواسیر ہر قسم کو آرام آجائے گا۔

يَا رَحِيْمُ كُلِّ صَرِيْخٍ وَمَكْرُوْبٍ يَا رَحِيْمُ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

بواسیر کے واسطے

فجر کی سنتوں میں ہمیشہ کے لئے یہ سورتیں پڑھنا بواسیر کے لئے بے حد مفید ہے پہلی رکعت میں سورۃ والضحیٰ۔ الم نشرح۔ الم ترکیف اور دوسری رکعت میں

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ۔ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ اور سورۃ اخلاص پڑھے۔

خسرہ، بیر کا کڑا اور چیچک کے لئے

اگر چیچک وغیرہ کی بیماری پھیل رہی ہو تو سات عدد نیلا دھاگہ لے کر اس پر سورۃ الرحمٰن پڑھے اور ہر فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ پر دھاگے پر پھونک مار کر گرہ لگاتا جائے اور پھر اسے لڑکے کے گلے میں ڈال دیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چیچک خسرہ، بیر کا کڑا سے محفوظ رہے گا۔

کیڑوں سے حفاظت

مندرجہ ذیل مدینہ منورہ کے مشہور فقہا کے نام گیہوں وغیرہ میں رکھ دے جبتک یہ کاغذ اس میں پڑا رہے گا غلہ میں کیڑا نہیں لگے گا۔ وہ نام یہ ہیں: عبداللہ، سعید، عروہ، قاسم، سعید، ابوبکر، سلمان خارجہ رضی اللہ عنہم۔

بچے کے حفظ کے لیے

ایک روٹی کے ٹکڑے پر باوضو جمعرات کے دن یہ آیت لکھ کر سات جمعرات تک نہار منہ وہ ٹکڑا کھلایا جاوے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ۔

مچھروں سے حفاظت

اگر مچھروں کی کثرت ہو تو سات مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کرکے چارپائی کے ارد گرد چھڑک دے۔ وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا ؕ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝

چیونٹیوں سے حفاظت

اگر چیونٹیوں کی کثرت ہو تو اس آیت کو لکھ کر ان کے سوراخوں میں رکھ دے تمام چیونٹیاں اپنے سوراخوں میں واپس چلی جائیں گی۔

يَآ اَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ط

ولادت میں سہولت

جو عورت دردِ زہ میں مبتلا ہو یہ آیات لکھ کر بائیں ران پر باندھ دیں۔ ولادت کے بعد فوراً یہ تعویذ کھول دیں۔ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ۔ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ط وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ۔

حفاظتِ حمل

یہ آیت لکھ کر عورت کے گلے میں ڈال دے بفضلہٖ تعالیٰ اسقاطِ حمل نہ ہوگا۔ وَلَبِثُوْا فِىْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ۔

شوہر کو مہربان کرنے کے لئے

اگر شوہر ناراض ہو تو اکیس بار یہ آیات مٹھائی پر دم کر کے شوہر کو کھلائیں۔
وَنَزَعْنَا مَا فِىْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ۔ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِىُّ الْحَمِيْدُ ؁

خارش کے لئے

ایک شخص کو خارش ہو گئی وہ سیدنا حضرت علی رضی اللہ عنہٗ کے پاس حاضر ہوا۔ آپؓ نے فرمایا روزانہ صبح و شام اکیس مرتبہ ۴۱ روز یہ آیت پانی پر دم کر کے پیو۔ بفضلہٖ تعالیٰ اس عمل سے وہ اچھا ہو گیا۔
فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ؁

لڑکی کے رشتہ کے لئے

سورۂ احزاب کسی نیک صالح بزرگ سے لکھوا کر گھر میں رکھے بفضلہٖ تعالیٰ لڑکی کے لئے اچھا رشتہ مل جائے گا۔

موتیا بند کے لئے

ہر فرض نماز کے بعد یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کر انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیرتا رہے موتیا کے لئے مفید ہے۔ فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ؁
نیز اگر کسی اللہ والے سے سورۂ یٰسین شریف سُرمہ پر دم کرا کے آنکھوں میں سرمہ لگاتا رہے تو انشاء اللہ تعالیٰ بحکمِ خدا موتیا جاتا رہے گا۔

دردِ زہ کے لئے

جس عورت کو دردِ زہ ہو رہا ہو۔ مؤطا امام مالک پر ہاتھ رکھوا لے انشاء اللہ العزیز فوراً ولادت ہو جائے گی۔

اسمِ اعظم

الٓمّٓ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَىُّ الْقَيُّوْمُ حدیث شریف میں ہے کہ یہ اسمِ اعظم ہے۔

برائے دردِ سر

اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًا (پ۱۹)
اس آیت مبارکہ کو جمعۃ الوداع والے دن لکھ کر دردِ سر کے لئے باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد جاتا رہے گا۔ (مجرب ہے)۔

دردِ شقیقہ

نصف سر کے درد کے لئے دس بار سورۂ فاتحہ، دس بار سورۂ کافرون پڑھ کر دم کرے۔

کان کے درد کے لئے

تین بار اسمِ باری تعالیٰ یَاسَمِیۡعُ پڑھ کر روئی پر دم کر کے کان میں رکھے انشاء اللہ تعالیٰ درد کو آرام آجائے گا۔

دردِ دندان کیلئے

سورۃ اَلَمۡ نَشۡرَحۡ نو ۹ بار پڑھ کر دانت پر دم کرے انشاء اللہ آرام آجائے گا۔

برائے دردِ شکم

سات بار سورۃ اَلَمۡ نَشۡرَحۡ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے اور سات دفعہ سورۃ فاتحہ الحمد شریف پڑھ کر پیٹ پر دم کرے۔

برائے حُبّ

اس آیت کو ایک سو تین بار پڑھ کر نمک پر دم کر کے مطلوب کو کسی طریقے سے کھلا دیں طالب کو مطلوب مل جائے گا۔ اوّل و آخر تین بار درود شریف پڑھیں۔ جائز کام کے لئے استعمال میں لاویں۔ عَسَی اللّٰہُ اَنۡ یَّجۡعَلَ بَیۡنَکُمۡ وَ بَیۡنَ الَّذِیۡنَ عَادَیۡتُمۡ مِّنۡھُمۡ مَّوَدَّۃً ؕ وَاللّٰہُ قَدِیۡرٌ ؕ وَاللّٰہُ غَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ ﴿۷﴾

ژالہ باری کے لئے

اگر ژالہ باری زیادہ ہو یا خطرہ ہو تو اسمِ ذات اَللّٰہُ انگلی سے ابر کی طرف لکھے اور آیت الکرسی تین بار پڑھ کر بادل کی طرف پھونک دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ژالہ باری سے نجات ہو جائے گی۔ نقصان نہ ہوگا۔

پھوڑا پھنسی وَرم کے لئے

پاک مٹی پر تین دفعہ یہ دعا پڑھ کر تھوک دیں۔ یہ مٹی تکلیف کی جگہ پر روزانہ تین مرتبہ

ملے یا اس کے آس پاس ملے۔ بِسۡمِ اللّٰہِ بِتُرۡبَۃِ اَرۡضِنَا بِرِیۡقَۃِ بَعۡضِنَا لِیُشۡفٰی سَقِیۡمُنَا بِاِذۡنِ رَبِّنَا۔

بَرائے ادائیگی قرض

قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الۡمُلۡکِ تُؤۡتِی الۡمُلۡکَ مَنۡ تَشَآءُ وَ تَنۡزِعُ الۡمُلۡکَ مِمَّنۡ تَشَآءُ ۫ وَ تُعِزُّ مَنۡ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنۡ تَشَآءُ ؕ بِیَدِکَ الۡخَیۡرُ ؕ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿۲۶﴾ (پ ۳) یہ آیت پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قرض بہت جلد اُتر جائے گا۔

اَدائیگی قرض

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِکَ مِنَ الۡھَمِّ وَالۡحُزۡنِ وَ اَعُوۡذُ بِکَ مِنَ الۡجُبۡنِ وَالۡبُخۡلِ وَ اَعُوۡذُ بِکَ مِنۡ غَلَبَۃِ الدَّیۡنِ وَ قَھۡرِ الرِّجَالِ۔ اَللّٰھُمَّ اکۡفِنِیۡ بِحَلَالِکَ عَنۡ حَرَامِکَ وَ اَغۡنِنِیۡ بِفَضۡلِکَ عَمَّنۡ سِوَاکَ

قرض کی ادائیگی

سُورۃ مُزَّمِّل ہر روز ۴۰ مرتبہ صبح کی نماز کے بعد پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً قرض کی ادائیگی کی کوئی سبیل پیدا ہو جائے گی۔

کشائشِ رزق کے لئے

سورۃ اِذَا جَآءَ نَصۡرُ اللّٰہِ کی تلاوت چوتھائی قرآن مجید کی تلاوت کے برابر ہے اگر کوئی شخص بعد نمازِ صبح ۲۱ بار بعد نمازِ ظہر ۲۲ بار بعد نمازِ عصر ۲۳ بار بعد نمازِ مغرب ۲۴ بار اور بعد نمازِ عشاء ۲۵ بار پڑھے۔ اوّل و آخر اسی قدر دُرُود شریف پڑھے۔ رزق میں فراخی ہوگی۔ خوشحال رہے گا۔ کسی کا محتاج نہ ہوگا۔ کاروبار میں برکت ہوگی۔

مالدار ہونے کے لئے

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِى الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ٥ (پ) ہر جمعہ کے بعد یہ آیت کاغذ پر لکھ کر کنویں میں ڈالتا جاوے۔ امید قوی ہے اس عمل سے انشاء اللہ تعالیٰ غنی و تونگر ہو جائے گا۔

فراخیٔ رزق

بعض مشائخ نے فرمایا ہے جو شخص دو رکعت نماز پڑھے اول رکعت میں اکیس ۲۱ بار سورۂ مزمل پڑھے۔ دوسری رکعت میں ۲۰ بار پڑھے۔ اس کی روزی میں برکت ہوگی اور ہمیشہ خوشحال رہے گا۔ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی فرماتے ہیں فراخیٔ رزق کے لئے یَا مُغْنِیُ گیارہ ۱۱۰۰ سو مرتبہ روزانہ پڑھے اور چالیس بار سورۂ مزمل پڑھے۔ اسی طرح بعد نماز مغرب سورۂ واقعہ پڑھے۔ فاقہ کبھی نہ ہوگا۔

دشمن سے حفاظت

اگر اس آیت کو پڑھ کر اپنے ہاتھ پر دم کر کے پورے بدن پر پھیرے تو دشمن سے محفوظ رہے گا اگر دشمنوں کے ہجوم سے بھی گذر جائے تو وہ اس کو نہیں دیکھ سکیں گے لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ۔ نیز سورۂ طٰہٰ یا سورۂ نازعات پڑھتا رہے تو دشمنوں سے محفوظ رہے گا۔

دشمن سے بچاؤ

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۔

فائدہ | قطب وقت شیخ ابوالحسن شاذلی قدس سرہ فرماتے ہیں کہ یہ دعا دس دس مرتبہ بعد نماز صبح اور مغرب کے پڑھنے والا جباروں قہاروں دشمنوں اور مخالفوں کی حفاظت میں رہے گا۔ اور یہ دعا حفاظت و نگہداشت کے باب میں تریاق ہے۔

دفعِ دشمن کے لئے

چاند کی ابتدائی تاریخوں میں سورۂ اخلاص یعنی قُلْ هُوَ اللّٰهُ شریف ایک ہزار بار پڑھے اوّل و آخر سو ۱۰۰ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ دشمن بھاگ جائے گا۔

ہر مشکل کی آسانی کے لئے

ہر روز بارہ سو ۱۲۰۰ دفعہ مسلسل پڑھے اس کے بعد دعا کیا کرے یَا بَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيْعُ دشمن سے حفاظت کے لئے بِالْخَيْرِ کی جگہ بِالْقَهْرِ اور بیمار کی شفاء کے لئے بِالْخَيْرِ کی جگہ بِالشِّفَاءِ پڑھے۔

ہیضہ سے حفاظت کے لئے

ہر قسم کی وبا و طاعون وغیرہ ایسے دنوں میں جو چیز کھاویں پیویں پہلے تین بار اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ (سورۃ القدر) پوری پڑھ کر دم کر لیا کریں۔ جس کو ہیضہ ہو جائے اس کو ہر کسی چیز پر دم کر کے کھلاویں پلاویں انشاءاللہ تعالیٰ جلد شفاء ہوگی۔

گمشدہ چیز مل جائے

جس کی کوئی چیز گم ہو جائے وہ یَا حَفِيْظُ ایک سو انیس ۱۱۹ بار بدون زیادتی و کمی پڑھے۔ اس کے پڑھنے کے بعد یہ آیت ۱۱۹ بار پڑھے يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ۔ تو حق تعالیٰ اس کی گم ہوئی چیز کو واپس لائیں گے۔

گمشدہ کا ملنا

لڑکا گم ہو جائے یا اور کوئی چیز گم ہو جائے تو مندرجہ درود شریف لکھ کر درخت پر لٹکا دے انشاءاللہ تعالیٰ مل جائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّۃٍ وَّاَلْفَ اَلْفَ ذَرَّۃٍ مع بِسْمِ اللہ لکھے۔

گمشدہ مل جائے

یہ آیت بار بار پڑھیں اور گمشدہ چیز تلاش کریں بفضلہٖ تعالیٰ مل جائے گی بِسْمِ اللّٰہِ الخ
اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

ہر بُرائی سے حفاظت

اگر بعد سلام جمعہ الحمد شریف اور سُورۃ اخلاص اور سات سات مرتبہ پڑھے تو اگلے جمعہ تک ہر برائی سے محفوظ رہے۔

دفعِ سحر کے لئے

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَیُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ وَیُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ. جس پر کسی نے جادو اور سحر کیا ہو ان آیات کو لکھ کر گلے میں ڈالے یا تشتری پر لکھ کر پلادے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت یابی ہوگی۔

برائے مسحور مریض کا علاج

جس پر جادو کا اثر ہو یا جس نے اطباء کو عاجز کردیا ہو چینی کے سفید برتن پر یہ اسم ۴۰ چالیس دن تک لکھ کر پلادیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء یاب ہوجائے گا۔
یَاحَیُّ حِیْنَ لَاحَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَبَقَآئِہٖ۔

چوہوں سے کھیت کی حفاظت

تین بار سورۃ یٰسین شریف پڑھ کر ریت پر دم کر کے کھیت میں ڈال دے۔ دیگر ایک سو بار

یہ آیت ایک مٹکا پانی پر دم کر کے کھیت میں ڈال دے چوہے کھیت سے بھاگ جائیں گے۔ فَلَمَّا تَجَلّٰی رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰی صَعِقًا۔

سانپ بچھو سے حفاظت

جو شخص روزانہ صبح و شام سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ۔ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِیْنَ پڑھ لیا کرے وہ سانپ اور بچھو اور ہر موذی جانور کے شر سے محفوظ رہے گا۔

سانپ اور بچھو کا ڈسنا

اگر کسی کو سانپ یا بچھو نے ڈس لیا ہو اگر وہ فوراً یہ دعا پڑھ لے انشاء اللہ تعالیٰ سانپ کا زہر اثر نہ کرے گا۔ نُوْدِیَ اَنْۢ بُوْرِكَ مَنْ فِی النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

زہریلے جانور کا زہر ختم کرنا

اگر کسی کو زہریلے جانور مثلاً سانپ وغیرہ نے کاٹ لیا ہو تو جس جگہ کاٹا ہو اس کے اردگرد انگلی گھماتے ہوئے یہ آیت سات مرتبہ ایک سانس میں پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زہر ختم ہوجائے گا۔ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ۔

دفعِ قلّتِ نوم

جس کو نیند نہ آتی ہو وہ سوتے وقت یہ آیت پڑھے۔ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۔

حفاظت سفر اور سواری

مسافر سفر کی حالت میں اور سواری پر سوار ہوتے وقت پڑھے۔ بحکمِ خدا بخیر و عافیت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّةٍ وَّاَلْفَ اَلْفَ ذَرَّةٍ مع بسم اللہ لکھے۔

گمشدہ مل جائے

یہ آیت بار بار پڑھیں اور گمشدہ چیز تلاش کریں بفضلہ تعالےٰ مل جائے گی بِسْمِ اللّٰهِ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ

ہر بُرائی سے حفاظت

اگر بعد سلام جمعہ الحمد شریف اور سورۃ اخلاص اور سات سات مرتبہ پڑھے تو اگلے جمعہ تک ہر برائی سے محفوظ رہے۔

دفعِ سحر کے لئے

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَیُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ وَیُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ۔ جس پر کسی نے جادو اور سحر کیا ہو ان آیات کو لکھ کر گلے میں ڈالے یا تشتری پر لکھ کر پلاوے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت یابی ہوگی۔

برائے مسحور و مریض لاعلاج

جس پر جادو کا اثر ہو یا جس نے اطباء کو عاجز کر دیا ہو چینی کے سفید برتن پر یہ اسم ۴۰ چالیس دن تک لکھ کر پلاویں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء یاب ہو جائے گا۔

لَاحَیَّ حِیْنَ لَاحَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ۔

چوہوں سے کھیت کی حفاظت

تین بار سورۃ یٰسین شریف پڑھ کر ریت پر دم کر کے کھیت میں ڈال دے۔ دیگر ایک سو بار

یہ آیت ایک مٹکا پانی پر دم کر کے کھیت میں ڈال دے چوہے کھیت سے بھاگ جائیں گے۔ فَلَمَّا تَجَلّٰی رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰی صَعِقًا۔

سانپ بچھو سے حفاظت

جو شخص روزانہ صبح و شام سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ۔ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِیْنَ پڑھ لیا کرے وہ سانپ اور بچھو اور ہر موذی جانور کے شر سے محفوظ رہے گا۔

سانپ اور بچھو کا ڈسنا

اگر کسی کو سانپ یا بچھو نے ڈس لیا ہو اگر وہ فوراً یہ دعا پڑھ لے انشاء اللہ تعالیٰ سانپ کا زہر اثر نہ کرے گا۔ نُوْدِیَ اَنْ بُوْرِكَ مَنْ فِی النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

زہریلے جانور کا زہر ختم کرنا

اگر کسی کو زہریلے جانور مثلاً سانپ وغیرہ نے کاٹ لیا ہو تو جس جگہ کاٹا ہو اس کے اردگرد انگلی گھماتے ہوئے یہ آیت سات مرتبہ ایک سانس میں پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زہر ختم ہو جائے گا۔ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ۔

دفعِ قلتِ نوم

جس کو نیند نہ آتی ہو وہ سوتے وقت یہ آیت پڑھے۔ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۔

حفاظت سفر اور سواری

مسافر سفر کی حالت میں اور سواری پر سوار ہوتے وقت پڑھے۔ بحکم خدا بخیر و عافیت

سفر سے واپس ہوگا۔ اول بِسْمِ اللّٰہِ پھر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ تین مرتبہ پڑھے اس کے بعد سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ پڑھے۔ سفر میں یہ دعا بھی پڑھتا رہے اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَۃُ فِی الْاَھْلِ وَالْمَالِ وَالْوَلَدِ

چوروں سے حفاظت

جو شخص یہ آیت اکثر اوقات گھر میں پڑھتا ہے، چور نقصان نہ کر سکے گا۔ قُلِ ادْعُوا اللّٰہَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ط اَیًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی وَلَا تَجْھَرْ بِصَلَاتِکَ وَلَا تُخَافِتْ بِھَا وَابْتَغِ بَیْنَ ذٰلِکَ سَبِیْلًا وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَکُنْ لَّہٗ شَرِیْکٌ فِی الْمُلْکِ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَکَبِّرْہُ تَکْبِیْرًا ۵

دوکان کی آمدنی بڑھے

کسی بزرگ صالح کے کرتہ کے ٹکڑے پر یہ آیت لکھ کر دوکان اور کارخانہ میں لٹکا دے۔ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ۵

آدھے سر کے درد کے لئے

درد شقیقہ اگر ہو جائے تو درد کی جگہ پکڑ کر یا ہاتھ رکھ کر تین مرتبہ دم کرے۔ بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ رَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۵

دودھ بڑھانے کے لئے

یہ آیت سات بار نمک پر دم کر کے ان کو کھلاتے یا لسّی میں ڈال کر پلائے۔ دودھ زیادہ

دے گی۔ مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَھُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ کَمَثَلِ حَبَّۃٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ کُلِّ سُنْۢبُلَۃٍ مِّائَۃُ حَبَّۃٍ ط وَاللّٰہُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ۵ دینے کے میں ملا کر بھینس گائے کو کھلائے تو دودھ زیادہ دے گی۔

باری کے بخار کے لئے

بخار ہونے سے پہلے یہ آیت لکھ کر پہنا دے یا ماتھے پر لگا دے وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِہِ الرُّسُلُ ط

مقدمہ میں کامیابی کے لئے

جب حاکم کے سامنے جاوے وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ط کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر اور شہادت کی انگلی پر دم کر کے ماتھے پر الف کھینچ لے اور حاکم پر دم کرے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَظَائِفُ وَعَمَلِیَّاتُ

حضرت مولانا شفیق الرحمٰن صاحب درخواستی مدظلہ

محبتِ الٰہی پیدا کرنے و قربِ خداوندی حاصل کرنے کے لئے

(۱) صبح و شام سات سات مرتبہ یہ تین سورتیں پڑھیں۔ ایک سورۃ فاتحہ، دوسری سورۃ اخلاص، تیسری سورۃ الم نشرح، اول و آخر سات بار درود شریف پڑھیں۔

(۲) نمازِ عشاء کے بعد اکیس ۲۱ مرتبہ دونوں شعر پڑھیں:

مرا شرمساری ز روئے تو بس | دگر شرمسارم مکن پیش کس
تڑپنے پھڑکنے کی توفیق دے | دلِ مرتضیٰؓ سوزِ صدیقؓ دے

محبتِ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پیدا کرنے و قربِ رسولؐ حاصل کرنے کے لئے

(۱) صبح و شام سات سات بار یہ دو سورتیں پڑھیں۔ ایک سورۃ کوثر دوسری سورۃ والضحیٰ اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

(۲) روزانہ ایک تسبیح درود شریف پڑھیں۔

انابت اِلی اللہ کے لئے

اگر کسی کا دل اللہ تعالیٰ کی طرف مائل نہ ہو تو اس ورد کے پڑھنے سے انابت الی اللہ ہوگی اور دل اللہ تعالیٰ کی طرف مائل ہوگا۔

سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ، سُبْحَانَ مَنْ یَّسْمَعُ کَلَامِیْ، سُبْحَانَ مَنْ یَّذْکُرُنِیْ وَلَا یَنْسَانِیْ۔

